So natural is it for the mind prejudiced to mislead the judgment, that even so patient a student, so erudite a linguist and so accurate a thinker as Dr. Marshman, embraced the romantic, and therefore, generally deceptive, notion, that, a system of writing purely ideographic, subsists among a people, eminent for the cultivation of literature; and that, it answers the varied purposes of oral and written communication among four hundred millions of people.

Fancied combinations are, certainly, agreeable from novelty; and, though we are generally averse to any serious taxation of the mind, yet, in endeavouring to understand the perplexing theories and ingenious paradoxes which result from the abuse of erudition, we feel, even in the sobered imagination and improved judgment of manhood, the pleasure of our childish years in the solution of riddles, more vigorously and less capriciously, return.

Doubtless, that this anomalism is one of the enigmas of our nature, the union of those opposite extremes incidental to humanity.

Champollion the Younger, was the first person, we believe, that, in the "*Grammaire Egyptienne,*" has had the moral courage to break the ice, the incrustation of cold, theoretic opinions, in his successful attempt to prove, that the writing of the Egyptians is not solely symbolic, but contains *phonetic* elements, which can be deciphered by the admission of certain characters representative of sound, and not by the reception of those imaginary combinations, which are necessary to the very existence of the ideographic theory.

To the complete satisfaction of those that are open to conviction, he has maintained his argument, that the inscriptions denominated hieroglyphic, are compounded of ideographic and phonetic elements: and, following the new path discovered by him in the regions of philology, specially

* Instit. lib. I. Cap. 4.

guided, moreover, by the light which the great Sinologist, Father Gonçalvez has thrown upon the nature of the Chinese language, Mr. Callery, a learned Catholic Missionary, in his celebrated work, "*Systema Phoneticum Scripturae Sinicae,*" has clearly established this important fact, that Chinese writing is on the same principle; and that, "**though it be universally admitted to be most intricate, and may seem to bear no affinity with the other systems of writing, it nevertheless, depends on certain rules; nor does it depart from the principles which have been laid down as constituent of writing in general.*"

If even the evidences of history and sculpture did not exist in mutual proof and elucidation, it would not be improper to assert the likelihood of inscriptions on sacred and monumental fabrics being pictorial, or, otherwise occultly representative.

Such speculation might safely be based on this broad principle of human nature, that, since, whatsoever is attained by difficulty is prized, the constructors of those edifices employed enigmatic writing to commemorate the objects of their veneration; in order that, a suspensory deciphering might clothe the subject with that accidental magnitude, which is imparted by the excitement of curiosity or the investiture of mystery.

So rational a proposition it would be absurdity to reject. But to entertain, even for a moment, the idea, that the common language of one-third of the human family, is composed of a number of arbitrary symbols, which constitute, despite their fanciful nature, the sole medium of communication, oral and scriptory, requires the same degree of credulity, as must be possessed by the disciples of Materialism, ere the theories, misnamed philosophical, which they profess, can be unaffectedly credited. Now, though persuasion of the truth of Divine Revelation be denominated by its antagonists, "a faith, blind and superstitious," yet, to believe in their doctrine of chance, demands a subserviency of reason, infinitely greater than is requisite to induce a reliance upon the truth of sacred history. In the same manner, to value the incredible assumptions of the ideographic system, implicitness of confidence must be evinced; the advocates of phonetism, however, are the deductions of simple reasoning, and the evidences of facts, numerous and incontrovertible.

All alphabetic languages are found connected, in a less or greater degree, with the Hebrew, Greek and Sanscrit systems; but the Egyptian and Chinese characters, enjoyed, until recently, a purely ideographic value in the opinion of philologists: yet, since, under a similitude of circumstances, means, nearly alike, are adopted by every section of the human kind, however opposed they may be to each other, in creed and clime, it is probable that, the communication of thought, by the medium of speech or writing, should exist among all nations, on principles not totally dissimilar, and that therefore, the Chinese should be, like other languages, *primarily* phonetic.

* "Quamvis Scriptura Sinica in omnium confesso valdè intricata sit, nec ullam cum cæteris scripturæ systematibus affinitatem habere videatur, certis nihilhominus regulis nititur, nec recedit à principiis quæ de scriptura generatim sumpta in superioribus capitibus constituta sunt." Callery pars. prima, Cap. III.

The disciples of the Ideographic school, to prove or explain certain doctrinal points, to whose correctness they institute pretensions, have advanced the fact, mentioned by Herodotus, of the Scythian ambassador presenting Darius with a bird, a mouse, a frog and five arrows, to intimate that, unless the Persians flew away through the air like birds, or entered the bowels of the earth like mice, or dived to the bottom of deep waters like frogs, they would be destroyed by the arrows of the Scythians. The particulars of the first meeting between the Spaniards and Mexicans, together with similar facts, extracted from Egyptian and Chinese sources, whose mention is here unnecessary, have also been adduced in support of their theory.

To expose the weakness of such dogmatism, no allusion to history, neither reference to the adverse opinions of the learned, nor to the arguments which may be based on the principles of speech, is necessary; a simple appeal to common experience will suffice for refutation.

We pretend not to inform even the youngest of our readers, that, the desire to make our meaning intelligible to the person, of whose language we may be ignorant, inspires a spontaneous recourse to gesture, which, if not sufficiently comprehensive, there is sought, by tracing the semblance of the object in request, further aid, in the communication of thought, of a more enlarged nature. Now, on this principle, the message of a barbarian conveyed under the guise of emblems, is consonant to reason; but to conceive and comprehend, how a communication of sentiment, by the interchange of symbols, is effected among four hundred millions of people, requires an imagination more vigorous than ours, and an understanding which we do not possess and despair ever of attaining.

Discarding conjecture, however, let us proceed to established facts, in proof of the *phonetic* nature of the Chinese language. A celebrated philosopher of that nation, subjected the letters of his native language to a severe analysis; and discovered that, out of *twenty-four thousand* letters whose nature he examined, *two thousand* ONLY could be considered unallied with sound, while the rest, to the number of *twenty-two thousand*, were undoubtedly phonetic!!

We cheerfully allow that, this Chinese Philologer describes some characters as "*Imitative letters*," which represent a thing in the manner of a picture; for instance, the image of any object roughly drawn will at once determine its signification: other letters, he names "*Indicators of things*," which show, by certain figures, the properties of things which cannot otherwise be depicted; thus, a straight line will indicate unity, and a line passing through a circle, will point out its centre.

The same Chinese sage describes, again, some characters as "*aggregating the sense*," whose meaning arises from the coupling together of simple letters, which have, separately, another signification; for instance, the letters, which, respectively, signify the "sun" and the "moon," form, when copulated, *one* letter, meaning "*Light*:"—a certain number of other characters he classifies as, "*taking a fictitious signification*, and which deflect from the *natural*, to a *metaphorical*, *allegorical*, or even, sometimes, to a totally *opposite*, meaning; thus, the letter "*king*" will signify, "*tyrant*," the "*heart*," will intimate "*the affections*."

In another class, the Philosopher places those letters whose meaning is changed by "inversion," partial, or total; for instance, the letter which signifies *above*, will, when inverted, mean, *below;* and that, which stands for an "*old man*," will, when partially inverted, indicate a "*dead man.*"*

Though this specification may appear, at first, to favour the ideographic system, yet, the number of words contained in these five emblematic classes is only, *two thousand*, while, in the class, which embraces collocated letters "*adjoined to sound*," the eminent Philologist includes, as above stated, *twenty-two thousand!!*

So far, therefore, as a fact deduced from unerring, numerical calculation, may be thought worthy of credit, in preference to mere theoretic assumptions, it is incontestable, that, the system of Chinese writing is *phonetic, primarily*, and *ideo-phonetic*, only *secondarily*.

The severe candour of history demands, that, charged with the original propagation of erroneous notions with regard to the Chinese Language, the Jesuits of the first Chinese Mission be arraigned at the bar of criticism.

Against men who have often formed the illustrious Senate of the Republic of Letters, the imputation of ignorance cannot be adduced; of their wilfully disseminating error, the piety of their character forbids the entertainment of suspicion. The liveliness of French imagination seems, then, to be the prime, creative cause of the Ideographic theory: to enthusiasm and indolence, the mutually adverse, but frequently composite, elements of the character of Genius, the belief of the glittering error and satisfaction at the plausible yet imperfect investigation, may, most properly, be attributed.

To speculate upon the probable reasons, which, after its birth, encouraged the growth and favored the implicit, almost universal, reception of a doctrine so manifestly absurd, would be to the mind, entertaining, if not instructive.

There is no doubt that, the first incitement to popular credulity was created by those writers, who, for the establishment of two distinct, but not different, historic theories, maintained, on the one side, that China was peopled by an Egyptian colony; on the other hand, that, for the original formation of human society upon its fertile bank, the Nile is indebted to a migratory excursion from the land of Confucius. The principal constituents of the writing of both countries being asserted to be pictorial and symbolic, formed one of the main arguments in support of their respective assumptions.

The intricate contexture of the ideographic system, offered an irresistible inducement to the advocacy, also, of the European philologer. For the exercise and display of learned, but conjectural, analysis, and ingenious, but fanciful, combination, no subject seems better adapted.

The Antiquarian too came forward in its defence. In the gratification of his darling passion, the ardour of pursuit increases with the difficulties opposing his attainment of the beloved object, and he delights to lift the veil that shades a mysterious unknown, whose fancied beauty, long denied to the sight, inflames the imagination.

* Vide Callery, Caput III. p. 8 et seqq.

Espoused, thus, by the interestedness of the historian, the ambition of the philologer, and the zeal of the antiquarian, the illusory opinions of the Jesuit Fathers, gratified the mind by romantic novelty and fettered the judgment by special pleading and the formidable weight of learned dogmatism.

Apprehensive that our severe, but impartial, treatment of the opinions of such eminent men, may appear, if too general, biassed and incorrect, we are compelled to present some examples, illustrative of the ambiguous character of the Ideographic theory; of the false direction which it gives to the judgment; and of the novel charms which have captivated the senses of analytical philologers.

The Sinologists, both in order of time and in fervid phantasy, the very first, were, as we have said, the disciplined followers of Ignatius Loyola, the veteran of Pampeluna, and the following examples of learned and therefore, perhaps, to us, unintelligible, ingenuity, deserve a conspicuous position.

The letter 舟 *ship*, is asserted to contain the history of the Deluge! *because*, it is composed of the letters 舟 *ship*, and 八 *eight*, and 口 *bone*:— all these compounded must, *therefore*, signify, according to these poetical grammarians, "An Ark containing eight persons, namely, Noah, his wife, and children!"

Whilst admiring this vigorous flight of fancy, we wish to forget a very stubborn fact, that the Chinese positively deny the Mosaic account of the Deluge!

A common comprehension cannot, therefore, conceive the probability of a people inventing a letter full of such solemn meaning, when, the very circumstance upon which it is based has, with them, no existence whatever.

The beautiful analysis may, however, be defended on the principle, that, pious Sinologists are not responsible for Cathaian infidelity. Besides, we cannot but acknowledge, and it is not unreasonable to suppose, that, the venerable Patriarch and his family became, through confinement in the Ark, and perhaps, refusal of food, either from grief at universal destruction, or scarcity of provisions, literal skeletons. Very emphatically therefore, does the letter *bone*, one of the composite elements of the letter *ship*, figure their emaciated condition.

We feel sorry that the next example does not admit of even so sensible a construction.

The letter 婪 signifying *to covet* or *ardently desire*, is found to be descriptive of Eve's original sin! for it consists of the letter 女 *a woman*, and the letter 木 *tree*, repeated *twice*, and must, *therefore*, be significant of, "Eve coveting between the tree of life and the tree of the knowledge of good and evil!"

Again, the letter 恙 is said to allude prophetically to our Redeemer, *because* it is compounded of the letter 羊 *lamb*, and of 心 *heart*, both of which *necessarily* signify, "The Lamb of God whose soul was saddened unto death."

Of these two examples, the former shews the knowledge of the Old Testament possessed by the worshippers of Boodha, the latter, their lively sense of Christianity; all obtained through mere intuition!!

In like manner, the letter 宄 *perverse*, is provable to have reference to Lucifer, from the fact of its being composed of 宀 *above*, and 九 *nine*, which combination *cannot but* mean, that, "Lucifer was placed over the nine choirs of Angels and became the Father of Perverseness.

Though not able to perceive how the premises warrant the conclusion, we allow the definition to be original; but as the Chinese, lamentably ignorant of the Holy Scriptures, never knew ought of Lucifer's ambition to be second to none, until the Jesuits went among them, it is very probable that these pious Doctors first illustrated to that secluded people, this idea of "Perverseness."

The letter 氣 *vital air*, is supposed to contain the mystery of the *Unity* and *Trinity* of God (!) *because*, it is composed, first, of the element 𠂉 in which there are *three* pencil strokes; secondly of 乙 signifying *one*, thirdly, of 米 *rice*, and the combination of all three must *therefore*, intimate, that "He is the great only *one* who, at the same time, is, *three* in Nature, who alone can produce those things which are necessary for our food; which, without him, we cannot find, nor, without him, produce for ourselves!"

If desirous of exposing further, the weaknesses of the Ideographic theory, we might produce many other instances, easily found in the pages* which have propagated this erroneous doctrine. Such a proceeding, however, might favor the insinuation of our endeavouring to derogate from the character of an eminently literary fraternity. To dispel so injurious an idea this fact is sufficient, that, convinced of the general correctness of the works of the Jesuits, which the writings of other European travellers in China invariably attest, we have, in this "Urdu Account" of that Empire, particularly consulted, and often adopted, the graphic relations in which their researches are embodied.

Their philological figments, however, we cannot advocate, and, in the impartial discharge of our duty to the Public, have felt obliged to expose that, which, in our humble opinion, deserves the severest reprehension.

Labouring under the delusion thus spread far and wide, the Chevalier de Paravey, in his numerous little Treatises on Chinese Antiquities, entituled, "*Documents Hiéroglyphiques sur le Déluge de Noé,*" has committed some glaring absurdities.

Endeavouring to prove, in one instance, that Fo Hi, the ancient Chinese emperor, was Abel, the Son of Adam, the figure of Jesus Christ, he thus advances arguments to corroborate the extraordinary assertion.

"Il était pasteur," says the indefatigable Antiquarian, "et son nom 伏 *Fo*, figure un 亻 *homme*, et un 犬 *chien*, l'autre partie 羲 Hy, offrant un 牛

* "*Memoires concernant les Chinois,*" Vol. I. p. 303; Vol. II. p. 31, and Vol. IX. p. 306, et alibi passim.

boeuf, un 羊 *agneau*, une 手 *main*, une 戈 *houlette*, et une *sorte de marteau*. 今 Abrévié, il a donné le caractère 義 Y, offrant seulement *l'agneau, la main* et *la houlette*, et signifiant *justice, ce qui est convenable ;* et abrévié de nouveau, il a donnê évidemment, en retranchant *l'agneau* 羊 le symbole 我 de la *main de justice*, car rien n'entraîne dans la *main*, plutôt que dans la tête, des idées de justice et de vertu ; les cornes de bélier que l'on voit à plusieurs têtes de rois, sur des pierres antiques, ne dérivent aussi, que de la même origine historique, qui, à la figure du pasteur Abel, avait attaché la plus pure idée de vertu et d'équité."

Again, at page 33, to prove that the Emperor Hoang-Ty was Adam, the learned Chevalier endeavours to maintain his position, in the following example ; and we, anxious that a translation may not destroy the beauty of the passage, present it in the original :

" *Hoang-ty, étant né, avec une intelligence extraordinaire, il savait parler en naissant.* Comme ADAM, formé d'*Adama*, la *terre jaune*, ou *rouge orangé*, il fut nomme *Hoang-ty*, parce qu'il régna, dit-on, *par la vertu de l'élément de la terre, qui est jaune*, ou *orangée par sa couleur ;* et, dans sa forme antique, ce nom 黃 *Hoang*, qui est le nom des enfans jusqu'à l'age de quatre ans, comme aussi, c'est celui de la *terre rouge ou jaune*, est composé de la clé 土 *Tou*, la *Terre*, placée au-dessus du *feu* 火 *Ho*, qui en l'échauffant, l'anime et la rougit ; or l'homme est précisément, aussi, formé d'une matière qu'anime un feu divin ; on voit donc comment, *Homo*, l'homme, et *Humus*, la terre en latin ; ADAM, l'homme, et ADAMA, la terre en hébreu ; *Romi*, en copte, et *Orang*, homme, en malais, se dérivent les uns des autres ; *Hoang*, nom d' *Hoang-ty*, se prononçant aussi *Hoam*, d'où, *Homme ;* et *Hroang*, d'où *Orang* et *Romi*, nom de l'*Homme*, nous l'avons déjà dit, et, chez nous, couleur de l'*Orange* ou Grenade, *Rouman.*"

The fanciful Chevalier may well be excused on the reflection, that, even the learning and logical mind of Dr. Marshman did not preserve him from embracing the ideographic theory ; when, to solicit his adoption, it appeared in his presence, solemnly habited in the venerable livery of prescription.

Of prepossession invariably biassing the judgment, there exists not a greater proof than this erudite Philologer's imagining a resemblance between the head, the hand, the heart, the mouth and the characters by which they are represented.

We confess our inability to see much, if any, likeness ; and humbly opine that, between the letter 首 and the picture of a *head ;* the letter 手 and that of a *hand ;* the letter 心 and the rudest drawing of a *heart ;* the letter 口 and that of a *mouth*, there are but little similarities. We notice this instance, particularly, because, at page 18, *Clavis Sinica*, that eminent Sinologist

assigns to these letters, a prominent position; and introduces the illustration by the remark, that, "The intelligent reader will easily see that *the likeness of these Imitations to the objects they were intended to represent,** enters but little into the principle upon which the Chinese Language is formed; had the likeness existed wholly in imagination, the principle would have been the same, namely, that of *uniting two (or more)* SIGNIFICANT *characters to form a third.*"

On the resemblance here asserted to exist between the objects and characters of representation, remark is superfluous; how much the Chinese language is *founded* on the *principle* mentioned in the foregone passage, is clearly explained by Callery in the third Chapter, "*De Systemate Scripturæ Sinicæ,*" and in the tenth, entitled, "*De Literarum Sinicarum Significatione.*" A perusal of these, as also reference to what we, on the authority of Callery† have asserted at the beginning of this brief essay, namely, that, of the twenty-four thousand letters whose nature a Chinese philosopher investigated, only *Two thousand* were found unallied to sound, while all the rest, to the number of *Twenty-two thousand,* were undoubtedly PHONETIC, the candid reader will perceive, that, the *principle* of the Chinese language, is not that of "*uniting two (or more)* SIGNIFICANT *characters to form a third.*"

The tendency of the illusive fancies disseminated by the Jesuits is the more mischievous, as their plausible nature insinuated itself even into the affections of distinguished philosophers; pre-eminent among whom was Dr. Marshman, who, according to the acknowledgment of Callery,‡ has materially collected the elements of the Phonetic system.

Had he followed the bent of his genius and the direction of his own research, despising the lights scattered in the paths of Chinese philology, as deceptive meteors exhaled from the rankest field of imagination, he would, doubtless, have discovered the true nature of this refined and copious language and deserved the dignity of Censor in the Commonwealth of Literature.

In the pages of the "*Chinese Repository,*" a journal of considerable ability published at Canton, occasional articles on this language have appeared; and among the numerous fanciful combinations in which their writers have generally indulged, we instance the following, to show, if further proof be at all necessary, how often, under the influence of the imagination, the judgment receives a false direction.

"If we assume that 堇 meant, 'adhesive earth' or clay to be used for mortar and plaster, and keep our eye fixed upon the laborious process of pounding and mixing the tenacious earth with water, bending it with rammers, the treading and so forward, we have lively ideas of labour, diligence and carefulness, ideas which we can trace in every one of the composites, with of course some properties of the clay itself; as for example, its adhesive nature, its susceptibility of receiving any form which may be impressed upon it, and its permanence in retaining them."

* These italics are ours. † Pp. 8 and 9, "Pars Prima." ‡ Page 7, "Pars Prima."

"When combined with *strength* 勤 it implies a laborious exertion of our means and resources; with *death*, 殣 the lingering dissolution of one who dies for want of food, where the soul parts from the body with labour and difficulty. With *heart* 慬 it applies to those pangs and throes which are felt when the mind is tugging with grief and sorrow. With *eye* or to see 覲 it alludes to an introduction into the presence of the emperor, which, with the exception of a highly favored few, must be a matter of difficulty and labour. With *speech* or *reason*, 謹 it contains a beautiful reference to that susceptive habit of thought and feeling, whereby the mind, 'like as clay is turned to the seal, easily receives and continues ever to retain all those impressions which superior goodness and the preceptive lessons of sainted wisdom may have made upon it."

The limits of an Introduction, belonging especially to a work of this nature, do not permit the insertion of a lengthy philological discussion; and we dare not enlarge further. All that our readers can reasonably expect from us, is, to refer them to works treating on the subject in a copious and learned manner, from which, greater satisfaction may be experienced, than from any dissertation which *we* could ever hope to submit for their perusal.

The "*Arte-China*" and Portuguese-Chinese and Chinese-Portuguese Dictionary, by the Rev. J. Goncalvez, and the "*Systema Phoneticum Scripturæ Sinicæ*" of *Pere* Callery, are the works we can recommend with the confidence that, conviction shall be impressed upon the mind of the diligent enquirer, who, untainted by the contagion of prejudice, will exclaim, with the learned Dr. Ponceau, President of the American Philosophical Society, that, "Ideographic writing is a creature of the imagination, and cannot exist, but for very limited purposes, which do not entitle it to the name of *writing*; and that, among men endowed with the gift of speech, all writing must be a direct representation of the spoken language, and cannot present ideas to the mind abstracted from it."*

The scope of the present undertaking being merely to furnish the natives of India with an Account of China, since they do not possess any special work on the subject, the Urdú Philological chapter, treating largely on the Phonetic system of Chinese writing, was committed to the Press *before* this English Introduction was suggested. A repetition here, though in another language, would, therefore, appear ostentatious. The indulgent reader must, then, excuse our referring him to Callery's Latin, or, if that be not at hand, to the Twelfth Chapter, Second Section, of this Urdú, work.

Should, at some future day, inducements encourage and opportunities permit, our leisure hours may be exercised and amused by a special dissertation.

* Dissertation on the nature and character of the Chinese system of writing, in a letter to John Vaughan, Esq. Philadelphia, 1838.

For the present, let us fervently hope, that, to rescue the character of the Chinese language, unjustly oppressed by the prevailing notions of its intricate and emblematic, and therefore, limited and fantastical, nature, some abler pen may continue this discussion, and so vindicate the cause we have feebly advocated, that philologers shall be persuaded to favor it with a dispassionate examination.

ADVERTISEMENT.

The "ACCOUNT, GEOGRAPHICAL, HISTORICAL and STATISTICAL, of the Chinese Empire," in the Urdú Language, is comprised in two quarto volumes of about five hundred pages each; the first, now published, is in two books, the contents of which are as follow:

BOOK FIRST:

PHYSICAL AND PARTICULAR GEOGRAPHY AND STATISTICS OF CHINA PROPER.

		Page.
CHAPTER I.	General Description of CHINA	1
II.	Topography; extent; population; occupation and condition of the different classes of inhabitants; progress of internal trade; state of arts and manufactures; customs and manners; climate; local characteristics of every remarkable city; taxation and revenue of the PROVINCE OF PICHILI	5
III.	Ditto ditto ditto of the PROVINCE OF KIANGNAN	32
IV.	Ditto ditto ditto of the PROVINCE OF KIANGZEE	45
V.	Ditto ditto ditto of the PROVINCE OF FOOKIEN	53
VI.	Ditto ditto ditto of the PROVINCE OF CHEEKIANG	64
VII.	Ditto ditto ditto of the PROVINCE OF HOOKOA'NG	85
VIII.	Ditto ditto ditto of the PROVINCE OF HONAN	92
IX.	Ditto ditto ditto of the PROVINCE OF CHANTONG	98
X.	Ditto ditto ditto of the PROVINCE OF SHANSEE	103
XI.	Ditto ditto ditto of the PROVINCE OF CHINSEE	108
XII.	Ditto ditto ditto of the PROVINCE OF SEECHOOEEN	117
XIII.	Ditto ditto ditto of the PROVINCE OF KOANGTON	125
XIV.	Ditto ditto ditto of the PROVINCE OF KOANSEE	139
XV.	Ditto ditto ditto of the PROVINCE OF YUNNAN	147
XVI.	Ditto ditto ditto of the PROVINCE OF KOECHEE	159
XVII.	Brief notices of certain curious productions of the Animal, Vegetable and Mineral Departments of Nature, peculiar to the soil and climate of CHINA	168

BOOK SECOND:

GOVERNMENT; JURISPRUDENCE; INSTITUTIONS; LANGUAGE; RELIGION; ARTS AND SCIENCES; CUSTOMS; NATIONAL CHARACTER.

CHAPTER I.	Administration of the Emperor	177
II.	Mandarins of Letters	189
III.	Mandarins of Arms	194
IV.	Land and Naval Forces; Military Tactics	196
V.	Superior Civil Tribunals	205
VI.	Internal Police of Provinces and Cities	212
VII.	Civil Laws	217
VIII.	Penal Laws	230
IX.	Filial Piety, basis of Chinese Policy	243
X.	Religion: Buddhism and other denominations of Idolatry; Christianity; Mohammedanism	269
XI.	Usages, Customs; Interior Administration; Eunuchs	297
XII.	Language	318
XIII.	Architecture; Costume; Gardening	365
XIV.	Arts and Sciences; Great Wall; Grand Canal	396
XV.	Marriage; Infant Education; Funeral Ceremonies	426
XVI.	National Character	445

تاریخ ممالک چین

اور

دوسرے ملکون اور قومون کی

جو

فرمان بردار یا باج گذار فغفور ختا کے ہین

ابتدائی نوآبادئی دنیا بعد طوفان نوح سے

لغایت

زمان عہد و پیمان و مصالحہ میان سلاطین ختا و انگلستان سنہ ۱۸۴۲ مسیحہ مین

تالیف نحیف

خوشہ چین خرمن ارباب سخن جیمز کارکرن

مصنف جوہر اخلاق

مترجم عدالت دیوانی صدر کلکتہ

دو جلدون مین تمام ہی

پہلی جلد

طبع مولّف کے اہتمام سے بمطبعۂ پادری طامس صاحب واقعۂ

شہر کلکتہ بماہ نومبر سنہ ۱۸۴۸ ع ختم ہوئی

The Second Volume, which may not, perhaps, effect its passage through the Press in less than a year, contains three books: the first, is an historical account of the Emperors of China, from authentic Antiquity, to the conclusion of the Treaty of Nanking; and the narrative embraces a description of the internal economy and political relations of the Empire under every reign.

The character of absolute rulers being connected, at once as cause and effect, with the rise and progress, decline and fall of dynasties; the incidents of importance in the lives of the Chinese Emperors have, especially in their tendency to affect the interests of the nation, been minutely examined. The psychological history of Confucius and other Philosophers and men of note have, in chronological order, been interweaved with that of the Chinese sovereigns.

The Second Book treats of the dependent and tributary States, namely; Chinese Tartary, comprising Mongolia and Manchooria; Tibet; Cochin China; Tonkin; Corea; the Kingdom of Hami; the Island of Formosa and the Loo Choo Isles.

There are notices of the Tribes denominated Sifan; Lo Lo; the Miaoussee mountaineers, and the Indians of the Western part of Formosa.

To a bare mention of these countries and people, with regard merely to their nominal or virtual subjection to the Emperor, the writer has not limited his researches; but, from credible sources, has prepared an account, sufficient to form this section a treatise complete in itself.

The Third Book relates every event of the war between Great Britain and China in 1842, and also the principal transactions, prior and consequent to that rupture.

A view of Chinese Trade with all nations, from the first period of respective intercourse to the present time, is included under this head, as a natural introduction to the subject.

Calcutta, 31*st October*, 1848.

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۸۱	۱۴	شکاون	شکارون
۲۸۵	۱۶	ہلاک جاوینگے	ہلاک ہو جاوینگے
۳۰۹	ایضاً	دھورون	دیورون
۳۱۵	ایضاً	ولیہد	ولیعہد
۳۱۸	۱۴	نہین	تہین
۳۲۱	۵	ونہین	اونہین
۳۴۴	۳	التسلسل	علی التسلسل
ایضاً	۱۲	قایدہ	قاعدہ
۳۵۰	۱۷	بت	ہت
۳۵۳	۴	بہب	بہت
۳۵۷	۵	برھنے	پرھنے
۳۶۹	۱۷	ممچیان	قمچیان
۳۷۰	۹	واجب التزیر	واجب التعزیر
۳۸۹	۱۱	قام	اقام
۳۹۹	۶	وصول	اصول
۴۰۰	۱۱	اوجہہ	وجہہ
۴۲۰	۱۰	فقت	فقط
۴۴۱	۱۶	مقر ہی	مقرر ہی

چونکہ خاص ملک چین کا نام ختا ہی اوائل کتاب مین جو کئی جگہہ پر راقم نے کم تحقیقات کے باعث ختا کو خطا لکھا تو خطا البتہ کیا امیدوار عطا کا ہی *

فہرست جلد اول

دفتر اول

صفحہ

پہلا باب .بیان حدود و عرصۂ ملک چین و غیرہ ——— ۱

دوسرا باب .بیان صوبۂ پیچیلی ——— ۵

تیسرا باب کیانگ نان کے صوبہ کے .بیان مین ——— ۳۲

چوتھا باب صوبۂ کیانگسی کے .بیان مین ——— ۴۵

پانچوان باب صوبۂ فوکینگ کے .بیان مین ——— ۵۳

چھٹھا باب صوبۂ چی کیانگ کے .بیان مین ——— ۶۴

ساتوان باب صوبۂ ہوکوانگ کے .بیان مین ——— ۸۵

آٹھوان باب صوبۂ ہونان کے .بیان مین ——— ۹۲

نوان باب صوبۂ شان تان کے .بیان مین ——— ۹۸

دسوان باب صوبۂ شان سی کے .بیان مین ——— ۱۰۳

گیارھوان باب چین سی کے صوبے کے .بیان مین ——— ۱۰۸

بارھوان باب سی چوامین کے صوبیکے .بیان مین ——— ۱۱۷

تیرھوان باب کوان تان کے صوبے کے .بیان مین ——— ۱۲۵

چودھوان باب کنواسی کے صوبیکے .بیان مین ——— ۱۳۸

پندرھوان باب ین نان کے صوبہ کے .بیان مین ——— ۱۴۷

سولھوان باب کوئی چو کے صوبہ کے .بیان مین ——— ۱۵۸

خاتمۂ دفتر اول .بیان مین بعض شئ اقسام حیوان و نبات و جماد
سے جو نہایت عجیب ہین ——— ۱۶۸

دوسرا دفتر

صفحہ

پہلا باب فغفور کے دستورالعمل کا .بیان ——— ۱۷۷

دوسرا باب ختا کے امرای اہل قلم اور اونکے محکمات کے .بیان مین ——— ۱۸۹

تیسرا باب سرداران فوج کا احوال ——— ۱۹۴

چوتھا باب افواج ختا کا احوال ——— ۱۹۶

پانچوان باب خطا کے صدر محکمون اور شاہنشاہی محتسبون کا .بیان ——— ۲۰۵

چھٹھوان باب صوبون اور شہرون کی تھانہ داریکا احوال ——— ۲۱۲

ساتوان باب خطا کے قانون دیوانی کے .بیان مین ——— ۲۱۷

آٹھوان باب فوجداری تقصیرون کی شرح اور اونکی سزا دینے کا .بیان ——— ۲۳۰

نوان باب .بیان مین معرفت حق پدری اور مادری کے اور تہذیب نفس اور تدبیر منازل اور سیاست مُدن کے ——— ۲۴۳

دسوان باب خطائیون کے مذہب اور طریقت کے .بیان مین ——— ۲۶۹

گیارھوان باب دستورات سلطنت خطا کے .بیان مین ——— ۲۹۶

بارھوان باب زبان خطا کے .بیان مین ——— ۳۱۸

تیرھوان باب خطائی عورت اور مرد کے لباس و پوشاک اور مکانات کی ساخت و آرائش اور باغات اور چمن وغیرہ کا .بیان ۳۶۵

چودھوان باب علوم اور حکمت خطا کے .بیان مین ——— ۳۹۶

پندرھوان باب .بیاہ کی رسوم اور لڑکونکی تربیت اور تجہیز اور تدفین اور ماتم اور غم کے .بیان مین ——— ۴۲۶

سولھوان باب خطائیونکے فضائل اور رذائل کے .بیان مین ——— ۴۴۵

دیباچہ

صاحبان غور و تامل علم تاریخ کو اکثر علوم پر اسواسطے شرف دیتے اور بہتر سمجھتے ہین کہ تجربہ کاری اور مردم شناسی کے ملک مین پہنچنے کی راہ ہی اور وہان کا سفر جسنے تھوڑا سا بھی کیا وہ کچھ ہو رہا کیونکہ دنیا کے کارخانونکی بے ثباتی اور اولاد آدم کی بدنہادی اور نیک صفاتی سے آگاہ ہوتا اور انقلاب روزگار سے عبرت حاصل کرتا ہی اور اکثر امور دنیوی مین ایسی آنکھ ہو جاتی ہی کہ تفرس کو قوت پیشبین گوئی کی اور زبان کو توانائی فال بیانی کی حاصل ہوتی ہی اور قیاس کو مزاولت کے باعث یہہ ملکہ ہو جاتا ہی کہ سبب کی دریافت سے انجام کا حال آغاز حال مین کہہ دیتا ہی جیسا کہ اہل

منطق صغریٰ اور کبریٰ سے نتیجہ نکال لیتے ہین اور نتیجہ سنّے سے سبب کو معلوم کرلیتا ہی چنانچہ کسی ملک کے حکام اور امرا کے اطوار اگر مورخ کے روبرو بیان کئے جاوینگے تو اغلب ہی کہ مال حال کو بے تامل کہہ دیویگا سیوا اِن باتونکے مورخ کا علم موجب اپنی فرحت اور غیرونکی راحت کا ہی اسلئے کہ اہل دنیا کی عادات اور حرکات اور نیرنگی زمانے کی جو ہمیشہ دیکھنے اور سنّے مین آتی اور نادانونکے دلمین حیرت اور افسوس کو پیدا کرتی ہی اوس شخص کو نئی اور اجنبی نہین معلوم ہوتی کیونکہ دنیانے اپنی چال نہین بگاڑی اور آج کل کی باتونکی نظیرین سلف کے اخبار مین ملتیان اور تسکین بخشتیان ہین چنانچہ جس ناقدردانی کا شکوہ حافظ شیراز پانچ سو برس پیشتر کرتا ہی اور فرماتا ہی کہ

* بیت *

ابلہان را ہمہ شربت زگلاب و قند است
قوت دانا ہمہ از خون جگر می بینم

وہی حال اب بھی ہی اور قیامت تک رہیگا اور

جونصیبور مربّی پایگا مربّا کہایگا اور کوئی کیسا ہی لاڈلا عقل اور
علم کا کیون نہو وہ فرزند دانش اور کمال انگوٹھا چوسیگا اور
لوئی نہین پوچھیگا کہ تم کس مرض کی دوا ہو الغرض
مورخ کو تاریخ دانی عجب طرحکی تمکین بخشتی ہی
اور اوسکی صحبت جوان اور پیر عاقل اور جاہل
مفلس اور تونگر بد اطوار اور نیک کردار کو مفید ہوتی
ہی اور غنیمت سمجھی جاتی ہی اور جب اوسکے
پاس یہہ لوگ جا بیٹھتے اور احوال تاریخ کا سنتے ہین
تو کم سن کو عجایبات کے باعث سے افسانے کا مزا
ملتا اور بوڈھے کو دو ایک ماجرا اپنے وقت کا مثال مین
یاد آتا ہی اور عاقل کو مادہ تصور کا جمع ہوتا ہی اور
جاہل بیچارہ بھی اپنے ہمچشمون مین گپ کرنے کے
لئے کچھ سیکھہ لیتا ہی تونگر عبرت پاتا ہی جب
کارخانجات دنیوی کی ناپایداری کا حال سنتا ہی اور
مفلس کا درد مایوسی دور ہوتا ہی جب کسی نقال کے
سنے سے دریافت کرتا ہی کہ بارہ برس مین گھورے کا
بھی دن پھرتا ہی اور خدا اپنے بندیکو تنبیہاً دکھہ دیتا ہی

مگر ہمیشہ مایوس نہین رکھتا ہی اور بداطوار خوف زدہ
ہوتا ہی کہ دنیا بازار انتقام ہی جہان سوداء دست
بدست کا حساب ہی اور گناہ کا ثمرہ یہین پر ملتا ہی
خصوص اوس قصور کا جو مردم آزاری سے علاقہ رکھتا ہی
اور نیک کردار کو اپنی رفتار پسندیدہ دیکھائی دیتی
ہی جب یہہ بات ثابت ہوتی ہی کہ صحایف
تاریخ کے مطالعہ سے خلایق ہمیشہ نیک کرداری پر تحسین
اور بداطواری پر نفرین کریگی حاصل کلام ہر شخص اپنے
مذاق اور استعداد کے موافق مورخ کی صحبت سے
لذت یاب اور بہرہ مند ہوتا ہی اور برا رتبہ اور بلند
پایہ اس علم کا ہی جسکے وسیلے سے اتنی باتین حاصل
ہوتی ہین لیکن ہزار افسوس کہ بعض اہل ہند جو اور
علوم مین فضیلت پیدا کرتے ہین اسکی طرف کم
توجہی کی آنکھ سے دیکھتے ہین اور اسبات کو دل
سے اوتھا دیتے ہین کہ علم تاریخ سے لاعلم رہنا بہت
معیوب ہی کیونکہ قطع نظر اور فواید سے محروم رہنے
کے صحبت اور ہمکلامی کے قابل وہ شخص نہین ہوتا

جو اس کوچے کی سیر نہین کرتا ہی * چونکہ بندے کو
علماء ہندوستان سے محبت قلبی ہی اور اون بزرگوارونکے
فیضان صحبت سے اتنا ملکہ اس غیر زبان مین پیدا ہوا
ہی کہ یہہ عبارت بے ہندوستانی کی مدد کے لکھتا
ہون لازم ہوا کہ ایسی عنایت اور مرحمت کے
عوض مین کوئی ایسا تحفہ اِنکے نذر کرون کہ جسمین اگر
دوسرا تکلف نہ پایا جاوے تو اتنا تو ہو کہ نادر اور نایاب
ہووے القصہ جسوقت کہ باز بچۂ گردون نے مجھے
اپنا تماشا دکھایا اور دست تقدیر نے کلکتے مین دوبارہ
پہنچایا اسی فکر مین تھا کہ ایک روز یہہ ناچیز مصنف
جوہر اخلاق دانشمندونکی مجلس مین بیٹھا ہوا بوستان
دانش کے پھولونکی بو سے دماغ عقل کو معطر کر رہا تھا
کہ اتفاقاً ادھر اودھر کی نقل اور حکایت اور اخبار اور
روایت کے بیان مین کشور ختا کا ذکر آیا اوسوقت
ایک بزرگ نے فرمایا کہ چونکہ اوس مملکت بزرگ کی
تاریخ عرب اور ایران اور ہندوستان کی کسی زبان
مین نہین لکھی گئی اس سبب سے ہندوستان کے

علماء معتبر کو بھی وہان کے حال سے زیادہ واقفیت نہین ہی
یہہ سنتے ہی میرے خیال مین آیا کہ اگر کوئی ایسی
تاریخ تالیف کی جاوے کہ برسبیل اجمال اوس ملک
کے جزو کل حالات کو شامل ہووے تو نہایت مفید
اور مقبول خاص و عام ہووے اور اپنا دلی مطلب حاصل
ہو کیونکہ ایسے تحفے سے بہتر کہان میسر جو کہ سلاطین
کشور فضل و کمال کے حضور مین اوسی دیار کا یہہ ادنیٰ اور
کم مایہ رعیت مثل پیشکش حاضر کرے القصہ اس
کتاب کی بنا ہوئی اور چونکہ ختا کا حال بالاجمال انگریزی
زبان مین نہین ہی اہل فرنگ کی دوسری زبانونمین
جو راویونکی روایت اور سیاحونکی سیاحت کے
حال مین مرقوم ہی اونکا دیکھنا ضرور ہوا ورنہ نقشہ جو بندے
نے اس تاریخ کا کیا ناتمام رہتا اور جزو کل کا بیان نہوتا
الحمد للہ کہ اب پہلی جلد چھپ کر اون بزرگوارونکے
حضور مین درپیش کی جاتی ہی جنہون نے اشتہار
کے چھپنے سے اپنا اپنا اسم مبارک خریدارونکے زمرے
مین داخل کر کے راقم کو ممنون احسان فرمایا تھا غرض

چونکہ بموجب اوس اشتہار کے یہہ چاہتا تھا کہ یہہ جلد
اول سال گذشتہ یعنے سنہ ۱۸۴۷ع کے اکتوبر مہینے
مین قالب طبع سے فارغ ہوکر جاری ہوتی اور وہ نہوکر
اتنے عرصے کے بعد چھپی ہی اس جہت سے
سبب دیر اور توقف کا بیان کرنا واجب معلوم ہوتا
ہی اور مختصر یہہ کہ بعد چھپنے اشتہار اور نمونہ کے عشرہ
بھی نہین گذرا تھا بلکہ اکثر جگہہ وہ پہنچا بھی نہ تھا کہ
صدر دیوانی عدالت کے حکام با احتشام نے راقم کو عہدۂ
مترجمی مین مقرر کیا اس سبب سے فرصت کی قلت
ایسی ہوئی کہ بجز صبح اور کئی گھنٹے شب کے دوسرے
وقت مطلق موقع نہ ملا کہ توجہ اسکی طرف کی جاوے
فسانہ لکھنا ہوتا تو تمام دن کی سرکاری محنت کے بعد اوسکی
تصنیف مین صرف اوقات شغل راحت وہ تصور
کیا جاتا کیونکہ قصہ کہنا اور صرف لطافت اوسکے بیان مین
کرنا دشوار نہین ہی مگر تاریخ نویسی کچھہ چیز ہی اور ہی *
اگر یہہ کتاب کسی اور زبان سے صرف ترجمہ
اردو مین ہوتی تاہم کوئی ایسی زیادہ مشکل پیش نہین آتی

کیونکہ جسحال مین کہ اصل سامھنے رکھا رہتا ہی تو بعینہ ترجمہ
مطابق اوسکے ہوتا ہی اور تلاش اور جست وجو کی حاجت
یا دوسری کتابونکے دیکھنے اور اونکے ساتھہ تقابل و مواجہہ
کرنے اور بالکل کی روایتونکو تطابق دینے یا غور و تامل کرنیکی
ضرورت نہین ہوتی ہی غرض اس تاریخ کی ترقیم کی
یہہ صورت ہوئی کہ باوجودیکہ راقم کو تاریخ نویسی کا مادہ
موجود تھا کیونکہ ایام طفلی سے شوق اس علم کا رہا ہی لیکن
باایںہمہ جب قصد مملکت ختا کی تاریخ لکھنے کا مصمم
ہوا تو اٹھائیس تاریخین معتبر کئی زبانون مین جنکی بیانونے
جلدین ہین جمع کی گئین اور شروع سے آخر تک بالکل کو
ساتھہ نہایت غور تامل کے ایک دفعہ دیکھکر ملاحظہ ثانی
کرتے وقت جتنے مقامات قابل یاد کے تھے اونکا خلاصہ
لکھہ لیا گیا اوسکے بعد تمام مادہ اصل اور فرع مین تقسیم کیا
گیا اور اسکی تحریر شروع ہوئی الغرض اس تاریخ کو
ترجمہ نہین کہنا چاہئے کیونکہ اسوضع کی کوئی کتاب
مملکت چین کے حالات کے بیان مین کسی زبان
مین نہین ہی *

محنت جو اس تاریخ مین راقم نے کی ہی اگر نصف کا
حال بیان کیا جاوے تو وہ لوگ جو تاریخ نویسی کی
وقت سے واقف نہین حمل لاف زنی پر کرینگے لیکن
چونکہ اہل خرد کے نزدیک حقوق کے اظہار مین اگر کوئی
لفظ افتخار کا آوے معیوب نہین ہی اسوجہہ سے جرات
مولف کو یہہ کہنے کی ہوتی ہی کہ تحریر کے وقت
کوئی امر بے تمام تاریخون سے رجوع کرنے اور اکثر
مین تطابق پاتے کے نہین لکھا گیا اور جو بات کہ باوجود
بعض تاریخون مین مذکور ہونے کے خلاف قیاس کے
معلوم ہوئی درج نہین کی گئی اور جس صورت مین کہ
راقم نے ویسی بات کو لکھا تو ساتھی اوسکے سبب
اپنے شک کا لکھا ہی تاکہ اگر کسی دوسرے کی
عقل مین وجہ اوس امر کو معتبر سمجھنے کی باوجود راقم کے
شبہہ کرنیکے ملے تو مجال فکر اور غور کرنیکی باقی رہے
الغرض جب فرصت کا وہ حال اور محنت کا یہہ طور
ہووے تو شکایت کی جا نہین ہی کہ اتنا عرصہ ہوا بلکہ
بعض دوست جو راقم کے عہدۂ مترجمی کی کثرت کار سے

واقف ہین اونکو تعجب نہی ہی کہ کیونکر اتنی بڑی
تاریخ اس قلیل فرصت مین بغیر کسی شخص کی مدد
کرنیکے لکہی گئی یہان تک کہ چھاپے کے وقت
طبع کی صحت بھی جو اکثر دفع دوستون کے ذمے
یا چاکرونکے سپرد اہل تصنیف اور تالیف کرتے ہین
راقم سے بالکل متعلق رہی ہی * *

ذیل مین ذکر دونون جلدونکے مادہ کا مندرج ہی اور
اوسکے ملاحظہ سے معلوم ہوویگا کہ نام اس کتاب کا اختصار
کے لئے صرف تاریخ چین رکھا گیا ہی والا تاریخ کے
سوا اوس مملکت باعظمت کی بالکل حقیقت
اور جغرافیا ہر شہر اور پرگنہ اور ہر صوبے کا ساتھ تصریح
کے مرقوم ہی یہان تک کہ خطائیونکی زبان جو اسقدر
ادق ہی اوسکی حقیقت اور حاصل کرنیکا طریق بیان مین
ایا ہی حالانکہ تاریخ نویسی سے اور ان سب باتون
سے زیادہ نسبت نہین ہی * جلد اول مین دو دفتر
ہین پہلے دفتر مین خطا کے پندرہ صوبونکا جدا جدا بیان ہی
اور ہر صوبے کے نفس حیوانی اور نباتی اور جمادی کا احوال

اور ہر شہر کی تجارت اور خرید و فروخت اور عجاییات
طبعی اور صناعی کا ذکر اور ہر صوبے کی زمین کی خاصیت
اور قابلیت اور زراعت کی حقیقت اور اوسکے
باشندونکی طبعیت اور جبلت اور اونکے علم و ہنر کا بیان
ہی سوا اسکے فغفور ختا کو ہر صوبے سے جو آمدنی کہ محصول
اجناس تجارت اور خراج زمین اور محاصل ملک سے ہی
سب کا حساب اس کتاب کے پہلے دفتر مین تفصیلاً
لکھا گیا ہی سوا ان باتونکے بہت سی جزویات کی
خبر دی جاتی ہی جسکا فقط اشارہ اگر کیا جاوے تو یہہ
فہرست زیادہ طول کھینچے اور اپنی حد سے گذر جاوے
پہلی جلد کے دوسرے دفتر مین نظام ملک اور بندوبست
سلطنت کا احوال بالتفصیل ادنے سے ادنی عہدہ دار کے
اختیار سے درجہ بدرجہ فغفور کے دستورالعمل تک ساتھہ
شرح اور تفسیر کے مندرج ہی اور چھہ محکمے جو امرا
اور وزرا کے ہین سبکی حد حکومت کہان تک ہی
اور آئین سلطنت اور ضوابط عدالت دیوانی اور فوجداری
سبکی خبر بہ تفصیل تمام اسمین مذکور ہی علاوہ اسکے

ختائیو نکے بالکل رسومات کتخدائی اور تجہیز اور تدفین اور مہمانیون کے دستور اور کورنش اور صاحب سلامت کے قاعدے صفحۂ بیان پر تفصیل وار مکتوب ہین *

سوا اِن حالات کے ختائیونکے علوم اور فنون اور مذہب اور حکمت عملی کے تینون بات تہذیب اخلاق اور تدبیر منازل اور سیاست مدن جو اس ملک پر ختم ہین اور علم ریاضی کے تمام اصول یعنے چارون فن ہندسہ اور حساب اور ہیئت اور موسقی اور علم ریاضی کے فروع یعنے علم جرا ثقال اور جرالماء و نیرنجات وغیرہ سبکا احوال اسی دفتر مین درج ہی اور فغفور کی افواج خشکی اور بحری اور کوتوالی اور ضبط و ربط کا ذکر ساتھ تفصیل کے کیا گیا ہی اور خاتمہ دفتر دوم کا ختائیونکے فضایل اور رزایل کے بیان مین ہی * مولف کی دانست مین کوئی بات ادنیٰ سی جزویات سے بھی جو قابل بیان کے دکھائی دی ہی نہین چھوٹی اور غالب ہی کہ جو بزرگوار اِن دو دفترون کو ملاحظہ کرینگے وہ کشور ختا کی حالات اور دستورات اور تکلفات اور عجاییات

سے اسقدر واقف ہوینگے کہ بدون تکلیف سفر و رنج
سیاحت ملک ختا کی سیر اپنی آنکھون سے کرینگے
غرض پہلی جلد مین یہہ دو دفتر مرتب ہین اور دوسری
جلد جو سال آیندہ مین چھپیگی اوسمین تین دفتر ہین اور
پہلے دفتر مین ختا کے پادشاہونکا تذکرہ حضرت نوح کے
وقت سے سنہ ۱۸۴۲ع تک ہی اور اوس قدیم
ایام یعنے نو آبادی دنیا سے آج تک ہر فغفور کی عادات
اور حرکات و سکنات اور مملکت ختا کی حالات
ہر ایک کے عہد دولت مین شرحوار بیان ہی
اور اس دفتر مین تاریخ کے سوا پند و نصیحت موقع موقع پر
قلم بند ہی تاکہ کم سن اور ناتجربہ کار پڑھنے والونکو
راہ دنیاداری کی معلوم ہووے اور اسی خیال سے
فغفورونکے خانوادونکی ترقی اور تنزلی کے اسباب بالتفصیل
مرقوم ہین اور اس جلد کے دوسرے دفتر مین ملک
ختن اور تبت اور ماچین اور جتنے ملک اور جزائر کہ باجگذار
یا فرمان بردار ملک ختا کے ہین کسیکا ذکر نہین چھوتا
ہی اور تیسرے دفتر مین اوس لڑائی کا احوال

ہی جو ختائیون اور انگریزون مین بالفعل ہوئی ہی * *

الغرض اس فہرست کے ملاحظہ سے اصل حقیقت اس تالیف کی ظاہر اور یہہ بات سب پر باہر بے شک ہوگی کہ کسقدر محنت اور سعی سے یہہ نسخہ مرتب ہوا اور اتنی باتونکا مجموعہ بنایا گیا کہ اسکے دیکھنے سے غلمای ہندوستان کی لاعلمی ملک ختا کے باب مین باقی نہین رہیگی اور کوئی خبر ضروری دانست کے احاطے سے باہر نہین چھوٹ جائیگی لیکن اگر میرے اتنے خون جگر کھانے کے بعد بھی کوئی امر قابل الذکر سہواً و خطاءً مندرج نہوا ہو اور ارباب ادراک کو یہہ تاریخ چین اس کمترین کی خطا پر چین برجبین کرے تو عذر بندے کا یہی ہی *

مصرع

کہ ہیچ نفس بشر خالی از خطا نبود

پس کشور ختا کے بیان مین جو خطا واقع ہوئے عطا سے اوسکو معاف فرماوین فقط

تاریخ چین

دفتر اول

باب اول

چین تاریخ دانی کے فغفورون پر واضح ہی کہ ایام قدیم سے مملکت وسعت اگین چین کا نام اور وہان کی صنعت اور حکمت کا شہرۂ تام ہر اقلیم مین تھا لیکن بسبب نہ ہونے راہ و رسم اوس ملک کے لوگون سے کوئی عقدہ وہان کے نقیر و قطمیر کا کبھی کسی پر نکھلا اور جو کچھ کہ احیاناً کہین ظاہر بھی ہوا تو لوگ اوسے فسانۂ عجیب اور حکایت غریب سمجھے یہان تک کہ عاقل اوسے باور نہین کرتے تھے اور اہل خبرت اوس پر کان نہین دھرتے اور چونکہ اہل خطا اجنبی کی

صورت سے نفرت کرتے اور خود بھی خطاء اجتہادی سے
کسی اقلیم کی سیر کو بے کیفیت سمجھتے تھے اس لئے اپنے
ملک کو جس طرح لشکر کے قلب مین پادشاہ ہوتا ہی
عین ناف زمین مین واقع جانکر بلقب چنگوی یعنے سلطنت
درمیانی نامزد کرتے اور کہتے تھے کہ اونکے ملک کی چارونطرف
اور سب ولایتین مثل جزایر کے اِس بے حقیقتی کے ساتھ
واقع ہین جیسے آفتاب کے گرد ستارے غرض غرور اور
جہل اس خیال کے باعث تھے پر جب تجارت کے
وسیلے سے اہل خطا کو عرب اور فرنگستان کے لوگونسے
راہ ورسم پیدا ہوئی اور اون ملکون کی خوبیان اوس
دیار مین مشہور ہوئین جب اونکی یہہ کج فہمیان دور
ہوین *

لمولفه

ہنر پر نہ بھول اپنے ای پر ہنر کہ تو ہی ہنر سے نہین بہرہ ور
گلستانمین ہین پھول اقسام کے مگر ایک سے ایک ہین کام کے
ہی مہتاب ہر چند عالم فروز ولے بے حقیقت ہی ہنگام روز
چہ خوش گفت گویندۂ نیکمرد خدا پنج انگشت یکسان نکرد

الغرض چین کا نام جو اکثر زبانون مین اندک تغیر اور تبدیل کے
ساتھ مروج ہی ختن والون سے سنے مین آیا اور بعض خطائی
مورخون نے یہہ بھی مذکور کیا ہی کہ فغفور چینگچی هوانگتی
نے بنگالے کی طرف ایک جنگی بہر بھیجی تھی اور وہ بہر
جن ملکون سے گئی وہان شہرت اوس کے نام کی پھیلی لیکن
بنگالے کی کسی تاریخ کی کتاب مین اوسکا ذکر نہین ہی اور
نہ کسی تذکرے مین اسکا مذکور ہی اور قیاس سے بھی دور ہی
کہ وجہ تسمیہ کا شہرہ اس جہت سے ہوے غرض یہہ امر واقعی
ہی کہ اوس مملکت عظیم الشان کا نام ونشان ہمیشہ
سے نزدیک و دور مشہور ہی چنانچہ ایام قدیم سے حکمت
چین اور حسجت بنگالہ عوام النّاس مین ضرب المثل ہی *
خاص ملک چین کی سرحد شمالی پر ملک تاتار واقع ہی
اور مشرق پر بحر چین اور مغرب پر کوہستان اور صحرا اور
بیابان تبت اور جنوب مین بحر محیط اور ملک ٹانگین اور
ختن اور دیوار خطا سے سمندر تک جو شمالی اور جنوبی سرحد
ہین خاص ولایت چین قریب آٹھ سو کوس طول مین اور
مشرقی سمندر سے سرحد تبت تک سات سے ساتھ سو کوس

عرض مین ہی مگر فغفور کی عملداری کی وسعت اس سے کہین زیادہ ہی اور دفعتہً بیان مین نہین آسکتی اور اوسکا حال تفصیلا اگے چل کے کہلے گا انشاء اللہ تعالیٰ اور یہان اتنا ہی کافی ہی کہ اسکندر رومی اور دارا اور قیصر کے تابعدار اتنے بندۂ خدا کبھی نہین اتھے اور نہ اِس وسعت کا ملک اون کے زیر فرمان تھا اور نہ کسیکی سلطنت کو ایسا قیام ہوا جیسا کہ اِس جہان حادث پر حوادث مین مملکت خطا کو دوام ہوا *

مثنوی لمولفہ

دلا ملک دنیا پہ مت جی لگا — کہ پل بھر مین سب کچھ یہہ ہوتا فنا
نہ دارا رہا اور نہ وہ داوری — نہ وہ حشمت وجاہ اسکندری
نہ قیصر رہا اور نہ قصر شہی — نہ وہ ملک و فیروزی و فرہی
کسیکا نہ ٹھہرا یہان پر قدم — نہ کاؤس و کسریٰ نہ خسرو نہ جم
ہی ملک خطا گرچہ ایکحال پر — مگر اعتماد اوسپر ذرہ نکر
اگر آسمان کینہ جوئی پر آے — تو دم بھر مین کچھ اور ہی کرد کھاے
جہان ای برادر نماند بکس — دل اندر جہان آفرین بند و بس

باب دوم

بعضے مورّخ خطا کے ملک کو پندرہ صوبون مین اور بعض سولہ اور بعض اٹھارہ مین تقسیم کرتے ہین لیکن اس اختلاف سے کچھ قباحت واقع نہین ہوتی ہی کیونکہ ہر شخص نے اپنی تحقیق کے اعتبار سے روایت کی ہی لیکن جن لوگون نے ان باتون مین تردد کیا اونہون نے یہہ کہا ہی کہ درحقیقت اوس سلطنت باعظمت کی قسمت پندرہ صوبون مین کرنی درست ہی *

پہلا صوبہ پیچیلی کہلاتا ہی اور دارالامارہ پیچین اوس مین واقع ہی جب سردار تاتار کا دور وہان ہوا اوس پادشاہ نے اس سوچ سے وہان بود و باش اختیار کی تا کہ اپنے وطن سے قریب رہے اور اگر خطایون کا بلوۂ عام ہوے تو اپنی سرحد تک پہنچ جاوے غرض جب اوسکی سلطنت کو استحکام اور قیام ہوا اور خوف متاجب بھی بیت السلطنت کی تبدیل نہوئی مگر موسم گرما مین فغفور واسطے تفریح طبیعت اور لسب راحت کے شہر جی هول واقع سرحد تاتار مین جاتے ہین اور وہان کی

سرزمین نزہت آئین اور آب و ہوائے معتدل فرحت آگین سے حظ اوٹھاتے اور شکار کھلا کرتے اور چار دن کی آمد آمد تک رہکر پھر دولت سرائے پیچین مین تشریف لاتے ہین *

اس صوبے کے شمال کی جانب دیوار خطا اور جنوب مین صوبجات شانتون اور هونان اور پورب کی سمت سمندر اور پچھم کی طرف صوبہ شان سی کے پہاڑون کی قطار واقع ہی اور زمین یہان کی بے نشیب و فراز مثل کفدست کے برابر ہی اور چونکہ ریتی بہت ہی اور آفتاب کی تمازت بشدت ہوتی ہی اس لئے مثل زمین اور صوبجات کی تیز اور زرخیز نہین ہی پھر بھی چانول کی فصل اچھی ہوتی ہی غرض اگر اس صوبے مین دارالسلطنت نہوتی تو تین کرور اسی لاکھ باشندے جو یہان بود و باش کرتے ہین اونکی غذا کی صورت ایسی ناقص اور ناقابل زمین سے میسر نہوتی لیکن چونکہ پیچین کا شہر پائے تخت اور ساری مملکت کی تجارت کا مرجع ہی اور تجار اور بیپاریون کا مجمع اور بوسیلۂ دریا خصوص بذریعہ نہرون کے وہان تک پہنچنے مین

دقّت اور کلفت کم ہوتی ہی اس سبب سے پیچیلی
کے لوگ قحط کی صورت بد خوابی مین بھی نہین دیکھتے ہین *
اس شہر کے باشندے صاحب علم یا اہل حرفہ کم نکلتے
ہین لیکن لڑائی بھڑائی کے قابل خوب ہوتے اور دونون
قوتین جو سپاہی کو لازم ہین اور بدون اون کے سپاہگری
مین خامی اور ناتمامی رہتی ہی یہان کے باشندون مین پائی
جاتیان ہین یعنے طاقت جسمانی اور قوّت طبیعی کیونکہ اگر
پہلی قوّت نہوے تو لڑائی کی ضروری ورزشون مین قصور
پایا جاوے اور دھاوامارنے اور کشش و کوشش کرنے کی
توانائی نہوے اور دوسری قوّت جبتک نہین ہوتی ہمت
اور جفاکشی اور بھوک پیاس کی شدت کی برداشت
اور میدان جنگ مین زخمون سے بغلگیری اور موت سے
چار چشمی کرنی غیر ممکن ہوتی ہی الغرض پیچیلی کے باشندون
مین یہہ دونون قوتین ہین اور جنگ و جدل کی طرف طبیعت
اونکی بہت میلان کرتی ہی لیکن کسب علم مین توجہ کم
ہوتی ہی * دار الامارہ پیچین کا شہر بہت بڑا ہی اور بشکل
مربّع مستطیل نو کوس کے عرصے مین ہی اور شہر پناہ کی

دیوار بیس ہاتھ سے زیادہ اونچی اور زیر دیوار ایک چوڑی
اور گہری کھائی کھدی ہوئی ہی اس دیوار کے اوپر ستّر ستّر
گز کے فاصلے پر چارون طرف برج ہین اور اونکی
بلندی دیوار سے ستائیس ہاتھ اونچی ہی اور ہر برج کے
دو طبقے ہین پہلے مین توپین چنی ہوئی ہین اور دوسرے
طبقے مین پہرے چوکی کے سپاہی رہتے ہین * شہر پناہ
کی دیوار کی نیو سترہ ہاتھ چوڑی ہی اور فصیل کے اوپر
اتنی ہی کہ بارہ سوار ملے ہوئے اُسپر گھوڑا دوڑا سکتے
ہین * جس وقت کوئی مسافر فرنگستان کے کسی شہر کے
قریب آن پہنچتا ہی تو بڑی عمارتین شاندار اور گرجون
کے منار دور سے دکھائی دیتے ہین اور علی ہذا القیاس
اہل اسلام کے شہر چنانچہ قسطنطنیہ کے نزدیک جب
آدمی پہنچیگا مسجدون کی گنبدین اور بالاخانون کی چھتین
اور مناردن کی چوٹی پہلے دکھائی دیوینگی مگر پیچین کا حال اس
کے برعکس ہی یعنے جب تک شہر پناہ کی دیوار اور
ڈیورہیان طی نہین ہون ایک حویلی کی صورت
دکھائی نہین دیتی اور سارے شہر مین ایک بھی ایسی

عمارت نہین ہی کہ جسکی بلندی شہر پناہ کی دیوار سے زیادہ ہی اور اگر تیر بھر کے فاصلے سے کسی شخص اجنب کو شہر پناہ کی دیوار باہر سے دکھائی دی جاوے تو یہہ سمجھے کہ کسی میدان وسیع مین دیوار کھینچی ہوئی ہی اور بڑے بڑے برج نوبتخانون کی مانند جگہہ بجگہہ بنے ہوئے ہین لیکن جسوقت صدر دروازے کے اندر قدم رکھیگا تو شہر بارونق اور پرتکلّف دکھائی دیگا عین شہر کے بیچ مین سے ایک چوڑی سڑک گئی ہی اور دورویہ دوکانین ہین جس مین ہزارون طرح کی جنس تجارت کی چنی ہوئی ہین اور ہردوکان کے سامھنے اقسام رنگ کے فیل پائے کوئی سنہری کوئی روپہری صیقل کئے ہوئے اور اون پر اوسی دوکان کی چیزون کی فہرست اور بیچنے والون کی طرف سے اونکی تعریف لکھی ہوئی ہوتی ہی اور دوکانون کی دیوارین اقسام طرح کے رنگ سے رنگی ہوئین ہین اور ہر پیل پائے پر جھنڈیان طرح بطرح کی اُڑتی رہتیان ہین اور حقیقت یہہ ہی کہ بازار کے دونون سمت کیفیت

باغ و بستان موسم بہارستان کی سی پائی جاتی ہی *

مثنوی

دوکانین قطعدار ہر سو بنین قرینے سے انواع چیزین چنین
کسی سمت میونکا بازار ہی کسی جا پہ پھولونکا انبار ہی
مٹھائی کی دوکان پہ یکسر ہجوم مگس شہد پر جیسی گرتی ہی جھوم
مٹھائی جو فرہاد لب پر دھرے تو شیرین سے دل اپنا کھٹا کرے
کوئی سرخ روپان ہی بیچتا رگ تان سی جان ہی اینچتا
جہان عطر والونکی دوکان ہی تو پھر وہان معطر دل و جان ہی
کھلونے عجایب دھرے یکطرف غم دل جسے دیکھ ہو برطرف
جواہر کی دوکان پہ ایسی چمک کہ خود جوہرون مین نہین وہ دمک
کہین اطلس چین کی پوشاک ہی کہ شایق کا دل اوسپہ صد چاک ہی
ہوئی شب تو پھر ہی عجایب سما کہ یکسر منور زمین آسمان
غرض خوبیان ایسی ای دوربین نہو کیونکہ آخر ہی بازار چین

غرض جتنی چیزین دوکانون مین چنی ہوئی ہین اون مین سے تابوت بنانے والون کے صندوق مین جو تکلف ہوتا ہی دیکھنے سے تعلق رکھتا ہی * تمام مملکت خطا مین اس

پیشیکے لوگ کثرت سے ہین اور مردون کی قدر و تعظیم
جو خطا مین کی جاتی ہی روی زمین پر کہین نہین ہوتی اوسکا
حال شرح وار دوسرے دفتر مین بیان ہوگا * پیچین کے شہر
کی دو تقسیم کی گئی ہی ایک کا نام خطائی شہر اور دوسرا
تاتاری شہر کہلاتا ہی اور مورخون مین اختلاف ہی کہ کس
عہد مین یہہ دو تقسیمین شہر کی ہوئین بعضون کی روایت
یہہ ہی کہ جب اس ملک مین مغلون کی سلطنت سنہ ۱۳۰۰
تیرہ سو مسیحی مین قایم ہوئی اوس قوم کے جتنے لوگ تھے
اہل چین سے الگ ایک جگہ جدا بود و باش کرنے لگے
چونکہ اوس محلے کی عمارتین اونھون نے بنائین تھین
اِس لئے اونکا مسکن اونکے نام سے نامزد ہوا اور بعضے کہتے
ہین کہ جب مانچو تاتار کا دور ہوا جن کے خاندان مین بالفعل
وہان کی سلطنت ہی اون کے رہنے کے لئے
شہر کا ایک قطعہ خطائیون سے الگ مقرر ہوا اور وجہ تسمیہ
یہی ہی کہ پیچین کا نصف شہر تاتاری کہلاتا ہی اور ایک
دیوار اونچی اور چوڑی اوسکے چارونطرف کھینچی ہوئی
ہی تاکہ علیحدگی صاف معلوم ہو اور یہہ حصہ پیچین کے

شہر کا نہایت آراستہ اور پیراستہ ہی * دارالامارہ کے
شہر کی راہین چوڑی اور سنگی بني ہوئین اور دوکانین بوقلمون
ساتھہ آرایش گوناگون کے سجی ہوئین ہین لیکن گلی کوچیکا
حال تباہ ہی یعنے بیشتر مقام پر بسبب تنگی کے صرف
ایک آدمی کے جانے کی راہ ہی اور کہین کہین ایسی
تنگی ہی کہ اگر راہ چلنے والے دہنے بائین ہاتھون کو پھیلائین
تو دونون پہلونکے مکانات چھوئے جائین اور چونکہ گلیان
کچی ہین گرمیون مین گرد و غبار سے اور برسات مین
کیچڑ سے لوگون کو سخت حیرانی ہوتی ہی * شہر کے
نو دروازے نہایت شاندار اور اون مین سے جنوب
کی طرف تین قریب قریب واقع ہین اور بیچ کا دروازہ
فغفور کے رہنے کے قصر عالي اور محل سرا اور دیوان خانے
اور محکمات سلطنت کا ہی اور یہہ سب عمارتین ایک
جا پر ہین بلکہ فغفور کے ہرطرح کے علاقہ دار اوسی ایک دیوار
کے احاطہ مین رہتے ہین اور اوسی عرصے مین جوار ہائی کوس
کا ہی سارا کارخانا نظام و انتظام مملکت اور بند و بست
ولایت کا دولتخانہ فغفور کا واقع ہی ہرچند کہ یہہ جگہہ

عین شہر کے درمیان ہی پر صناعی اور کاریگری کی بدولت باغ اور صحراؤن کی فضائیت اور سبزہ اور آب و ہوا کی کیفیت وہان حاصل ہی چنانچہ ایک نہر فغفور کے دولتخانے سے نکلی ہی جو آب زلال سے مالب بہتی ہی اور دونون کنارے کی زمین مین کسیطرف سبزیکی لہک اور کہین پھولون کی مہک کسی جا رنگت گل کا دہکاؤ اور کسی جا لب ریحان اور سنبل سے کیفیت چمن اِدھر پانی کی لہر سے دل لہراتا اودھر سبزے کی بہار سے جی بھر جاتا نہر مین پانی کا زور درختون پر چڑیون کا شور ادھر تیلے کا مزا اور اودھر دامن کوہ کی فضا غرض عجب طرحکی کیفیت تام ہر صبح و شام حاصل ہی کہ جس کی تعریف مین کلام پختون کے بھی خام ٹھہرتے اور بیان کاملون کے نام دھرے جاتے *

نظامی

سوادش زبس سبزۂ مشکبید چو باغ ارم منبتش صد امید
بہشتی شدہ بیشم پیرامنش دگر کوثری بستہ بر دامنش
زیتہو و دراج و کبک و تدرو نیابی تہی سایہ بید و سرو

گرایندہ بوسش بر آسودگی فروشستہ خاکش زآلودگی
ہمہ سال ریحان او سبز شاخ ہمیشہ درو ناز و نعمت فراخ
زمینش بآب زر آغشتہ اند تو گوئی درو زعفران کشتہ اند
خرامندہ بر سبزۂ آن زمین خیالے نیابی بجز خورمی

اور لطیف تر یہہ ہی کہ اون سب تکلفات پسندیدہ مین بیساختہ پن پایا جاتا ہی اور اس بی تکلفی مین بھی ایسا تکلف ہی کہ اوس کی تعریف ہو نہین سکتی کیونکہ کمال تقلید کا یہہ ہی کہ ہو بہو اصل معلوم ہووے اور یہہ بات اِس چار دیواری کے درمیان اتنی پائی جاتی ہی کہ کسیکو یہہ تمیز نہین ہونیکی کہ لق و دق شہر کے اندر دہات اور صحرا کی کیفیت فقط حکمت اور صنعت کے رو سے میسر ہی بلکہ ظاہر اسباب سے یقین یہی ہوتا ہی کہ ایک صحرا مین عمارتین بنائین گئی ہین اور کئی بڑی بڑی جھیلین اِس مین کھدی ہوئی ہین جس کی خوبیان قابل دید و شنید ہین القصہ اِن جھیلون کے درمیان جو صناعی جزیرے بنے ہوئے ہین اونپر فغفور کی محل سرائین اور دولت خانے ایسے موقع کے ساتھ واقع ہین کہ اون کے اوپر سے

بمجرد ایک ہی نگاہ کے دریا اور صحرا اور کہسار اور باغ اور چمن اور سبزہ زار اور جہان کے تمام مناظر حسنہ کی کیفیت معلوم ہوتی ہی غرض جب دفتر دوم مین چین کے باغون کی حقیقت بیان ہو ویگی اس جگہہ کی کیفیت تحریر مین ائیگی *

شہر پیچین مین بیس لاکھ سے زیادہ باشندے ہین بلکہ بعض راویون کی روایت ہی کہ تیس لاکھ ہین غرض اِس حساب کو وہ شخص مبالغہ نہین سمجھینگا کہ جو اِس شہر مین ایکدفعہ بھی پھرا ہوگا خلاصہ یہہ کہ اوس نو کوس کے دایرے مین ایک خطائی عورت کی صورت نہین دکھائی دیتی ہی اور صرف مردون کی اِس قدر کثرت ہی کہ شانے سے شانا چھلتا ہی اور جس طرح سے دوسرے ملکون مین میلے ٹھیلے کے دنون مین جمعیت ہوتی ہی اور جگہہ کی تنگی کے سبب ایک دوسرے پر گرا پڑتا ہی پیچین مین ہر روز ویسی ہی کثرت ہی اور جب کہ اس کثرت مین بجز چند مستورات تاتار کے کسی اور عورت کی صورت دکھائی نہین دیتی تو قیاس کے لئے کافی ہی کہ زن و مرد ملا کے

کتنی خلقت ہوگی کیونکہ بجز تبت کے جہان خلقت
مرد کی عورت سے سہ گونہ زاید ہی ہر ملک مین عورت
کی کثرت مرد سے زیادہ ہوتی ہی تو ظاہر ہی کہ وہان
بھی ستورات ذکور سے زاید ہون گی غرض جب کہ
سواری پادشاہی امرا یا شہر کے کبرا کی جلوس کے ساتھ
شہر مین نکلتی ہی اوسوقت خلق کی ایسی بھیڑ ہوتی
ہی جس طرح چونٹیان ماند سے نکلتیان ہین اب
یہان کوئی کہہ سکتا ہی کہ ایام قحط مین اِس شہر مین
بڑی تباہی ہوتی ہوگی کیونکہ جس صوبے مین اِتنے لوگ ہون
اور وہان اناج کی پیدایش مطابق خرج کے نہو تو پھر
وہان کی تباہی کا کیا پوچھنا ہی لیکن اوسکا جواب یہہ ہی
کہ فغفور نے ہمیشہ کے لئے ایسا بندوبست کر رکھا ہی
کہ اگر آٹھ برس تک بھی برابر قحط رہے تو پیچین اور
چارون گرد کی بستیون کے باشندون کو سرکار سے برابر
خوراک پہنچائی جاسکتی ہی غرض اِس فیاضی کا حال آگے
چل کے کہلے گا خصوص دفتر دوم مین اُسکا بیان تفصیلاً مرقوم
ہی * مانچو کی قوم سے ایک سردار تاتار ذی شعور

عالی وقار کو پیچین کے شہر کی کوتوالی کا عہدہ ہی اور پادشاہی
انبار خانے اوسیکے سپرد ہین جو قحط کے اندیشے سے ہمیشہ
ذخیرون سے معمور رہتے ہین اور دارالامارہ کے اطراف
مین برے برے دس شہر ہین جن مین چانول کے
گولے بہت ہین اور اورون کو بھی معمور رکھنا اوسی
سردار کے ذمے ہی غرض سچ تو یہہ ہی کہ اور کسی اقلیم
کے پادشاہ کو قبلہ عالم کا لقب اتنا زیب نہین دیتا ہی
جس طرح خطا کے شہنشاہ کو کیونکہ اپنی رعیت کی پرورش
اور اونکی بہبودی کے لئے کوشش کرنے کو سب کامون سے
مقدم اور سب مہمون سے اعظم جانتا ہی اور قحط سالی کے
ایام مین انبار خانے کے دروازے وا رہتے ہین اور لوگ فکر اذدقہ
سے رہا اور سب طرح کا خراج اور خزانہ کی اس سرکار فیض آثار سے
معافی ہوتی ہی اور فغفور والا شعور یہان تک اپنی رعیت
کے ساتھہ فیض خاوندی سے پیش آتا ہی کہ خالق کی خفگی
کے آثار مخلوق کے دامن دلپر غبار تک نہین لاتے *

پیچین کا ناظم باوجود اس جاہ وجلال کے شہر کوتوال
کہلاتا ہی اور تمام شب شہر مین اوسکو گشت کرنا ہوتا

ہی تا کہ اپنے اپنے پہرون پر سپاہی اور چوکیدار ہوشیار
اور اپنے کام سے خبردار رہین اور اس کے تابع کے جتنے
لوگ ہین ایسے ہوشیار اور دیانت دار ہین کہ مدتون
کسی طرح کی چوری یا سرزوری کم ظہور مین آتی ہی اور اگر
کسی نے مہینون کی سعی اور محنت سے نقب بھی
کھودی تو مال کے لیجانے مین سلامت جانا اور جان بچانا
محال ہوتا ہی پہر رات کے بعد شہر کے سب دروازے جو سڑک
کے موڑ پر واقع ہین بند ہوتے اور اون پر دربان کھڑے رہتے
ہین اور بجز طبیب کے یا جو اوس کی طلب مین جاتا ہی
کسی اور کو امکان کیا کہ گذر کرنے دیوین اور جو لوگ اسطرح
جانے بھی پاتے ہین تو بے مشعل کی روشنی ساتھ لئے آمد
ورفت نہین کرنے پاتے اور یہہ برالق ودق شہر جس مین
تمام روز شور وغوغا سے حشر برپا رہتا ہی شبکو محلہ
خاموشان ہوجاتا ہی کیونکہ شادی بیاہ ناچ رنگ کھانا پینا محفل
مجلس اور ہر طرح کا چرچا پہر شب کی اودھر ہی تمام ہوجاتا ہی اور
بعد دروازونکے بند ہونے کے کسی کی مجال نہین کہ
دروازے کے باہر قدم رکھے یا اپنے مکان مین بھی غل

غونا مچاوے اور دن کو بھی ہر گلی کو چیمین کوتوال کے
پیادے متعین ہین تاکہ کوئی شخص فتنہ وفساد اور کسیطرح
کی بے ادبی نکرنے پاوے اور یہہ لوگ ہر وقت کمر بستہ
کمر مین تلوارین باندھے اور ہاتھ مین چابک لئے کھڑے
رہتے اور حکم شاہی یہہ ہی کہ وے بے تکلف اوس
شخص کو مار بیٹھین خواہ ادنی خواہ اعلی جس سے کوئی
حرکت خلاف ادب اور تہذیب کے سرزد ہووے
غرض اس نظام وانتظام اور ربط وضبط کے سبب سے
پیچین مین یہہ امن وآمان ہی کہ روی زمین کے کسی
شہر مین شاید نہووے *

اب ذکر سابق سے یہہ گمان نکیا چاہئے کہ پیچین مین
ہر شخص تونگر اور مایہ ور ہی یا کسی کو تنگی اوقات
نہین ہی کیونکہ کثرت خلایق کے سبب سے بیشتروں
کی اوقات ایسی ناچاری سے کٹتی ہی کہ مفلسی اور
تنگدستی حد سے گذر جاتی ہی چنانچہ خشک اور نمک
اور کبھی ایک آدہ لسن اور پیاز کی گرہ کے ساتھہ اونکی
غذا برسون ہوا کرتی ہی اور دودہ اور گھی کا تو کیا ذکر

ہزارون کی عمر کٹ گئی ہی لیکن روٹی کی صورت
اونہون نے نہین دیکھی بلکہ بعض کے حق مین قحط عام کے
ایام باعث مسرت تام ہوجاتا ہی کیونکہ سرکار سے
اونہین کو کھانیکو ملتا ہی اور اون بیچارون کی پوشاک کی
یہہ صورت کہ نیلی مرزائی مشابہ مغلی کرتے سے موتی
چکٹ کپڑیکی گلے مین پڑی رہتی ہی اور اوسی طرح کا
ایک پایجامہ اور گھاس کی بنی ہوئی توپی سرپر اور گھاس
ہی کا بناہوا جوتا چڑھا رہتا ہی اور غالب ہی کہ بدن پر سے
یہہ کرتا اور پایجامہ دم بھر کے لئے برسون نہین اوترتا
جب تک کہ چھتڑون کی نوبت اور دوسرے جوڑے
کی بہت حاجت نہین ہوتی ہی اور شہر پیچین مین گرانی
ہمیشہ رہتی ہی یہان تک کہ اہل حرفہ مین سے جو بہت
کامل ہین اونکو اگر آٹھ آنے روز اجرت کے ملین تو وہ
غنیمت سمجھین اور اکثر غربا فقط کھانے کپڑے پر خدمتگاری
کرتے ہین اور چونکہ یہہ سب باتین فغفور کے حضور مین
روشن ہین اسی سبب سے چانول اور جوار باجرہ کے
ذخیرے سرکاری انبارخانون مین ہمیشہ معمور رکھے جاتے ہین

ورنہ ایک سال کے قحط مین نقشۂ پیچین صفحۂ روی زمین سے مٹ جاوے بلکہ اطراف و جوانب کے گانو اور شہر بھی نیست اور نابود ہو جاوین اور بعض سیّاحون کا یہہ بیان ہی کہ حوالیٔ دار الامارہ کی بستیون مین لاکھون آدمی ہرسال ایام سرما مین سردی کی شدّت سے مرجاتے ہین اور لباس گرم تو کیا اوڑھنا بچھونا تک میسّر نہین ہوتا اور نہ کویلا نہ لکڑی اونکے نزدیک ہوتی ہی کہ اوسے جلاکے سختیٔ سرما کو دور کرین اور اگر جنگل پاس ہوتا تو وہان سے غربا لکڑی چن لاتے اور جلاتے بلکہ سیکڑون کوس تک کفدست میدان ریگستان ہی اور علاوہ اوسکے جاڑون مین مفلسی سے اور گرمیون مین امراض حارّہ سے کہ جسکا سبب ظاہرا کثافت کوچہ اور تنگیٔ مکانات اور ہر گھر مین کثرت باشندون سے ہی ہزارہا لوگ ضایع ہوتے ہین باوجود اِسکے ابادی کا وہ حال ہی جو مذکور ہوا *

اب لازم ہی کہ کچھ بیان اون شہرونکا کیا جاوے جو بعد دار الامارہ کے صوبہ پیچیلی مین قابل تذکرہ کے ہین *

واضح ہو کہ دوسرا شہر پیچیلی کے صوبے مین یوتین فو کہلاتا ہی اور بعد دار السلطنت کے اسی کا رتبہ معلوم ہوتا ہی اور پیچیلی کا ناظم ہمیشہ اسی مین بود وباش کرتا ہی اس کی سرزمین بہت لطیف اور زرخیز ہی اور تمام صوبے مین سوا پیچین کے ایسی ابادی کسی مین نہین ہی *

ہوکین فو تیسرا شہر پیچیلی کا ہی اور بجز اسکے اس شہر کی کوئی دوسری بات مشہور نہین ہی کہ فیما بین حدود اسی شہر کے تین چن نام ایک دوسرا شہر ہی جسکو لارڈ میکارت نے بہادر بادشاہ انگلستان کے سفیر نے طول وعرض مین برابر لندن کے ٹھہرایا ہی حالانکہ خطا کے شہرون مین اُسکا رتبہ بہت کم ہی * چوتھا عالیشان شہر اس صوبے کا چین تین فو کہلاتا ہی اور وہ اس قدر وسیع ہی کہ تیس شہر اوس کے توابع ہین اور اوسکے شمال کیطرف پہارون کی ایک قطار ہی جس مین اقسام طرح کی جڑی بوٹی پائی جاتی ہی *

یان تین فو کا شہر قریب سمندر کے واقع اور کاغذ

وہان بنتا ہی اور چارونطرف اس کے پہار ہین جس مین
ٹین کے بہت سے معدن ہین *

سیوٴن ہوا فو ایک شہر بزرگ اور عظیم الشان ہی اور
عمارتین اس مین کثرت سے اور خوبصورت ہین اور
راستے بہت صاف اور وسیع اور تر پولئے جگہہ بجگہہ
نہایت پر تکلّف ہین اور یہہ تر پولئے بطور یادگار کے اون
لوگون کے لئے بنے ہین جو سپاہگری یا علم و ہنر یا خیرخواہی
سرکار یا اور کسی امر مین مشہور تھے اور جس طرح فرنگستان
کے شہرون مین منار وغیرہ ان باتون کے لئے سرکار سے
یا اتفاق رعایا سے بنائے جاتے ہین اوسی طرح خطا مین
تر پولیونکا دستور ہی کہ نام درون کے بقاے نام ونشان
کے لئے طیار ہوتے ہین چونکہ دیوار خطا اس جگہہ سے بہت
قریب ہی اگلے دنون مین جب چین مین ملکی پادشاہ
تھے وے لوگ خوف سے یورش تاتار کے چند قلعے
اس جگہہ پر حفاظت ولایت کے لئے تعمیر کئے تھے اور
اب ہرچند بسبب متحد ہونے پادشاہ خطا اور تاتار کے
اوس کی کچھہ حاجت نہین ہی مگر پھر بھی وہ عمارت

قدیم موجود ہین اور اون مین بدستور سابق فوج متعین رہتی ہی کیونکہ داشتہ آید بکار *

اس صوبے مین ایکاون شہر ہین لیکن جنکا ذکر ہوا فقط اونہین کا حال بیان لے قابل تھا اس لئے معرض ارقام مین آیا *

صوبے پیچیلی کی سرزمین مین یہہ خاصیت زور ہی کہ چار عنصر سے تین مین شور ہی یعنے آب و ہوا و خاک مین شوریت حد سے زاید ہی چنانچہ بعض پرگنون مین اگر صبح کے وقت میدانون پر نظر کیجئے تو یہہ معلوم ہووے کہ ایک سپید چادر کا فرش کوسون تک بچھا ہوا ہی اور یہہ فقط شوریت سے ہوتی ہی جو شب بھر مین جمجاتی ہی اور ہوا مین یہہ شوریت ہی کہ باوجود اسکے کہ غربا نہایت کثرت سے چھوٹے چھوٹے غلیظ اور تنگ مکانون مین رہتے اور اکثر گھرون مین یہہ حال ہی کہ اونکے رہنے والے تمام شب گویا ایک کے اوپر ایک پڑے رہتے اور دن کو جب آدھے سے زیادہ اپنے کاروبار مین نکل جاتے ہین تو باقی کو چلنے پھرنے کی جگہہ ملتی ہی اور باوصف اسکے کہ شہرون کی گلی کوچے کسافت سے

بھرے رہتے ہین لیکن باین ہمہ بسبب شوریت ہوا کے وبا اور امراض مہلکہ جو دفعتہً اور ملکون مین دکھائی دیتے اور عالم گیر ہوتے ہین صوبہ پیچیلی مین سنّے مین نہین آتے اور دوسری دلیل شوریت ہوا کی یہہ ہی کہ ہر طرح کے ماکولات پیچین مین بے سڑے اور گندیدہ ہوئے رہ سکتے ہین یہان تک کہ مچھلیان غیر نمک سود دو مہینے تک بازارون مین فروخت کے واسطے رکھی رہتیان ہین اور نہین سڑتیان تیسری دلیل یہہ ہی کہ برس کے نو مہینے پانی شبکو جمجاتا ہی اور اوس پانی مین یہہ شوریت ہوتی ہی کہ جب وہ جمجاتا ہی تو دھوپ مین گھنٹون بے پگھلے رکھا رہتا ہی سوائے اس کے پانی کی شوریت اسی سے ظاہر ہی کہ اگر پانی جوش کیا جاوے تو دو گھڑی کے بعد اس کے اندر چارون طرف سے ایک سفید تہ ملائی کی طرح جمجاتی ہی الغرض زمین و آب و ہوا سب شور ہین لیکن زراعت پھر بھی بری نہین ہوتی اور اہل خطا کی جد و کد اور محنت و مشقت کے آگے جبلی خاصیت زمین کی بھی دور ہو جاتی ہی *

دار الامارہ پیچین کے مغرب کی سمت برخ بایب یعنی گوشہ شمال و مغرب پہارون کی قطار ہی اور اون مین ہرنین نافہ دار پیدا ہوتی ہین اور چونکہ یہہ جانور مثل اور ہرن کے گلّے مین نہین رہتا اور ایک دو پہارون کی چوٹیون پر چرا پھرتا ہی اور ایسے اونچے مکانون پر سکونت اختیار کرتا ہی کہ اوس کی بلندی پرندہ دیکھہ کر تھرّائے اور وہان تک جانے مین درندہ کا کلیجا منہہ کو چلا آئے اور دوندہ کا پانون رہ جاے اس جہت سے تحقیقات کما حقہ اوسکی عادات اور حرکات کی نہین ہوئی اور شاید نہوویگی لیکن اہل تبّت و تاتار اور خطایون کی روایت یہہ ہی اور فرنگستان کے پادریون نے بھی اوسکی صداقت پر گواہی دی ہی کہ ترکیب اس ہرن کی اور ہرن کی طرح کچھہ ہی اور کچھہ بکری کی طرح ہی لیکن سینگ نر اور مادہ کسیکو نہین اور ڈیل ڈول قد و قامت بھی بنگالے کی بکری سے زیادہ نہین لیکن نزاکت اور چابکی حد سے زیادہ اور سبک رو اور چالاک دو اس قدر ہی کہ ہوا اور بجلی سے اوسے تشبیہ دینی مبالغہ نہین اور اس

ہرن کے مادہ کی ناف مین مشک نہین ملتا اور نر کی ناف پر ایک تھیلی مین مشک ہوتا ہی *

اب سنا چاہیئے کہ خداوند کریم نے چونکہ ہر جاندار کو اپنی حفاظت جان کی تدبیر سُجھادی ہی اس لئے اس ہرن کو سینگ کے عوض مشک اوس نے عطا کیا ہی کیونکہ امر تحقیق ہی کہ جب شیر یا بھیڑیا یا اور درندے کا خوف اوسکو ہوتا ہی تو مشک کی بو کا بقہ اسیطرح سے چھوڑتا ہوا گریز کرتا ہی کہ اوسکا دشمن بیہوش ہوکر گر پڑتا ہی اور بعضے اوقات اوس بو کی شدّت حرارت اور یبوست سے دماغ فوراً پھٹ کر مر جاتا ہی اور یہہ پہاڑیون کی روایت ہی کہ غذا حاصل کرنے کے لئے خداوند تعالیٰ نے اس ہرن کو مشک عطا کیا ہی اور اونکا بیان یہہ ہی کہ یہہ جانور سانپ کو کھاتا ہی اور سوا اوسکے گوشت کے دوسری غذا نہین کرتا اسلئے جب سانپ کو دیکھتا ہی مشک کی بو سے اوسکو بیہوش کر کے کھا جاتا ہی غرض یہہ بات مثل فسانے کے معلوم ہوتی ہی اور اگر سچ بھی ہو تو تعجب نہین

کیونکہ مشک کی بو سے سانپ دیوانہ ہو جاتا ہی اور یہہ تحقیق ہی کہ کسیکے پاس اگر زیادہ مشک ہووے تو سانپ اوسکو نہین کاٹتا ہی بہر حال اس مشک کی تین قسمین ہین سب سے بہتر وہ جو تھیلی کے اندر مثل سنگ کے سخت جما ہوا ہوتا ہی اور اوسکی شناخت یہہ ہی کہ اگر سوت کو تن کے گرہ مین مل کر مشک پر ذرہ سا گھسئے تو تن کی بو سوت سے اور جایگی اور دوسری قسم مشک کی وہ ہی کہ جس مین چھوٹے چھوٹے دانے ہوتے ہین اور وہی ہندوستان مین بکنے اتا ہی اور تیسری قسم مثل روغن کے ہی لیکن وہ دوا کے کام کا نہین ہی اور پہلی قسم کو دوسرے ملک مین لیجانا اور بیچنا نہایت ممنوع ہی اور فقط فغفور کے حضور مین پہنچایا جاتا ہی اور اونکے اقربا کو جو قرابت قریبہ رکھتے ہین تقسیم ہوتا ہی اور ونکو اوسکا ملنا محال ہی *

تین طرح سے اس جانور کا شکار ہوتا ہی ایک یہہ کہ جب شکاریون نے دور سے دیکھا یا پتا لگایا کہ ہرن

کسی مقام پر ہی تو تین بانسری بجانے والے شکاریون
کے ساتھ جاتے اور کسی گوشے مین بیٹھکر میٹھی اور
دردناک آواز سے ملایمت کے ساتھ بجاتے ہین
اور چونکہ یہہ لطیف طبع جانور صدائے خوش کا نہایت
والہ وفریفتہ ہی اوسکے سنتے ہی اوسی سمت کو
آہستہ آہستہ ناچتا کترا تا ہوا چلتا ہی اور باوجود خوف اور
رمیدگی جبلّی کے یہان تک قریب جاتا ہی کہ بندوق
سے اوسے مار لینا سہل ہوتا ہی لیکن بانسری سے زیادہ
لڑکون کے مہین اور موہنی سر کے گانے پر ہوش
کھو دیتا ہی اور بے ساختہ چلا آتا اور جب شکاری بندوق
سے شکار کیا چاہتے ہین اِن دو ترکیبون مین سے ایک کو
کرتے اور دوسری صورت جال سے پھنسانے کی ہی اور
تیسری یہہ کہ جب وہ پانی پینے کو پہاڑ سے جھیل مین اترتا
ہی تو پیچھے سے شکاری سب بڑے بڑے ڈھول اور
جھانج بجانا اور حشرات مچانا شروع کرتے ہین اوسوقت
دہشت سے کھبرا کے ہرن پانی مین کود پڑتا ہی اور
ڈوب مرتا ہی غرض اِن تینون طور سے بندوق کا شکار

بہتر ہی کیونکہ جانور جلد مر جاتا ہی اور مشک بگڑنے
نہین پاتا ورنہ اگر کچھہ دیر تک اوسکو ایذا ہووے تو
مشک جو حقیقت مین خون ہی سارے جسم مین
سرایت کر جاوے اور ناف مین مطلق نرہے اسی لئے
ہرن کے دام مین پھنسنے کے ساتھہ ہی شکاری دوڑکر
ریشم کی ڈوری ناف کے گرد اِس قدر زور سے باندھتا
ہی کہ بالکل رگون کی راہ مسدود ہو جاتی ہی ورنہ اگر ذرہ
بھی کسنے مین دیری کی یا اچھی طرح نہ بندھی گئی تو مشک کی
صورت دکھائی نہین دیتی ہی اور گوشت اوسکا تلخ ہو جاتا
ہی اور مشک کی بو پیدا کرتا ہی اور یہہ جانور بھیڑیا وغیرہ
درندون کے ہاتھہ کم ایذا پاتا ہی کیونکہ علاوہ چستی و چابکی
اور رمیدگی کے بذاتہ اوسکو اس قدر حزم اور دور اندیشی
ہی کہ اپنی مینگنی کو بلّی کی مانند خاک مین چھپاتا ہی
اور پیشاب کر کے اوسکو چاٹ جاتا ہی تاکہ
دشمنون کو اوسکا پتا نہ ملے غرض حضرت انسان کی خونخواری
درندون سے بھی زیادہ ہی کہ جو جانور شیر اور بھیڑیا کو اوس
ترکیب سے بھلاوا دیتا ہی وہ آدمی سے نہین بچتا * .

زرد رنگ کے چوبے اس صوبے مین افراط سے ملتے ہین اور فرنگستان مین جو چوبے ہوتے ہین اور اکثر لوگ اونکو کالکتے مین لاکر بیچتے ہین اوس قسم کے بھی بہت سے صوبہ پیچیلی مین پیدا ہوتے ہین *

اور جمادات سے اس صوبے کے پہارون مین معدنیات سنگ چماق اور بلور اور سنگ مرمر کے ہین *

پیچیلی کے صوبے مین تین کرور اسی لاکھ باشندے ہین اور نظامت کے جنگی کارخانجات اور دیوانی کے اخراجات کے وضع کے بعد ستہتر لاکھ سولہ ہزار دو سو چالیس روپئے سکہ خراج زمین کی بابت اور تیرہ لاکھ اڑتیس ہزار چورانوے روپئے بابت فروخت نمک اور دو لاکھ ایکتالیس ہزار آٹھ سو اٹھانوے روپیے اجناس تجارت کی امدنی و رفتنی کا محصول سالانہ فغفور کے خزانے مین اس صوبے سے بطور پیش انداز کے داخل ہوتے ہین اور جمع ان مبالغ کی بانوے لاکھ چھیانوے ہزار دو سو بتیس روپئے ہوتی ہی چونکہ خطا مین بجز ایک قسم کے پیسے کے روپئے اشرفی کا سکہ جاری نہین ہی

اس لئے رواج چاندی سونے کی گلیون کا ہی اور ہر گلی ایک تولے کی وزن کی ہوتي ہی اور خطا مین تیل کہلاتی ہی اور چونکہ کلکتے کے بازار مین تین روپیا مرشدابادی سکہ اور ایک آنہ اور ایک پیسے کو تیل بکتی ہی اس حساب سے نامہ نگار نے مبلغ مذکور کی مالیت اوس طرح پر ٹھہرائی ہی تاکہ اِس تاریخ کے ناظرین کو مطالب تک پہنچنے مین دقت نہووے *

تیسرا باب

کیانگ نان کے صوبہ کے بیان مین

یہہ صوبہ ساری مملکت خطا مین زیادہ زرخیز اور قابل تجارت کے ہی اور چونکہ یہہ دونون صفتین وہان باہم جمع ہین کیانگنان کے برابر زرخیزی اور ابادی مین کم کوئی جگہہ دکھائی دیتی ہی اور اس کی پچھم حد پر صوبجات هونان اور هوکوانك اور دکھن پر چنگیانك اور چنگتانك اور پورب پر سمندر تانکین اور باقی صوبہ شان تانك سے متصل ہی *

جس دونون کہ خطا کی فرمانروائی وہین کے لوگون سے

متعلق تھی اور شہریار تاتار سردار قبلہ خان نے اوس دیار پر
پورش نہین کی تھی اون دنون اسی صوبہ مین دار السلطنت
تھی اور تختگاہ پادشاہ شہر تانکین کہلاتا تھا لیکن جبکہ چنگیز خان
کے پوتون نے ایک عالم کو تہ وبالا کر ڈالا اور قبلہ خان
چین مین پہنچا تو شہر پیچین کو اوس نے تختگاہ سلطنت
قرار دیا *

یہہ صوبہ بہت وسیع ہی اور اوس مین چودہ شہر
بہت بڑے اور ترانوے شہر چھوٹے چھوٹے ہین
لیکن سب بہت خاصے اور قابل تعریف کے ہین
اور بڑی تعریف تو یہہ ہی کہ اُن شہرون مین سے کوئی
ایسا نہین ہی جو تجارت کے لئے مشہور نہووے
اور کشتی اور جہاز کی آمد ورفت کی نہایت سہولت
ہی کیونکہ یانگ سی کیانگ جو سب سے گہرا اور
چوڑا دریا خطا کا ہی اس صوبہ کے درمیان سے بہتا ہی
اور اکثر شہر اوسی کے کنارے پر واقع ہین اور جو کہ فاصلے
پر ہین اون تک پہنچنے کے لئے نہرین کھدی ہوئین ہین
اور درای تجارت کے ایک اور سبب عظیم اس صوبے

کے زرخیزی کا یہہ ہی کہ اہل حرفہ یہانکے بہت ہنرمند ہین اور اونکی کاریگری کی تعریف ہفت اقلیم مین پھیلی ہوئی ہی اور ہر جگہہ سے سوداگر چیزین خرید نے آتے ہین اس لئے محصول کے بابت بہت تحصیل ہوتی ہی اور فقط ایک شہر چانک ہین اور اوس کی متعلق موضعون مین دو لاکھہ جولاہے سوتی کپڑے کے بنانے والے رہتے ہین *

اس صوبے کے باشندے بہت اہل اور خلیق اور عقل مند ہوتے ہین اور علوم و فنون کی طرف بہت رغبت کرتے خصوص طبابت یہان کی بہت چمکی ہوئی ہی اور اطبّاے کامل اکثر اسی جگہہ ملتے ہین *

کیانك نان کا صوبہ کا سب سے بڑا شہر تانکین کہلاتا ہی جسکا ذکر ابھی ہو چکا کہ ملکی پادشاہون کا دارالامارہ تھا اور اون دنون ساری مملکت مین ایسا خوبصورت اور وسیع اور غدار شہر کوئی نہ تھا اور اوس ایام کی جاہ و جلال کا حال خطائی سب یون بیان کرتے ہین کہ اگر دو شہسوار تیز رفتار گھوڑون پر ایک

دروازے سے دم صبح نکلتے اور دہنے بائین گھوڑے
ڈالکر تمام روز تک تپ دوڑاتے ہوئے شہر پناہ کی
دیوار کے نیچے سے جاتے تو مغرب کے وقت وے
دونون دوسرے دروازے پر جا ملتے اور باوجودیکہ
ان دنون یہہ شہر بہ نسبت اگے کے بہت خستہ حال
ہی لیکن پھر بھی یہہ احوال ہی کہ چوبیس کوس کے
عرصے مین معمور اور آباد ہی اور سرکین بہت وسیع
اور سنگ بست دورویہ لکوکہا دوکانون سے مثل
پیچین کے آراستہ و پیراستہ ہین اور شہر کے باہر
ایک مینار ایک سو چھتیس ہاتھ بلند اینٹے کا بنا ہوا ہی
اور اوسکے باہر سے وہ مصالح بجاے چونہ کاری کے جما ہوا
ہی کہ جس سے چینی کے برتن ہوتے ہین اور کاریگرون
نے اپنی پختہ کاری سے نیچی سے اوپر تک یہہ تکلف کیا
ہی کہ باوجودنہ طبقہ ہونیکے ایک ڈال معلوم ہوتا ہی اور
ایسے ایسے خوش رنگ رنگون سے رنگا ہوا ہی
اور یہان تک طلاکاریون سے مطلا کیا گیا کہ جب آفتاب
کا شعاع اوسپر پڑتا ہی تو نظر اوس پر نہین ٹھہرتی اور

آنکھین چندلا جاتین ہین اور عجب ایک عالم نور کا سا
ظہور مین آتا ہی کہ دیکھنے والے نزدیک و دور کو قصہ کوہ طور
کا یاد پڑتا ہی اور باوجود اس کے کہ چار سی برس ہوئے
امینک کے گھرانے کا ایک شہنشاہ نے اس منارہ
کو بنوایا تھا مگر آج تک کل کا بنا ہوا معلوم ہوتا ہی اور اندر
اوس کے ہر طبقے پر ایک ایک گھر بازیب و فر
بہت مذہب و مطلا تصویرون اور بتون سے بھرا ہوا ہی
اور باہر کے دیوارون مین صدہا طاقچے ہین کہ جن مین گھنٹے
بے شمار با نقش و نگار اس انداز سے لٹکے ہوئے ہین
کہ جب کسی طرف سے ذری سی بھی ہوا چلتی ہی
تو اون سبھون سے اقسام طرحکی صدای خوش بلند ہوتی
اور نہایت میٹھی اور سریلی لئی نکلتی ہی اور روایت
ہی کہ قریب ساڑھے پندرہ لاکھ روپیہ اس عمارت
دلپذیر کی تعمیر مین خرچ ہوئے تھے مگر اہل بصارت کے
نزدیک اس عمارت کی خوبصورتی پر سے کرورن روپیہ
تصدق ہی کہ جسکے دیکھنے سے بڑے بڑے معمارونکا
رنگ فق ہی *

مثنوی لمولفه

ہی منارہ کہ ایک عمارت نور جسکی ہر طرف نور کا ہی ظہور
اوسکی نقشون کو گر کرینگے یاد چین مانیگے مانی و بہزاد
گر کرین فکر سے وہ دامن چاک کھینچے اونسے نہ اوسکا خاکا خاک
کہین اوسکو تو عقل سے ہی قرین فی الحقیقت نگار خانۂ چین

چونکہ شہر تانکین وہانکے ملکی بادشاہ ہون کا دارالامارہ تھا اس لئے جب قوم تاتار نے اوس دیار پر فتح پائی وہانکے عمارات اور شاہنشاہون کے مزارات کو تڑوا کھدوا ڈالا اور اوس آبادستان قدیم کو ویرانہ کردیا اور سب کچھ اس شہر سے لوٹ کر اپنی بیت السلطنت پیچین کو آباد کیا لیکن ہنروزون کا ہنر اور جد و جہد پیشہ وران ہنرور اور اہل علم کے علوم و فنون کو وہان تک نہ پہنچا سکے کیونکہ یہہ سب خوبیان یہان کی آب و خاک کی تاثیر سے متعلق ہین *

ایک قسم کی لال روئی اس شہر کے گرد و نواح مین پیدا ہوتی ہی جس سے ایک طرحکا کپڑا خوش رنگ اور مضبوط بنا جاتا ہی اور وہ ہندوستان مین بھی بکنے کو آتا ہی

اور عوام الناس اوسے لال کین کہتے ہین اور اس روئی کا عجب خاصہ ہی کہ اگر اوسکے تخم کو سیوا نانکین کے اور کسی جگہہ مین بوئے تو روئی سفید ہوئیگی اور وہ رنگ مایل بسرخی جو شہر نانکین کی اطراف مین بسبب تاثیر زمین کے روئی مین ہوتا ہی روی زمین پر کہین نہین ہوتا ہی اور یہہ نانکین وہ شہر ہی جہان سنہ ۱۸۴۲ع مین بعد اتمام لڑائی کے صلح نامہ درمیان والی چین اور اہل برطان کے لکھی گئی ہی اور اوسکا حال انشاء اللہ تعالی دفتر دوم مین لکھا جائیگا *

بعد اس شہر کے صوبہ کیانگ نان مین سوچو کا شہر قابل مذکور کے ہی بلکہ مملکت خطا مین اس لطف کا کوئی شہر دکھائی نہین دیتا ہی اور خطائی سب اس بلدہ آباد مینو سواد فسحت بنیاد رشک ارم ذات العماد کے باب مین کہتے ہین کہ زمین پر نقل بہشت کی موجود ہی اور جن انگریزون اور دوسرے اہل فرنگ نے اس شہر کو دیکھا ہی اور وہان کی نقد خوبی کو محک امتحان سے پرکھا متفق القول ہین کہ روی زمین پر

ایسی جلبہہ نہین ہی اور معلوم یہہ ہوتا ہی کہ جب
خداوند عالم و عالمیان نے اس خطّہ کو عرصۂ شہود پر لایا
تو خزانۂ غیب سے اوس کے دامن حال کو نقود صفات
خوبی سے بھر دیا کیونکہ سرزمین وہانکی یہان تک زرخیز اور
لطافت امیز ہی کہ جہان کشت کاری ہوتی ہی وہان
خوشبو اور خوش رنگ پھولونکا جنگل ہو رہتا ہی
اور توت کے درخت از خود پیدا ہوتین ہین اور ہوا
یہان کی لطیف و دلکشا اور پانی خنک اور خوش ذایقہ
مثل تختہ بلور کے شفاف بلکہ اب گہر سے باآب
اور صاف ہی اور ہندوستان کے ایام بہار کا لطف
وہان پر چارون موسم مین ملتا ہی کہین گل پھولا ہی
کہین غنچہ کھلتا ہی اور غذا اور عیش و عشرت کے
اسباب سستے اور کثرت سے ہمیشہ میسر ہوتے
ہین لوگ فارغ البال مرفہ الحال مزے سے کھاپی کر
آرام سے سوتے ہین باشندے وہان کے
خلیق خوش مذاق صاحب جوہر ادب و تہذیب مین
طاق ہین مکانات ستھرے اور عالی اور سرکین صاف

وپختہ وضع کی نرالی اور صدہا نہرین شہر کے محلون مین
آب زلال سے لبریز بہتیان اور کشتیان اوس مین
خوش قطع اور خوشرنگ پھرتیان ہین اور اونکے کھیونے
والیان صدہا رندیان باحسن وجمال پری تمثال زہرہ جبین
شتری خصال خوش عشوہ انداز سخن طراز لطیفہ بازبات
باتون مین ناز طالب نیاز جو پل بھر مین ہزارون ذورق
دل کو دریای محبت کے پار لگاوین اور صدہا سفینہ صبرکو
قلزم ناکامی مین ڈوبا دیوین اون کشتیون مین بیٹھین رہتیان
ہین * لارڈ مکاتلی بہادر سفیر انگلستان کے مصاحبون
مین ہنٹصنرا صاحب ایک شخص بہت لایق و فایق
تھے وہ اس شہر کے باب مین فرماتے ہین کہ سوچو کا
شہر تعلیم گاہ اصحاب علم و تجارت وارباب ہنرو
حرفت اور مجمع ومسکن نٹون اور بھاندون اور نقالون
اور شعبدہ بازون اور لولیان گل فام ونسرین تنان سمن
اندام کا ہی اور یہی شہر خطائیون کی وضع پوشاک
زبان دستور اور رواج کی مکسال ہی دلیل یہان کا دستور
سند یہان کی چال ہی غض ہرہات مین یہہ شہر حزاد ہی

یہان کا آدمی ہرفن مین اوستاد صاحب ایجاد ہی اور اوسکی وسعت کی یہہ ایک بڑی دلیل ہے قال و قیل ہی کہ لارڈ مکارتنی بہادر نے اس شہر کی چوتھائی کی سیر کی تھی جس مین چار گھڑی کا مل گھوڑے کی سواری مین تھے اور اسی جگہہ سے امیرون کے محلون کے لئے حرمین خرید کی جاتیان ہین اور بہت لوگون کا یہی پیشہ ہی کہ حسینہ اور جمیلہ چھوکریون کو مول لیکر گانے بجانے نشست و برخاست و آداب محبت مین تعلیم کر کے خطائی امرا کے محل سرا مین داخل کرتے ہین اور تعجب یہی ہی کہ ایکہی شہر مین اس عیش و عشرت کے ساتھہ علم و ہنر کا بھی نہایت چرچا ہی کیونکہ علم اور عیش سے ہمیشہ کی دشمنی ہی اور جسکو کہ ہوائے شکار و سیر ہی اوسکو علم و ہنر سے بیر ہی * سونك كيانك ایہ اور شہر اسی صوبہ کا ہی اور ساری مملکت خطا کے علاوہ غیر ملکون مین بھی اقسام طرح کے سوتی کپڑے اسی جگہ سے جاتے اور نہایت باریک اور مضبوط ہوتے ہین *

چوتھا شہر اس صوبہ کا چینکچو کہلاتا ہی اور یہان

کے پانی کی یہہ تاثیر مشہور ہی کہ چاے جب اس مین جوش دی جاتی نہایت لذیذ ہوتی ہی اور اس کے تحت مین ایک چھوٹا سا شہر ہی جہان پر ایک قسم کی پیالی چاپینے کے لئے بنتی ہی جس مین دم بھر رکھنے سے ذایقہ چاکا اس قدر بہتر ہوجاتا ہی کہ فغفور اور خطائی امرا ادسی متی کے ظرف مین چاے پیتے اور شاید زمرد کی پیالی کی اتنی قدر نہین کرتے ہین *

پانچوان شہر قابل الذکر چینگ کیانگ کہلاتا ہی اور چونکہ سمندر کی طرف سے دشمن کی تاخت کی صورت یہان ہوسکتی ہی اس لئے فوج متعدد متعین رہتی ہی اور قلعہ یہان کا اور شہرپناہ کی دیوارین خوبصورتی اور مضبوطی مین زبانزد ہین اور تجارت بھی بسبب قرب بحرمحیط بہت چمکی ہوئی ہی *

یانگچو کا شہر مانند سوچو کے فضائیت اور تکلف اور آبادی کے لئے نامور ہی اور لوگ بھی یہان کے بہت عیاش ہوتے ہین اور اکثرون کا پیشہ یہہ ہی کہ چھوکریون کو تعلیم کرکے اور طریقہ دل فریبی و جان ربائی ناز و انداز

ادایات غمزہ وعشوہ وسحر وکرامات رمز وکنایہ محاورہ روز مرہ
چستي و چالاکی سیماب وشی شعلہ مزاجی تواش وخراش
سخن غرض سارے ضروریات اس فن کے سکھا اور
محاسن سیرت سے حسن صورت کو دو بالا بنا امیرونکے
ہاتھ بیچ ڈالتے ہین اس شہر کی وسعت وفسحت آراستگی
وپیراستگی اکثر سیاحون کی روایتون سے ثابت ہین نمک کے
تاجرون نے اپنے خرچ سے فغفور کے لئے عیش گاہ بنادیا
ہی اور وہ طول و عرض مین اتنا ہی کہ بعض شہر اتنا
وسیع نہین ہوتا اور جو تکلفات فن باغبانی کے ملک
خطا مین معمول ہین یہان بھی پائے جاتے اور دفتر دوم
مین اوسکا حال بالا جمال معرض ارقام مین آویگا *
نگانکین کا شہر اس صوبہ کی ولایت مغربی کا پایہ تخت
ہی یعنے دو تقسیمین جو بسبب وسعت صوبے
کیانان کی گئی ہین اور بہتر انتظام کے لئے ہرایک
مین الگ الگ صوبہ دار مقرر ہین ان مین سے ایک کی
رہنے کی جگہہ یہہ شہر ہی اور چونکہ تاجرون کی فرودگاہ
ہی زرخیزی اور آبادی مین بھی مشہور ہی *

هیچو ایک اور شہر ہی جہان کے لوگ بہت قانع اور کفایت شعار اور راست بازی اور نیک معاشی کے لئے مشہور و معروف ہین اور ان سب صفتون کے جمع ہونے سے یہہ بات اونھون نے پیدا کی ہی کہ اون لوگونکا قول و قرار زبانی دوسرے شہر والے کے روپیہ سے بہتر ہی اور اونکے یہان کی چاے اور سیاہ روغن اور لکھنے کی روشنائی اور چینی برتن بنانے کی مٹی ہر جگہہ رغبت سے خرید کی جاتین اور اس کے اطراف مین جو پہار ہین اون مین معدنیات سونا اور چاندی اور تانبے کے ہین * الغرض صوبہ کیانان مین سین تیس شہر چھوٹے بڑے ہین لیکن عاصی نے سب کا مذکور ضرور نہین سمجھا اور جو نامور ہین اونہین کا بیان کیا اور تین کرور بیس لاکھ باشندے اس صوبے مین رہتے ہین اور فغفور کے خزانہ مین بعد وضع اخراجات جنگی اور ملکی ایک کرور بابت خراج ملک اور ترسٹھ لاک روپیہ بابت فروخت نمک ساٹھ لاک اسی ہزار روپیہ بابت محصول اجناس تجارت سالانہ پہنچتا ہی *

اس صوبہ کے متعلق سانگ مینگ کا جزیرہ تیس کوس کا ہی

اور نو کوس عرض مین ہی اور یہہ جگہہ اوایل مین جنگل اور بیابان تھی جہان بدمعاشون کو واسطے تنبیہ کے شہر بدر کرتے تھے بعد اسکے چند غریب آدمی سہولت معاش کے لئے وہان بس گئے اسیطرح سے وہان کی آبادی بڑھی اور دن بدن ایسی ترقی ہوئی کہ اب اوس مین ایک شہر اور چندگانون بہت آباد ہین وہان کی اکثر جگہہ اس قدر زرخیز ہی کہ سال مین دو فصلین ہوتین ہین اور نمک یہان اس قدر بنتا ہی کہ فقط وہان کی پیدایشی نمک سے کئی صوبیکا خرچ متعلق رہ سکتا ہی *

چوتھا باب

صوبۂ کیانگسی کے بیان مین

اس صوبہ کے نام کے ترجمہ سے یہہ بات پائی جاتی ہی کہ کیانگنان کے صوبہ کی پچھم طرف پر واقع ہی اور حالانکہ اُسکی سرزمین نہایت سیر حاصل ہی لیکن باشندے اس کثرت کے ساتھہ ہین کہ بڑی تنگی سے اکثر غربا کی گذران ہوتی ہی اور لوگ چونکہ کفایت

شعاری کے باعث سے خوراک اور پوشاک مین کم تکلف کرتے ہین اور گرما اور سرما کی شدت کا دفعیہ جس طرح بن پڑتی کرلیتے اونکے رنگیلے پردسی حضرات کیا نگنان جنکا ذکر باب سابق مین ہوا ہی ان بیچارون کی وضع قطع پر پھبتیان کہتے ہین اور یہہ نہین سمجھتے کہ تحمل اور بردباری کے ساتھ پھٹے پرانے کپڑے اور نان خشک بے نمک پر اکتفا کرنا اوس کمخواب اور متنجن سے ہزار گونہ بہتر ہین جو مسخرے پن سے میسر ہوتے غرض اوس صوبے کے باشندے مزاج کے بہت مدبر ہوتے اور لیاقت تدبیر منازل اور سیاست مدن کی اونہین ایسی ہوتی ہی کہ امور سلطنت مین دخل پانے کے ساتھہ ہی جلد درجہ بدرجہ ترقی کرتے ہین *

اس صوبہ کی حد مین جتنے پہار ہین وہان معدنیات سونا اور چاندی اور لوہا اور سیسا اور تین کے ہین اور اون پہارون پر جڑی بوٹی اقسام طرح کی ملتیان اور دوا کے کام اتیان ہین اگر خطائیون کو علم معدن اچھی طرح ہوتا تو اس جگہہ کے پہارون کے معدن مین اس قدر مایہ ہی کہ

پدم ہا روپیہ حاصل ہوتے لیکن ترکیبین کھودنے اور دھاتون
کے فرق کرنے کی نہین آتی اور یہہ لاعلمی اس سبب
سے ہی کہ حکمای قدیم جو چین کے دستور العمل کو
درست کر گئے اونکا حکم یہہ تھا کہ سونا اور چاندی کے
معدن نکھودے جاوین اور فقط زراعت اور دوسری
پیدایش ملک پر قناعت کرین اور اوس مین انھون نے
یہہ مصلحت ٹھہرائی تھی کہ چون کہ زمین چین بذاتہ گویا
ایک معدن ہی اوسکی دولت وگنج ہمیشہ مثل مدفن
کے رہ سکتی ہی اور کشتکاری اور صنعت مین محنت
کرنے سے دو طرح کے فایدے متصور ہین ایک یہہ کہ
بسبب محنت بدنی قوت جسمانی اور روحانی دونو حاصل
ہوتی ہین اور دوسرے یہہ کہ محنت مین ہمیشہ مشغول
رہنے سے طبیعت طرف بدی کے مایل نہین ہوتی
اور کاہلی اور سستی مین انواع طرح کی شیطنت سوجھتی
ہی غرض خلاصہ یہہ ہی کہ چون کہ انسان فایدۂ نزدیک
کو فایدۂ دور سے بہتر سمجھتے اور نقدکو نسیہ پر ترجیح دیتے
اس لئے عوام الناس کے نزدیک معدنیات کا ماحصل

زراعت سے بہتر معلوم ہوتا ہی کیونکہ دفعتہً ہاتھ اتا ہی
اور دوسرا ایندے پر موقوف رہتا ہی اور وقت تخم
پاشی سے ایام خریف تک انواع طرحکے اندیشے
فصل کے نقصان ہونے کے ہین اس لئے معدنیات
کھودنے مین لوگ مشغول ہوتے اور زراعت کی
طرف چندان توجہ نکرتے اور جب آخرش مایہ معدن کا
کم ہوجاتا تو فصل کا خیال پھر کرنے پرتا اور عرصے تک کی
افتادگی سے زمین ناقابل ہو جاتی اور زراعت بخوبی نہین
ہوتی الغرض ان سب تصورات سے حکمای چین نے
پیش بندی کی راہ سے معدنیات کے کھودنے سے
ممانعت کی ہی *

اس صوبہ مین چاول اس قدر بہتر ہوتا ہی کہ شہنشاہ
اور امرا کے مطبخ کے لئے سیکڑون کشتیان ہر سال
روانہ ہوتیان ہین اور دریا اور جھیل اور تالاب مین صدہا
قسم کی لذیذ مچھلیان ملتیان ہین اور چینی کے باسن
بھی بہت تحفہ بنتے ہین *

اس صوبے مین تیرہ شہر برے اور اٹھارہ چھوٹے ہین *

شہر سان چن سب سے عظیم الشان اور ناظم کی بود و باش یہین مقرر ہی *

چاوچو رتبہ مین دوسرا شہر اس صوبہ کا ہی اور چینی کے باسن بنانے والے کمہار اس جگہہ مین بہت رہتے ہین اور اونکے پیشہ کو جیسا یہان رونق ہی اور مقام پر کم ہی اور دس لاکھ باشندے اس شہر کی چار دیواری کے اندر بود و باش کرتے ہین اور اسی سے خیال کیا چاہئے کہ کتنا بڑا اور کسقدر آباد شہر یہہ ہو دیگا *

کین تی جن تیسرا شہر ہی اور اس مین پانچ سو بھٹے چینی کے برتن کے ہین اور اس کثرت سے اس کی فروخت ہوتی ہی کہ راوی کہتا ہی کہ شبانہ روز یہہ بالکل بھٹے جلا کرتے ہین اور اگر اجنبی شخص دور سے دیکھے تو قیاس کرے کہ تمام شہر اور اطراف مین بڑی آگ لگی ہوئی ہی اور کئی منزل سے دھوان مانند ایک بڑے آسمان کے چرخ کہن کے نیچے دکھائی دیتا ہی اور اس شہر مین قاعدہ ہی کہ شب کو مسافر جب تک کہ وہان کا کوئی معتبر شخص اوسکی ضمانت نکرے رہنے نہین پاتا اور سبب اسکا

یہہ ہی کہ متعدد روپئے دادنی کے سوداگر سب پیشگی سے کمہارون کو دے رکھتے اور وہ لوگ چونکہ ہر وقت بھٹے پر اپنے کام مین مشغول ہوتے ہین اور مستورات بھی رنگ پیسنے مین مستعد رہتی ہین تو یہہ آئین اگر نہوتا تو بدمعاشون کو لوٹ اور تاراج کا خوب ہی داؤن ملتا *

کوانگ فینگ کا شہر پہارون کے محاصرے مین واقع ہی اور سرزمین اس کی بہت زرخیز اور کوہستان مین بہت ہی شفاف بلور کے معدن ہین اور کاغذ یہانکا بہت عمدہ مشہور ہی اور بتیان موم کی خوب بنتیان ہین *

شہر نانگ کانگ بھی واسطے چاول اور جوار باجرے کے مشہور ہی اور پہارون سے لکڑی بہت عمدہ اور دریاؤن سے مچھلیان افراط سے میسر ہوتیان ہین *

کوکیان معمور آباد اور بڑی تجارت گاہ ہی یہان تک کہ کوئی سو ڈیرہ سو شہرون سے جنک یعنے خطائی جہاز سب اس شہر کے بندر مین آنکے اکٹھا ہوتے اور سمندر کی طرف روانہ ہوتے ہین اور یہانکا دریا حالانکہ

ڈیڑھ سو کوس سمندر سے دور ہی لیکن چاند کی پھلی اور چودھوین تاریخون کو جزر مد اوسمین حاصل ہی *

کنچیپان ساتوان شہر اس صوبہ کا چاول کی تخفگی کے لئے مشہور ہی اور نام اوسکا خطائی زبان مین سونے کا دانہ ہی اور فقط فغفور کے باورچیخانہ مین اوسکا خرچ ہی اور یک قسم کی شراب نہایت منشی خوش ذایقہ اور معطر اسی چاول سے بنتی ہی اور بسبب مطبوعیت کے بہت گران قیمت بکتی ہی *

فوچو آٹھوان شہر اس صوبہ کا مشہور ہوائے لطیف اور آب خوشگوار کے لئے ہی اور حالانکہ تاتار کی یورش سے برباد اور ویران ہوگیا اور اب خرابہ کے مرتبہ مین پہنچ چکا ہی تاہم اوسکا ذاتی حسن زایل نہین ہوا اور پہاڑون سے ندیان بہتیان ہین اور ہری گھانس کے میدان مین ایسی معلوم ہوتیان جیسے زمرد کی پٹریون مین الماس کی لہرین *

اس شہر کے باشندے بہت چست و چالاک اور محنت کش اور زراعت کے فن مین نہایت

کامل ہین ایک طرحکا چاول اس شہر کے اطراف
دجوار مین پیدا ہوتا ہی جسکے دانے بسبب سپیدی اور
چمک کے دور سے بلور کے ریزے معلوم ہوتے
ہین * بوچو فواوربین چو دو شہر اس صوبہ کے مشہور
اس بات کے واسطے ہین کہ اونکے دریا اور ندی مین
سونے اور چاندی کی ریت ملتی ہی اور قریب کے
پہارون مین فیروزہ اور توتیا اور پھٹکری کے معدن ہین
الغرض تیس شہر کیانگسی کے صوبہ مین ہین لیکن
قابل تذکرہ یہی تھے اور شہنشاہ کی سرکار مین بعد وضع
اخراجات نظامت وکارخانجات دیوانی وغیرہ باسٹھ لاکھ
اڑتیس ہزار اسی روپیہ بابت خراج زمین و بابت
محصول اجناس تجارت سات لاکھ بائیس ہزار
تین سو چار روپیہ داخل ہوتا ہی اور ساٹھ لاکھ اسی
ہزار من اقسام اناج کے بھیجے جاتے ہین اور باشندے
اس صوبہ مین ایک کرور نوے لاکھ ہین فقط

پانچواں باب

صوبۂ فوکینگ کے بیان میں

مملکت خطا کا چوتھا صوبہ فوکینگ اگرچہ طول وعرض
مین اور صوبون کے برابر نہین ہی لیکن دولت خیزی
کے حساب سے اونسے کچھ ایسا کم بھی نہین
اور تمازت آفتاب کے باعث سے یہانکی ہوا مین
ظاہرا نہایت حرارت ہی اور بڑی گرمی پڑتی
لیکن باوصف اس کے خاصیت ہوا کی بُری نہین
ہی کیونکہ وبا یا امراض متعدی کا یہان کبھی ذکر تک نہین
ہوتا * اس کے شمال مین صوبۂ چی کیانگ اور
جنوب مین صوبۂ کوانگ تانگ اور مشرق پر بحر چین
اور مغرب پر صوبۂ کیانگسی واقع ہین اور مشک
یہان بہتر میسر ہوتا اور معدنیات اقسام جواہرات
گران بہا اور ٹین اور پارا اور لوہا یہان کے پہاڑون
مین ہین اور جہان اس قدر افراط معدنیات کی ہو
وہان طلا و نقرہ کے معدن کا ہونا قیاس سے دور نہین

اور اس دیار کے باشندے بھی اسی طرح پر خیال کرتے لیکن وے انکی تلاش کرنے سے ممنوع ہین اور شہنشاہ کے فرمان مین اونکا متنفص واجب القتل ہی چونکہ یہان کا لوہا حقیقت مین اچھا ہوتا ہر جگہہ کا لوہا اوس کے آگے لوہا مان جاتا اس لئے ہر وضع کے ہتیار اور اقسام آلات صنعت گری کے تمام ممالک خطا مین یہین سے جاتے ہین *

فوکینگ کی ولایت کوہستان ہی لیکن خطائیون کی حکمت اور تردد نے کوہسار کو اتنا برابر اور ہموار کردالا کہ پہاڑونکی چوٹیون پر زراعت ہوتی ہی اور جس جگہہ برگشتکاری ہوتی وہان سے اکثر مقام پر پانی کئی ہزار ہاتھہ نیچے میسر ہوتا ہی لیکن خطائیون نے بانس کی نل لگا کے ایسی ترکیب کی ہی کہ کھیتون تک پانی بلا تکلف بخوبی آجاتا ہی مگر اس حکمت سے اغیار کو آگاہ نہین کرتے اس جہت سے بندے نے بھی اس کی تحقیق اوس اقلیم کے کسی سیاح کے سیاحت نامہ مین نہین پایا باوصف اس کے کہ

اس تالیف مین آٹھائیس معتبر کتب سیر ملاحظہ مین آئے اور حالانکہ ہمارے یہان یعنے انگریزی حکمت کی رو سے اس ترکیب کے باب مین تفحص کرنا ممکن پاکہ آسان ہی مگر امر متحقق کو امر متفرض پر تفوق اور دیکھی ہوئی چیز کو سوچی ہوئی پر ترجیح ہی اور ایسے مقام پر عقل لرآنی تاریخ نویسی کے داب سے نہایت خلاف ہی القصہ کسو طرح سے ہو غرض پہارون کی چوٹیون پر دامن کوہ سے پانی پہنچتا اور کھیتون اور زراعتون کو شاداب اور سیراب رکھتا ہی *

اس صوبے مین پھل پھلاری اور میوجات اقسام کے پیدا ہوتے ہین خصوص تین طرح کے میوے جو لیچی اور لونین اور موگن لی کہلاتے لذت مین اکثر میوجات پر سبقت لیجاتے ہین اور انمین سے لیچی جسکو لوگ لیچو کہتے ہین بنگالے تک پہنچا ہی لیکن اور دو قسم کے میوے کبھی دیکھنے مین نہین آئے غرض جنہون نے کھایا اون کی روایت ہی کہ وے اگر یہان آوین تو البتہ اہل مذاق کے مطبوع ہووین *

چونکہ اس صوبے کے شرقی حد پر بحر خطا واقع ہی بہت سے لنگرگاہ ہین جن مین جہاز اور کشتی لگانے کا بہت سا بہیتا ہوتا ہی اور اون مین مچھلیان الغارون ماتیان اور خشک کی جاتیان اور بہت ملکون مین بکتیان ہین *

اس ولایت کے رہنیوالے بسبب قرب سمندر کے علم ناخدائی اور مرکب رانی مین بہت دخل رکھتے ہین چنانچہ جب رزایل کی طرف میل کرتے اور سمندری ڈاکو ہوتے ہین تو اونکے ہاتھون سے سوداگر عاجز رہتے اور الآمان پکارا کرتے ہین اور پہارون مین لکڑی اس قدر ملتی ہی کہ ایک دفع جب شہنشاہ نے جزیرۂ جاپان پر فوج بھیجنے کا قصد کیا تھا تب اس صوبے کے رعایا نے حضور مین عرضی کی کہ اگر حکم ہووے تو سمندر پر سے لکڑی کا پل بندھوا دیا جاوے تاکہ سرکار کی لشکر ظفر پیکر اوسپر سے گذرکر اوس جزیرہ کو پایمال کرڈالے اور چونکہ اس ولایت کے لوگ نڈر اور اولوالعزم ہوتے ہین دور دور تک مال تجارت لیجاتے اور روپیہ کثرت سے پیدا کرتے ہین *

اور یہان کی بولی ہرچند کہ مشتق حطائی زبان سے ہی لیکن اور جگہہ کے رہنے والے اوسے نہین سمجھتے کیونکہ ایسے ایسے کوڈھب انوٹھے پہاڑئے فقرے ہر شہر مین نئی نئی طرح پر سنے مین آتے کہ آپس کے پڑوسی بھی ایک دوسرے کی بولی نہین سمجھتے ہین *

فوچو بے شایبۂ ریب اس صوبے مین سب سے بہتر شہر ہی اور مملکت خطا کے بیشتر شہرون سے دولت خیز اور چونکہ لنگر کاہون مین کنارے پر بھی اس قدر عمیق ہی کہ ایکبارگی بے وسیلہ ذورق و سفینہ کے جہاز سے لوگ خشکی پر قدم رکھتے اس سبب سے تجارت کے لئے نہایت سہولت ہی اور سوداگرون نے اوسے اپنی فرودگاہ مقرر کی ہی *

اس شہر کے اطراف مین سیاہ چاے افراط سے پیدا ہوتی ہی اس لحاظ سے انگریزون نے وہان پر تجارت کے لئے جانے اور استقامت کرنے کی شرط فغفور کے عہد نامے مین درج کروائی ہی اور چونکہ آب وہوا وہان کی نہایت معتدل ہی اس لئے

یقین کہ شہر کان تانگ سے فرنگی تجار نقل مسکن
کر کے یہین بود و ماش اختیار کرین اور جو قت
اس شہر مین جہاز لیجانے اور خرید فروخت کرنے کے
باب مین انگریز کی طرف سے گفتگو شروع ہوئی
فغفور نے بہت سے عذرین نکالین منجملہ اون کے یہہ کہ چونکہ
اس جگہہ پر سیاہ چاے سمندر کے نزدیک پیدا ہوتی
اور مزرع سے جہاز تک کشتیون مین جا سکتی ہی
اس لحاظ سے اگر فوچو مین انگریز جاوین اور چاے خرید
کرین تو شہر کان تان مین امد و رفت چھوٹ جائیگی اور
جو زعایا کہ بسبب چاے کے کھیتون کی دوری سمندر
سے خشکی پر بار برداری سے اوقات گذاری کرتے
ہین اونکی وجہ معاش بالکل موقوف ہوجائیگی غرض اصل
سبب ہتہ کرنیکا وہی خوف تھا جو اہل خطا ہمیشہ سے
اغیار کے ساتھہ راہ و رسم کرنے سے رکھتے ہین القصہ
اونکی بات پیشرفت نہوئی اور جب انگریز فتح یاب
ہوئے اور فغفور کے نزدیک ثابت ہوا کہ انگریز
سے مقابلہ دشوار مجبورا انھون نے انگریز کی بات

رکھی اور اس جگہہ کو اونکے لئے تجارت گاہ مقرر کیا *

سی نین چو کا بھی شہر بہت غدار اور تجارت کی زیادتی اور سرکون کی پاکیزگی اور عمارتون کی خوبصورتی کے لئے شہور ومعروف ہی اس شہر کے قریب ایک پل ایسا تیار ہوا ہی کہ جس نے دیکھا تعجب سے پہرون دیکھتا ہی رہا اور سیکڑون دفعہ اگر ملاحظہ کیا تو ہمیشہ انگشت حیرت کو دانت تلے دبایا اور صورت اسکی یہہ ہی کہ تین سو پیل پائے پر اس کی ساخت ہی اور اُسکی رہگذر کئی چورائی مین پانچ پانچ پتھر ہر ایک سترہ گز چورا اس صنعت کے ساتھ وصل کیا ہوا ہی کہ جوڑ اور پیوستگی کو غور کرنے مین آنکھ پتھرا جاتی اور نظر کام نہین کرتی ہی اور ہزارون پتھر اتنے ہی چورے ایسے قرینے کے ساتھ وصل کئے ہوئے رہگذر مین نصب ہین اور تمام پل معہ پیلپائے اور دیوار وغیرہ ایک ہی قسم کے سیاہ پتھر سے بنا ہوا ہی پل کیا ہی باغ معماری کا ایک خوبصورت گل ہی کہ کوئی کیسا ہی نابینا

ہووے اوسکے دیکھنے مین نرگس وار اوسکی چشم حیرت کھلی رہتی ہی اور اہل نظر کے لئے اسپر نظر کرنا سرمۂ بشاشی دیدہ دل مین لگانا ہی *

جامی

چرخ بر معمار اوکار عمارت عرضہ کرد
خشت مہر و مہ کہ این ار زر ناب آن زر است
گفت خشت سیم و زر اینجا نمی ارزد بہیچ
بر زمین افگن کہ فرش ساختش را در خور است

کین ٹینگ کا شہر فقط ایک بات کے لئے قابل تذکرے کے ہی کہ جب تاتار نے خطا پر یورش کی تھی تو اوس شہر کو انھون نے دو دفعہ متواتر محاصرہ کیا مگر باشندون کی مردانگی کے باعث سے فتحیاب نہوئے آخرکار جب دخل ہوا تو انھون نے قتل عام کیا اور زن بچے سمیت سبکو تہ تیغ بیدریغ کردالا *

ین پینگ کا شہر اسی بات کے لئے مشہور ہی کہ پہارون کے چشمے کا پانی بانس کی نل کی راہ سے گھر گھر پہنچتا ہی اور چونکہ یہہ شہر اس صوبے مین داخل ہونیکا گویا

دروازہ ہی قلعہ نہایت مضبوط اور سامان کارزار لیل ونہار مہیّا اور تیار رہتا ہی *

چان چو کا شہر بڑی تجارت گاہ ہی اور دور دور کے ملکون مین یہان کے لوگ خرید فروخت رکھتے ہین اور اس جگہہ کی تحت مین چند پہاڑ مین سنگی بلور کے معدن ہین اور اسکے کھلونے بن کے تمام مملکت چین اور غیر ملکون مین بھی جاتے ہین اور ایک بڑی ذات کا کولہ لیمو شیرین اور خوشبو پہاڑ کے تلے پیدا ہوتا اور ہر جگہہ بارغبت لیا جاتا ہی اور اُس شہر مین ایسے چند اثار ملتے ہین کہ اونسے مفہوم ہوتا کہ شاید عیسائی مذہب کسی ایام مین یہان چندے جاری تھا لیکن ابتو بت پرستی کی ظلمت چھائی ہوئی ہی *

فونینگ چو کا شہر چھوٹا سا ہی مگر ایک بات عجیب وغریب وہان دیکھنے مین آتی ہی اور اگر رادی راست گو اور صحیح البیان کے تذکرے مین بندہ ندیکھتا تو اوسے فسانہ سمجھتا اور اس تالیف مین اوسکا ذکر نکرتا یعنے خزان کی ایام مین پہاڑ کی طرف سے ایک ندی

ہر سال بہتی ہوئی میدان کی طرف چلی آتی ہی اور اوسکا پانی رنگت کا نیلا ہوتا ہی اور اسکے سوا ایک خاصہ یہہ رکھتا ہی کہ جس کپڑے کو ایکدفعہ اوسمین ڈبائے خاصا فیروزی رنگا ہوا نکالتا ہی اور صرف ایکدفعہ ڈبانے سے رنگ کو اس قدر پختگی ہوتی کہ کپڑے لتے ہو جاتے ہین لیکن اداہت نہین جاتی ہی *

اور اُس صوبے کے متعلق جزایر سے ایک جزیرہ اسنے بنائے کہلاتا ہی اور قلعہ اُسکا ایک قسم سنگ مرمر سے ایسا مستحکم بنا ہوا ہی کہ سنہ ۱۸۴۲ء کی لڑائی مین انگریز کے چونتیس جہاز سے چار گھنٹے تک گولہ اندازی اُسپر ہوئی اور شمار ہوا کہ چوبیس ہزار گولے صرف دو جہاز سے مارے گئے اور اسی سے خیال کیا چاہئے کہ باقی بتیس جہاز سے کتنے گولے چھوٹے ہونگے غرض اس قدر بارود اور گولے سے اتنا ہی حاصل ہوا کہ بعض بعض جگہہ ہاتھ بھر غار صرف فصیلون مین ہوا اور باقی دیوار سابق طرح سے ثابت رہی اور پتھر کی ایک چٹ نہ اکھڑی اور اوسکا حال

جلد دوم کے دفتر سوم مین تفصیلا بیان ہوگا غرض یہان اتنا ہی کافی ہی کہ بعد چہار گھنٹے کی گولہ اندازی کے انگریزون نے دیکھا کہ جب حشر برپا ہوگا تبھی یہہ قلعہ پامال کیا جایگا والا تا قیام قیامت قایم رہیگا اور گولے کی ضرب سے زیادہ توسنگین ہوگا جس طرح چھت کو پیٹ کر مضبوط کرتے ہین عرض حکم ہلّہ کرنیکا ہوا اور چند اہل فوج نے تھوڑی سی خونریزی کے بعد قلعہ کو چھین لیا اور اوسپر انگریزکا نشان اُڑایا الغرض یہہ جزیرہ استحکام قلعہ کے سوا تجارت کے لئے بھی مشہور ہی اور وہان پر تجارت کرنے کی اجازت انگریزون نے فغفور کے عہدنامے مین درج کروائی ہی *

ایک اور جزیرہ ٹیوزان یا فارموسا صوبے فوکینگ سے پینتالیس کوس پر واقع ہی لیکن چونکہ اسکا حال بالتفصیل جلد دوم کے دفتر دوم مین لکھا جایگا یہان پر اتنا ہی کافی ہی کہ سنہ ۱۴۳۰ع تک اہل خطا کو اسکا حال بالکل معلوم نہ تھا اور سنہ ۱۶۶۱ مسیحہ مین اونکی عملداری وہان ہوئی *

جزایر پونگ هو درمیان جزیرے ایماے اور جزیرے فارموسا کے واقع ہین مگر اونکا حال قابل مذکور کے نہین معلوم ہوا *

القصہ فوکینگ کے صوبے مین بتیس شہر اور دیر کرور باشندے ہین اور بعد وضع اخراجات جنگی اور دیوانی کے خزانے مین پینتیس لاکھ گیارا ہزار آٹھارہ روپیہ بابت مالگذاری زمین اور دو لاکھ پچاسی ہزار چھ سی ارتیس روپیہ بابت نمک اور دو لاکھ باسٹھ ہزار چھ سی چھپن روپیہ بابت محصول اجناس تجارت سالانہ اس صوبے سے داخل ہوتا ہی *

چھٹا باب

صوبۂ چی کیانگ کے بیان مین

چونکہ تمامی راحت کا موجب صحت مزاج ہی اس سبب سے اگلے فغفور سب اکثر اوقات اسی صوبے مین رونق افروز رہتے اور اُس کی سرزمین کو نہایت پسند کرتے تھے فوکیانگ کا صوبہ جسکا احوال

باب سابق مین لکھا گیا اس کی دکھن کی طرف واقع ہی اور اتر کی جانب کیانگنان کا صوبہ اور پچھم پر کیانگسی صوبہ اور پورب کی سمت سمندر ہی *

جو جو چیز کہ روح طلب کرتی یہان پائی جاتی ہی چنانچہ سمندر کا کنارہ اور لہرونکا نظارہ گل و سبزہ کی بہار سرسبزی چمن و گلزار گلشنون مین رنگ برنگ جانورون کے نئے نئے رنگ ڈھنگ کے ترانے ہر جگہہ خوشی اور دل لگی کے فسانے میوے عجایب غرایب تر و تازہ درختون پر تیار پھول خوش رنگ پھل خوشگوار ہر جگہہ آرام کا جلسا جدھر دیکھو ساز و سامان عیش مہیا جھیلون اور تالابون اور نہرون کی کیفیت پانی کی لذت اور لطافت ٹھنڈی ہوا کی راحت یہان پر بے نہایت حاصل ہی اور خوبی آب و ہوا اور فصحت و فضا کے سوا زرخیزی اور آبادی بے پایان ہی اور اوس سرزمین نزہت آئین کی خاصیت لطیف باشندون کے مزاج سے بھی عیان ہی کیونکہ خوش مذاق و عاقل اور غریب دوست مسافرپرور باجان و دل ہین اور ہر علم کا

ادراک رکھتے اور ہر فن مین چالاک ہوتے ہین لیکن یہہ سخت عیب ہی کہ اپنے مذہب باطل اور عقاید لاطایل کو بہت پسند کرتے اور اس کے واہیات رسومات کے ایسے پابند ہوتے ہین کہ تعصب کا الزام خاص و عام پر پہنچتا ہی *

اس دیار مین ریشم بہت پیدا ہوتا اور انواع طرح سے مصرف مین آتا ہی خصوص کمخواب اور زربفت کے تھان افراط سے بنائے اور بیچے جاتے ہین * توت کے درخت لگانے مین خطائیون کا دستور ہی کہ کدو کی طرح زمین ہی پر شاخون کو پھیلاتے اور بلند نہین بڑھنے دیتے ہین کیونکہ چھوتے درختون کے پتے کی خوراک جب کیڑون کو پہنچتی ہی ریشم کی تحفگی زیادہ ہوتی ہی اور بنگالے مین اگر یہہ سلیقہ عمل مین آوے تو شاید فایدہ بخشے * اس صوبے کے ریشمی کپڑے اکثر ملکون مین مشہور و معروف ہین اور تمام مملکت خطا اور تمام فرنگستان اور جزیرۂ جاپان اور دوسرے جزایر مین ہزارہا تھان بکتے اور خواہش و رغبت سے خرید کئے

خاتے ہین اور اس کثرت کی اس قدر رفتنی پر بھی اتنا باقی رہتا اور سستا بکتا ہی کہ اس ملک مین کمخواب کے لباس کی طیاری مین اتنا خرچ نہین پرتا جو موتے ململ کے جامے کی بنوائی مین ہندوستان مین ہوتا ہی *

اس صوبے مین گیارہ شہر برے نامی اور ایک تہم اون سے چھوتے چھوتے ہین سب مین عالی شان شہر ھانگچو ہی اور ناظم صوبہ کی بود و باش کے سبب پاے تخت اوس صوبیکا کہلاتا ہی اور بقول خطائیون کے یہہ شہر بہشت برین کے بعد بہشت زمین ہی غرض جن لوگون نے فرنگستان کے شہرون کو دیکھا ہی اون کے نزدیک یہہ مبالغہ ہی لیکن یہہ بات راست و بجا ہی کہ خطا کے اور شہرون سے خوش وضع اور دلکشا تر ہی اور وسعت و تکلف مین بہتر اور آبادی مین بزرگ تر ہی کیونکہ شہر پناہ کی چاردیواری کے اندر دس لاکھہ آدمی سے زیادہ ہمیشہ رہتے اور مکان رکھتے ہین علاوہ اون لوگون کے جو سواد شہر مین اور دریا پر

بود و باش کرتے اور پشت ہی پشت سے کشتی
کے سوا کبھی کنارے پر قدم نہین رکھتے ہین *

خطا کے اکثر شہرون مین علی الخصوص دارالامارہ پیچین
اور شہر ھانگچو مین لکھا آدمی کا شہر دریا مین بسا ہوا
ہی اور اس جماعت کثیر مین سے بعض بعض گاہے گاہے
برس مین ایک دو بار کسی ایسی ہی ضرور کام کے
لئے شہر مین جاتے ہین ورنہ کشتی ہی پر پیدا ہوتے اور
ساری زندگی وہین کاٹتے اور تمام رسومات کو وہین
ادا کرتے ہین اور زمین سے اونکو علاقہ تب ہی ہوتا
جب مرتے اور گرتے ہین *

اس شہر مین ساٹھ ہزار کاریگر فقط ایک رقم زربفت
کے تھان کے ہین اور خطائیون کے حق بجانب ہی کہ اس
شہر کی تعریف اتنی کرتے اور اپنے زعم مین روی زمین
پر لاثانی سمجھتے ہین کیونکہ جس طرف قدم اوٹھائیے
اور نظر کیجئے سوای منظر خوش کے کراہیت کی کوئی چیز
دیکھائی نہین دیتی ہی اور مکانات صاف و عمدہ اور
سرکین پختہ و پاکیزہ اور نہرین شفاف پانی سے بھری

ہوئین اور دورویہ دوکانون مین تکلّف کی چیزین دھری
ہوئین اور جگہہ بجگہہ ترپولیہ کس خوبی کے بنے اور نہرون پر
صدہا پل معماری کی صنعتون سے مصنع اور آراستہ حاصل یہہ
کہ جزو کل پر رونق برستی ہی اور جسنے ایک مرتبہ دیکھا
پھر اونسے دیکھنے کو سالہا طبیعت ترستی ہی شہرپناہ
سے تھوڑے فاصلے پر چنگ ٹانگ کا دریا دیڑہ کوس
چوڑا بہتا ہی اور جزر و مد کا حساب اُس مین بمیشہ
پایا جاتا ہی غرض اکتوبر مہینے مین سمندر کی طرف
سے ہما اِس طرح سے موجہ مارتا اور شور کرتا آتا ہی
کہ کانون مین قفل لگجاتا ہی اور روایت یون ہی کہ
پانی کا ایک پہاڑ تیرہ و ذخار تین تار سے زیادہ بلند اور
طوفان سے زیادہ ترتند ایسی مہیب ہیبت سے نمود
ہوتا ہی کہ کلیجہ دھل جاتا ہی اور اوس وقت کوئی
شاعر اگر اوس شور و شر کو سنے اور سبب نہ سمجھے
تو یہہ تصور کرے کہ قوم جن کے لاکھون گھوڑے کسی
دشمن کے تعاقب مین جوش اور خروش سے
ہنہناتے اور اپنی رفتار مین زمین اور آسمان کو تہ و بالا

کرتے چلے آتے ہین غرض حاصل یہہ کہ نہ داستان کو وسعت نہ بیان کو قدرت نہ تحریر کو طاقت ہی کہ اُن کے وسیلے سے اوس کی مہابت کا مرتبہ قیاس مین آوے *

اوس روز چار گھڑی دن رہتے تمام شہر کے چھوٹے بڑے جوان بوڑھے لڑکے بالے امیر فقیر بیکار باکار سب دریا کے کنارے پر جمع ہوتے اور خدا کی قدرت کے اس مظہر بزرگ کا تماشا کرتے ہین *

اس تاریخ کے ناظرین نے دیکھا ہوگا کہ بعض امرا کے باغون مین نقرئی اور طلائی مچھلیان پر تکلف حوضون مین چھوٹی رہتیان ہین یہہ مچھلیان چیانکھو کے شہر مین پیدا ہوتیان اور خطائی امیرون اور دوسرے ملکون کے اکابر کے یہان بڑے دامون کو خریدکی جاتیان اور بلور و مرمر کے حوضون مین چھوٹی رہتیان ہین یہہ شہر فریب ہانگچو کے واقع اور اوسی کی تحت حکومت مین ہی چونکہ ہانگچو کا شہر چی کیانگ کے صوبیکا پایہ تخت ہی تین ہزار ملکی سپاہ نایب ناظم

کے تابع اور سات ہزار تاتار جنکا سردار ایک سپہ سالار
عالی وقار ہی اس شہر مین حفاظت کے لئے متعین ہین*
تمام مملکت خطا مین سیہو کی جھیل مشہور ہی اور
ہانگچو کے پچھم کی طرف شہر پناہ کے زیر دیوار واقع
ہی اور تین سو تین کوس کا دایرہ ہی غرض صد افسوس
کہ اہل ہندوستان یا ایران کے کسی شخص لایق نے
اقلیم خطا کی تاریخ نہین لکھی کیونکہ اکثر شہر اور مقام کا حال
قابل اس کے ہی کہ کوئی معقول انشا پرداز اس کی
بیان مین طبیعت آزمائی اور اپنے فن کی تمام صنعتین
صرف کرے چنانچہ اس مقام پر یعنے ہانگچو کے شہر
کے احوال مین سیہو کی جھیل کی تعریف ضرور ہی
کیونکہ وہ بہت مشہور ہی لیکن اپنے پاس منشی گریکا
اس قدر مایہ نہین کہ اسکی کیفیت جیسا کہ چاہئے بیان
کرون اور یہہ جو حال لکھتا ہون اپنے مذاق طبیعت کے
موافق ہی اسی سبب سے ہر بزرگ سے امید رکھتا ہون
کہ میرے سخن کی تفصیل کو وہان کی دفتر تحقیق کی محض
فہرست سمجھین سیہو کی جھیل کا پانی شربت کی مانند

شیرین اور خوشگوار اور الماس کی طرح آب و تاب رکھتا ہی اور کول اور بنفشہ اور نیلوفر کا تختہ ہر طرف کھلا رہتا ہی ادھر پانی موجین مارتا اودھر پھولون کی بہار سے دل لہراتا تین پشتے جھیل کے درمیان سے اس کنارے سے اوس کنارے تک بنے ہوئے ہین اور چونکہ دو گوشے مثل قینچی کے اور ایک درمیان سے نکلا ہی اس جہت سے جھیل کی گویا چھہ تقسیمین ہین جس طرح باغ کی کیاریان روشون سے بنتیان ہین اور برے برے ستون جھیل کی تہ مین گرے ہین اور اسی پر پشتے سنگ سے چنے ہوئے بنین ہین اور جہان سے کشتی کی آمد و رفت کے لئے راہ رکھی گئی ہی اون مقامون پر سنگ مرمر اور رنگارنگ پتھرون کے پل نہایت خوش وضع نمودار ہین اور اپنر نفیس نفیس بنگلے نشست کے لئے جن کی ساخت صندل کے تختون کی ہی اور چھاونی اوسکی رنگ برنگ چینی کی کھپریلون کی ہی اور یہہ پشتے اس قدر چورے ہین کہ اونکے بیچ مین گاڈی جانے کی سڑک ہی اور اس راہ کے دونون پہلو پر

بید مجنون اور شفتالو اور کیلے کے درخت قطار سے
بوئے ہین اور جس وقت یہہ بارور ہوتے خصوص جب
شفتالو کے ثمر نظر آتے ہین اور پانی کے پھول پھولتے
ہین تو عجیب ایک کیفیت نمود ہوتی ہی کہ دیکھنے والے
کی صورت حال اور ہو جاتی ہی اور کیساہی دلگرفتہ ہو
اوسکا غنچۂ دل کھلجاتا ہی اور تین جزیرے جھیل مین
عجب موقع سے تین طرف ایک اوتر اور ایک دکھن اور
ایک بیچ مین واقع ہین سطح آب سے یہہ جزیرے بہت باند
اور انپر کتنے رنگ کے سنگین مکانات اور دیوہرے اور
بنگلے چینی کے کھپریکے چھائے پریون کی بود و باش کے قابل
ایسے ایسے تحفہ باغون کے درمیان بنے ہین کہ بہشت
شداد کی کیفیت جوسنے مین آئی ہی اونکے مقابل مین
ایک افسانۂ بے حقیقت معلوم ہوتی ہی فقط

وہان کی عیدون کے دنون مین جب خطائی امرا لباس
فاخرہ پہنے ہوئے ساز و سامان عیش و عشرت
کے ساتھہ پرتکلف سجی ہوئی بوقلمون کشتیون پر سوار ناچ
کرواتے ہوئے جھیل مین سیر کرتے پھرتے ہین

تو چارون طرف لب آب سے پہارون کی چوٹی تک اتنے مناظر خوش نما خورشید طلعت مہ سیما جمع ہوجاتے ہین کہ اونکی دید سے دیکھنے والون کی آنکھون کو نور اور دلکو سرور حاصل ہوتا ہی *

مولفہ

خلق کا جم گھٹا لب آب پر
سب کی نگاہ روی احباب پر
اہل شوق ہزار در ہزار
کوئی کسی سے بغل گیر کوئی کسی سے ہمکنار
کہین خوشی کا جاسا ہو رہا ہی
کہین سخن کا چرچا ہو رہا ہی
کہین نوشا نوش ہی
کوئی سرخوش ہی کوئی مدہوش ہی
کوئی کسیکی جھانک تاک مین مشغول ہی
کسی کا داغ جگر پھول ہی
کوئی اپنی پوشاک کے پھبن پر مغرور ہی
کوئی اپنی بے توشگی مین مسرور ہی

کہین واہ واہ کا شور مچ رہا ہی
کہین صل علی کا غل پڑا ہی
کہین ناز ہی کہین نیاز ہی
غرض اون مجمعون کا عجب انداز ہی

فایدہ تو اتنا پر نقصان بہت بڑا اس مین ہی یعنے دل کو کسب لذت کی از بسکہ ہوس اور دنیا و مافیہا سے بیخبری اور تحصیل علم و ہنر مین کاہلی اور سیری اور بجز عیش اور خیال عیش کے سب چیزون سے نفرت کلّی ہو جاتی ہی *

سوا اس کیفیت کے جو جھیل کی درمیان مین موجود ہی حسن اتفاق سے ایسا ہی کہ اوس کی تین طرف پہاڑون کی قطار اور ایک سمت پر شہر واقع ہی اور اون پہاڑون پر ہزارہا عمارتین اور بت خانے اور بنگلے اقسام وضع کے بنے ہین اور باغون اور درختون کے بیچ سے فغفور کی عیش گاہ سنگ مرمر کی ایسی نظر آتی ہی جس طرح سے زمرد کی تختی پر الماس کے پنے جڑے معلوم ہوتے ہین اور پہاڑون کے نیچے اور جھیل کے کنارے زمین ایسی

ہموار ہی کہ روشین اور چمن بندی برابر ہی اور صدہا قسم کے پھولون کی بہار نمودار ہی غرض حاصل یہہ کہ اگر دنیا کے شعرا اوس مقام دلفریب پر جمع ہو کے فقط جھیل اور اوس کے اطراف کی تعریف کرنے مین اپنی ساری عمر صرف کرین تو یقین ہی کہ مضمون سب خرج ہو جاوے اور تمام جہان کی سیاہی اور کاغذ بھی اکتفا نکرے *

جن پہارونکا ذکر کیا گیا کہ جھیل کے تینون کنارے پر واقع ہین وہان شہر ہانگچو کے لوگ دفن ہوتے ہین اور چونکہ دستور و رسم خطائیونکا ہی کہ ہر شخص امکان کے مطابق اپنے عزیزون کے دفن کرنے مین تکلف اور آرایش کرتا ہی اس جہت سے قبرین نہایت بلند اور خوبصورت ہین لیکن اوس عیش کے مقام مین پھولون کے درمیان گورستان کا ہونا عجیب عبرت افزا ہی اور چونکہ رنج و راحت اور موت و زندگی کا ساتھ دکھاتا ہی اِس لئے دنیا کی بے ثباتی کی دلیل چشم بصیرت کے آگے عیان ہوتی ہی اور انسان کی

خاک نہادی اور بے بنیادی ثابت کرتی ہی *

انہین قبرون کے درمیان ایک وزیر نیکبخت خلایق پرور عاقل و عادل کا مزار ہی جسپر ہمیشہ اہل خطا ادنیٰ اور اعلیٰ لوبان جلاتے اور پھول چڑھاتے ہین اور آٹھسو برس کی بات ہی کہ اوس شخص نیکیخو کی برائی اور بدگوئی مقتریون نے فغفور کے پاس کی تھی یہان تک کہ پادشاہ کی طبیعت اوس سے نفور ہوئی اور بیچارے کی جان مفت گئی لیکن چندروز کے بعد جب ثابت ہوا کہ وزیر بیگناہ قتل ہوا تب بادشاہ کا قہر اون کمینون پر گرا اور بدترین سیاست سے اون کو مارا اور اون کی لاشون کو جلا کے خاکستر کو چوراہون پر پھینک دیا اور اون بدذاتون کا یہہ حال کر کے شاہنشاہ نے وزیر کے مدفن پر مزار مذکور کو لاکھون روپیہ کے خرچ سے بنوایا اور تین برس تک اوس وزیر خیرخواہ مقتول بیگناہ کے لئے غم کیا اور ماتمی لباس پہنا جس طرح والدین کے لئے بیٹا کرتا ہی *

یہہ مزار قابل دیکھنے کے ہی اور اوس کی چاردیواری

کے صدر دروازے پر انہین چار مفتریون کی مورتین اس
طرح بنی ہوئی ہین کہ سر نیچے کئے گھٹنون کے بھل
خاک پر پیشانی لگائے وزیر کنی قبر کے رخ کی سمت
سجود مین ہین اور قاعدہ زیارت کرنے والونکا ہی
کہ جب اوس مزار پر لوبان جلانے اور پھول کی کرسی
چڑھانے آتین ہین تو کنکری اٹھا کے اون مورتون کے
سر پر مارتے ہین اور اونکی حرکت سے نفرت ظاہر
کرتے ہین *ہوچو بھی ایک شہر اسی صوبیکا نہایت
پاکیزہ اور عالی شان ہی اور خاص شہر مین اور متعلق
بستیون مین اس قدر ریشم کا کاروبار ہی کہ تمام مملکت
مین نامزد اور مشہور ہی اسی کے علاقے کا ایک چھوٹا
شہر اس جنس سے یہانتک معمور ہی کہ وہانکا یہہ دستور
ہی کہ پندرہ لاکھ انتالیس ہزار روپئے کے تھان کمخواب
اور زربفت کے بدستور مالگذاری سرکار شاہی مین ہر سال
دیئے جاتے ہین اور اسی سے قیاس کیا چاہیئے کہ فقط
ایک چھوٹے سے شہر مین کس قدر مال طیار ہوتا
ہوگا جبکہ بعد سوداگرون کے ہاتھ بیچنے اور وجہہ معاش

کرنیکے اتنا پس انداز رہتا اور خزانے مین داخل کیا جاتا
ہی اگر خطا کا یہہ دستور ہوتا کہ سیم و زر کے سوا غلہ
اور اجناس وجہہ مالگذاری مین نہ لیا جاتا تو اکثر صوبون اور
شہرون کے لوگون کو نقصان عظیم ہوتا کیونکہ بعض جگہہ
اس قدر افراط بعض چیزون کی ہی کہ بیچنے اور مصرف
مین لانیکے بعد بہت باقی رہ جاتی ہی کہ جسکا کوئی خواہان
نہین ہوتا ہی لیکن سرکار فغفور کو رعا پروری اور غریب
نوازی اس قدر منظور ہی کہ ہمیشہ سے سلطنت کا
یہہ دستور ہی کہ جو چیز کشت کاری اور سوداگری کی قسم
سے پس انداز رہے بازار کے نرخ دام کر کے مالگذاری
مین داخل کیا جاوے غرض اسکا حال بتفصیل اپنے مقام پر
مذکور ہوگا اس جگہہ اتنا ہی اشارہ کافی ہی * کیاکنك ایک
اور شہر اس صوبیکا بہت خوش وضع اور اچھی جگہہ پر
واقع ہی اور نہایت دلکشا غرض فضائیت اور پاکیزگی
کے سوا دوسری کسی بات مین مشہور نہین اور سرکین
سنگ کے چورے تختون سے چنی ہوئی ہین اور دورویہ
قطار درخت سایہ دار کی اس خوبی کے ساتھہ لگائی

گئی ہی کہ اونکے سائے سائے راہ گیر جاتے اور
بارش و تمازت آفتاب سے مطلق ایذا نہین پاتے
ہین پاے تخت ہانگچو کے بعد نینکپو کا شہر اس
صوبے مین نہایت خوبصورت اور بہت آباد ہی
اور مخصوص دو وجہہ سے تجارت کے لئے بہت مناسب
ہی ایک تو یہہ کہ دریا گہرا اور چوڑا شہر پناہ کی دیوار
کے نیچے بہتا ہی اور دوسری یہہ کہ سبز چاے کی پیدایش
اس کے قریب ہوتی ہی اس لئے خریدنے اور
بیچنے والون کو نہایت سہولت ہوتی ہی انہین دو سیون سے
صاحبان انگریز نے جب فغفور سے عہد و پیمان بالفعل
کی لڑائی کے بعد کیا تو اس بندر کو چار اور شہرون کے
ساتھہ اپنے جہازون کی آمد و شد کے لئے ٹھہرایا اور شرایط
صلح مین وہان کی تجارت کا اذن اپنی مرضی کے موافق
قبول کروایا اور اوس کے قبل سواے کانٹون کے شہر
کے دوسرے بندر مین کوئی قوم فرنگستانی نہ جانے
نہ تجارت کرنے پاتی تھی تیرھوین اکتوبر سنہ ۱۸۴۱ع کو انگریز
نیمپو کے شہر مین دخلیاب ہوئے اور چونکہ چینکھائی کا

قلعہ جو کہ خطائیون کے زعم مین مفتوح ہونیوالا نہ تھا چھین لیا گیا اس سبب سے انگریز کا رعب شہروالون پر اس طرح غالب ہوا کہ بے لڑائی بھڑائی نینگپو قبضے مین آیا *

ہر چند کہ سمندر کے متصل یہہ شہر واقع ہی لیکن سرزمین بسبب نہرون کے اور خاصیت خاص کے اس قدر زرخیز ہی کہ ہر سال وہان دو فصلین ہوتی ہین *

ریشمی تھان اقسام طرح کے یہان بہت پاکیزہ طیار ہوتے اور دور و دراز سے سوداگر سب اوس کے خریدنے کے لئے آتے ہین خصوص جاپان کے ملک مین خطائی تاجر اس رقم کو لیجاتے اور سونا چاندی تانبے سے عوض کرتے ہین *

اسی شہر سے آٹھائیس یا انتیس کوس کے فاصلے پر مشرق کی طرف چوزان کا جزیرہ واقع ہی جسکو صاحبان عالی شان نے چوتھی جولائی سنہ ۱۸۴۰ کو خطائیون سے چھین لیا لیکن صلح کے بعد واپس کردیا غرض اوس جگہہ کی بد آب و ہوا سے جس قدر فوج انگریز کی نقصان ہوئی اوسکا ایک حصہ تمام لڑائی مین ضرب شمشیر سے مارا نہین گیا *

چونکہ اس تاریخ کی دوسری جلد کے تیسرے دفتر مین اوس لڑائی کا احوال لکھا ہی جو انگریزون اور خطائیون کے درمیان سنہ ۱۸۴۰ع مین شروع ہوئی تھی اور سنہ ۱۸۴۲ مین اختتام کو پہنچی اس سبب سے نینگپو اور چوزان کے باب مین زیادہ بیانی ضرور نہین * چوھینگ بھی ایک شہر اس صوبیکا بسبب ندرت اور نوطرزی کے قابل تعریف کے ہی کیونکہ میدان وسیع اور سطح مین واقع اور فرنگستان کے شہر وینس کے مانند ہی یعنے جس طرح سے وینس مین اتنی نہرین ہین کہ لوگ کشتیون پر گلی کوچے مین پھرتے اوسی طرح سے چوھینگ کی گویا شاہراہین نہرین ہین لیکن باوجود اس کے فضیلت خطائی شہر کو ہی کیونکہ چوھینگ کی نہرون کا پانی شیرین اور خوشگوار ہی اور وینس مین شورابہ اور شوریت بشدت ہی شہر چوھینگ کے باشندے بڑے مفتری مشہور ہین اور قوانین مین اس قدر دخل رکھتے اور اتنے ذی ہوش اور چالاک اور مقدمہ دان ہوتے ہین کہ اکثر بڑی سرکارون مین

یہین کے رہنے والون کو محرری اور منشی گری کے کام سے تفویض ہوتے ہین *

یہان سے دیڑھ کوس فاصلے پر شہر کے اطراف مین فغفوریو کی قبر ہی اور یہ شخص پہلے پادشاہون مین مشہور ہی اور بقول خطائیون کے ایسا شخص سارے آفاق مین پیدا نہین ہوا اور فضایل ثلاثہ یعنے عفت اور عدالت اور شجاعت مین اوس کے برابر عرصۂ زمین پر کوئی نہین آیا اور لباس وجود کا نہین پہنا *

اس قدر تعریف صاف مبالغہ معلوم ہوتی ہی لیکن اتنی بات تحقیق ہی کہ اگر نہایت ذی شعور و دور اندیش و نیک نہاد نہوتا تو اتنی بڑی سلطنت کا انتظام اوایل حال مین نکر سکتا فغفوریو کا بالکل احوال بندے نے اسی تاریخ کی دوسری جلد کے پہلے دفتر مین لکھا ہی جہان خطا کے تمام پادشاہون کا تذکرہ نو آبادی دنیا سے سنہ ۱۸۴۲ع تک درج کیا ہی * ھوچو کا شہر بھی بہت بڑا اور کوانستان کے قریب واقع ہی اور اس کے اطراف مین ایسے ایسے جنگل ہین کہ

آدمی کو وہان گذرنا سخت دشوار ہی اور وہان کی خبر جو
جان پر کھیل کر لاتے پہہ کہتے ہین کہ جنگل مین صنوبر کے
درخت جرّھ کے قریب اس قدر موتے ہین کہ
اگر چالیس آدمی اوس کے تنے کے گرد بیٹھین تو فراغت
سے جگہہ پاوین *

الغرض چی کیانگ کے صوبے مین اٹھارہ قلعہ مثل شہر
کے وسیع اور آباد ہین اور اون کے علاوہ تیس شہر
نامزد ہین بعض تجارت یا صنعت کے سبب سے
اور بعض فضائیت یا زرخیزی کے لئے لیکن بندے نے
سب کا ذکر بیفایدہ سمجھا اور جنکو نہایت ممدوح پایا انہین کا
خلاصہ احوال لکھا ہی چی کیانگ کے صوبے مین دو کرور
دس لاکھہ باشندے ہین اور نظامت کے کارخانجات
جنگی اور دیوانی کے اخراجات کی وضع کے بعد یک کرور سترہ
لاکھہ ستائیس ہزار ایک سو اسی روپیہ سکہ برسم
مالگذاری ہر سال فغفور کے خزانے مین جاتا ہی اور اس
مبلغ مین زمین کا خراج پچانوے لاکھہ ایکتالیس ہزار آٹھہ سو روپیہ
سکہ اور نمک کی بابت سولہ لاکھہ پانچ سو ساٹھہ روپیہ

اور اجناس تجارت کی امدنی و رفتنی کا محصول پانچ لاکھ
چوراسی ہزار آٹھ سو بیس روپیہ سکہ ہی *

ساتوان باب

صوبۂ ہوکوانگ کے بیان میں

چین کا چھٹوان صوبہ ہوکوانگ کہلاتا اور اوس
مملکت کے عین درمیان اسیطرح واقع ہی کہ آٹھ صوبے
اس کے چارون گرد ہین اور چونکہ یانگ ذی کیانگ کا
دریا اس کے درمیان سے پورب کی طرف پچھم سے
بہتا ہی اس لئے اوس صوبیکے دو حصے ہوئے ہین اور یہہ
دونون کی زرخیزی اتنی ہی کہ ضرب المثل ہوگئی چنانچہ
خطائی کہتے ہین کہ کیانگ سی کے سال بھر کا
محاصل اگر اکٹھا ہو تو چین کے پندرہ صوبون کے باشندون
کے لئے ایک وقت کا ناشتہ ہوسکتا ہی لیکن ہوکوانگ کی
ایک فصل زراعت پر ساری مملکت کے باشندون کا
مدار اوقات برس روز تک ہوسکتا ہی اور سوا کثرت
محاصل اس صوبے کے سوتی کپڑے اور پہار کی
جڑی بوٹی اور معدنیات سونا چاندی لوہا تین بلور کے مشہور

ہین اور یہان پر نہایت شفاف موم میسر ہوتا اور بانس کا کاغذ کثرت سے بنتا ہی *

بوچانگفو پاے تخت اس صوبیکا بڑی تجارت گاہ اور نہایت کیفیت کی جا ہی اور دولت اور عالیشانی اور غداری مین مملکت خطا کے اکثر شہر سے کم نہین اور چون کہ یانك ذي کیانگ کا دریا اس شہر کے نیچے بہتا ہی اس سبب سے بوچانگ فو ایسا بڑا بندر ہی کہ دس بارہ ہزار جہاز شہر کے سامنے پانچ چار کوس کے عرصے تک اکثر لنگر کئے رہتے ہین اور اِسے سمجھا چاہئے کہ کس قدر خرید وفروخت اور ساکنان شہر کے سوا صرف مسافرون کی کقدر جمعیت ہوتی ہی *

سیانك نانگ فو ایک اور شہر ہی جس کے اطراف کے پہاڑون مین معادن سونے اور چاندی کے ہین مگر اونکے کھودنے کی ممانعت ہی لیکن جھرنون اور ندیون مین جو ریزے طلا اور نقرہ کے کوہستان کی طرف سے بہکے آتے ہین اسپر کسیکا اجارا نہین اور جسکا جی چاہتا چن لاتا ہی فیروزہ

اور پھٹکری اور ایک قسم کی سبز چیز جسکو خطائی مصور برے مولون سے تصویر کی رنگ آمیزی کے لئے خریدتے اُن سب کے معدن اونہین پہارون مین واقع ہین

تبین گان فوشہر ہی جس کی سرحد مین ایک قسم کا موم پیدا ہوتا ہی جسکی بتیونکا خرچ سوا شہنشاہ اور اون کے عزیز جو قرابت قریبہ رکھتے ہین دوسری جگہہ منع ہی اور اس موم کے کئی خاصے ہین یعنے سپیدی اور چمک بلور کی سی ہوتی ہی اور اوس کی بتی دھوآن نہین دیتی اور روشنی کی صفائی اور تابندگی مثل مہتابی کے ہوتی ہی اور دوا مین بھی اوسکا خرچ ہی چنانچہ ہول دل کے واسطے نہایت مفید ہی اور خطائی وکلا اور جو لوگ کہ دربارون مین عرض بیگی ہوتے ہین اس موم کا ایک دلا اس لئے کھایا کرتے ہین کہ قوت دل زیادہ ہووے اور دربار کے دبدبے سے مرعوب نہو جاوین *

اور اس موم کو خطا مین پیلا کہتے ہین اور ایک

ذات کا درخت ہوتا ہی جس کی حرمین ایک قسم کا
چھوتا سا کیڑا چپکا دینے سے وہ اُسکا رس کھاتا اور
فضلا جو چھوڑتا اوسی سے یہہ موم ہوتا ہی اور اس کی
ایسی قدر ہی کہ سونے کے وزن سے بکتا ہی
اور حقیقت مین وہ ایسی ہی چیز اکثیر خاصیت ہی
کہ سونا اوس کے آگے مٹی ہی *

ہوانك چو ایک شہر نہایت وسیع اور غدار
اور مشہور بندر ہی اور ماتحت کے ایک شہر مین
جھرنا ہی جس کے پانی مین چاے کو جوش دینے
سے بہت لطیف ہوجاتی ہی اور اس شہر کے
قریب ایک جزیرہ پی کواے کہلاتا اور لوگ اس
جزیرے کے باب مین ایک نقل کسی سپاہی
کی کرتے ہین کہ جب دشمنون نے اوسکو دریا مین
ڈال دیا ایک سفید کچھوا اوس کی مدد کو آیا اور اپنی
پیٹھ پر چڑھا کر اوس پار پہنچا دیا یہہ بات قریب
قیاس کے نہین غرض حقیقت یہہ کہ اس جزیرے
سے چھوٹی ذات کا سپید خوبصورت کچھوا پکڑا جاتا

اور امیرون کے یہان باغون اور حوضون مین پلتا ہی
اور تھورے عرصے مین اس قدر آرام ہوتا ہی کہ لوگ
اوسے اپنے ہاتھون سے کھلاتے ہین پوچو فو کا شہر
بہت وسیع و غدار اور سرزمین بھی اس کی نہایت
زرخیز ہی اور پہارون مین معادن فیروزے کے ہین اور یہہ
شہر تون تین ہو کے جھیل کے کنارے پر واقع ہی اور
اس جھیل مین ایک جزیرہ عجب کیفیت کا ہی کہ اسکے
نیچے سے ہمیشہ پانی بہتا ہی گویا نہی پر رکھا ہوا ہی اور
صورت اوس کی یہہ ہی کہ ہر چہار طرف سے اشجار
اور نباتات کی جڑین آن ملی ہین اور مثل جال سنگین
کے بل کھا کھا کے لپٹی ہوئی ہین کہ اوپر تہہ مٹی کی ایسی
موٹی جم گئی ہی کہ قریب القیاس نہین کہ کبھی پانی
اوسپر غالب ہوویگا اور ہر چند کہ ظاہر مین نقش بر آب مثل
حباب اور متحرک مانند سیماب ہی مگر حقیقت
مین بستحکم مثل الفت احباب ہی چانك چافو
ایک اور شہر سرزمین کی سیرابی کے لئے مشہور
ہی یہان تک کہ اگر تمام مملکت مین سب

قحط کے غلہ کا نشان تک نہ ملے تو بھی یہان کی فصل کبھو نہ جلے اور متعدد ندی اور نہر کے سبب سے پانی کی تکلیف کبھی نہین ہوتی ہی اور اطراف کے پہارون مین کئی معدن شنجرف کے ہین *

هپنك چوفو کا شہر دریا کے جزیرے مین واقع ہی اور اگرچہ اطراف کی زمین سنگی اور بلند ہی لیکن کسی جنس کی کمی نہین اور سہولت معاش بدرجہ ہی اور پہارون مین نقرے کے معدن ہین اور باشندے بانس کے کاغذ بہت بناتے ہین *

چانگ فو ایک شہر ہی جس کی عرض وطول کم مگر نہایت زرخیز ہی اور کولہ نیمو افراط سے وہان ہوتا ہی اور ایک قسم کا نیمو سمی کہلاتا ہی کہ جارون مین جب ایام دوسرے لیمو کا ہوجاتا ہی تب اس کے درخت با مراد ہوتے ہین اور یہہ لیمون مدتون تک میٹھا اور معطر اور خوش رنگ ایک رنگ پر رہتا ہی اور کچھہ نیرنگی نہین دکھاتا اور اس شہر کے اطراف کے پہارون مین فیروزے کئی معدن ہین *

چن چوفو ایک شہر پہاڑون مین معمور ہی اور معدن سونا اور چاندی اور سیماب اور فیروزہ کے اطراف مین ہین اس شہر کی سرحد مین پہاڑون کے درمیان ایک قوم جنگلی آدمیون کی رہتی ہی جسے خطائیون کی نہ زبان نہ چال نہ چلن نہ گفتار نہ رفتار ذرا بھی ملتی ہی اور اہل چین کی روایت یہہ ہی کہ کُتّے اور آدمی کی جفت سے اُن کی نسل ہی لیکن یہہ بات صریحا جھوٹھہ ہی اور دشمنی اور ناجنسیت وجہ اس ملامت کی ہی *

الغرض کے صوبے کی دو تقسیم مین چونّ شہر ہین اور اسکی پہلی تقسیم یعنے ہوپی مین قریب دیڑہ کرور باشندے ہین اور دوسری تقسیم ہونان مین تخمینا ایک کرور اور بتیس لاکھہ باشندے ہونگے اور ہوپی کی نظامت اور دیوانی کے وضع اخراجات کے بعد تین کرور نوے لاکھہ روپیہ بابت خراج زمین اور تیس ہزار روپیہ بابت محصول اجناس تجارت دارالامارہ پیچین مین بھیجا جاتا ہی اور ہونان کی نظامت اور دیوانی کے وضع اخراجات کے بعد تین کرور ترانوے

لاکھ روپیہ بابت خراج زمین اور ایک کرور پانچ لاکھ
بابت محصول اجناس تجارت فغفور کے خزانے
مین سالانہ داخل ہوتا ہی فقط

اٹھوان باب

صوبۂ ہونان کے بیان میں

یہہ صوبہ مملکت خطا کے درمیان واقع اور اوس
ملک کے اکثر مورخون کا اسپر اجماع ہی کہ جب ابتدا
مین سلطنت خطا کی بنیاد ڈالی گئی اسی جگہہ سے
پہلے آبادی شروع ہوئی اور یہہ سرزمین کہنہ آباد وہان کی
قدیم شہنشاہان والانژاد کی تخت گاہ مدتون تک رہی
اور سچ ہی کہ اسجا کی آب و ہوا فصحت و فضا
ایسی لطیف وخوش اور پاکیزہ و دلکش ہی کہ قابل
بخوشی زندگی کرنے اور عیش و آرام سے رہنے کے
معلوم ہوتی ہی اور وہان کی زمین عمدہ اور بہتر اور سیر
حاصل اور اس قدر شاداب ہی کہ پھولون کے جنگل
کاٹ کے لوگ زراعت کرتے اور گلشنون مین ہل
جتوا اناج بوتے ہین *

لمولفه

سرزمین ایک لطیف وآباد ان　　اب جو باغ مین روش پہ روان
جنگلون مین بہار گلشن ہی　　رشک گلشن وہانکا گانخن ہی
گل وسنبل کے ڈھیر ہین ہر جا　　بلبلون کی بھیڑ ہین ہر جا
لب غنچہ جہان کہ خندان ہی　　چشم بلبل وہان پہ گریان ہی
سرو جس جا کہ برلب جو ہی　　لب قمری پہ شور کو کو ہی
عیش بازار ہر طرف ہین لگے　　ہین خریدار شوق سے پھرتے
عشرت آرام ہر جگہہ موجود　　شہر کیا بلکہ خانۂ بہبود

اور جب کہ حال یہہ ہی تو نہین تعجب بلکہ حکمت کی رو سے واجب ہی کہ لوگ بھی ایسے دیار کے پاکیزہ طینت لطیف طبیعت خوش مزاج عیش جو آرام طلب ہوین کیونکہ کایہ ہی کہ جہان سہولت معاش ہی وہان عیش وآرام پر دل پاش پاش ہی بلکہ وہان کے لوگ بالخاصہ ان صفتون کے ساتھہ موصوف ہوتے ہین اور اسی وجہ سے اس صوبے مین سوداگری نہایت سرد اور مدھم ہی اور تجارت کا بازار مطلق گرم نہین کیونکہ حضرت انسان کی طبیعت ہمیشہ راحت دوست اور آرام

طلب ہوتی ہی اور جد وجہد کوشش وسعی وہی لوگ کرتے جو فکر معیشت مین دلگیر اور زنجیر تنگدستی مین پابند و اسیر ہین تردد وہی کرتے جنکی اوقات بے تردد کئے نہین بنتی اور بار گران وہی اٹھاتے جنکو اوس کے بن اوٹھائے تلاش معاش کی بوج سے سبک دوشی حاصل نہین ہوتی *

لمولفه

مالور محنت سے بوسون دور ہین محنتی اس مرض مین رنجور ہین
سنگ غم سے روز وشب صبح ومسا مثل شیشہ پتھرون سے چور ہین

اس صوبیکا پایے تخت کیفونگ فو ہی اور یہی ایک نئی بات اس دار الریاست کی مشہور ہی کہ شہر کی کرسی خاک دریا کی سطح آب سے بہت نیچے ہی چنانچہ پانی روکنے کے لئے اونچے اونچے پشتے اور باندہ کی حاجت ہوئی ہی اور روایت ہی کہ ایک دفعہ جب نظام ملک مین فتور واقع ہوا اور سرکشون نے اوس شہر کو بارادۂ تسخیر محاصرہ کیا تب شہروالون کی مدد کو فغفور کی طرف سے بہت سے لشکر آئے لیکن

اوس فوج کے سردار کو دشمن غارت کرنے کی ایسی ایک بڑی ترکیب سوجھی کہ اوسے اپنی ہی طرف زیادہ تر ہلاکت ہوئی یعنے دریا کے پشتے کو اوس نے تڑوا ڈالا اور تمام شہر کو تہ آب کردیا اور اس سانحۂ عظیم مین تین لاکھ آدمی سے زیادہ شربت موت سے جام حیات کو لبریز کئے اور شراب مرگ پیالۂ اجل سے پئے غرض ہرچند کہ بعد چند ایام کے شہر کی دوبارہ تعمیر ہوئی اور سرنو اجرا ملک آباد ہوا مگر پہلے کی رونق پھر نہوئی اور نہ پرانی خوبی نے تازگی پائی مثل مشہور ہی اگلی بات ہمیشہ اگلون کے ساتھ جاتی ہی *

لمولفہ

عالم فانی کی یارو چال دیکھی ہی عجب
اس جہان سے جو گیا ایسا نہ آیا پھر کوئی
بازئ دنیا کی ہر ہر دانون مین ہی ہمنشین
کھو دیا ہاتھون سے جو ویسا نہ پایا پھر کوئی

کوئی تیسرا فو دوسرا شہر اس صوبیکا بہت وسیع

و غدار ہی اور اس صوبے کے اور شہرون سے یہہ شہر اچھی تجارت گاہ ہی اوسکے اطراف مین باغ بہت با وسعت اور اقسام میوجات کی کثرت ہی اور یہان ایک جھیل ہی جس کے پانی کی تاثیر سے ریشم مین اب و تاب اور چمک و دمک اور مضبوطی اور ملایمی ایسی ہوتی ہی کہ سیکڑون منزل سے جولاہے جاتے اور اوس پانی مین ریشم کو دھوتے ہین اور اس شہر کے باشندے ایسے خوش خلق اور مسافر پرور ہین کہ ہر چند خطائی مضمون سے اس شعر کے واقف ہین *

خشت وطن از تخت سلیمان خوشتر خار وطن از سنبل و ریحان خوشتر

باوصف اس کے اگر قضیۂ اتفاقی سے اون مین کوئی شخص گیا وہان کی خوبیون مین اوس کی طبیعت ایسی لگی کہ پھر اپنے گھر مشکلون سے پھرا *

لمولفہ

باغ مین بلبل یہی کہتی تھی کل صیاد سے
کب چمن کو چھوڑ کر ظالم قفس مین جاوین ہم

هونان فو ایک شہر ہی جس مین قدیم شہنشاہ سب اکثر رہتے تھے اور اب بھی اُونھون کی کئی عظیم الشان قبرین اطراف شہر کے باغون مین موجود ہین چونکہ خطائیون کے قیاس مین اُون کی مملکت ناف زمین مین اور هونان کا صوبہ اوس مملکت کے بیچو بیچ اور پھر یہہ شہر اوس صوبے کے وسط مین واقع ہی اس لحاظ سے بقول اونکے شہر هونان فو صفحہ زمین کے دایرہ کا نقطہ مرکز ہی *

نان پانگ فو کا شہر بہت غدار اور وسیع ہی اور اُوس کے اطراف کی سرزمین سے کئی دریا بہتے ہین اس سبب سے وہ اتنی زرخیز ہی کہ جب فوجین شہنشاہ کی وہان پر ڈیرہ ڈالے مہینون پڑے رہتے ہین تب بھی شہر کی گرانی کبھی نہین ہوتی اور قریب کے کئی پہاڑون سے فیروزہ حاصل ہوتا ہی اور وہین ایک قسم کے سانپ کی خلقت ہوتی ہی کہ جسے فالج ولقوہ و رعشہ کی بیماریون کی دوا بنتی ہی اور اطبائے خطا اِس سانپ کو شراب

مین ڈال عرق اور جوہر کھینچ لیتے اور لقوہ اور فالج کے مریضون کو پلاکر اکثر اچھا کرتے ہین چوھنگ فو اس شہر کے اطراف مین بہت چاے پیدا ہوتی ہی غرض اسی طرح پر چھوٹے بڑے شہر اس صوبہ کے سب سمیت اونتیس ہین اور یہان کے باشندے ارٹھائی کرور ہین اور بعد وضع اخراجات نظامت اور دیوانی کے ایک کرور پانچ لاکھ چھہ ہزار دو سو چالیس روپیہ بابت خراج زمین اور بیالیس ہزار چھ سو براسی روپیہ بابت محصول اجناس تجارت سالانہ فغفور کے خزانہ عامرہ مین داخل ہوتا ہی *

نوان باب

صوبۂ شان تان کے بیان مین

کنگ فوہی جو خطا کا حکیم الحکما تھا اور دانائی مین یونان کے فلاسفہ عظام ارسطاطالیس و فلاطون وغیرہ سے مرتبہ اُسکا سبقت لے گیا اسی صوبے مین پیدا ہوا تھا غرض اس حکیم بے بدل کا تذکرہ دفتر ثانی مین لکھا جائیگا اور جہان شہنشاہان فرخ فال کا حال درج کیا جائیگا وہان اس صاحب کمال عدیم المثال

کے اوصاف حمیدہ اور خصایل پسندیدہ کا تذکرہ زبان
قلم پر ائیگا چونکہ صرف اسی استاد فیلسوف کے قال
لازوال پر انتظام مملکت چلا جاتا ہی اِسی باعث سے خطا کی
ریاست کو ابتک بقا ہی حالانکہ کیانی اور روم قدیم
کی سلطنتین مٹ گئین نشان تک بھی نہ باقی رہا
نام کا نام لینا عقل صواب اندیش کے نزدیک بیجا
ہی مگر خطا پر باوجود یورش تاتار مطلق ادبار نہ آیا اس
صوبہ مین پانی کم برستا ہی لیکن اسکے عوض اتنے دریا
اور نہر اور جھیل اور تالاب ہین کہ زراعت مین نقصان
نہین آتا * خطا کی سب سے بڑی نہر جو شہنشاہی
کہلاتی اس ملک کے درمیان سے بہتی ہی اور
شاہی انبار خانون مین بھی اناج کی کشتیان اسیطرف
سے دارالامارہ پیچین کو جاتیان ہین اونکی جمعیت کثیر کا
ہر سال اس نہر سے گذارا ہی اور گیارہ بارا ہزار
سے کم کبھی نہین جاتیان *

چی انانگ فو کا شہر پہلے تخت اس صوبہ کا
بہت وسیع و شہر غدار ہی اطراف مین بسکہ

جھیلین اور تالاب کثرت سے ہین نہرین شہر کے درمیان پانی سے ہمیشہ مالب رہتی ہین چوڑی اور عمیق ہین ہزارون من کی کشتیان شہر کے ہر بازار مین لگی رہتیان ہین اور اون نہرون پر نفیس نفیس پل راہ چلنے والیکے آرام و شہر کی زینت کے لئے بنے ہوئے ہین اور چونکہ ایّام قدیم مین کئی شہنشاہ خطا اور باج گذار ملکون کے پادشاہ سب یہان سکونت کرتے تھے اور اونکے مزار شاندار پہاڑون مین ہین اس سبب سے اس شہر کی بڑی عزت خطائیون کی آنکھون مین ہی *

مولفہ

فی الحقیقت شہر ہی یہہ پر فزا
کیجئے . تعریف جو کچھہ ہی بجا
رائے اولوالباب خطا ہی پر صواب
کرتے ہین عظمت جو اوسکی بیحساب

اس شہر کے قریب ین چنگ کا شہر ہی وہان ایک قسم کا شیشا ایسا نازک بنتا ہی کہ اگر تند ہوا مین رکھ دیا جاے تو اوسکے صدمے سے فوراً اسیب آئے

یعنے صاف ترق جاے لینے والا سواے حیرت کچھ
نہ پاے خاکپر ٹکرے ٹکرے دیکھکر ائینۂ دل چور چور
جگر مین ہزارون ناسور بشکل خانۂ زنبور نمایان چشم تمنا
سے نہر خون روان رہے اوسکا عکس نہ ملے * اس
معنی سے رشک حلب کہنے کی جا ہی * ایک
فقرہ ہی اوصاف سے یہہ اوسکے لکھا ہی * اس صوبے
مین ایک قسم کا کبرا مثل کمانہ کے پیدا ہوتا ہی اور
اوسے موٹا ریشم نکلتا اور ایک طرح کا ریشمی
کپڑا نہایت گف اور مضبوط بنتا ہی ہر جگہہ بخواہش
لیا جاتا ہی *

مین چوفو دوسرا شہر اس صوبے کا درمیان دو برے
دریا کے واقع ہی اس سبب سے آب و ہوا اوس
سرزمین کی نہایت لطیف ہی اور پل اسی شہر مین
بہت عظیم الشان ایک سو اسی گز لمبا ہی ایسا
کہ کسی نے نہ دیکھا نہ سنا اور اس شہر کے تحت مین
کیوفیوھین کا شہر ہی جس مین فیلسوف اعظم حکیم
مکرم کامل زمان حاذق دوران حکیم کنگ فوسی کے کئی

یادگار نمودار از طرف سرکار اور بعض رئیسان حجمتہ کردار
بنے ہوئے ہین حالانکہ حکیم ممدوح شہر چوہین مین جو
اوسکے قریب ہی پیدا ہوا تھا *

ٹانگ چینگ فو کا شہر بڑی نہر پر چونکہ واقع ہی
اس وجہہ سے تجارت گاہ عظیم ہی ہزارہا جہاز ہمیشہ وہان
لگے رہتے ہین اور کئی معقول عمارتین شہر مین ہین خصوص
ایک ہشت پہل اور ہشت طبق کا منار مثل منار
نان کینگ کے ہی اور اوسی طرح چینی کا بنا ہوا ہی
اور باہر گھنٹے اوسی انداز سے لٹکے ہین اور ہوا کے بہنے
سے صدائے خوش اون سے پیدا ہوتی ہی *

تین ہوفو اور لی چوفو دو شہر کسی اور بات کے لئے
مشہور نہین بجز اس کے کہ دونو مین ایک ایک قلعہ
بہت مستحکم بنا ہی اور لشکر شاہ حفاظت ملک کے لئے
اون مین متعین رہتا ہی اور جنگی جہاز بھی نگہبانی کے
لئے موجود ہر چہار حدود مین رہتے ہین حاصل کلام اتھائیس
شہر چھوٹے بڑے اس صوبے مین ہین اور قریب
اڑھائی کرور کے باشندے ہین اور بعد وضع اخراجات

نظامت و دیوانی کے ایک کرور بارہ لاکھ چورانوے
ہزار دو سی آٹھ روپیہ بابت خراج زمین اور چار لاکھ
چھبیس ہزار آٹھ سی سولہ بابت نمک اور
اٹھانوے ہزار چار سی چھیانوے روپیہ بابت
محصول اجناس تجارت اس صوبے سے فغفور کے
خزانے مین سالانہ جاتا ہی *

دسوان باب

صوبۂ شان سی کے بیان مین

اس صوبے کی آب وہوا بہت اچھی اور زمین
بھی نہایت زرخیز ہی سوائے چاول کے ہر قسم کا
اناج یہان کثرت سے پیدا ہوتا ہی ہر چند یہان کے
لئے پانی بہت چاہئے مگر بسبب قلت نہر و تالاب
پانی بقدر احتیاج دستیاب نہین ہوتا لیکن مشک
اور سنگ سماق اور سنگ مرمر اور سنگ
زبرجد اقسام رنگ کا نکلتا ہی فیروزہ اور بلور بھی اس
صوبے کے پہاڑون سے آتا ہی کان آہن و شورے کے
کئی معدن ہین اور اوس ملک کے بعضے پہاڑون کی

چوٹی پر میدان وسیع اسطرح کا ہی کہ کوسون تک
جسکا حساب نہین اوسپر کشتکاری کی جاتی ہی
فصل بفضل فضال حقیقی معقول ہوتی ہی باوصفیکہ بجز
باران رحمت وہان پانی کا نام نہین اس صوبے
کے باشندے بڑے مضبوط اور بہادر ہوتے ہین
اور مطابق قاعدۂ کلی کے حلیم و کریم مشہور ہین مگر
حد سے زیادہ کودن و ابلہ ہوتے ہین کسی علم سے مطلق
شوق نہین رکھتے اور مستورات یہان کی حسینہ اور
جمیلہ ہوتی ہین اور اس طبقے مین انگور بافراط نہایت تخمہ
اسطرح کا پیدا ہوتا ہی کہ شاید روے زمین پر کہین
میسر نہین آتا اگر یہان کے خطائی چاہین تو شرابین ایسی
کھینچ سکتے کہ قابل جام جمشید مین بھرنے کے ہون
لیکن یہہ اوجت گنوار اُسکو سکھلا کے کشمش
بناتے ہین *

نظم

حماقت سے پر مغز ہین وہ کہ یف
کہ بد کرتے ہین کیا غذاے لطیف

کوئلے کے معدن بھی یہان بشدت ہین اور اوسکی تحقیقی یہہ ہی کہ انگارے بہت صاف و شفاف ہوتے ہین دیرتک رہتے اور دھوان نہین دیتے ہین اور فرش فروش کے لئے قالین یہان ویسہی عمدہ اور خوبصورت بنتے جس طرح ایران اور روم مین ہوتے ہین *

لواقمہ

بلکہ اونپر فوق رکھتے ہین یہہ بعضے کام مین
مشہر نام انکا ہی کشمیر و مصر و شام مین

تی بین فواس صوبیکا پاے تخت ہی کسی وقت مین شاندار تھا جب پادشاہ کے عزیز و اقربا نے یہان سکونت اختیار کی تھی لیکن جب سے کہ وہ خانوادہ بلٹ گیا یہان کا بھی طبقا اُلٹ گیا * بقول شاعر

پرندہ داری میکند در قصر قیصر عنکبوت
بوم نوبت میزند بر گنبد افراسیاب

غرض لوہے کے باسن اور آلات اور ہتیار جنگ کی یہان تجارت ہی پشمینے کے کپڑونکا بازار گرم

ہی اور ساری مملکت کے سوداگر اون قالینون کی تحفگی پر لوٹتے رہتے پانوٗن پر کے سر کے بھل لیجاتے انکا ذکر عاصی کر چکا کہ رشک ایران و روم ہوتے ہین*

پیین یان فو اس صوبیکا دوسرا شہر اس بات کے لئے مشہور ہی کہ فغفور یو جو مملکت خطا کے پہلے پادشاہون مین تھا اوسنے اسی شہر کو اپنا پاے تخت قرار دیا تھا اوس عالی ہمت بلند مرتبت شجاعت شعار مدبر روزگار عادل بیعدیل کا ذکر اس تاریخ کی جلد دوم مین کیا جایگا اس جگہہ اتنا ہی کہنا کافی ہی کہ بڑی سلطنتون کے بانی ایسے ہی شخص ہوتے جیسا کہ یہہ تھا*

لراقمہ

عادل ہو تو ایسا ہو جو سلطان ہو تو ایسا ہو
عاقل ہو تو ایسا ہو خاقان ہو تو ایسا ہو

اسکے قریب ایک جھیل شور اکیس کوس کے دایر یمین اور ہی اوسکا پانی کھاری مثل سمندر کے ہی اوس مین نمک افراط سے پیدا ہوتا ہی*

فین چو فو بہت پرانہ شہر اور معقول تجارت گاہ ہی اطراف کی زمین حالانکہ کوہسار ہی لیکن کسانون نے ریاضت کے زور سے اوسے ایسا زرخیز کیا کہ برے فایدہ کی جا ہی کتنے چشمے آب گرم کے اوس کے قریب ہین منزلون سے لوگ آ کے وہین جمع ہوتے ہین ایک قسم کا ماء لحم منشی وہان طیار ہو کے اور اور صوبون مین بھی جاتا ہی اوس کے سرور و ذایقے اور قوت کی بہت تعریف ہوتی ہی *

ٹائی ٹون فو کا شہر دیوار خطا کے نہایت قریب ہی چونکہ قوم تاتار کی یورش کرنے کی جگہہ ہی اس لئے شہر کے مورچے بہت مضبوط بنے ہین اور کئی ہزار سپاہ یہان ہمیشہ متعین رہتی ہی اور اطراف کے پہاڑون مین فیروزہ اور سنگ مرمر کے کان ہین اور ایک قسم کا زبرجد ملتا ہی جسکی سپیدی اور چمک یشم کی مانند ہوتی ہی اور جنگلون مین جڑی بوٹی بہت اقسام کی میسر آتی ہی غرض چھوٹے برے اٹھائیس شہر اس صوبے مین ہین اور سیکڑون

قلعے دیوار خطا کے قریب جا بجا واقع ہین تاکہ تاتار کی یورش
ملک مین نہونے پاے اور *

لراقمہ

رہین سب لوگ عیش و راحت سے
رنج پہنچے نہ دست آفت سے

اس صوبے مین دو کرور ستر لاکھ باشندے ہین
اور بعد وضع اخراجات نظامت اور دیوانی کے ایک
کرور ایک لاکھ ستہتر ہزار نو سو بیس روپیہ
بابت خراج زمین اور سولہ لاکھ چوہتر ہزار چار سو
بیس روپیہ بابت نمک تین لاکھ ترسٹھ ہزار
سات سو بارہ روپیہ بابت محصول اجناس تجارت
فغفور کے خزانے مین برسم مالگذاری سالانہ داخل ہوتا ہی *

گیارھوان باب

چین سی کے صوبے کے بیان میں

یہہ صوبہ بہت وسیع ہی اور بعض مورخون کی یون
روایت ہی کہ اسی جگہہ سے خطا کی آبادی شروع
ہوئی اور قدیم فغفورون نے یہین سکونت اختیار کی

تھی اس بیان کے خلاف اور صوبون کے باب مین یہی بات بعضے راوی نقل کرتے ہین القصہ اگر یہہ سر زمین پہلے نہ آباد ہوکر دوسری آباد ہوئی تو اس سے کچھ قباحت واقع نہین ہوتی اور اگر وہ بزرگی نہین حاصل تو یہہ مرتبہ بیشک اوسکو دیا چاہیئے کہ شہنشاہون نے اوس سرزمین کو نہایت پسند کی تھی اور مدتون اسی طبقے مین سلطنت رہی *

لراقمہ

رتبہ بلند کیون نہو اوس سرزمین کا مسکن یہان تھا مدتون فغفور چین کا

اس صوبے کی دو تقسیم ہین آگے تین ناظمون کو یہان کی صوبہ داری سپرد تھی لیکن چند روز سے ایک موقوف ہوگیا چاول کی فصل یہان اچھی نہین ہوتی اس جہت سے کہ پانی کم پڑتا ہی گھٹا کے دیکھنے کو دل ترستا ہی کسی عنوان سے اکثر مقام پر حسب ضرورت پانی میسر نہین ہوتا غرض اور اقسام اناج کی افراط سے باشندون کو قحط کی شدتین لاحق حال نہین ہوتیان اکثر اتفاق ایسا ہوتا ہی کہ دیہان ویران کر جاتی ہین لیکن اوسکے

عوض خطائی اونہین پکڑ کے کھاجاتے ہین * بقول شخصے
عوض معاوض گلہ ندارد تو انکی شکایت کرنی زیادتی ہی *
اس صوبے مین ریوند چینی وشک و شنجرف
وموم وشہد و صندل وسنگی کوئیلہ اور اقسام ادویات
کثرت کے ساتھ ملتے طلا کے کئی کان ہین اگر وہ
کھودی جاوین تو یقین ہی کہ سیکڑون من سونا
پیدا ہو لیکن فغفور کی ممانعت ہی اونکا کھودنا وقت
ضرورت پر موقوف رہا غرض ندیون اور جھرنون مین اوسکی
ریت جو بہکے اتی ہی اوسکے جمع کرنے مین صدہا
آدمی کی اوقات بسر ہوتی ہی اور سیاح جو اوس
ملک مین گئے ہین اونکی روایت یون ہی کہ اس
صوبے کے باشندے سلیم الطبع حلیم الوضع اہل سخا
فتنہ وفساد سے بری شیرازہ بند راستی و دوستی
نہایت کریم الاخلاق عمیم الاشفاق ہوتے ہین *

لراقمہ

جسے انسانیت عبارت ہی
وہان ہرایک کی وہ عادت ہی

پاک نیت خجستہ خصلت ہین

ہر طرح سے وہ سب غنیمت ہین

تحصیل علوم وفنون کی طرف اکثر رجوع کرتے ہین

سی نگان فو کا شہر چونکہ ایک زمانے مین تخت گاہ

فغفوران چین تھا اور اب ناظم کے رہنے کی جا ہی

ان دو سببون سے بہت آباد اور دل پسند جگہہ

ہی شہر پناہ کی چار دیواری مثل قلعہ کے مورچون کے

بنی ہوئی اور زیر دیوار گہری اور چوڑی کھائی کھدی ہوئی

ہی اور جگہہ بجگہہ قطار سے مورچون کے اوپر اونچے اونچے

برج مثل ہندوستانی امیرون کے نوبت خانون کے بنے

ہین اور اونمین سپاہی پہرا چوکی دیتے رہتے ہین اور

دار الامارۂ پیچین کے بعد اوس شہر کا رتبہ بسبب

مضبوط ہونے اور سامان جنگ سے مہیا رہنے کے

سمجھا چاہئے اور شہنشاہی فوج کی وہ تقسیم جو طرف شمال

حفاظت سلطنت کے واسطے مقرر ہی اوس شہر

مین متعین رہتی ہی اوسکے اطراف کے رعایا اور

خطائیون سے بہادر ومحنت کش اور قدآور و وجیہ ہوتے ہین *

اس شہر کے اطراف مین ایک قسم کا بادر
بہت برا پیدا ہوتا ہی اوسکا گوشت ایسا لذیذ ہوتا
ہی کہ ذایقہ اور ملایمت مین حلوان فربہ پر اوسکو ترجیح
دیتے ہین *

سن سولہ سو پچیس مسیحا مین اس شہر کے
اطراف مین ایک لنبا تختہ سنگ مرمر کا زمین سے
کھود کے نکالا گیا اوسپر یہہ مضمون کھدا ہوا تھا کہ حضرت
عیسیٰ علیہ السلام جب ملک یہود مین پیدا ہوئے
تھے تو آسمان مین ایک نیا ستارہ جو قبل اونکے کبھی
ظاہر نہین ہوا تھا دکھائی دیا اور مشرق مین کئی پادشاہون نے
اوسکے ملاحظہ سے نذر دینے کے لئے ملک یہود کی راہ لی
اور وہان پہنچ کر اوس طفل مقدس کو نذرین گذرانین
اور ایک شخص عیسائی مسمی الوپین سن چھ سو
چھتیس مسیحا مین درمیان چین کے آیا اور فغفور وقت
نے اوسکے مذہب کا حال دریافت کر کے اوسکو
راست سمجھا اوسکے حق مین فرمان جاری کیا *

اس پتھر کے ذریعہ سے ظاہر ہوتا ہی کہ عیسائی

مذہب کو ترقی مملکت چین مین از ابتدای سنہ
چھ سو چونتیس مسیحا سے سنہ بہات سو بیالیس
مسیحا تک تھی اور اسی سال مین اس پتھر پر وہ
مضمون واسطے یادگار کے کھودا گیا تھا شہنشاہ نے
ایک معبدگاہ مین اوسکو رکھوا دیا اور اوس مکان پر جب
بت پرستی نے پھر سر اٹھایا ویرانہ اور خرابہ ہوگیا اور وہ پتھر
بھی زمین کے نیچے دب گیا بالفعل کھود کے نکالا گیا
اور لوگون پر اوسکا مضمون ظاہر ہوا ہی *

ہان چان فو کا شہر پتھریلی اور کنکریلی زمین مین کوہستان
کے نزدیک واقع ہی لیکن دامان کوہ کی زرخیزی ایسی
ہی کہ اور جگہون کی اوشرائی کا عوض ہورہتا ہی اور
پہارون مین مشک کا ہرن پیدا ہوتا اور اوسکا نافہ میسر
آتا ہی اور شہد و موم اس قدر میسر ہوتا ہی کہ لینے
والون کے ہاتھ تھک جاتے ہین مگر اون مین کمی نہین
آتی اور کئی معدن شنجرف کے بھی ہین *

اس شہر تک ایک سڑک کئی منزلون سے آئی ہی
اوسکا حال سننے سے دلکو سخت حیرت ہوتی ہی

روایت یہہ ہی کہ خطائی فوج کو ایکدفعہ کئی پہاڑ اور
جنگل اور دریا کو طی کر کے اتفاق آنے کا ہوا کوئی راہ
نہ تھی ایک لاکھہ مزدور راستہ آراستہ کرنے مین مصروف
ہوئے اور ہر روز ایک منزل کی راہ بناتے فوج کے آگے آگے چلے
آئے اگر یہہ راستہ میدان سے ہوتا تو کچھہ زیادہ تعجب کا
مقام نہ تھا لیکن جب خیال کیجئے کہ صدہا پہاڑون کو ڈھاکے
دامان کوہ کو پاٹ دیا اور ہزارون برس کے جنگلون کو
صاف کیا اور عمیق اور چوڑے دریاؤن پر پل باندھا
یہہ کارخانہ چند مہینے کے عرصے مین تمام کیا تو بیشک
یہہ نہایت عجوبہ معلوم ہوتا ہی اوس راہ کی مرمت
ہوا کرتی ہی اور چوکی پہرے جابجا خطرناک مقامون پر
آٹھون پہر مقرر ہین اور چھوٹی چھوٹی بستیان بطور
سرا کے مسافرون کے سہولیت کے لئے چار چار کوس پر
بسی ہوئی ہین * پن لیان فو کا بھی بڑا شہر ہی
اوسکی سرحد کی زمین زرخیز آب وہوا لطیف اور
خوشگوار اور اوسکے قریب کی ایک جگہہ ایسی
گہری اور پانچ کوس تک برابر خندق اس قدر عمیق

ہی کہ آفتاب کی روشنی دو پہرون کو وہان نہین
پہنچتی غرض اوسکے اندر سے بھی خطائیون نے راہ بنائی
ہی اور اندھیرے کے باعث سے روز و شب
مسافر مشعل روشن کر کے راہ چلتے ہین *

کون چان فو کا شہر درمیان کوہستان کے واقع
ہی اور بسبب پہارون کے شہر بذاتہ ایک قلعہ
اور یورش سے محفوظ ہی کیونکہ پہار کی قطار اس قدر
بلند اور بیندی ہی کہ اوسپر سے گذر لا ممکن ہی
اس شہر مین ایک مزار ہی اور خطائیون کی روایت
ہی کہ فغفورفوحی جو پہلا بادشاہ چین کا تھا اوسی کی یہہ قبر
ہی اور اگر یہہ بات فی الواقعی ہی تو روے زمین پر
اس مزار کی سی قدامت کسی کو نہین ہی کیونکہ
ہمارے یہان کے بعض مورخون نے حساب سے ثابت
کیا ہی کہ ایام فغفور فوحی کا جو خطائی تاریخ مین مذکور
ہی وقت حضرت نوح علیہ السلام کا تھا اسکے سوا
کئی اور وجوہات صاحبان دانش نے بیان کیا ہی کہ
حضرت نوح علیہ السلام اور فغفور فوحی ایک ہی شخص

تھے اور اوسکا حال زیادہ تر جلد دوم کی فصل اول مین بیان ہوویگا انشاءاللہ تعالیٰ *

لن تاوفو کے شہر کے قریب دیوار خطا تمام ہوتی ہی اور اس لحاظ سے وہانکا قلعہ نہایت مستحکم ہی اور پہارون سے جو ندیان بہنکر آئین ہین اون مین تکرے طلائے پر جلا کے بہت میسر ہوتے ہین اور اس لحاظ سے ثابت ہوتا ہی کہ سونے کے معدن کئی ہین اور ایک ذانکا شیر اطراف مین مارا جاتا ہی اوسکا چمڑا نہایت خوش رنگ اور ملایم ہوتا ہی اور برتے دامون سے بکتا ہی *

کین بان فو کا شہر قلعہ کہلاتا ہی اس لحاظ سے مورچے نہایت مضبوط اور کھائیان بشدت چوڑی اور گہری ہین اور چونکہ تاکے پر ہی یورش کے خوف سے فوج بہی زیادہ متعین رہتی ہی اور عمارتین اس شہر کے بہت پاکیزہ ہین اور دو جھیلین شور اطراف مین ہین جن مین بکثرت سا نمک پیدا ہوتا ہی *

بسبب قرب دیوار خطا کے کئی قلعہ نہایت مستحکم اس صوبے مین ہین اور سوا اُنکے اٹھائیس شہر چھوٹے بڑے واقع ہین اور تین کرور باشندے اس صوبے کے دو تقسیم مین رہتے ہین اور وضع اخراجات نظامت و دیوانی کے بعد پانچ کرور آٹھ لاکھ اسّی ہزار روپیہ بابت خراج زمین اور دو لاکھ چالیس ہزار بابت محصول اجناس تجارت فغفور کے خزانہ مین سالانہ داخل ہوتا ہی *

بارھواں باب

سی چوان کے صوبے کے بیان میں

اس ملک سے محاصل بہت ہی اور انواع اقسام کی قیمتی چیزین طبعی اور صنعتی یہان میسر ہوتی ہین ریشم کی پیدایش اس صوبہ مین کمال ہی اور لوہا تین اور سیسے کے کان ہین کہربا و فیروزہ اور سنگ مقناطیس و مشک پہاڑون مین پیدا ہوتا ہی باین لحاظ اُسکی سرزمین سے تبت و تاتار کے بیابان نزدیک ہین گھوڑے نہایت عمدہ جنگلون سے آتے ہین

خریدار و فروشندہ دونو فایدہ پاتے ہین دلال مفت مالا مال ہو جاتے ہین اور گنا ایسا نفیس و شیرین ہوتا ہی کہ اوسکی تعریف و توصیف مین لب گفتگو بند کھانے والے کو از حد پسند ہی اوسکی چینی ایسی تحفہ ہوتی کہ صل علی کسے تعریف ہوسکتی ہی اور اگر لذیذ مٹھائی کھا کے ہو کے سے خدا نخواستہ کوئی بیمار پڑے تو ریوند چینی جو اس ملک مین بہت پر اثر پیدا ہوتی ہی کہ استعمال سے دم بھر مین فساد بیماری کو دور کرتی ہی یہہ صوبہ سمندر سے بہت فاصلہ پر ہی اس لئے نمک پہاڑون مین پیدا ہوتا ہی اور اگر قدرت کاملہ کی طرف سے یہہ بات نہوتی تو باشندون کو نمک کے لئے بڑی تکلیف ماتی *

چن تونو پاے تخت اس صوبہ کا ایسا وسیع وغدار وشہر عالیشان ہی کہ مملکت خطا کے بڑے شہرون مین اسکی گنتی ہوتی ہی اور جوقت بعض شہنشاہ اوس مین تشریف رکھتے تھے اون دنون ایسی آراستگی اور درستگی اسکی تھی کہ باوجود اس کے کہ جب فتور

نظام ملک مین سن سوله سی چوالیس سیحا مین
مان چوتاتارکی یورش کے قبل هوا تها اس شهر پر
بری تباهی هوئی تهی لیکن ابتک بهی رونق بالکل نهین گئی
هرچند که نهایت کم هوئی *

اس تاریخ کے ناظرینون نے ملاحظه کیا هوگا که اکثر شهر
خطائی نهرون سے اندر اور دریا یا ندی جهیلون سے باهر سیراب
هین اور اگر دوسری کوئی دلیل خطائیون کی دانشمندی
اور لطافت طبیعت کی نهوتی تو یهی بات بس کافی هی
که اپنے شهرون کو اسطرح پر انهون نے بنایا هی اور ایسی
ایسی جا پر واقع کیا هی کیونکه ٹهنڈی هوا اور شفاف پانی
کے برابر کوئی چیز دنیا مین لذیذ نهین هوتی اور نهر اوسکے کوچه
بکوچه بلکه گهر بگهر هی بنظر غور جس پهلو کو دیکهئے فایده
سے خالی نهین کیونکه تجارت مین ویسی سهولت هوتی
هی که مال کی کشتیان بازارون کے عین درمیان
بکتیان هین اور سوا اسکے هوا جو پانی سے مس کرتی هوئی
آتی خنکی اوسکو لامحاله حاصل هوتی هی اور اگر اجزا فساد کے
شریک هوتے تو پانی مین کچهه چهوت جاتے هین

اور سوا اون دو فایدون کے جو دنیا مین سب سے بڑے ہین
کیونکہ جان و جہان اونسے متعلق ہی ازین قبیل اور بھی
اکثر دلیلین ہین لیکن اونکے ذکر کرنے سے اس عبارت
کو طول ہوگا اور حکمت بہ لقمان اموختن کہلایگا اس لحاظ
سے جن بزرگون کی نظر سے یہہ تاریخ گذریگی انکو اتنی
اشارت کی بھی کچھہ حاجت نہ تھی لیکن چونکہ ایک
موقع بندیکو ملا اتنا ذکر بھی معرض ارقام مین آیا الغرض اس
شہر کے اندر جسکا ذکر ہوتے ہوتے یہہ جملۂ معترضہ
درمیان آیا نہرین بہت ہین اور اطراف کی سرزمین زرخیز
اور دریاؤن سے سیراب ہی * پاونیین فو کا شہر کیالین
کے دریا کے کنارے پر واقع ہی اور اہوے بمشک
اسکے اطراف مین بہت شکار ہوتا ہی اور پہار
کی قطار مین ایک پہار ایو کہلاتا ہی اوسمین اقسام
طرح کے جواہرات ہاتھہ آتے لیکن وہ اس قدر بلند
ہی کہ سخت مشکل سے چڑھائی ہوتی ہی اور
جواہر اوسی قدر نکلتا ہی جتنی گہری کھائی ہوتی ہی
گویا یہہ پہار جواہر بیشمار کا انبار ہی *

اوس شہر کے درمیان سے ایک ندی بہتی ہی
اوسکے دونون کنارون پر از خود ایک قسم کا پھول
باغبان ازل کا مقبول ایسا پیدا ہوتا ہی کہ رنگ وبو سے
اوس کے دماغ جان خورسند ہی اہل خطا کو نہایت پسند
ہی کوئی چنوفو کا شہر دریاے کیان پر واقع ہی اور بڑی
تجارت کی جاہی اور سوداگری کی جتنی کشتیان اس
صوبے مین داخل ہوتیان اسی جگہہ پر ٹھہر کر محصول
ادا کرتیان ہین اور اوسکی اطراف کی سرزمین کی
زرخیزی اکثر شہرون مین قریب و دور مشہور ہی اور
اصناف میوجات و انواع پھل پھلاری کی یہان کثرت ہی
خصوصاً نارنج و چکوترا جب پھولتا ہی اہتزاز سے نسیم
سحری کے رایحہ خوش اوسکا اطراف و اکناف
مملکت مین کوسون تک پہنچتا اور دماغ خلایق کو معطر
رکھتا ہی یہان کے پہارون مین ایک قوم وحشیون کی
بود وباش کرتی ہی اونکے عادات وحرکات و شکل
و شباہت مین شہر والون سے بہت مبانیت
و مغایرت ہی وآہوان مشک یہانکے پہارون پر پیدا

ہوتے اور نمک کے چھ بچے بھی وہین پر جا بجا کھودے جاتے ہین اور ہزارون من نمک حاصل ہوتا ہی *

لون نکان فو کا شہر اس صوبے مین اوس ناکے پر ہی جہان سے اون تاتاریون کی یورش کا خطر شام و سحر بل آٹھون پہر رہتا ہی جو تبت بزرگ کے قرب و جوار مین رہتے ہین اس سبب سے اِسکے قریب کئی مستحکم قلعہ حفاظت مملکت کے لئے بنے ہین اور اوسکے قریب چی سی ان کے شہر مین ہیا کے شاہی خاندان کا بانی مبانی فغفور یو پیدا ہوا تھا اور جسدم اس شہنشاہ عالی وقار کی کیفیت لکھی جائیگی پڑھنے والے یہی کہینگے کہ ایسے شہنشاہ عاقل و مدبّر کے پیدا ہونے سے بنیاد خطا کو ایسی پایداری ہوئی کہ آجتک پایدار ہی شاید بقاے زمانہ تک رہیگی *

لواقعہ

از قدوم ہمچو شاہ با فرین گشت ظاہر در جہان بنیاد چین
از کمال دانش و تدبیر شاہ در خطا آمد پدید این پایگاہ

تا ابد باقی بماند لازوال شاید این تقدیر رب ذوالجلال
شوکت جمشید و فرّ کیقباد وقت کیخسرو شه والا نژاد
پاکی وداد شه نوشیروان تازه بودی وقت عدلش اینچنان
دولت پرویزان شاه شهان باد گشت و نیست زان دولت نشان
گر کسی جوید از انشاهان خبر کی تواند یافت از فانی اثر
ملک شان برباد گشت و دور شان لیک قایم هست چین تا این زمان

کیانتن چو کا شہر اس طرح پر مثل جزایر کے واقع ہی کہ ہر پہلو پر یا تو دریا یا جھیل یا ندّی ہی اور جہان کی سرزمین ایسی شاداب و سیراب ہووے اوسکی زرخیزی مین کون گفتگو کر سکتا ہی سب قسم کا اناج مہیا علی الخصوص چاول افراط سے پیدا ہوتا اور یہان کے متصل پہارون پر اہوان مشک بیشمار ملتے ہین *

لواقمہ

اہوان مشک رہتے ہین مدام کوہسارون پر یہانکے لاکلام
کرتے ہین اونکو شکاری صید جب نافہ ہاے نغز پاتے ہینگے تب

لیوچو کا شہر تجارت گاہ عظیم ہی اور اسکے قریب ایک بہت بلند پہار پاؤ کہلاتا ہی مشہور ہر جگہہ

یہہ ہی کہ آدمی کو کیسی ہی تپ ہو اوسپر چڑھنے سے ہوا اوس بلندی کی ایسی موافق مزاج ہوتی ہی کہ چار پانچ پہر مین تپ چھوٹ جاتی اور پھر نہین آتی ہی اس سبب سے جس شخص کو یہہ مرض لاحق ہوتا ہی وہان جاکر شفا پاتا ہی *

لراقمہ

نسیم موافق سے اُس کوہ کے رہین دور سب تپ کی اندوہ سے
ہوا اُوسکی ہی خوش زباد شمال ہوا کیا ہی وہ ربکی فضل کمال
بہے ہر طرف فضل حق باد ہو رہین اوسّے بیمار سب شاد ہو
خدا کی عنایت ہوئی جب عیان ہوئی یہہ ہوا رشک باد جنان
ہوا چون نسیم سحر دلکشا ہوا چون دم عیسوی جان فزا

اس صوبے مین چار شہر ایسے ہین کہ فقط سپاہیون کی آبادی اون مین ہی اور رعایا وہان کی پشت بہ پشت سے فغفور کی فوج مین داخل ہوتی ہی اور تنخواہ کے ساتھہ زمین لاخراج بھی تھوڑی سی عنایت ہوتی ہی پر جب اونکی ضرورت فوج مین ہوتی ہل کو رکھہ کے تلوار اوٹھا لیتے ہین اور ایام صلح مین اپنے گھر

چلے جاتے اور فغفور کے حق مین بیٹھے ہوئے دعا دیتے ہین
اور جب طاقت جسمانی اور جلادت باطنی سے وہ
سب معطل ہو جاتے ہین اونکے اہل و عیال کی گذران
کے موافق سرکار فیض اثار سے زمین ملتی ہی *

ان چار شہرون کے سوا اس صوبے مین اٹھائیس
شہر چھوٹے بڑے ہین اور دو کرور ستر لاکھ باشندے
ہین بعد وضع اخراجات نظامت و دیوانی کے ایک
کرور نوے لاکھ بیس ہزار روپیہ بابت خراج زمین
اور نوے ہزار روپیہ بابت محصول اجناس تجارت
فغفور کے خزانے مین سالانہ داخل ہوتا ہی *

تیرھوان باب

کوان نان کے صوبے کے بیان مین

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ایک سو گیارا
برس پیشتر اس صوبہ مین بادشاہ سرخود تھا اور اوسکا
خاندان نان یو کہلاتا تھا فغفور چین کی کچھ ایسی پروا
اوسے نہ تھی کیونکہ اونکا ملک آباد اور خزانہ معمور رعیت
مرفہ حال افواج کثیر و بہادر تھے جب زمانہ اسطرح پر

اونکے ساتھ سیدھا تھا تو اگر وہ فغفور سے تیرھے رہے
اور اونکی اطاعت قبول نکئے حق بجانب تھا غرض سنہ
مذکور مین دن ادبار کے آئے فغفورھوانك تی برہم ہوکر
ایک فوج قہار دلشکر جرار بھیجکر اوس خانوادے کو
یکبارگی بنیاد سے ستاصل کرکے اوس ریاست کو
مملکت خطاکے شامل کیا اوس ملک مین بسبب
بعد دارالسلطنت اور محاصل بر و بحر کی کثرت سے
پایے تخت پیچین کے امراء کبار مین سے ایک شخص
عالی وقار معتبر و دیانت دار والا گہر اس صوبیکا عہدہ
جلیلۂ صوبہ داری مین مقرر ہوتا ہی اور جنس ملک مین
کہ یہہ صوبہ واقع ہی درجہ بدرجہ سمندر لے کنارہ تک
ایک قطع کوہستان اور ایکقطع میدان ہی اور پروردگار
کی ایسی عنایت ہی کہ اسکے دونو قسم کی سرزمین سے
بڑی امدنی ہی اور چونکہ سمندر اسکے تحت مین آیا ہی
یہہ بھی ایک محاصل کثیر کا باعث ہوا ہی اور زمین
کشتکاری کی اس قدر شاداب و سیراب ہی کہ
سال مین دو فصلین ہر اناج کی ہوتی ہین اور معادن سونے

و جواہر و تین و سیماب و تانبا و شورے کے پہاڑون مین
ہین سوا اس کے کوہستان کے جنگلون سے ابنوس
و صندل و کئی قسم کی خوشبو و قیمتی لکڑیان میسر ہوتی
ہین و سمندر مین گوہر پیدا ہوتا ہی اور مچھلیان اس
افراط سے ہین کہ باوجود اس کے کہ لاکھون ماہی گیر ہین
پر جالین کفاف نہین کرتیان اور ریشم و سوت و مصری
و نمک بھی بہت بنتا ہی الغرض جتنی چیزین امیر کی
خواہش آرام کے واسطے اور غریب کی رفع احتیاج
کے لئے ضرور ہین فضل ایزدی سے یہان سب
موجود ہین اگرچہ گرمی یہان شدت سے پڑتی ہی
مگر لطافت ہوا سے امراض متعددی نوادرات
سے اور باشندے یہانکے پر زور و قوی اور سال
دراز تک ساتھ صحت و سلامتی کے رہتے ہین
کوان چوفو کا شہر اس صوبہ کا پایے تخت ہی اور
فرنگستانیون کی اصطلاح مین کان تان کہلاتا ہی اور ایسی
تجارت گاہ عظیم شاید جہان مین کم ہوگی مشہور ہی کہ آٹھ
سارے آٹھ کرور مدوپیہ کے مال کی اس شہر سے

فقط فرنگستان کے ملکون مین رفتنی ہوتی اُن مین سے
صرف ایک رقم چاے کی کم و بیش پانچ لاکھ ستائیس
ہزار من ہی کہ ہرسال فرنگستان کو ارسال ہوتی اور معرض
بیع مین آتی اور وہان سے تین کروڑ کے اسباب
تجارت کی آمدنی یہان ہوتی ہی غرض کان تان کا شہر
ایک خطہ بزرگ و سواد اعظم ہی کہتے ہین کہ پندرہ
لاکھ آدمی مقیمان شہر سے اس جا پر بود و باش کرتے
سیواے اسکے موسم تجارت مین جب غیر ملکون سے
سفاین وجہاز کی امدنی ہوتی ہی تب کچھ تھکانہ نہین
کہ کسقدر خلقت اور کس کس وضع اور رنگ
و روپ کے لوگ یہان جمع ہوتے ہین جدھر نظر کیجیے
پہلو بہ پہلو فرنگی وحبشی خطائی و ملائی ہندوستانی و مغل عرب
و رومی دکھائی دیتے ہین گویا نوع انسان کا ایک باندھنو
دکھائی دیتا یا عالم زندگی مین حشر برپا ہوتا ہی اس
تاریخ کے ناظرین کی خدمت مین عاصی اور مقام پر
عرض کرچکا ہی کہ مملکت خطا کے اکثر بڑے بڑے
شہرون مین یہہ قاعدہ ہی کہ لکھا آدمی دریا مین کشتیون کے

اوپر رہتے ہین شہرکان تان مین بھی علی ہذا القیاس
اسیطرح پر ہی اور شہر کے سامنے چوراسی ہزار
سے زیادہ اوسیطرح کی کشتیان لگی رہتیان ہین
راوی کا بیان ہی کہ اگر کوئی شخص اندک فاصلہ سے
زمین کی طرف دیکھے تو سوائے جہازون اور کشتیون
کے بہ دریا نہ شہر معلوم ہوے اور اگر افق آسمان
کی طرف کوئی ملاحظہ کرے تو ستولون کی کثرت
کے باعث سے یہہ خیال ہوے کہ بڑے بڑے
صنوبر قد کشید و سر بفلک رسیدہ کا ایک کٹھرا درمیان
عرش و فرش کے بنا ہوا ہی اور جب شہر کے اندر
بازار مین نیا مسافر داخل ہوتا ہی تو اسقدر شور و غوغا برپا
رہتا ہی کہ کانون مین تالا لگ جاتا ہی اور ہر دوکانپر اتنی
چیزین نادر و کم یاب دکھائی دیتیان کہ آنکھین چوندھیا
جاتیان اور گھڑیون تکی لگ جاتی اور حالت سکتے کی
سی ہو جاتی ہی دوکاندار اس شہر کے ایسے خلیق
ہین کہ خواہ آپ کچھ اونسے خریدئے یا یونہین برائے
سیر جائیے لیکن اوبھگت کے ساتھہ آپکو وے بٹھائینگے

پنکھم جھلینگے چاے پلائینگے مٹھائی کھلائینگے پھولونکا گلدستہ
ہاتھہ مین دینگے اور جب تک آپ رہئے گا خاطرداری
مین وہ خطائی ہرگز خطا نکرینگے غرض تالیف قلوب کی
سب مراتب اہل خطا پرختم ہی اس جہت سے
جو شخص کہ بغیر قصد خرید یا فروخت کے یونہین تفریحاً
اونکی طرف جا نکلتا ہی تو ملاحظہ کے مارے بے کچھہ
نہ لئے نہین آتا اور اگر کوئی بیچیا خوب چکھی کرکے
یونہین اوٹھہ آیا تو اسے بھی تواضع سے رخصت کرینگے
اور یہہ اہل چین اوسکی خطاپر مطلق چین بجبین نہین ہونگے *
سرکین اس شہر کی پختہ وصاف و پاکیزہ ہین حالانکہ کثرت
خلایق اس قدر ہی کہ شانے سے شانہ چھلتا ہی اس
شہر کے کاریگر ایسے زکی اور زیرک ہوتے ہین کہ
فرنگستان کی مشکل صنعتون کو دیکھتے ہی اوسکی
مانند بنالیتے ہین اور جو تو تو اس صفائی سے کرتے ہین
کہ خود موجد کو اصل ونقل کی تمیز مین حیرت رہ دیتی ہی
اور چونکہ قبل اوس لڑھائی کے جو فیمابین خطائی وانگریز کے
واقع ہوئی تھی غیر ملک کے تاجرون کو نہایت حقیر یہہ

لوگ جانتے اور اپنے شہر کے اندر قابل رہنے کے نہین سمجھتے تھے
اس لئے فرنگستانی سوداگرون کی کوٹھیان شہر کے باہر
بنی ہوئی ہین جب سنہ اٹھارا سو بیالیس مین انگریز
کی فوج نے اس شہر کو محاصرہ کیا اور بیک حملۂ مردانہ
و جرأت تہمتنانہ سے اوس قلعہ پر جو حفاظت شہر کے
لئے تعمیر ہوا تھا اپنا نشان اڑایا افواج خطا اِنکی دلاوری اور
بہادری سے درکان ٹان کو چھوڑکر رجع القہقری اختیار کئے
اور پس پا ہوئے اگر کپتان الیٹ صاحب جو اوسوقت
کارگذار سرکار انگریز کے تھے چاہتے یا کہ دوسرے
سردارون کی بات سنتے تو انگریز کی فوج بخوبی شہر مین
داخل ہوتی اور اپنے قبضہ مین کرلیتی لیکن انھون نے یہہ نکیا
اور صرف ساتھہ لاکھہ دالر یعنے ایک کرور بیس لاکھہ روپیہ
من وجہ خرچہ زیرباری اس مقابلۂ ومعارکہ کے خطائیون سے
اقرار کرواکے لشکر کو شہر کے اندر جانے سے باز رکھے حقیقت
اس اجمال کا جلد دوم مین تفصیلاً بیان کیا جائیگا ان شاء
اللہ تعالیٰ کان ٹان سے چھہ کوس کے فاصلہ پر فوچان
کی بستی ہی۔ اور حالانکہ اوس مین کوئی دس لاکھہ

باشندے ہین اور بڑی تجارت گاہ ہی لیکن بسبب
چار دیواری نہ ہونیکے بخطاب شہر نامزد نہوئی کیونکہ خطا مین
قاعدہ ہی کہ جس جگہہ مثل قلعہ کے مورچے نہین ہوتے
اوسکو شہر نہین کہتے کان تان کے دریا کے مہانے پر بندر
مکاو واقع ہی اور یہہ جایداد قوم پرتکیز کی ہی اور اونہین
یہہ جگہہ فغفور نے عنایت کی تھی جب اونکی مدد سے
ایک سمندری ڈکیت کہ سخت موذی غارتگر تھا پکڑا
اور مارا گیا تھا دوسری روایت یہہ بھی ہی کہ اوس
جزیرے مین فقط ڈاکو بستے تھے اور فغفور نے پرتکیزون
کو اجازت دی کہ اونہین مار پیٹ کے نکال دین اور
آپ رہین بہرحال مکاو کا شہر اس قوم فرنگستانی کے
ہاتھ سے آباد کیا گیا اور اون لوگون نے اب یہان
نفیس نفیس حویلیان بنائین اور قلعہ بندیان کین ہین حاکم
اوس جگے دو ہوتے ہین ایک اہل پرتکیز اور دوسرا
خطائی لیکن بسبب نذر سالانہ جو چین کی سرکار مین
گذرانی جاتی ہی حکم حاکم پرتکیز کا جاری ہی چاوچوفو
دوسرا شہر اس صوبہ کا بہت آباد و زرخیز ہی لیکن

آب و ہوا آخر برسات مین ایسی بگڑتی کہ ہزارون آدمیون کو نقصان کرتی ہی اور شہر سے دیڑہ کوس کے فاصلے پر ایک خانقاہ لاماگرو کے پوجاریون کا ایک پہاڑ کے تیلے پر واقع اور سامنے ایک میدان مثل تختہ زمرد اور مرغذار مینو کے ہی اور اوسکی حد پر قطار پہاڑون کی جسپر درخت اقسام طرحکے قطار سے ساتھہ اس انداز کے لگائے گئے ہین کہ ہر قطار ایک دوسرے سے سیڑھی بسیڑھی بلند ہی اس لئے مدنظر جو خانقاہ سے ہوتی ہی آنکھون کو خنکی اور دل کو سیری اور دماغ کو طاقت اور مزاج کو فرحت پہنچاتی ہی اوس شہر کے توابع چھہ اور چھوٹے چھوٹے شہر ہین اون مین سے ایک کے قریب ایک قسم کی نسی سیاہ رنگ کی پیدا ہوتی ہی اوسسے کئی طرحکے باجے بنتے ہین آبنوس کے رنگ سے کچھہ فرق نہین ہی *

نان‌ہیانگ فو کا شہر بڑی تجارت گاہ ہی اور اوسکے اطراف مین ایک قسم کا پتھر ملتا ہی جسکی کلہاڑی

اور دوسرے آلات لکڑی چیرنے پھاڑنے کے بنتے ہین اور مثل لوہے کے یہہ پتھر تیز اور مضبوط ہوتا اور اُسی طرح پر کاٹتا ہی *

چاوکنگ فو کے شہر مین صوبہ دار صوبہ کوانگ تانگ اور کوانگ سی کا رہتا ہی اور اقسام طرح کی خوشبو اور قیمتی لکڑی اُسکے قریب سے کوہستان کے اطراف سے کٹ کے آتی اور بڑے داموں بکتی ہی کاوحوفو کا شہر بہت سیراب اور پرفضا جگہہ مین واقع ہی اوسکے اطراف مین ایک عجب طرحکا پتھر بہ قسم مرمر پیدا ہوتا ہی کہ اوس مین بذاتہ نقشہ دریاؤن اور پہاڑون اور باغون اور درختون اور پھولون کا بنا ہوا ہوتا ہی اور تکلف زیادہ تر یہہ کہ جس چیز کی صورت بقلم قدرت کھینچی ہوئی ہی اوس مین ہر چیز کی مناسب رنگت ظاہر ہی اوس پتھر کی بڑی قیمت ہی اور امرا کے یہان اوسسے میز بنائی جاتی ہی *

لراقمہ

منقش یکی مرمر آید پدید بنقشی کہ بر نقش چین خط کشید

در و نقشه باغ و فصل بهار شگفته گلان هر طرف صد قطار
درختان خوش قامت و سر بلند بدیدن همانا بسی ارجمند
در و نقشه کوه و بحر دراز منقش شد از قدرت بی نیاز

اور اسّے ظرفہ تر ایک قسم کا کیکڑا جو یہان سمندر کے کنارہ پر پکڑا جاتا ہی اور حال اوسکا یہہ کہ جو ہین پانی سے نکلتا پتھر ہو جاتا ہی اور گوشت پوست وغیرہ سب مین خاصیت سنگ نمود ہوتی اور ہوا یہہ تاثیر پیدا کرتی ہی *

لراقمہ

چو سرطان برون آید از قعر آب ہوا چون خورد سنگ گردد شتاب
کہ چون سنگ خارا شود گوشت او ہمان استخوان و ہمان پوست او
کہ آگاہ بذ زان بہندوستان نہ حالش نوشتہ کس از پاستان
مورّخ بسی زیر گل خفتہ اند بملکب عدم بی خبر رفتہ اند
کنون کاکرن گفت حالش تمام خدایا ورا کن بسی نیک نام

لین چوفو کا شہر قریب سمندر کے ہی اور کچھوے بہت بڑے بڑے یہان پکڑے جاتے ہین اور اونکی کھوپری سے کھلونے اور کنگھیان اور بہت سی

اچھی اچھی چیزین خطائی بناتے اور بیچتے ہین اور گوہر یہان
پیدا ہوتا ہی ایسا کہ تمام مملکت مین پسند کیا جاتا ہی
ھنی نان کا جزیرہ اس صوبے کی تحت مین داخل ہی
اور کین چوفو شہر اکبر اوس جگہہ کا معقول تجارت گاہ
ہی اور خطائی سوداگر کان تان کے وہان جاکر خرید فروخت
کرتے ہین تیرہ شہر اس جزیرے مین ہین اور اوسکی
دو سو چالیس کوس کے دایرہ مین اتنا محاصل ہی کہ
سارے صوبہ کا مقابلہ یہہ اکیلا اگر کرے تو شاید سبقت
لیجاے درمیان اس جزیرہ کے کوہستان ہی اور
وہان ایک نیم وحشی قوم رہتی ہی جو نہ فغفور کو خراج
دیتی نہ اوسکا حکم مانتی ہی اور قدیم الایام مین سارے
جزایر پر اونکا اختیار تھا لیکن جب خطائیون نے چڑھائی کی
میدان مین فغفور کی فوج کا مقابلہ پہہ لوگ کرنہ سکے تو کوہستان
مین جا چھپے اور وہان کی گھاتی کو ایسا روکا کہ لشکر
سرکار وہان داخل نہ ہو سکا لیکن اگلے دنون مین
یہہ لوگ سال بھر مین دو دفعہ پہاڑون سے اُتر کے ایک
جاے مقرر پر سونا اور صندل اور انواع طرح کی قیمتی

چیزین لاتے اور خطائی سوداگرون سے کپڑے کے عوض
دے جاتے اور یہان تک وے صادق القول تھے کہ خطائی
سوداگر بے اندیشے اپنا مال اونکو دیتے کچھ خیال مال نکرتے
اور وے روز مقرر پر بے ایک ساعت کے کم وبیش
وہان پھر جاتے اور جس چیزون کی فرمایش تھی
جسکے عوض کچھ انھون نے لیا تھا موافق قول کے رتی
رتی پہنچا دیتے تھے یہہ ایک دلیل منجملہ ہزار دلایل سے
ہی کہ بیابانی اور دیہاتی آدمی اکثر با ایمان ہوتے ہین
الغرض صوبہ دار کو انّان اور اونکے افسرون کو فایدہ کثیر کا
موجب اونکا کاروبار تھا مگر فغفور کان ھئی نے فرمان
قضا تواماں جاری کیا کہ اگر کوئی شخص اون وحشیون
سے اتفاق رکھیگا بیشک قتل جائیگا اور مطلب اونکا
یہی تھا کہ کپڑے کی حاجت اون لوگون کو شہر کان قان
مین لے ائیگی اوسوقت کچھ خراج کا اقرار کروایا جایگا
لیکن انھون نے اپنی سرخودی کو فغفور کی تابعداری سے
بہتر سمجھا اور زیادہ تر کشیدہ خاطر ہوے اسوقت سے علانیہ
تجارت نہین ہونے پاتی مگر اوستاد سب کب چوکنے

والے ہین وے اپنا کام کرہی لیتے ہین اور چوری سے منفعت کثیر کھینچتے ہین اوس جزیرے کے باشندے نہایت بدشکل اور پست قد اور تانبے کی رنگت کے ہوتے ہین اور ایک نیلگون چادر کمر سے گھٹنے تک پہنتے اور باقی جسم کو برہنہ کئے رہتے ہین اور ستورات بھی اسیطرح کی پوشاک پہنتیان ہین اور نیل کے گودنے آنکھ سے ٹھڈھی تک گداتیان ہین *

سینتیس شہر اس صوبہ مین ہین اور دو کروڑ دس لاکھ باشندون سے زیادہ اسکی حدود معینہ مین بود وباش کرتے ہین اور بعد وضع اخراجات نظامت اور دیوانی بیالیس لاکھ دو ہزار چارسی چھیانوے روپیہ بابت خراج زمین اور ڈیڑھ لاکھ بابت نمک اور پچاس ہزار بابت محصول اجناس تجارت بطور پیش انداز فغفور کے خزانے مین اس صوبے سے جاتا ہی *

چودھواں باب

کنواسی کے صوبہ کے بیان مین

یہہ صوبہ ممالکت خطا کے اور صوبون کے مقابل مین

چھوٹا سمجھا جاتا ہی اور نہ اونکی طرح یہہ وسیع اور نہ زرخیز ہی کیونکہ قریب نصف ملک پہارون اور جنگلون سے آباد یعنے برباد ہی لیکن باایںہہ کشتکاری بفضل جناب باری خوب ہوتی ہی اور اس قدر شاداب اور سیراب دریا اور نہرون سے ہی کہ اوسکے محاصل سے بعض بعض ایام مین کوانک تانک کے صوبہ کو فیض پہنچتا ہی ورنہ اوس ولایت مین خرچ چاول کا بسبب کثرت باشندون کے بہت ہی اور اوس جنس کی پیدایش اوس قدر نہین کہ کفاف کرے کوانك سی کے پہارون مین معدن سونے اور چاندی اور تانبے اور تین کے ہین اور ایک قسم کا درخت اس سرزمین مین ہوتا ہی جسکے گودے سے لوگ روٹی بناتے اور کھاتے ہین اور مشہور ہی کہ نان گندم کا مزا دیتی اور کمال مفید ہوتی ہی درندے جانور یہان ہین اور گینڈا بھی کبھی کبھی دکھائی دیتا ہی اور اقسام طرح کے خوشرنگ اور خوش آواز پرندون سے جنگلون مین شادی سدا مچی رہتی ہی *

لراقمہ

خوشا بیشہ دران روی زمین است چہ بیشہ رشک فردوس برین است
دران مرغان خوشرنگ ہوائی ز اہنگ و نواجان در ربائی
تعال اللہ ز مرغان نواساز صدای ارغنون گوئی در آواز
چو مطرب در طرب بانغمہ و ساز بہ بزم آشیان بنشستہ طناز
یکی منقار را بلبان نمودہ زصوت بیخودی سامان نمودہ
یکی چون بار بد در نغمہ سازی دل صاحبدلان ارد ببازی
ہزاران باہزاران ساز درساز کہ چون داؤد گشتہ نغمہ پرداز
اگر ارباب وجد انجا نشینند گلان از گلشن وحدت بچینند

کوئی لین فو پائے تخت اس صوبے کا ایک پھول کے باعث سے نامزد ہوا اور کوئی کا جنگل اس شہر کے نام کا ترجمہ ہندی مین ہی اور اس شہر کے اطراف مین افراط سے ہوتا ہی اور اوسکی خوشبو کو ایسی قدر تیزی و پایداری ہوتی ہی کہ ساری سرزمین کوسون تک معطر رہتی ہی *

خصوص ایک پہاڑ بہت بلند عین شہر کے کونے پر اس پھول کے درختون سے بھرا ہوا ہی اور

اوس کے بسبب منزلون تک بو جاتی ہی ایک عالم کا دل و دماغ کو قوت بخشتی ہی *

لواقمہ

زمین است ازگل کوئی گلستان — چہ در فصل بہاران وزستان
خزان در پیشگاہش زرد روئی — نسیم از خدمتش فرخندہ خوئی
زطرفش چون وزد باد بہاران — معطر دشت گردد ہم بیابان
چو روئی مہ جبینان در طراوت — بنصارت بخشش در چشم بصارت
سحر چون چاک گرداند گریبان — بلند گردد صدای عندلیبان
یکی پران و گریان در چپ و راست — دگر اندر طپیدن بی کم و کاست
یکی مجنون گشتہ لیلئ گل — یکی در کوی الفت پای در گل
ولیکن ہست نزد شہر یک لوہ — فلک از عظمتش گشتہ دراندوہ
زدامن تا بفرقش آشکارا — کشاید گر کسی چشم نظارا
گل کوئی در و صد جا شگفتہ — رخ خود زاب شبنم پاک شستہ
نکند معلوم کو کوہی ست ازگل — تعالی شانہ پذرفت منزل
کہ چون پیک نسیم صبحگاہی — بعزم سیر گہ گردد چو راہی
زمین تا آسمان گردد معطر — دماغ زہرہ گردد عطر ساتر
اس دیار مین چریان ایسی خوش رنگ ہوتیان کہ

خطائی ایک قسم کا ریشمی کپڑا اونکے پرون سے
ملاکر بناتے ہین اور اونکی خوش رنگی اور چمک دمک
کے سبب سے اوس کپڑیکو جلا ہوتی ہی یعنے
اس ترکیب سے خطائی اون پرون کو داخل کرتے
ہین کہ لال و زمرد سے زیادہ زینت پوشاک کو حاصل
ہوتی ہی لیوچوفو کے شہر کے قریب پہاڑون
مین جڑی بوٹی بہت طرح کی پیدا ہوتی ہی چنانچہ اس
صوبہ کے تمام اطبا یہین سے دوائی منگاتے ہین
ایک جھیل اطراف مین ہی وہان بنگلے ایسے
ستھرے نفیس بنے ہوئے ہین کہ دیکھنے والے کی
طبیعت نہایت فرحت پاتی ہی اور عیش و عشرت
کے سامان بے پایان ہر دم یہان مہیا رہتے ہین اور
قاعدہ یہہ ہی کہ تمام روز چھوٹے بڑے دنیا کے کار و بار
مین مصروف رہتے ہین اور شام کو یہان آکے
استراحت کرتے ہین *

پین لوفو کے شہر کے قریب اوس موم کی
بڑی پیدایش ہوتی ہی جسکا ذکر قبل اسکے عاصی کر چکا

کہ پیلا کھلاتا اور بے دھوان کئے جلتا اور بہت سی صفتون سے موصوف ہوتا ہی اور سوا فغفور کے خاندان کے دوسری جا صرف نہین ہوتا *

چونکہ اوچوفو کے شہر مین کئی دریا ملے ہین تجارت یہان اچھی ہوتی ہی اور وہ درخت جس کے گودے سے روتی بنتی ہی اس شہر کے قریب بہت ہوتا ہی اور درندے جانور مثل شیر گینڈا وغیرہ اطراف کے جنگلون کو آباد رکھتے ہین خصوص ایک ذات کا میمون بہ قد آدم اور شکل پیر مرد یہان ملتا ہی اور اوسکی لنبی زرد داڑھی اور آواز عورت کی سی ہوتی ہی *

چین چوفو کے شہر کی سرزمین پر ایک قسم کی گھاس پیدا ہوتی ہی جسے خطائی کپڑے بناتے اور ریشم سے زیادہ داموں کو بیچتے ہین وصف اوس مین یہہ کہ ریشم سے مضبوط و مہین ہوتا ہی اور اوس رنگ مین ایک عجیب و غریب نزاکت و ملاحت پائی جاتی ہی جگہہ بجگہہ اس دیار مین ایک قسم کی مٹی ملتی ہی جسکی خاصیت زہر مہرے کی ہی

اور جتنے اقسام سم کے ہین خواہ وہ معدنی خواہ حیوانی
خواہ نباتاتی سے ہون سب کے لئے اوسسے
بہتر تریاق خطائیون کے تجربے مین آج تک نہین آیا
حالانکہ کوئی تریاق ایسا ہوتا ہی کہ صرف ایک قسم
کے سم کو کھینچتا اور اگر زہر معدن کو مارتا تو زہر نباتی مین
اوسکا استعمال مفید نہین ہوتا اور علی ہذا القیاس بعض
تریاق فقط زہر حیوانی مین کارگر ہوتا اور معدنی اور نباتی کو ضایع
نہین کرتا لیکن اس زرد مٹی کے آگے کوئی زہر نہین
ٹھہرتا پس اوسکو محافظ جان انسان وحیوان نامزد کیا چاہئے
اور یہہ بھی مشہور ہی کہ جس شخص کی آنکھ مین
موتیا بن کا آزار ہی اس مٹی کے استعمال سے
فایدہ پاتا ہی *

لراقمہ

اگر کیمیا گویم این خاک را زناپاک تشبیہ دہم پاک را
ہمی یاد دارم من این داستان ہمانا کہ از گفتۂ پاستان
یکی کور در رہ نشستے مدام کہ در دور عیسی علیہ السلام
چو بگذشت یکروز روح الہ بنزد ہمان کور حالت تباہ

بدو گفت عیسیٰ علیہ السلام چہ خواہی بیان کن بشرح تمام
بگفتا کہ من چشم خواہم ہمی مراد خود از تو بجویم ہمی
چو بشنید عیسیٰ فرخ سیر بسی مہربان شد بران بی بصر
زلب کرد خاکی ہمانوقت تر بمالید در چشم آن بی بصر
ہمانوقت آن کور بیننده شد ستایش کن آفریننده شد
ببادی کہ شاید در انجا وزید ازان خاک بہری در ینجا رسید
زیمن ہمان خاک پر مکرمت شد این خاک چین کیمیا خاصیت

ایک قسم کی لکڑی چولہا لکڑی خطائی زبان مین کہلاتی اس اطراف مین پیدا ہوتی ہی اور جتنی خاصیتین لوہے کی ہین سب اوس لکڑی مین پائی جاتی ہین چنانچہ رنگت اور وزن اور مضبوطی لوہے کی سی ہوتی ہی اور پانی مین ڈالتے ہی مثل لوہے کے فوراً تہ زمین تک بیٹھ جاتی ہی اور جتنے کام لوہے سے نکلتے سب اوسسے حاصل ہوتے ہین بلکہ لوہے سے شریف تر یہہ لکڑی معلوم ہوتی ہی کیونکہ اوسکو توتنے اور جھکنے کا خوف ہوتا ہی مگر یہہ لکڑی کسی حالت مین خطا نہین کرتی اور خطائی جہاز کے لنگر اسی سے

بنائے جاتے ہین ایک وحشی جانور مثل گاے کے
یہان جنگلون مین پیدا ہوتا ہی اور سینگ اوسکا
ہاتھی دانت سے زیادہ سپید ہوتا ہی کہتے ہین کہ
نمک کا یہہ ایسا عاشق ہی کہ شکاری جال مین
نمک کی ڈھیری رکھہ دیتے ہین اور وہ چاٹ سے
چلا آتا اور پھنس جاتا ہی جو مصرف کہ ہاتھی دانت کا
ہوتا ہی اس جانور کے سینگ سے نکلتا ہی اور
اس لحاظ سے ڈھونڈہ ڈھونڈہ کر ہلاک کیا جاتا ہی *

نان ین فو کے شہر کے قریب جنگلون مین ہاتھی
دکھائی دیتا ہی خطائی اوسے گرفتار کر کے سدھاتے
ہین اور لڑائی مین دشمن کے پامال کرنے کے لئے
دانون پیچ سکھاتے ہین گویا حیوان کو انسان بناتے ہین
ایک ایسی بڑی ذات کا سانہی اس جگہہ ملتا
ہی اور کانٹے اوسکے اتنے لمبے اور تیز ہوتے کہ
جب وہ جانور غصہ مین اکر اونہین چھوڑتا ہی تو تیر تیز
پیکان از زہ گذشتہ کا جواب دیتا ہی اس ملک
مین مرغ کی قسم سے پرندہ ہی جو اکثر ایک

پیز مثل سوت کے لچھے کے اگلتا ہی اور صورت
و ماہیت اوسکی روئی کی سی ہوتی ہی یہان تک
کہ خطائی اوسکو صرف مین لاتے اور جالی کی انداز کے
کپڑے نہایت تحفہ اوسّے بناتے ہین الغرض
انتھائیس شہر اس صوبہ مین ہین مگر ذکر اونہین کا
کیا گیا جسکے اطراف مین کوئی چیز ایسی ہی کہ اوسکا
بیان ضرور تھا تاکہ ارباب تواریخ کے ملاحظہ سے کوئی
نکتہ نہ چھوٹے ایک کرور باشندے اس صوبہ مین
ہین اور بعد وضع اخراجات نظامت و دیوانی کے
چھ لاکھ ننانوے ہزار چار سی بہتر روپیہ داخل خزانہ کے
ہوتا ہی *

پندرھواں باب

ین نان کے صوبہ کے بیان میں

دو ہزار برس سے زیادہ ہوا ہوگا کہ اس صوبہ کا پادشاہ جو
سر خود تھا سر کیا گیا اور سلطنت خطا کی تحت مین یہہ
داخل کیا گیا بزور شمشیر اوس فغفور کے جسنے دیوار خطا کو
تاتار کی یورشون کے سبب سے بنوایا اپنے خانوادے کا وہ

بانی تھا اور ایسا ہوا کہ دنیا مین گنتی کے کئی شخص اوس
انداز کے گذر چکے ہین لیکن اوسکی بات اوسی تک
رہی اور بعد اوسکے جو ہوے کپوت نکلے اور اونکے
راج مین اس صوبہ کے لوگون نے بل کر کے حلقہ
اطاعت کا گردن سے نکال ڈالا اور بدستور سابق
خود مختار ہوگئے غرض چونکہ ستارہ اونکے اقبال کا
غروب ہوچکا تھا یہہ چاندنی صرف چار دن رہی اور فغفور
هان اوتی نے دوبارہ اس صوبہ کو ایسا سر کیا کہ
اوسنے پھر سر نہ اٹھایا اور مملکت خطا کے اور
صوبون کی مانند اوسمین ناظم رہنے لگا * اس صوبے
کے باشندے بہادر اور قوی ہوتے اور جنگ کی
طرف یہان تک مایل بدل ہوتے ہین کہ ہاتھیون
کو لڑائی کے اداب سے واقف کرتے اور غنیم کی
صفون کو پامال کرنا سکھاتے ہین لیکن جب اونکے
ساتھ کوئی شیر دشکر کی طرح ملتا اور بطون سے آگاہ
ہوتا ہی تو مثل اور بہادرون کے اونکو بھی خلیق اور
سلیم الطبع اور خوش مذاق پاتا ہی علم کا بھی اونہین

شوق ہی اور اکثرون کو سواد معقول حاصل ہوتا ہی
چونکہ ہندوستان کے قریب یہہ صوبہ واقع ہی باشندون
کی عادتین خطائیون کے خلاف ہنود سے ملتی ہین ایک
یہہ کہ اکثر پرگنون مین مردون کو جلاتے اور رسم خطا کے
موافق دفن نہین کرتے ہین اور دوسرا دستور یہہ کہ
عورتین باہر نکلتیان ہین اور مثل اور صوبون کی ستورات
کے نہ پردے مین رہتیان نہ اغیار کو دیکھ کے چھپتیان
ہین اور قدیم الایام مین یہی دستور ہند مین بھی تھا جب
اسلام نے رواج نہین پایا اور اب تک جہان ہنود کی
کثرت اور مسلمانون کی قلت ہی یہہ دستور قدیم
بالکل متروک نہین ہی * اس صوبہ کو خطا کے زرخیز
صوبون کے شمار مین لانا چاہیئے کیونکہ ہر طرح کا اناج یہان
افراط سے پیدا ہوتا اور سستا بکتا ہی سونے کے
معادن اتنے ہین کہ گنتی نہین مگر کوئی کھودنے نہین پاتا
سوا ہیرے کے اور سب جواہر یہان میسر ہین اور نیلم
اور اشہب کی افراط ہی موتی سمندر مین پیدا ہی
اور مشک میدانون مین ملتا ہی اور گوند کے اقسام

جنگلون مین اور کئی طرح کے کان مرمر کے اور معدن تین
اور تامبے کے ہین اور عنبر سرخ پہارون مین ہی الغرض
خدا کی عنایت بیغایت سے نفس حیوانی اور نباتی اور
جمادی کو ہر طرح سے یہان ترقی ہی اور خطا کے تمام
قلمرو مین اس صوبہ کا ایسا نام پھیلا ہوا ہی کہ آپس
مین خطائی جب ہنستے ہین اور کسی مغرور یا طالعور کو
بناتے تو یہہ فقرہ خواہ نخواہ چھوڑتے ہین کہ شاید آپ
کے والد کو فغفور کی حقیت صوبہ بین نان مین حاصل
ہی القصہ تجارت اس صوبہ کی بہت چمکی ہوئی
ہی *

ناظم اس صوبہ کا شہر ین نان مین رہتا ہی حالانکہ
اس پاے تخت کو تاتارون نے کئی بار لوٹا اور
تاراج وپامال کیا لیکن اتنی بات ابتک باقی ہی کہ
طول و عرض اور آبادی اور عظیم الشانی اور تجارت
اور زرخیزی مین خطا کے بڑے بڑے لق و دق
شہرون کی برابری یہہ کر سکتا ہی نہرین ہر محلے
مین ملبب اور تمام شہر مین مال کی نادین رہیان

ہین اور اطراف شہر باغون اور کھیتون سے آباد
ہی اور حوالی شہر ہین نان مینو سواد ہی آب
و ہوا نہایت لطیف و دلکشا ہی جدھر دیکھئے پر فضا
ہی *

لراقمہ

لطیف ودلکشا آب وہوائی مبارک منزلی فرخندہ جائی
بہار اینجا کمر بستہ مدام است خزان زرد رو راندہ غلام است
نسیم صبحگاہی در وزیدن زردی غنچہ برقہ در فگندن
شگفتہ گل چہ در دشت وچہ بستان چو روی مہ جبینان عین خندان

اس دیار مین گھوڑے قدون کے چھوٹے مگر
آفت کے پرکالے اور حدّت و چالاکی مین مثل آگ کے
شرارے پیدا ہوتے ہین اور انکی بھی سوداگری معقول
ہوتی ہی پہاڑون مین کئی کانین ایک قسم کی مرمر
کے ہین جسکا سنگ ایسا خوش رنگ ہی کہ
اوسکے مشاہدہ سے رنگ نقش و نگار تختہ ارزنگ
دنگ ہی یعنے ہر تختہ مین گل کاری جھاڑ بوٹے اس انداز
سے بناتے ہین کہ مصور کے ہنر کا گمان لوگ لیجاتے اور

یکایک نہین پہچانتے کہ وہ نقش کاری اوسی مصور حقیقی
کی ہی جسنے جمیع ممکنات کی صورتین فطرت
اولی کے وقت اپنے علم کے احاطہ مین لاکر مطابع ابداع
سے سبکو ظہور بخشا غرض یہہ قسم مرمر کی اس قدر
خوش نگار ہی اور اوس کے یہہ بہار ہی کہ گل بوستان
کو اوسے خار ہی اور کونسا شخص ہی کہ کچھہ بھی
جسکی زبان طرّار ہی جو اس مرمر کو دیکھے اور مرمر کے
بھی تعریف نہ کہے الغرض اسی پتھر کا حال باب سابق
مین تحریر پایا ہی اور اسکی خرید فروخت مین بہتون
کی مایہ ہی اور نیلم کے کئی معدن پہارون مین ہین *
ٹالی فو کا بھی شہر غدار اور عظیم الشان ہی
اطراف کی سرزمین زرخیز اور دریادن سے سیراب
ہی پہار تلیون مین اور اکثر کنکریلی جگہون مین چاے
کی بہت پیدایش ہی اس شہر کی پچھم طرف
ایک پہار جسکی جڑ پینتالیس کوس کا دایرہ رکھتی واقع
ہی اور اوسکی سترہ چوٹیان بادلون مین چھپی رہتیان
اور آسمان سے باتین کرتیان اور اونکے بیچ ایک جھیل

اس قدر گہری ہی کہ تھاہ اوسکی اجتک نہین ملی اور
اوس پہاڑ مین اوسی مرمر کے بہت سے کان ہین جسکا
مذکور مولف کر چکا ہی کہ خود بخود اوسکا عالم تصویر کا
ہی اور جسکی تعریف باہر از تحریر و تقریر ہی چاوہین فو کا
شہر اس صوبہ کے بیچو بیچ مین واقع ہی ایک پہاڑ
اسکی پچھم طرف پر ایسا خوبصورت ہی کہ
ہر صاحب مذاق کو اسکے بیان سے عجب طرح کی
ایک فرحت حاصل ہوویگی اور عوام الناس پر بھی
اوسکی کیفیت بے لطف نہین سمجھے جاویگی بذاتہ
اس پہاڑ پر بجز سبز دوب گھاس کے جنگل اور درخت
نہین ہوتا اور زمین سے تا بہ پھننگ بارون مہینا یہہ
سبزہ لہکتا رہتا ہی اور سو فوارون سے سونا لے
پانی کے سو طرف سے بہا کرتے ہین اور اوس
سبزے کے درمیان سے ان نالون کا بہکے نیچے انا
ایسا معلوم ہوتا ہی کہ گویا سارا پہاڑ ایک ٹکرا زمرد کا
ہی اور چاندی کے معدن اندر سے پگھل کے سو جگہہ سے
پھوٹ کے بہہ نکلے ہین اور اپنا مرغ دل تو یہی چاہتا

ہی کہ اگر پرہو دین تو اوسی جا پر اور جائے اور وہان
نان خشک پر اوقات بسر کیجئے اور دوسری جگہہ
کے عیش وآرام پر اوسکو فوقیت دیجئے اور اگر
موت آوے تو دوستون کو وصیت کر کے وہان
مدفون ہوجئے کیونکہ وہانکی نیند خواہ نخواہ تھندھی اور میٹھی
ہوگی کہ سرہانے اور پایینتی سبزہ لہکتا ہو اور پھولون
کی خوشبوئی سے مہکتا ہو اور دونون پہلو پر جھرنا آب
خوشگوار کا بہتا ہو *

لواقمہ

زمین ہی روضۂ فردوس اکبر پہار سر بچرخ ہیگا اوسی پر
لباس سبز پاسے اوسکے تا سر طراوت اوسکی ہی اللہ اکبر
روان ہی سرسے اوسکے آب روشن کہ چون سیم گدازان تابدامن
صفای آب چون مہتاب تابان وپاہی چشمۂ خورشید رخشان
صدای آب کہتی ہیگی دایم رموز کردگار حی و قایم
اگر رضوان یہی گلشن کو پاوے گلستان ارم کو بھول جاوے

چین کیانگ فو کے شہر مین سوتی قالینین بہت
تحفہ بنتیان اور گران قیمت کو بکتیان ہین اس

شہر کی چارون طرف بہت تالاب اور جھیل اور ندیان ہین اور اون مین اقسام طرحکی مچھلیان ہین خصوص ایک جسکے پتّے سے کھجلی کی دوا بنتی ہی اور روایت یہہ ہی کہ جو استعمال یکدفعہ کرے اوسکو تمام عمر کھجلی اور امراض جلدی نہین ہوتے ہین *

مون ہوافو کے شہر کی گرد جسقدر آہوے مشک ملتے اوتنے اور کسی صوبہ مین نہین ہوتے ہین اور اس جہت سے یہان کے لوگ نافہ سے نفع بہت کرتے ہین تھوڑی دور اس شہر کے اوتر پر ایک پہاڑ اس بات کے لئے مشہور اور خطائیون مین بلقب گوش فلک معروف ہی اور حال وہانکا یہہ ہی کہ اگر اوسپر کوئی شخص چڑھ کر نہایت آہستگی کے ساتھہ ایک نقط زبان سے نکالے تو اس صفائی کے ساتھہ اوسکی صدا کان تک پھر آتی ہی کہ خود بولنے والے کو حیرت ہوتی ہی کین تان فو کے شہر کی چارون گرد پہاڑ ہین جس مین کئی معدن چاندی کے ظاہر ہوئے ہین یہان کے باشندے بہت سے

عادات مین خطائیون کے خلاف اور پیگو کے لوگون کے موافق ہین کیونکہ پیگو کے ملک سے اونکا ملک متصل ہی یان نین فو کے شہر کے اطراف مین اوس ذات کی نیل گاو کی پیدایش ہی جو تبت بزرگ مین بہت ہوتا ہی اوسکی دم گران بہا آتی ہی اور خطائی اوسے نشان مین لگاتے اور خود مین پہنتے ہین اور اوس کی پشم کی قالینین اور ایک قسم کا پشمینہ بہت خوب بنتا ہی اور ملبوسات مین صرف ہوتا ہی خاصہ اور بھی ایک اوسکا یہہ ہی کہ پانی مطلق اثر نہین کرتا *

شہر یانگان فو کا آہوے مشک کی کثرت کے باعث سے مشہور ہی اور ایک چشمہ نا شور پانی کا کوہستان کی طرف ہی جس مین تمام صوبہ کے خرچ کے موافق سپید نمک پیدا ہوتا ہی *

ہوکین فو کے شہر مین قالینین بہت نفیس بنتیان اور اطراف مین آہوے مشک کی کثرت ہی اس شہر کے رہنے والے قوی ہیکل اور بہادر بے بدل ہوتے ہین برخلاف اور خطائیون کے جو بے چھاتے اور

پنکھے کے کبھی گھر سے باہر نہین نکلتے یہہ لوگ اوسکے
عوض تیر اور کمان اور تلوار ہروقت باندھے رہتے ہین
اس شہر کی تحت مین ایک پہاڑ ایسا ہی کہ جڑ
سے چوٹی تک گویا سونے کا مینار ہی یعنے یہانتک
اوس مین معدن طلا ظاہر ہوتے ہین کہ اوسکو سونیکا پہاڑ
کہنا یا بادشاہ جن کا دفینہ قرار دینا زیادہ مبالغہ نہین ہی *
لی کیان فو کا شہر تبت بزرگ کے قریب ہی
اور سرزمین اوس ملک کی زرخیز اور ندی نالون مین
سونے کی ریت بہت ملتی ہی اور باشندے
چونکہ بے زیادہ محنت اور درد سر کے معیشت حاصل
کرتے عیش طلب اور آرام جو ہوتے ہین سوا ناچ
و رنگ کے دنیا و مافیہا کی کچھ خبر نہین رکھتے لیکن طبایع
انسان مختلف ہوتے ہین بعضے بعضے اونمین سے سواری
اسپ اور تیر اندازی مین کامل کہلاتے ہین غرض گفتگو
مین کثرت کو قلت پر ترجیح دینے کا دستور ہی اور
جہان کلیہ کا لفظ درمیان مین آتا افراط پر اطلاق کرتا ہی
یان چان فو کا شہر بہت پرانا و وسیع اور غدار ہی

اور ایک دریا جو اوسکے قریب بہتا ہی تمام سرزمین کو سیراب اور زرخیز کرتا ہی اور سونیکی ریت بالوسے ملی ہوئی بہت ملتی ہی *

چونکہ اس صوبہ کو ہمیشہ دشمن سے خوف ہی بہت سے قلعہ پچھم اور دکھن کی طرف واقع ہین اور سپاہ اور اسباب و آلات جنگ سے ہمیشہ مہیا رہتے ہین غرض ماچین اور کیگو دو جنگی شہر ہین اور اہل سیف سے آباد اور یہہ سپاہی سب قلم بند پلٹنون کے سوا ہین اور ضرورت کے وقت اونکی طلبی ہوتی ہی ان دو شہرون کے علاوہ تینتیس شہر چھوٹے بڑے اس صوبے مین ہین اور اسّی لاکھ باشندے سکونت کرتے ہین اور بعد وضع اخراجات نظامت و دیوانی چھ لاکھ ننانوے ہزار چار سو بہتر روپیہ بابت محاصل زمین فغفور کے خزانے مین داخل ہوتا ہی *

سولھوان باب

کوئی چو کے صوبہ کے بیان مین

مملکت خطا کا یہہ بندرھوان اور وسعت مین سب سے

چھوٹا صوبہ ہی اور کوئی ایکصتر برس ہوئے کہ گویا اوسکا
وجود گنتی مین آیا * فغفورکیین لون نے اس صوبہ کے
پروسی کوہستانیون کو سرکرکے امن و آمان بخشا ورنہ
سنہ۱۷۷۶ع کے قبل یہہ صوبہ اونکی زیادتیون کے سبب
سے ویران تھا اور جسطرح سے چیل بلندی پر بیٹھی
ہوئی نیچے کی طرف تکی لگائے رہتی ہی اور جہان اپنی
غذا کی کوئی چیز دیکھتی فوراً جھپٹا مارکر لیجاتی اور پھر اوسی
نشیمن پر بیٹھکر کھاتی ہی علی ہذا القیاس یہہ کوہستانی
بھی اپنے پہارون پر دبکی مارے پڑی رہتے تھے اور
جہان دیکھتے کہ غلہ طیار ہوا دفعتًا مار پیٹ خون خرابہ
مچاکر بالکل اُٹھا لیجاتے تھے اور بیچارے خطائیون سے
بجز بھاگ جانے اور جان بچانے کے کچھ بن نہ آتا تھا
کیونکہ کایہ ہی کہ کوہستان کے رہنے والے میدان کے
باشندون سے کہین مضبوط اور بہادر ہوتے ہین
غرض فغفور مذکور نے چیدہ چیدہ پلٹنین بھیجکر اونکے ایسے
قافیہ تنگ کئے کہ مجبورًا طوق اطاعت کا قبول کرکے
اپنی شرارتون سے باز رہے *

شعر

غدر موقوف اونکا ایسا ہوگیا فتنہ بیدار گویا سو گیا

اس صوبہ کے پہاڑون پر جنگلون مین عمدہ قسم کی لکڑی ملتی ہی اور طلا اور نقرے کے بہت معدن ہین اور شاید کسی دوسری جگہہ پر اسقدر سیماب حاصل نہین ہی اور تتو یہان ایسے تیزرفتار اور مضبوط اور جاندار ہوتے ہین کہ صوبہ ین نان کا جانور حالانکہ بہت جیوٹ کا ہوتا ہی لیکن اس اجڑے دیار پر بھی صد آفرین ریشم یہان کم ہی لیکن قسم گھاس سے ایک کپڑا بنا جاتا ہی اور قیمتی ہوتا ہی اس لحاظ سے کہ گرمیون مین بدن پر سرد رہتا اور فرحت بخشتا ہی *

کوئی یان فو کا شہر اس صوبہ مین بزرگ ہی لیکن چونکہ باشندون کو ابتک بھی کوہستانیون کا خوف غالب ہی وہ شہر کو آراستہ نہین کرتے اور نہ حویلیان بناتے ہین غرض سرزمین آباد و زرخیز ہی *

سی سی چوفو کے شہر کے اطراف مین سیمات

اور شنجرف بہت اور دوسرے معدنیات کم ملتے ہین *

حی سیس فو کے شہر کو بعد کو استانیونکے تابعدار ہونیکے اوسی فغفور کے گھرانے کے پادشاہون نے آباد کیا اور سیماب کے بہت معدن اوسکی اطراف مین ہین اور ایک بات یہان عجیب ہی کہ شاید تمام خطا مین اوسکی نظیر نہو وہ یہہ کہ اس شہر کے اکثر باشندے یکقلم لکھنا پڑھنا نہین جانتے اور لکڑیون پر چہرے سے نشان دے کے حساب کرتے ہین کیونکہ علم کا اسقدر چرچا مملکت خطا مین ہی کہ گویا ہر محلہ مدرسہ اور ہر گھر مکتب خانہ ہی اور عوام النّاس جو کہ نہایت رزیل ہین اونکو بھی خط خطوط لکھنے اور پڑھنے کی قوت ہی *

تون کین فو کے شہر کے قریب کئی معدن سونے کے ہین اور اوسکے اطراف مین وہ گھاس متعدد ہوتی ہی جسکا مذکور ہو چکا کہ گرمی کے ملبوسات مین صرف ہوتی ہی *

پاونگان چو کا شہر ایسے موقع پر واقع ہی کہ تین صوبون کی راہ اوسی کی طرف سے ہی اس جہت سے کوئی چو اور ین نان اور کوانگسی کے صوبون کی کنجی یہہ جگہہ کہلاتی ہی اور اطراف سرزمین اس شہر کی اور جگہون سے زیادہ زرخیز اور آباد ہی اور قریب کے کوہستانی نیک نہاد اور تجارت پیشہ ہوتے ہین اور مذہب تناسخ رکھتے ہین سیماب اور شنجرف کے بہت معدن یہان ہین *

پن یوئی اور لون لی کے شہرون کی اطراف مین بہت نفیس چا ہوتی ہی اور چونکہ اس بوٹی کا کچھ بیان ابتک عاصی نے نہین کیا حالانکہ کئی صوبہ جنکا احوال معرض تحریر مین آیا وہان چا کی پیدایش ہی لہذا سب کی کسر یہان منّائی جاتی اور اس مقام پر جو کچھ کہ قابل دانست ناظرین تاریخ چین کے سمجھا قلم زد ہوا *

فرنگستان کی کئی زبانون مین چا کو اندک تغیّر و تبدیل کے ساتھہ تی کہتے ہین لیکن تحقیق لفظ خطا مین چاے ہی اور چونکہ سمندر کے کنارہ کے بعض پرگنون

مین لوگ خطاءًا چاکوتا کہتے ہین اور صرف اونہین سے
پہلے پہلے فرنگیون سے راہ رہی اس لحاظ سے غلط لفظ پہلے
سنّے مین آیا اور بلاد فرنگ مین مشہور ہوا غرض
چاے کا درخت کچھ مخصوص اقلیم چین مین نہین
خلق کیا گیا اور جزیرۂ جاپان اور جاوا اور ماچین اور کشمیر
اور امریکا اور رسانگ اور کامرو و اشام مین بھی میسر
ہوتی ہی اور سیاہ و سبز چاے جو مشہور ہین کچھ
دو قسم کے درخت سے حاصل نہین اور صرف
خاصیت سر زمین اور تراکیب چنّے اور خشک
کرنے سے فرق ہوتا ہی الغرض کنکریلی زمین مین
اور دامن کوہ اور پہارتلی مین اول قسم کی چاے پیدا
ہوتی ہی اور دوسری قسم ریتی مین ہوتی ہی اور سب
سے بری قسم زرد یا مایل بزرد متّی مین ملتی ہی اور ایک
خاصیت اور چاے کے درخت کی ہی کہ جہان لگایا جاے شرط
ہی کہ دکھن کی ہوا کی رکاوٹ نہو والا درخت
مرجاتا ہی اور بعد تین برس بونے کے جب
تین سارھے تین ہاتھ بلند ہوتا اوسوقت پتّی قابل

تورَ نے کے ہوتی ہی اور مثل مہدی کے یہہ پتی ہمیشہ سبز اور شکل بھی ویسہی رکھتی ہی اور درخت بھی ہو بہو اُسی انداز پر ہی *

خطائی چاکی کئی تقسیم کرتے لیکن چار قسمین اصل مین ہین اور صوبہ کیانگ ناون مین ایک پہاڑ سانگ لو کہلاتا اور اوس کے اوپر اور اوسکی چارون طرف وہ قسم کی چاہ پیدا ہوتی جو سانگ لو چاہ کہلاتی اور ہر جگہہ بسبب سبزی پتّا مشہور بسبز چاے ہی اور صرف اسیکے درخت کو خطائی زیادہ بلند نہین ہونے دیتے اور جب چھوٹا رہتا جڑ سے خم کرتے ہین تاکہ پتی چنے کے وقت سہولت ہووے

دوسری قسم کی چاہ صوبہ فوکینگ مین پیدا ہوتی اور بوئی چاہ اس جہت سے کہلاتی کہ سرحد شہر کینگ ینگ فو مین جہان اس چاے کی کثرت ہی ایک پہاڑ مشہور بالقب بوئی ہی اور اوس پر اوسکے درخت خود بخود پیدا ہوتے ہین اس قسم کو بسبب

تیرگئ برگ کے سیاہ کہتے ہین اور تمام ممالکت مین
سبز چاے سے پسندیدہ ہی کیونکہ اس مین وہ
اسماک اور تلخی نہین ہی اور معدہ زیادہ قبول کرتا ہی
حالانکہ صرف سبز چاے کا استعمال دواؤنمین کیا جاتا
اور بعض امراض مین نہایت مفید ہوتا ہی لیکن چندروز
اگر کثرت سے پینے مین آئے تو رعشہ پیدا کرتی ہی
غرض سیاہ چا کے ساتھہ امیز کرنے سے ذایقہ اور
نفع دونون حاصل ہوتے ہین القصہ اُنہین دو قسمون
سے تین اور طرح کی چا نکلتی ہی اور فرق اُن مین
دو وجہون سے ہی اول بسبب احتیاط پتون کے چنے
مین اور دوسرے یہہ کہ ایام پتون کے چنّے کا خاص ہووے
چنانچہ جب نئے نکلتے اوسوقت اُن مین سے جو زیادہ نرم
ہوتے ایک ایک کرکے چن لئے جاتے ہین اور وہی
ماوچا کہلاتی جو صرف فغفور کے لئے جاتی ہی اور
دوسری قسم کہ بعد چندروز کے جب پتے کچھہ سخت
ہوتے چنے جاتے اور وہی بہتر بوئی چا ہوتی جو کچھہ
گران قیمت کو بکتی ہی اور صاحبان کے مصرف

مین آتی اور تیسری قسم وہ کہ جب پتی پرانی ہوتی جمع کی جاتی اور عوام الناس تھوڑے دامون کو لیتے ہین *

تیسری قسم چا کی اونگان چا کہلاتی اور گویا سبز چا کی چھوٹی بہن ہی لیکن مثل سبز چا کے یہہ حار اور ممسک نہین ہی اور نہ ذایقہ بھی اوسقدر تیز ہی غالب کہ دونون ایک ذات کی ہین اور سرزمین کے اختلاف نے اپنا اپنا رنگ پیدا کیا *

چوتھی قسم چا کی اسی صوبہ مین ہوتی جسکا بیان ہو رہا ہی اور صوبہ بین نان مین بھی مثل یہان کے بے تردد پیدا ہوتی اور اوسکی خاصیت بہتر ہوتی ہی لیکن بو اور ذایقہ کمتر لطیف ہی الغرض یہی چار قسمین چا کی اصل ہین اور باقی مین امیزش انہین چارون کے برگ کہنہ کی ہوتی ہی اور غربا کے ہاتھ بکتی ہی *

جب درختون سے چا کے پتے چن لئے جاتے تو گرم پانی کا بھاپ دے کے تانبے یا لوہے کے چوڑے چوڑے پتیرون پر بچھا کر نیچے سے کوئلے کی آنچ دینے اور ہاتھ سے پتیون کو ہلاتے رہتے جب تک کہ خشک

ہوتے اور ٹھٹھر جاتے ہین اور جب بالکل نمی باقی نہین رہتی بورون مین بند کر کے رکھہ دیتے اور ایک برس تک نہ بیچتے نہ استعمال کرتے کیونکہ جبتک چاے سال خوردہ نہین ہوتی منشی رہتی اور غنودگی پیدا کرتی ہی *

جسطرح سے انگریز چاے کو گرم پانی مین بھگاتی ویسا ہی خطائی کرتے لیکن بے دودھہ اور میٹھے کے پیتے ہین *

متعدد قلعہ اس صوبہ مین ہین اور پچیس شہر اور نوے لاکھہ باشندے اور فغفور کے خزانہ مین بعد وضع خرچ نظامت و دیوانی تین لاکھہ ترانوے ہزار نو سو چوراسی روپیہ کمپنی بابت ارتفاع زمین اور بتیس ہزار آٹھہ سو بتیس روپیہ بابت فروخت نمک اور انچاس ہزار دوسو اڑتالیس روپیہ بابت محصول اجناس تجارت سالانہ داخل ہوتا ہی فقط

خاتمۂ دفتر اول

حالانکہ صوبجات خطا کے اشخاص جمادی و نباتی وحیوانی کا حال بالاجمال معرض تحریر مین ایا ہی لیکن چند عجایبات وغرایبات قسم نبات اور جماد سے ایسے ہین کہ اونکا حال لکھنا ضرور متصور ہوا تاکہ کوئی نکتہ ارباب تاریخ کے ملاحظہ سے نچھوتے اور بندے کو داد تاریخ نویسی کی ملے الغرض ایک درخت عجیب وغریب خطائی زبان مین چربی کا درخت کہلاتا ہی حقیقت کہ اوسکے پھل کے اندر سے جو گٹھلی نکلتی اوسپر گودا بعینہ چربی کی رنگت کا ہوتا اور بو باس وغیر خاصیت مین بھی وہی نسبت پائی جاتی ہی خطائی اوسے نکال کر تیسی کے تیل کے ساتھہ امیز کرکے سانچے مین ڈھالتے اور بتیان بناتے ہین یہہ درخت قد مین مثل درخت شاہ دانہ کے ہی شاخین اوسکی تیرھی تیرھی ہوتی ہین اور پتے بشکل دل ونہایت سرخ ہوتے ہین اگر خطائی چربی صاف

کرنے کی ترکیب جانتے جو انگریزون مین ہی تو اوسی طرح سے اوسکو صاف کرتے یقین ہی کہ مثل انگلستان کی چربی کی بتی کے اسکی بتی بنتی *

شعر

صورت بلور ہوتی صاف یہہ اور جلتی بھی بہت شفاف یہہ

اقلیم خطا سے ایک روغن آتا جسے لکڑی اور چمڑیکو جلا دیتے ہین اور اوس قسم روغن کو انگریز اور ہندوستانی جاپان کہتے ہین بہت دن تک ہر جگہہ یہہ بات مشہور تھی کہ خطائی اوس روغن کو ایک نسخہ خاص سے بناتے اور اوسکی کیفیت و ماہیت سے کسیکو آگاہ نہین کرتے تھے لیکن آخر سبکو معلوم ہوا کہ مثل گوند کے یہہ روغن ایک قسم کے درخت سے جو سوائے چین کے کہین پیدا نہین ہوتا نکلتا ہی یہہ درخت خطائی زبان مین سی جو کہلاتا ہی اور نہ کبھی پھولتا نہ پھلتا ہی اور دس بارہ ہاتھ بلند اور ڈیرہ دو ہاتھ چوڑا ہوتا ہی اسے گرمی کے دن مین پاتے ہین جیسا کہ تارکے درخت کو تراش کے بڑی بڑی کوندیان

لگا دیتے ہین اور اوسے تمام رات عرق ٹپکتا ہی اوسی طرح یہہ بھی ہوتا ہی اور شب بھر مین ہزار درخت سے تخمیناً دس سیر روغن نکلتا ہی اور جوقت کہ یہہ چوتا ہی ایسا تیز و تند ہوتا کہ اگر بدن مین لگ جاوے تو سارا جسم پھول کر مثل کورہ کے پھٹ جاے لیکن چولانے والے یہہ ترکیب کرتے ہین کہ کئی درختون کی چھال جوش دیکے اوس مین نہلاتے اور سور کی چربی کا ایک روغن تمام جسم مین ملتے ہین اور ہاتھون مین دستانے اور پاؤنمین موزے چمڑے کے چڑھالیتے ہین گویا تمام جسم مین چمڑے کی پوشاک پہنتے ہین اور منہہ پر ایک چمڑیکا نقاب ڈال کے صرف دو سوراخ آنکھم کے جا رکھتے ہین باوجود اس حفاظت کے بے پیٹ بھر غذا کھاے درخت کے قریب نہین جاتے کیونکہ نہار منہہ تاثیرات ہر چیز کے خلو معدہ کے باعث جلد اثر کرتے ہین اسی لئے حکیمون نے حکم دیا ہی کہ کوئی مریض کے پاس یا کسی عفونت کی جگہہ بے غذا کھائے جانا مناسب نہین

القصہ جب ایام اس روغن کے بہنے کا ہو جاتا تو سوداگر سب چھان کر چھوٹے چھوٹے پیپون مین بھر کے بیچتے اور یہہ وہی روغن ہی جو خطائی میز اور کرسی اور کھلونے اور توکری وغیرہ مین لگا رہتا ہی اور مثل آئینہ کے ہمیشہ چمکتا رہتا ہی *

کافور کا درخت بھی خاص اقلیم خطا کے لئے خلق ہی سو سواسو ہاتھ بلند ہوتا ہی اور بعضے کی جڑ اسقدر موٹی ہوتی کہ بیس آدمی کے گوپھے مین نہین آسکتی ہی اور جب پرانا ہو جاتا ہی شب کو خود بخود اوس سے آگ کے شعلہ نکلتے ہین لیکن اون مین طاقت جلانے کی نہین ہوتی ہی * اس درخت کی نرم نرم ڈالیان خطائی کاٹ لاتے اور اونکے نہایت چھوٹے ٹکرے کر کے تین شبانہ روز تھنڈے پانی مین بھگوتے ہین جب وہ خوب بھیگتے تو ایک دیگ مین سبکو ڈال کے جوش دیتے ہین اور جب تک کھولتا رہتا ایک شخص بید مجنون کی ڈالی سے ہلاتا رہتا ہی اور جب معلوم ہوتا کہ اوس ڈالی مین کافور کی

ڈالیونکا رس مثل پالے کے جم گیا اوسوقت تمام عرق کو
چھان لیتے اور سفل پھینک دیتے ہین اور اوس عرق کو
مٹی کے ایک باسن مین جسمین وہی روغن جسکا
ذکر ہوا لگا رہتا رکھتے ہین اور شب بھر مین یہہ بالکل جم
جاتا ہی غرض جب اس کافور کو زیادہ خالص کیا چاہتے
تو پرانی دیوار کی مٹی سفوف کر کے تانبے کے باسن
مین ایک تہہ رکھتے اور اوسکے اوپر ایک تہہ کافور کی
جماتے ہین اور پھر اوسکے اوپر مٹی کی تہہ دیتے اور
اسی طرح سے ایک تہہ کافور اور ایک تہہ مٹی سجاکر
سب کے اوپر ایک درخت جو پوھو کہلاتا اوسکے
پتون سے ڈھانپ دیتے ہین اور اوپر سے تانبے کی
رکابی دیکر منہہ کو ایک قسم کی گیرو مٹی سے بند کر
دیتے ہین اور آگ پر دوبارہ دھیمی آنچ دیکے بعد چند گھنٹہ کے
اوس دیگچی کو ٹھنڈی جگہہ مین رکھہ دیتے ہین دوسرے
روز جب سرپوش اوٹھاتے ہین جوہر کافور کو جمع ہوا پاتے
ہین اور اگر زیادہ خالص کرنے کی ضرورت درپیش
ہوتی ہی تو اس جوہر کو اوسی طرح سے مٹی کے

ساتھہ تہہ بہ تہہ جما کے چُلاتے ہین اور وہ غلط جو لوگ کہتے ہین کہ کافور گوند کی طرح چوتا ہی *

حالانکہ یہہ مقام نہین ہی کہ جن سینگ کی جڑ کا بیان ہو کیونکہ ملک تاتار مین اسکی پیدایش ہی یہان پر خاص ملک خطا کا احوال تحریر ہوتا ہی لیکن یہہ چیز اسقدر طرفہ تر ہی کہ اوسکی تعریف چین کے عجایبات الفاس جمادی اور نباتی کے شامل کرنی نامناسب متصور نہوئی اطبای خطا نے وجد کر کے دفتر کا دفتر اس جڑی کی تعریف مین لکھا ہی اور خواص اکثیر اعظم کا بیان کیا ہی اور بعض پادریون نے جو اوسکا امتحان کیا تو دیکھا کہ حقیقت مین بجا کہا گیا جو کچھہ اسکی صفت مین لکھا ہی اور اس تعریف کا لب لباب مطلب بندے نے یہہ نکال لیا کہ اسکے استعمال سے پیر نود سالہ کو شروع شباب کی طاقت اور فرحت طبیعت اور قوت ہضم اور ہر طرح کی کیفیت جو اوس سن سے متعلق ہی حاصل ہوتی ہی اور اسی جڑی کی فروخت سے فغفور کو محاصل کثیر ہی کیونکہ اسقدر گران بہا ہی کہ آدھی

چھتانک جڑی پاو بھر چاندی کو بکتی ہی اور وہ بھی عمدہ قسم
کی نہین ہوتی اور صرف فغفور کے خرچ خاص کے لئے
جو بہتر ملتی رکھی جاتی ہی * ولایت امرکا جسے نئی
دنیا کہتے ہین وہانکے ایک ملک مین ایک پادری نے
اوسی جڑی کو بہت تلاش سے نکالا اور خواص اوسکا
ویساہی پایا جو ترکستان کی جن سینگ کا سنے مین آیا
ہی اسکی جڑ سپید اور کہرکہری اور پتہ نہایت ملایم
اور گول برنگ خون ہوتا ہی اور اوسمین سے کئی
ڈالیان نکلتی ہین اور ہرایک مین پانچ پانچ پتیان نہایت
رگدار اور اوپر سبز اور نیچے دھانی رنگ کی ہوتیان ہین
یہہ درخت کوئی ہاتھ بھر اونچا ہوتا ہی اور باوجودیکہ تخم
بھی اسکے پھل سے نکلتا ہی لیکن بونے سے نہین
ہوتا اور ازخود ہرسال پیدا ہوتا اور خشک ہوجاتا ہی لیکن
جڑ قایم رہتی ہی اور ہرسال نئی شاخین پیدا ہوتیان ہین *
جس طبقے مین اسکی پیدایش ہی کوہستان وصحرا اور بیابان
ہی اور اس جڑی کی گویا خاصیت ہی کہ جہان قدم
انسان نہ پہونچ سکے وہین پر پیدا ہوتی اور اکثر جوف

پہاڑ مین جہان تپش آفتاب نہین جاتی وہین پر ملتی ہی فغفور کی طرف سے دس ہزار فوج ہر سال چھہ مہینے جنگلون مین متعین اس جڑی کے جمع کرنے کے لئے رہتی ہی اگرچہ افراط سے تاتار مین ملتی لیکن ہمیشہ سونے کے مولون بکتی ہی *

ایک قسم کا پتھر چین مین ہوتا جسّے ایک صدای خوش مثل رباب کے نکلتی ہی اور خطائی اوسکا ایک باجا بناتے ہین اور اکثر یہہ پہاڑ کی ندیون مین ملتا خطائی زبان مین یو کہلاتا ہی اور اسقدر وزنی ہوتا کہ ایک ٹکڑا جو لڑکے کے اوٹھانے کے قابل معلوم ہوتا ہی اوسے چار جوان نہین اُٹھا سکتے اسکی کئی قسمین ہین کوئی سیاہ کوئی زرد کوئی نیلگون کوئی دھانی کوئی نافرمانی کوئی نہایت ملایم اور کوئی اسقدر سخت ہوتا ہی کہ لوہے کی دھار اوسکے کاٹنے سے مُرجاتی ہی غرض جو پتھر سونے کے رنگ کا ہوتا ہی اوسپر زد دینے سے آواز جھانجہ کی نکلتی اور صوبۂ ین نان مین بہتر قسم اس پتھر کی ملتی ہی اور نہایت قیمتی ہوتی ہی *

ایک شجر قسم صنوبر سے لو یا سانگ کہلاتا ہی
اور دیوار خطا کے اوتر طرف پیدا ہوتا ہی اسمین کئی
باتین عجیب و غریب ہین یعنے موسم خزان مین
اسکی سب پتیان گر پڑتیان اور اوسکی لکڑی نہایت
سخت ہوتی ہی اور رس اوسکا زہر قاتل ہی اور اوسکی
جڑ کو اگر کاٹ کے پانی مین ڈال دیجئے تو فوراً پانی
ہو جاتی ہی حالانکہ صورت تبدیل نہین ہوتی لیکن مثل
سنگ کے وزنی ہو جاتی ہی چنانچہ خطائی لوہار و سونار
آلات کو اوسی پر تیز کرتے ہین اور یہہ سنے مین آیا
ہی کہ کسی پتھر کی سلی پر ہتھیار کو اسقدر تیزی
نہین ہوتی ہی *

دفتر اول تمام شد

دفتر دومین تاریخ چین

باب اول

فغفور کے دستور العمل کا بیان

جس شخص کی یہہ حشمت و جلالت ہو کہ کروڑہا خلقت اوسکی تابعدار اور سلاطین عالی وقار اوسکے باجگذار اور امرای ذی اقتدار فرمان بردار ہووین اگر ایسا شخص ظلم پر کمر باندھے اور اپنی رعیت کی بہتری نہ سمجھے تو یخز خدا یتعالیٰ کے کون باز پرس کرسکتا ہی لیکن باوجود اس سطوت وشوکت اور دولت و قوت کے فغفور خطا اپنے تئین قبلہگاہ رعایا اور برایاکا سمجھتا ہی اور اونکے آرام اور چین کو اپنی سعادت جانتا اور اونکے

دُکھ کو اپنے نامۂ اعمال مین گناہ کبیرہ کے ذیل مین داخل کرتا ہی اور اوسکی دلیل یہی ہی کہ ایام قحط و وبا وخشک سالی یا اور کسی طرح کی بدحالی مین فغفور لباس ماتمی پہننا اور گریہ و زاری وگریبان چاک کرنا اور سرپر خاک ڈالنا اختیار کرتا ہی اور بآواز دردناک رو رو کر جناب باری مین عرض کرتا ہی کہ ای خداوند کریم تو نے میرے گناہون کے باعث سے اپنی خلایق پر غضب نازل کیا اور میرے عوض اونسے انتقام لیا اب جسکا قصور ہی اوسیکو سزا دے اور اونہین رہائی بخش مجھ سے سمجھ لے واللہ اعلم بالصواب خطا کی تاریخون مین خبر ہی کہ اسیطرح فغفورون نے اکثر جناب احدیت مین صدق دل سے التجا کی اور اونکی دعا مقبول ہوئی *

خطا مین والدین کی بزرگی کو بعد خدا کے خوب جانتے ہین اسی سبب سے دستور اوس ملک کا ہی کہ فغفور کو لوگ سجدہ کرتے کیونکہ قبلۂ عالم اور افضل بنی آدم اور نایب پروردگار قرار دیتے ہین اور جبکہ مرتبہ اوسکا یہہ ہو تو اوسکی رضامندی اور خرسندی سے کچھ

چارہ نہین غرض ایک عہدہ احتساب کا ہی کہ اوس
منصب پر کتنے علما اخیار زمانے کے مقرر ہین اور کام
اونکا یہہ ہی کہ فغفور سے جو حرکت برخلاف دستور
اور انصاف کے سرزد ہوتی ہی تو وہ ٹوک دیتے ہین
اور اوسکو اوس حرکت سے باز رکھتے اور کبھی
ایسا بھی اتفاق ہو جاتا ہی کہ لالچ اور خوش آمد
سے اغماض کر کے فسق و فجور سے مانع نہین ہوتے
ہین لیکن اکثر یونہین ہوتا ہی کہ اپنی جان پر کھیل کے
فغفور کو اوس خواب غفلت سے بیدار کرتے ہین
اور اوسکی سطوت و جلالت پر نگاہ نہین کرتے لیکن
اس باعث سے فغفور کی خود مختاری مین کچھہ فرق نہین
ہوتا اس سبب سے کہ وہ اپنی ساری رعیت کی
جان اور مال کا مختار ہی * باوجود اس قدرت کے ممالکت
خطا مین بہ نسبت اور ملکون کے گنتی کے کئی پادشاہ
خونخوار مردم آزار ہوئے ہین والا سب ایک سے
ایک ایسی عدالت کر گئے ہین کہ جریدۂ روزگار پر
اونکی مدح لکھی ہوئی قیامت تک رہیگی اس بیان سے

حقیر کی یہہ غرض نہین کہ دنیا مین خطا کے پادشاہ بیخطا اور
بے مثل ہوتے ہین اور اپنی رعیت کے حق مین کبھی
بدی نہین کرتے اگر بیان واقعی چھوڑ کر عاصی اس طرح پر
مبالغہ کرے تو سخت گنہ گار ہووے اور حکمت
کے پایہ سے گذر جاے اور فضولی و لغو کا گمان اپنے اوپر
لازم کرے کیونکہ بالذات انسان کی طبیعت رذایل
کی طرف زیادہ تر مایل ہی اور کسب فضایل بہت
سی ریاضت اور انواع محنت و مشقت کرنے
سے حاصل ہوتا ہی القصہ فغفور سب جو اکثر نیک
ہوئے ہین تو اس سبب سے نہین کہ ولی تھے اور
ہوا و حرص اونمین نہ تھی کیونکہ نوع انسان طبعًا طرف
بدی کے مایل اور رجوع ہی اور دولت بہرطور ممد و مددگار
اجناس رذایل کی ہوتی ہی غرض باوجود ان باتون کے
پادشاہان خطا جو ممدوح تھے شاید اس باعث سے
جو مقتضای قیاس راقم ہی کہ خطا مین جہان تک
مال اور اسباب اور زمین جو کچھہ کہ قسم منقولات
یا غیر منقولات سے ہی سب رتی رتی فغفور کی ملک

خاص سے متعلق ہی اور جس شخص کے قبض و تصرف مین جو چیز ہی صرف اونکی عنایت اور شفقت سے ہی والا سوا فغفور کے سب محتاج ہین ظاہرا یہی سبب ہی کہ کسی پر زیادتی نہین ہوتی اور قیاس مولف کی یہہ دلیل ہی کہ جسوقت قبلہ خان سردار موغلیہ تاتار جو اوایل مین مالک تخت اور تاج خطا کا ہوا تھا اوسنے واسطے موقوف ہونے قمار بازی کے یہہ فرمان صادر کیا کہ ہم شمشیر کے زور سے اس ملک پر قابض اور متصرف ہوئے ہین اس وجہ سے کسی شخص کو کسیطرح کی چیز مین ملکیت خاص نہین ہی لہذا تم لوگ جو قمار بازی کرتے ہو تو ہماری جایداد کو خطرہ مین ڈالتے ہو *

سوائے اس نکتے کے دوسری وجہہ قیاس مین راقم کے یہہ ہی کہ فغفوران خطا کی نیک نہادی اور خوش اطواری نتیجہ اوس تربیت کا ہی کہ اعلی سے ادنی تک کو اوس مملکت باصفت مین حاصل ہی علم کی قدر اور حکمت پر عمل کرنا فاضل کو مرتبۂ بلند دینا اور حکیم کی صحبت کو

سند کرنا نیک اطوار کو عالی وقار بنانا اور بد نہاد کو ذلیل اور خوار کرنا خطا کے دستور ہین اس جہت سے ہمیشہ مرد باخدا سب فغفور ہین *

اور تیسری وجہہ عقل ناقص کو شہنشاہون کی نیک اطواری کی یہہ معلوم ہوتی ہی کہ فغفور اپنے ولیعہد مقرر کرنے مین اس قدر اختیار رکھتا ہی کہ اگر کسی غیر کو چاہے تو وارث تخت و تاج کا بناوے اور اپنے بیٹون کو محروم رکھے اور اپنی اولاد سے جسکو قابل ریاست کے سمجھے اوسکو ولی عہدی سے سرفراز کرے اور اوسکی نظیرین جلد دوم کی دفتر اول مین ناظرین تاریخ چین کی خدمت مین پیش کی جائینگی اور اوس دستور پر قاعدہ یہہ ہی کہ بجز پادشاہ اور وزیر آعظم کے دوسرے کو ظاہر نہین ہوتا کہ ولی عہد کون مقرر ہوا اور اسی باعث سے ولی عہد کو حشمت کا غرور اور امید سلطنت کا سرور عقل کو زایل اور طبیعت کو طرف بدی کے مایل نہین کرتا ہی اور ہر ملک کی تاریخ مین دلیلین ہین کہ شاہان نیک کردار اکثر وہی ہوئے کہ جنکو

سلطنت دفعتاً بغیر چشمداشت کے حاصل ہوئی اور چونکہ
غربا اور رعایا کے غم اور شادی کا حال اونکے تجربے مین
آیا اس لحاظ سے اون باتون کا خیال ایسے بادشاہان
فرخ فال کو ہمیشہ رہا الغرض جب اسی دفتر مین
تینون قسم کی حکمت یعنے تہذیب نفس اور تدبیر
منزل اور سیاست مدن کا بیان جسطور سے کہ اہل
خطا کا معمول ہی کیا جایگا تب دیدۂ نکتہ بین کو فغفوران
چین کی عدالت اور مروت کا سبب خود بخود دکھائی
دیگا * ہر ملک مین گھرانے امیرون کے علاوہ بادشاہ کے ہین
اور اپنی اپنی جایداد کے وے خود مالک و مختار ہین
اسواسطے ایسا اکثر ہوا ہی کہ جب انہون نے اپنی
دولت کی ترقی دیکھی پادشاہ کے تخت و تاج پر آنکھ
ڈالی اور پادشاہ نے اونکی تونگری اور دولت کا حال سنکر
حسرت کی آہ بھری اور رفتہ رفتہ مخالفت ظاہر ہوئی
تب دونون سے ایک کو تباہی آئی اگر اقبال موافق
رہا بادشاہ نے اوسکے گھر کو بالکل ویران کیا اور اگر اقبال
اوسکی یاوری نکی اور ایر غالب رہا تو تخت الٹ

گیا اور پادشاہ کے خانوادہ سے ریاست منتقل ہوئی اور
اوس امیر کے یہان جا پہنچی یہہ انقلاب روزگار اور
ملکون مین زیادہ لیکن خطا مین کم ہوتا ہی کیونکہ موروثی
امیر کوئی نہین ہی اور فغفور کے خاندان سے جو لوگ
مستحق تخت کے ہوسکتے ہین اونکی عزت اور
تعظیم اور تواضع بہت کی جاتی ہی لیکن زر جو کہ امور
دنیوی مین ویسا رتبہ رکھتا جیسا جان قالب انسان مین وہ
اونکے پاس نہین ہوتا اور فغفور سے اونکو خورد و پوش کے
واسطے بقدر عزت اور مرتبہ کے سالانہ مقرر ہوتا ہی لیکن
اتنا نہین کہ ہمارے ہمت کے شہپر مین زور ہو جو بلند
پروازی کرے اور خواہش نشست تخت کی پیدا
ہووے بعد اُنکے اعیان بارگاہ اور امرائے عظام کہ محاورۂ
فرنگستان مین مانک دین کہلاتے ہین اور بڑے بڑے
رتبونکو پہنچتے ہین لیکن اُن مین سے موروثی امیر
کوئی نہین کہ علایتمات اونکے ہون یا باپ دادے
کے پونجی کے بھل کود پھاند کرین کیونکہ دستور خطا مین
ہی کہ باپ کا عہدہ یا منصب بیٹے کو ہرگز نہین ملتا اگر

باپ کیسی لیاقت اور اعتبار اوسنے بہم نہ پہنچایا
اوسپر بھی مشکل ہی کہ باپ کے بعد بیٹے کو وہی
عہدہ ملے پس جبکہ بیٹے تک باپ کی حکومت نہین
آئی تو اگر باپ نے بھی کچھ مایہ حاصل کیا ہو تو بیٹے کو
اوسسے اتنا ہی فایدہ ہوا کہ گوشہ مین بیٹھکر آرام سے
زندگی کاٹی اور اگر تیسری پشت مین کچھ بچی بچائے
دولت رہ گئی چوتھی پشت تک خیر صلاح ہی
کیونکہ بقول شخصی آدمی بیٹے بیٹے سونے کی دیوار
کہا جاتا ہی اور اول ہی پشت مین ایسی جایداد
کم حاصل ہوتی ہی کہ ہمیشہ کو کفاف کرے اور جب
کوئی امیر کسی عہدہ پر بحال ہوتا ہی تو کتنے دنونکے بعد
کہ اوسکی ایک مدت مقرر ہی وہ امیر منصب دار
حسب الطلب حضور مین حاضر ہوتا ہی اور ایک
ایک ٹکے کا محاسبہ اوس سے لیا جاتا ہی علاوہ
اس تاکید شدید کے جس امیر کے سپرد کچھ فوج ہی
سپاہ کی تنخواہ دینی اوسے متعلق نہین اور جسکے ہاتھ سے
تنخواہ بٹتی ہی اوسکا اختیار ایک نفر سپاہ پر نہین

ہوتا جہان اس قدر ہوشیاری ہی وہان اوکسنے کی کون سی جگہہ مل سکتی ہی *

فیلسوف آعظم کنک فوسی کی عقل کی اگر کوئی دوسری دلیل نہوتی تو اسی بات سے جریدۂ عالم پر نام اوسکا سر دفتر حکما لکھا جاتا کہ خطائیون کا پیشوائے مذہب فغفور ہی چونکہ دین و دنیا دونون اوسکے ہاتھہ سپرد کیا اور خطاب شینك چو یعنے خداوند مقدس اور ٹینگ زیی یعنے پسر پروردگار کا دیا ہی *

برس مین کئی دن مقرر ہین کہ فغفور پیشوائے دین کی پوشاک گلے ڈال کر نہایت حشمت اور جلال کے ساتھہ بڑے بت خانے مین جاکر پوجا کرتا ہی سیوائے ان دنون کے قحط اور خشک سالی اور وبا کے ایام مین فغفور اوسی طور سے بتخانے مین جاکر اپنی ساری رعیت کی طرف سے ایلچی ہوکر معروض حال کرتا ہی اور مناجات و گریہ و زاری سے سبکے لئے رہائی مانگتا ہی فغفور جب دربار عام کرتا لباس زرد پہنتا ہی کیونکہ بقول خطائیون کے آفتاب

فلک کا لباس زرد ہی اس لئے آفتاب زمین یعنے فغفور کو بھی وہی رنگ مزیب ہی جسوقت موسم بہار مین فغفور ایک تاریخ معینہ کو محل سے ساتھہ تکلف اور حشم کے برامد ہوتا ہی اور کھیت مین جاکر اپنے ہاتھہ سے ہل تھام کے زمین جوتتا ہی اوسوقت دیکھنے والیکا دل وجد کرتا ہی اور بے اختیار درود پڑھتا ہی کہ دنیا مین کشت کاری سے کوئی چیز قدیمتر اور فاضلتر نہین ہی کیونکہ ایسا عالی مقدار شہنشاہ روزگار اوسکی ایسی قدر کرتا ہی یہہ احوال تفصیلا آگے چل کے کھلیگا انشاء اللہ تعالی فغفور کے برابر کوئی پادشاہ مخیر اور رعایا پرور نہین اور قبلۂ عالم کا خطاب اوسیکو زیب دیتا ہی چنانچہ راقم نے پہلے دفتر مین بیان کیا ہی کہ قحط مین پرگنۂ افت رسیدہ کا سارا خزانہ معاف ہونیکے سوا سرکار سے روزآنہ اناج بٹتا ہی اور جب تک تنگی رہے انبارخانے کا دروازہ کھلا رہتا ہی غرض جبکے اوسکا دستور العمل اسطور پر ہی تو رعایا خواہ نخواہ جان و دل سے ہمیشہ

نیکخواہ اور فرمان بردار رہتی ہی اسواسطے فغفور کی
راے جسطور پر صادر ہوتی ہی رعیت کو ہرگز اوس
سے انکار نہین ہوتا ہی *

تمام مملکت مین کسیکو قتل اور قصاص بےحکم فغفور
کے نہین ہوسکتا اور حالانکہ نظام ذی احتشام جہت ہین
اور ہرایک اون مین سے اور ملکون کے بادشاہونکا
ہمسر معلوم ہوتا ہی اور کروڑہا خلقت تابعدار اور گنج
بیشمار پر اختیار رکھتا ہی لیکن ادنیٰ سے شخص کو
قتل نہین کرسکتا *

مملکت خطا مین سوا مقرری محتسبون کے ہرفاضل
اور ہرعالم بلکہ ہرطالب العلم کو اختیار ہی کہ فغفور سے
اگر کچھ بے دستور ظہور مین آوے تو تنبیہ کرے اور
جس حکم کو خلاف عدل سمجھے اوسپر اعتراض ساتھ
وجوہات کے حضور مین پیش کرے اور اپنی دانست
مین جو کچھ کے مناسب اوس امر کے عوض کرنا ہو سو
عرض کرے اور اس دستور کا سبب یہہ ہی کہ
ایسے احوال کی اخبار کہ جس سے بادشاہ کو اپنی

حرکتون پر آگاہی ہو مثل فرنگستان کے خطا مین معمول نہین لیکن یہہ دستور کہ فغفور کو جو چاہے تنبیہ کرے خلایق کی خیرخواہی اور نیک اندیشی سے ہی غرض بدی سے ٹوکنا اور نیک دکھانے کا سب کو اختیار ہی اور اوسپر عمل کرنیکا فغفور مختار ہی *

باب دوم

خطا کے امرای اہل قلم اور اونکے محکمات کے بیان مین

صد حیف کہ علم و فضل کی جو قدر فغفور کرتا ہی اوسکا نصف بھی اور ملکون کے پادشاہ یا امرا نہین کرتے باوجود اسکے فغفور کو ناتراشیدہ جانتے ہین اور اپنے کو قابل اور کاملون کے قدردانون مین گنتے ہین *

ازل سے ایک طور کی دشمنی دولت کو علم اور فضیلت سے ہی اور اوسکی وجہہ کو یکروز کئی پندتون کے مجلس مین راقم سے ایک بزرگ نے پوچھا اوسوقت چونکہ علما شاستر کے جمع تھے اونکی رعایت سے عاصی نے یہہ جواب دیا کہ سبب عالم کے غریب ہونیکا شاید یہہ ہی کہ لچھمی اور سرستی دونون آپس مین

سوتین ہین اور سوتون کی دشمنی مشہور ہی جسپر سرستی مہربان ہوتی ہی اور اپنے خزانہ لازوال سے اوسکو علم اور فضیلت عطا کرتی ہی اوس سے لچھمی ناراض رہتی ہی اور اسی طرح سے جو شخص کہ لچھمی کا لاڈلا ہوتا ہی سرستی کو اوسے بغض رہتا ہی *

اس بات کو اہل انجمن نے پسند فرمایا اور خوشی سے تبسم کر کے راستی سخن پر سبکا چہرہ بشاش ہوا الغرض اوس جا پر اگر قوانین خطا سے کوئی آگاہ ہوتا تو بندے کے قول پر اعتراض کرتا کیونکہ اوس مملکت پر حکمت مین سوائے فاضل کے دوسرے کسیکو عہدۂ سرکاری نہین تفویض ہوتا پس مملکت خطا مین قول حافظ بھی *

ابلہانرا ہمہ شربت زگلاب و قند است
قوت دانا ہمہ از خون جگر می بینم

صادق نہین ہوتا کیونکہ خطا مین جتنے سرکاری عہدے دیوانی اور جنگی ہین سوا فاضلون کے کسیکو نہین ملتے اور ہر صوبے مین دیڑہ ہزار یا دو ہزار اور بعضے مین قریب آدھائی ہزار طالب العلم کے نام لکھے ہوئے ہین جو سالسال فضیلت

کے درجون مین ترقی کرتے اور قابل عہدہ داری کے سمجھے جاتے ہین طالب العلمی کے درجے سے کسی شخص نے جو تحصیل سے فراغت پائی تو مولوی کے رتبے کو پہنچا اور کیو گیین کہلایا بعد اوسکے جب ریاضت شاقہ کر کے کئی برس کے بعد مولانا ہوا اور سن سی خطاب ملا تب وہ بڑے شہرونکا حاکم ہوسکتا ہی کبھی کبھی ایسا ہوتا ہی کہ بعد مولوی ہونیکے بعض کو خدمت شہرون کی حاکمی کی ملتی ہی لیکن وہ شہر چھوتے اور تیسرے درجے کے ہوتے ہین اور پہلے درجے کا حاکم سوائے مولانا کے کوئی نہین ہوتا*

جب کئی عہدے شہرون مین حاکمی کے خالی ہوتے ہین تب فغفور اون شخصونکو طلب کرتا ہی جنہین خطاب مولانا کا ملا ہی اور خدمت سرکار مین بھی قدامت کا پایہ ہی اور بزرگی ونیک کرداری اور فضیلت کا بھی مایہ ہی بعد اوسکے ایک ظرف مین کاغذ کے چھوتے چھوتے ٹکرون پر نام ہر ایک شہر کا جہان خدمت خالی ہی لکھ کر ڈال دیتا ہی

وہ ظرف اتنا اونچا رکھا رہتا ہی کہ اگر کوئی ہاتھہ
سر سے اوپر اوٹھاوے تو اوس مین پہنچے تب
ہر ایک مولانا جاکر اوس مین سے ایک ایک
ٹکرا کاغذ کا نکال لیتا ہی اور جسکے ہاتھہ مین قضیۂ
اتفاقی سے جو ٹکرا آجاتا وہ اسی شہر کا حاکم ہوتا ہی
اس دستور کے جاری رہنے سے کسی طرحکا لگاو رشوت
یا پاسنخاطر کا نہین ہوتا اور اپنے اپنے مقسوم کا بدا سب کو
ملتا ہی *

خطا مین آٹھہ درجے ماندرین یعنے امرا کے ہین اون
مین سے جو فاضل متجر کا خطاب رکھتے ہین امورات
دیوانی کے متعلق ہوتے ہین اور پہلے درجے والے
کولاو کہلاتے ہین اور اون مین سے جو سب سے دانا
اور بینا و بزرگ ہوتا اوسکو وزیر آعظم کا عہدہ ملتا ہی
اور فغفور کا محرم راز ہوتا ہی اور اسی درجے کے
فاضل سب مشیر اور ظہیر مملکت و دارالامارۂ پیچین
کے صدر محکمون کے حاکم اور فوج کے برے برے سردار
ہوتے ہین اور دوسرے درجے کے ماندرین سب

صوبجات کے حکام اور ہر صوبے کے صدر محکمون کے حاکم ہوتے ہین تیسرے درجے والے مانڈرین فغفور کی حضور مین میر منشی ہوتے ہین اور چوتھے درجے کے مانڈرین کو ہر صوبے کے ڈاک خانے اور سرکاری بحر اور سراسب کا علاقہ ہوتا ہی اور پانچوین درجے کے مانڈرین ہر صوبے کی فوج کی نگہبانی کرتے ہین اور درجہ ششم کے مانڈرین کو ہر صوبے کی شاہ راہون کی ساخت اور مرمت سپرد ہوتی ہی ساتوین درجے والے ہر صوبیکے دریاؤن کے باندھ اور پل بندھواتے ہین اور اٹھوین درجے کے مانڈرین سب سمندر کے کنارون کے باندھ بندھواتے اور سوداگرون کے جہازون سے محصول اوگاتے ہین الغرض جہان تک کہ سرکاری عہدے مملکت خطا مین ہین سب پرسوا فاضلون کے کوئی بحال نہین ہوتا اور جس قدر علم و فضل و دانائی مین ترقی کرتے ہین اور نیک اطواری کے ساتھ مشہور ہوتے ہین اوسی قدر فغفور کے دریای فیض و قدر دانی سے سیراب ہوتے ہین *

ایسے دستور کا کیا کہنا ہی اور جب تک جاری رہیگا خطا کی سلطنت کو قیام و استحکام ہوویگا کیونکہ جب تمام مملکت کے عاقل و عالم سرکاری عہدون پر مقرر ہون اور ہر طرح سے اونکا فایدہ فرمان بردار و جان نثار رہنے مین متصور تو باغی کیونکر ہون اور خوف سلطنت کو رہتا جب کہ ارباب فضل و دانش کو پریشانی رہتی بقول مثل کے بھوکے بھلے آدمی سے ڈرنا چاہیئے اور سلطنت مین ارخنہ ڈالنے والے خواص ہوتے جو اپنے کو قابل جانتے اور محروم دیکھتے اور حاکم ملک اور امرا کو بھانڈ بھگتیئے کے قدردان پاتے ہین * عوام الناس جہل پیشہ جو بجز کھانے اور سو رہنے کے کچھ فکر نہین رکھتے ہرگز بغاوت نہین کر سکتے ہین *

تیسرا باب

سرداران فوج کا احوال

جو طالب العلم کہ جوان وجیہ اور شہ زور ہوتا اوسکو سوا علوم کے سپاہ گری کے تمام فنون مین جب کامل ہوتا اور اون مین بھی تین درجے فضیلت کے طی کرتا

سپہ فوج مین عہدہ ملتا ہی جس طرح سے فوج انگریزی مین سرداردن کے درجے ہوتے اوسی طرح پر خطا مین بھی دستور ہی اور چونکہ اصلی خطائیون کو رغبت سپاہ گری کی طرف کم اور اہل تاتار کو زیادہ ہوتی ہی اس سبب جنگی مانتدرین یعنے سرداران فوج اکثر قوم تاتار سے ہین اور اصلی خطائی دیوانی مانتدرین زیادہ ہوتے ہین *

خطا کی سلطنت کو جس پہلو سے دیکھئے عقل سے سرتاپا آراستہ معلوم ہوتی ہی ہر پلتن کے سپہ سالار کے شریک ایک مانتدرین دیوانی ہوتا ہی اور لڑائی کے حکم احکام اور تنخواہ کا دینا اُسی سے متعلق رہتا ہی اور چونکہ اُن دونون کا ایک ہو جانا اور فساد برپا کرنا ممکن ہی اس لحاظ سے دو مانتدرین مقرر رہتے ہین اور جب تک اُن چار شخصون کی راے موافق نہین ہوتی کوئی بات وقوع مین نہین آتی اسکے سوا یہہ سب مانتدرین ہر امر سنگین کو اوس محکمے کے حکم پر موقوف رکھتے ہین جو پین پو کہلاتا ہی اور

دارالاره کے دیوانی محکمون مین پانچوان مرتبہ رکھتا ہی حالانکہ اس محکمے مین دیوانی مانند دین بیشتے لیکن تمام مملکت کی فوج کی امورات کی تجویز وہی لوگ کرتے ہین اگرچہ بادی النظر مین یہہ طریق خلاف رسم دنیوی کے معلوم ہوتا ہی کیونکہ اہل سیف کے معاملہ کو اہل قلم کا سمجھنا دشوار ہی لیکن اس بندوبست مین حکماے خطا نے عجب طرح سے عقل کو خرچ کیا ہی اور فتنہ کو بیدست و پا رکھا حالانکہ جنگی مانند دین اور افسران خورد و کلان سب ملاکے نرانوے ہزار ہین اور دیوانی مانند دین فقط نو ہزار ہین لیکن قدر و منزلت انہین سبھون کی زیادہ ہی کیونکہ ایک پیشہ عقل اور دوسرا پیشہ جہل ہی *

چوتھا باب

افواج خطا کا احوال

طالب العلمی کے عہد مین جب راقم اگلی تاریخون سے قدیم پادشاہون کی کثرت فوج کا احوال دریافت کرتا تھا اور دارا و کیکاوس اور بابل کے بادشاہونکی فوجونکا

شمار سنے مین آتا تو بڑی حیرت ہوتی تھی کہ اسقدر
سپاہ وے کہان سے جمع کرتے اور نبرد گاہ مین مقابل
دشمن کے لاتے تھے اور چونکہ اونکے نام کے سیوا کوئی دوسرا
نشان پردہ زمین پر باقی نہین ہی خیال ہوتا تھا کہ اونکے
وقت کے مورخون نے خوش آمد اور بڑھاوے کی راہ سے
اپنی روایت مین مبالغہ کو دخل دیا ہی لیکن جب فغفور
کی فوج پیادہ و سوار کا شمار راوی راست گو و صحیح البیان
کے تذکرے سے معلوم ہوا اوسوقت کیانیون کی فوجونکا
ہونا تصدیق ہوا اور تعجب نرہا کیونکہ دس لاکھ فوج پیادہ
اور آٹھ لاکھ سوار فغفور کی سرکار مین آج کی تاریخ تک
تنخواہ دار ہین غرض یہہ سمجھا چاہئے کہ جس طرح انگریزی
فوج سیوا جنگ اور حفاظت ملک کے دوسرا کام
نہین کرتی اوسی طرح فغفور کی پلٹنین بھی ستعد بجنگ
رہتی ہین کیونکہ جب سے کہ تاتار دوبارہ خطا مین آئے
اور سردار ماچو تاتار کی قوم کا اوس ملک کے تخت پر بیٹھا
اور دیوار خطا کی دونون طرف کا ملک اوس کے ہاتھ
آیا اوسوقت سے لڑائی بھڑائی کا اتفاق کم ہوا ہی

اور جب تک کہ اصلی خطائی اور تاتار کی قوم ایک نہین ہوئی تھی تب تک تاتار کی یورش کے خوف سے فوجین ہر وقت طیار رہتی تھین چونکہ اب وہ بات مٹ گئی ہی نصف فوج سے زیادہ تمام مملکت مین اسطرح پر پھیلی ہوئی ہی کہ جن پرگنون مین جن سپاہیون کے گھر ہین وہین کے تھانون مین اور دوسرے مقامون کی چوکی پھریمین وے سب تعینات ہین اس طریق سے اونہین بھی لڑکے بالے گھر دروازے کی قربت سے آرام ہی اور سرکار کا بھی کام بند نہین رہتا اور حفاظت ملک کے لئے جتنے قلعین ہین سب مین انہین فوجون کی بھرتی ہوتی ہی لیکن تاتاری سپاہی سب سے بیگانگی اور اعتماد کے خطرناک جگہون مین ہمیشہ متعین رہتے ہین اور اصلی خطائی سے جو اہل سیف ہین اونہین کامون مین مقرر ہوتے ہین جنکا ذکر کیا گیا اور سوار جو ہین وہ بھی علی ہذا القیاس اپنے پرگنون مین سرکار کی ڈاک لیجانے اور دوسرے کام کرنے مین مقرر ہین یہہ دو قسم اٹھارہ لاکھ فوج

قلم بند در ماہ پاتی ہی لیکن انکے سیوا بعض بعض صوبون
مین جہان کے باشندے قوی اور بہادر ہین وہان پر رعایا کو
لاغراج زمین دی گئی ہی تاکہ ضرورت کے وقت زراعت کو
چھوڑ ہتھیار اوٹھاکے سرکار کی جان نثاری مین موجود ہودین
حقیقتاً کثرت سپاہ و رعیت کی حد شمار سے باہر ہی
مگر پھر بھی کچھ نہین کیونکہ اصلی خطائی ایسے نامرد اور
کم ہمت ہوتے ہین کہ پیان نہین کیا جاتا اور اہل
تاتار اگرچہ شجاعت و مردانگی مین اونسے بہتر ہین
لیکن جب سے کہ ملک خطا کا اونکے زیر حکم ہوا ہی
تاثیر سے آب و ہوا کی اور معاشرت و مصاحبت
سے اہل خطا کی انکی ذاتی جرات مین کمی آگئی ہی
مشہور ہی کہ صحبت اور عادت اور تاثیرات آب
و ہوا کو امکان ہی کہ فطرت اصلی مین فرق لادے
اور جبلت ذاتی مین اختلال کلی ڈالے چنانچہ ضحاک تازی
ملک الملوک نے مملکت ایران سے جو وقت
گرشاسپ نامے ایک سپہ سالار کو مہم ہندوستان
مین گسیل کیا اسکے حق مین پادشاہ نے جو نصیحت کی

تھی استاد اسدی نے او سکو نظم مین لکھا ہی
اس جا پر آب و ہوا کی تاثیر اور تبدیل فطرت اصلی
شخص کے مادہ مین چند شعر اوسے لکھنا مناسب
ہوا اور وہ یہہ ہین *

اسدی گوید

وصیت چنین کرد گرشاسپ را — کہ در ہند پدرود کن خواب را
نداری زخون سپاہان دریغ — ہمی کار فرما در خشندہ تیغ
نخستین دہ انجام کار سترگ — برایشان چنان زن کہ برگلہ گرگ
نمانی دران بوم سالے تمام — کہ شکر کران گیرد از ننگ ونام
گرت بگذرد چار موسم دران — زفرہنگ و مردی نیابی نشان

القصہ اس جہت سے تاتاری سپاہ سے بھی واجبی
واجبی اُمید بہادری کی رکھا چاہئیے حالانکہ سپاہ گری کے
سب فن دشمن شکن ہین یعنے تیراندازی بلم بازی
بھالا گھمانے تلوار مارنے گولی لگانے مین خوب طاق
اور مشاق ہین لیکن کرّی چوتون کے آگے رن مین
من اونکا تن سے ہوا کی طرح شن سے نکل جاتا ہی
اور اپنے گھوڑون کی دم دباتے چوتڑ دکھاتے جنگلون کی

طرف پتّہ ہو جاتے ہین مقام عبرت کا ہی کہ یہی
تاتاري اولاد اونہین پادشاہون کی ہین کہ جنہون نے
اپنی ضرب شمشیر سے ستائیس پادشاہون کے
تخت کو الٹ دیا اور ممالک ایران وتوران وروم
ومغرب وشام ومصر وعراق وعرب وعجم وماژندران
وکیلاناتھ وسرون ناتھ واذر بایجان وفارس وخراسان
ودشت قبچاق وخوارزم وختن وکاباستان وباختر اور زمین
ہندوستان کے پادشاہ ہوئے تھے حق ہی کہ خداوند
عالمیان جب دولت واقبال چھین لیتا ہی تب
اپنی تمام نعمتین روحانی اور جسمانی سے محروم رکھتا ہی
چونکہ قدیم الایام سے خطا مین کسی غیر ملک کے لوگ
آنے نہین پاتے کہ سب جگہہ کی قلعبندی اور راستہ
گھاٹ دریافت کرین اور ملک بھی اسقدر
وسیع ہی کہ اگر فغفور کی فوج کی مانند کسی اور
پادشاہ کی فوج کثیر ہوتی تو البتہ بعد فتحیابی کے ہر جگہہ کی
رعیت دبائی جاسکتی اور قابو مین رکھی جاسکتی
اور چونکہ بحر محیط چھہ صوبون کی حفاظت اس طرح کرتا

کہ کوئی بڑا جہاز کنارے کے قریب بسبب کم ہونے
پانی کے آسکین سکتا کہ فوج اور غلہ تری سے آوے
اور پچھم کی طرف پر اسقدر کوہستان بے پایان
ہی کہ انسان کی کیا جرأت بلکہ حیوان کی کیا
حقیقت کہ اوسکو طی کرے اسلئے یہہ دو طرف
سے سرحد خطا کی حفاظت کے لئے اوس نگہبان
حقیقی نے ایسا حصار پیدا کیا ہی کہ اوس سے
گذرنا دشوار ہی مگر ایک روس کا ملک کہ اوس
طرف سے یورش ممکن ہی لیکن اسقدر
وسیع بیابان و ریگستان فیمابین خطا و مملکت
روس کے واقع ہی کہ لشکرکشی اودھر سے کرنا
اور رسد و پانی پہنچانا قریب القیاس نہین الغرض انہین
کئی جہتون سے غنیم کا اول تو خطا مین جانا دشوار
سوائے اسکے اگر پہنچا بھی تو تاخت و تاراج کرکے
اپنے ملک مین پھر جانا شاید سہل ہوے لیکن
تمام ملک پر قابض و قادر ہوکر جمکے بیٹھ جانا اشکال
سے بلکہ محال سے ہی اسی لئے مملکت خطا کو

دشمن کا خوف بہت کم ہی اور جب سے کہ تاتاریونکا دخل ہوا اور وہ اصلی خطائیون کے ساتھ مل گئے اور پشتین کی عداوت دور ہوکر مثل شیر و شکر کے اختلاط و ارتباط ہوگیا تب سے اور بھی امن کی صورت پیدا ہوئی ورنہ فغفور کی فوج ایسی جرار وقہار نہین کہ فرنگستان کے کسی ایک پادشاہ کا پادشاہ کے لشکر کا مقابلہ کرے * اکثرون کے علاوہ سپاہی جتنے ہین سب شہریون کے شمول مین گنے جاتے ہین اور حکم ہی کہ جب سرکاری کام مین متعین ہوون تب ہی اپنے ساز و سامان و ہتھیار کے ساتھ باہر نکلین ورنہ اور شہریون کی طرح بازارون مین پھرین * ان پلٹنون کی وردی اکثر صوبون مین فرق ہی کہین نیلی کرتیون کے حاشئے سرخ اور کہین آبی کرتیون کے حاشئے زرد * کہین ڈھیلی مہریون کے پایجامے اور کہین گٹنے کے نیچے لمبے پایتابے اور کہین جامون کا دستور ہی تیرانداز نیلی جامے پہنتے ہین اور کمر مین پرتلے جسکی داہنی طرف بخلاف اور ملکون کے

تلوار پڑی رہتی ہی سر پر موتے چمڑے کے خود اور
اوس پر سے لانبے لانبے سرخ بالون کی چونتی لٹکتی
رہتی ہی اور طرفہ تریہہ ہی کہ کہین سپاہیون کے
ہاتھون مین ہتیار کے ساتھ پنکھی بھی رہتی ہی
اور حربے اونکے تیر و کمان و تلوار اور تورے دار
بندوقین ہین تو پین بہت ہین لیکن اونسے ایک
گولہ زد پر بغیر نیاز مانے کے نہین پہنچتا اور سوا شلک
چھورنے کے خون ریزی سے وہ بیچاریان باز رہتین
ہین حال آنکہ موجد باروت خطائی ہین اور تحفگی باروت
خطا کی ہر بلاد و اقلیم مین مشہور ہی چنانچہ شورا کثرت
سے وہان پیدا ہوتا ہی یہہ خبر قدیم تاریخون سے ملتی
ہی لیکن خطائیون نے ہمیشہ توپ و تفنگ کی طرف
کم توجہی کی ہی اگرچہ آتش بازی بنانے مین ایسے
ایسے ایجادین اور تحفگیان نکالی ہین کہ اس فن کے
کمال کا خاتمہ اونہین پر ہو چکا *

سوارون کی ماہواری تنخواہ سات روپیہ سے کچھ
زیادہ ہی اور پیادون کی پانچ پانچ روپیہ اور سرکار سے

ادھی تنخواہ کا چاول اور باقی روپیہ ملتا ہی سواردن کو سرکار سے گھوڑے اور اونکی خوراک و پوشاک ملتی ہی اور دونو قسم کی فوج کے اسباب و آلات جنگ اور سال مین ایک جوڑا وردی کی پوشاک کا سرکار سے عنایت ہوتا ہی *

پانچواں باب

خطا کے صدر محکمون اور شاہنشاہی محتسبون کا بیان

دار الامارہ پیچین کے چھ صدر محکمون مین فغفور کا دیوان عام سب پر حکم رکھتا ہی اس دیوان خانے مین پائے تخت کے وزرا اور چھیون صدر محکمون کے حکام اعلی جمع ہوکے باہم مصلحت اور مشورہ امور سنگین مین کرتے ہین اور فغفور اپنے خاصون سے ہمیشہ شورہ کرتا ہی خطا کے چھ صدر محکمہ **لوپو** کہلاتے ہین اور پہلے محکمے کے حکام سے جلیل القدر عہدون کے سردارون کی بحالی اور برطرفی متعلق ہی اس محکمے کے حکام کسی ناظم یا سردار کی نیک اطواری یا بد اطواری کی کیفیت جس طور پر فغفور کے حضور مین پیش کرتے ہین

اوس شخص کے واسطے جزا سزا اوسی طور پر
مقرر ہوتی ہی اور. اس محکمے کے تابع چار کچہیریان
ہین پہلی کچہیری کے عملے اون فاضلون کی حیثیت
ولیاقت کا حال لکہتے ہین جو کہ درخواست سرکار کی
نوکری کرنے کی رکہتے ہین دوسری کچہیری کے عملے
اونہون سے نظام اور ماندرون کے اطوار وکردار کا
احوال استفسار کر کے لکہتے ہین اور تیسری کچہیری
سے سب ماندرینون کو اپنے اپنے عہدے کی مہرین ملتی
ہین اور جب صوبجات سے اونکے کاغذات پہنچہتے
ہین مہرون کا مقابلہ اوسی محکمے مین ہوتا ہی اور جب
راست بے کم وکاست ٹہہرتے ہین صدر محکمے مین
پیش کئے جاتے ہین اور چوتہی کچہیری مین اون
فاضلون کے امتحان کی منتہینیان رہتیان ہین جو دستور
مقرری کے موافق امتحانون سے فراغت کر کے
امیدوار القاب ثانی کے ہوتے ہین غرض اُن چار
کچہیریون کے کاغذات جمع ہوکر صدرمحکمہ اولیٰ مین
جاتے ہین اور وہان کے حکام تجویز کر کے فغفور کے

حضور مین اطلاع کرتے ہین * صدر محکمہ دوم ھوپو کہلاتا
ہی اور فغفور کے مداخل اور مخارج کا حساب کتاب
اس محکمے کے ذمے رہتا ہی اور سرداران جنگی اور دیوانی
اور افواج وغیرہ کی تنخواہ یہین سے بٹتی ہی چونکہ
انبار خانے وغیرہ یہین سے متعلق ہین اس لحاظ سے
جتنے لوگ کہ پیدا ہوتے یا کہ مرجاتے اور کس مقام پر
کس قدر مقیم ہین سبکی اسم نویسی کے کاغذ یہین داخل
ہوتے ہین اور اس محکمے کے بھی تابع چار چھوٹی کچہریان
ہین * تیسرا صدر محکمہ لی پو یعنے فقہ اور تہذیب کا
ہی آداب دین کے اور رسمین دنیا کی اسی محکمہ
کے متعلق ہین اور یہان کے حکام کو یہی خیال ہر وقت
رکھنا ہوتا ہی کہ جو کچھ حکیم کنگ فوزی فیلسوف
اعظم مملکت خطا مین ہر امر کے قاعدے مقرر کئے ہین
اونمین سرمو فرق نہونے پاوے ادنیٰ رعیت سے تا
بفغفور سب کی نشست و برخاست اور جس رتبے کا
جو شخص ہووے اوسکے ساتھ ہر کیکو اپنے مرتبے
کے موافق جس داب سے پیش آنا چاہیئے سب کا

دستور سکھلانا اونہین لوگونکا کام ہی اور غیر ملکون
سے جو سفیر اور ایلچی کہ فغفور کی حضور مین آتے ہین
اونکی خاطرداری اور رخصت کا سامان اسی محکمہ سے
متعلق ہی اور چار چھوٹی کچہریان اسکے زیر حکم ہین *
چوتھا صدر محکمہ پیچین کا پیین پو کہلاتا ہی اور بالکل
فوج کی سپاہ اور سردارون کی بحالی اور برطرفی اور کوچ او
مقام اور رسد اور سلاح خانہ و غیرہ سب اس محکمے کے
تابع ہین لیکن افواج کی تنخواہ دوسرے محکمے هوپو سے
متعلق ہی اور چار کچہریان اس محکمے کے بھی تابع ہین *
پانچوان صدر محکمہ هین پو کا صدر نظامت اور دیوانی
عدالت ہی اور جہان تک چوری و سرزوری و داد
وستد کے مقدمات درپیش ہوتے ہین اسی جا پر
فیصلا پاتے ہین اور مثل دوسرے محکمون کے چار کچہریان
اسکے بھی زیر حکم ہین * چھٹوان صدر محکمہ کا نیپو کا
معمار خانہ سے متعلق ہی اور فغفور کے دولتخانے محل
سرائین اور کل عمارات شاہی کی تعمیر و ترمیم اسی
محکمہ کے تفویض ہی سوائے اسکے سرکار کے جہاز

جنگی اور تجارتی کی ساخت اور مرمّت اور اونکے ملاحون و ناخدایون کی بحالی برطرفی اور شاہ راہون کی حفاظت اور خبرداری اور پلونکی بندش اور تیاری اور جھیلون تالابون کی پشتہ بندی سب اس محکمے کے ذمّے ہی اور چار کچھیریان اسکی بھی تابع ہیین *

جتنے محکمے چھوتے برے ممالکت خطا مین ہیین سب حکام اور عملی نصف تاتاری اور نصف خطائی ہوتے ہیین اور یہہ بھی ایک بڑی وجہہ ہی کہ فساد کو کوئی جگہہ سر اوٹھانے کی وہان نہیین ملتی اور دوسری وجہہ اس سے بھی زیادہ ترقابل تعریف کے ہی کیونکہ اوس سبب سے فغفور کے ساتھہ بدطینتی کرنی ہرگز ممکن نہیین اور وہ وجہہ یہہ کہ کسی برے کام کا برار ہونا صرف کسی ایک محکمے سے غیر ممکن فی المثل اشخاص فوج کی بحالی و برطرفی صدر محکمون کے چوتھے محکمہ پیین پو سے متعلق ہی لیکن تنخواہ کی دادنی محکمہ ہو پو کے ذمّے ہی اور خیمے و کشتیان و بار برداری کی گاڈیان اور بہت سی دوسری چیزین کہ جنکے بغیر فوج کثیر کو اپنی جگہہ سے

جنبش کرنی غیر ممکن ہی بالکل چھتیوین محکمے سے متعلق ہین *

سوائے اس دور اندیشی کے شہنشاہ کے محتسبون کا کیسا برا محکمہ ہی کہ خود فغفور کی نیک اور بدحرکتون کو ٹوک دینے کا اختیار رکھتا ہی اور اس محکمے کے متعلقین سے ایک ایک شخص ہر صدر محکمہ کے حکام کی اجلاس و فرمان روائی کے وقت حاضر رہتا ہی اور چپکے بیٹھا ہوا سبکی سنتا اور دیکھتا رہتا ہی اور جہان کوئی ادنی سی حرکت خلاف داب و دستور قدیم کے نظر سے اوسکے گذری اور اوس شخص نے اوس کی نالش فغفور کے حضور مین درپیش کی بعد تحقیق و تدارک کما حقہ کے مجرم کی موقوفی کا حکم حضور سے نکلتا ہی اور بڑی مشکل سے دوبارہ اوسکو خدمت سرکاری ملتی ہی الغرض جس جا پر اس قدر بندوبست ہی وہان کیا مجال کہ فتنہ دم مارے * محکمہ سنك چین فوکا ان چھون سے علیحدہ گنا جاتا ہی اس لئے اوس کی حکومت امورات سلطنت پر جاری نہین اور چونکہ شاہزادے اور فغفور کے

دوسرے اقربا اور تاتار کے امرا ان سب کے مقدمات
اسی محکمہ سے متعلق ہین اس لئے اس محکمے کے حکام
سب فغفور کے قرابت دار ہوتے ہین اور اس محکمہ
کے دفتر مین فغفور کے ہر اقربا کی پیدایش کا سال و ماہ
رات و دن ساعت و گھڑی لکھی جاتی ہی اور اون
لوگون مین سے جسکے حال پر فغفور کی عنایت یا غضب
نازل ہوتا اوسکی کیفیت دفترون مین مندرج ہوتی
ہی *

ایک اور محکمہ ہین لین ین یعنے تاریخ دانون اور
تاریخ نویسون کا ہی اور یہہ لوگ سلطنت کے وقایع
نگار ہین اور شاہزادون کی تعلیم و تربیت انہین سے
متعلق ہوتی ہی اور یہہ کیا اچھا دستور ہی اور کتنی
بڑی عقل کی دلیل ہی کہ تاریخ دانون کو پادشاہزادون
کی تربیت سپرد ہوتی ہی کیونکہ ہر وقت اونکے
کانون مین صدا پڑی رہتی ہی کہ فلانے پادشاہ نے
یون بدی کی اور اوسکی سزا یون ہوئی یا اوسکی سلطنت
چھن کے اور کسی دوسرے کو ملی یا بلوا ہوا اور اوسکی

جان گئی اور فلا نے شہنشاہ و سردار نے جو اوسطرح پر نیکی کی اور رعیت کو راحت پہنچائی تو اوسکا فایدہ یہہ ہوا کہ رعایا نے دعادی اوسکی عمر برھی خانوادے کو پایداری اور نام و نشان کی گویا ایسی یادگاری ہوئی کہ ہر بشر کی زبان پر اوسکی نیکو کاریکی تاریخ مثل و ظیفے کے جاری رہی چونکہ اس محکمے مین برے علما و فضلا کے سیوا دوسرے کو دخل نہین ہی اس لئے قبل عہدہ پانے کے امتحان کے وقت استفسار مسایل مالایحل کا کیا جاتا ہی اور جواب اوسکا سیوائے فاضلان متبحر کے دوسرے کسی کم سواد سے نہین ہو سکتا ہمیشہ یونہین دستور رواج پاتا چلا ایا ہی اس درجے کے فاضلون سے صدر محکمہ کے حکام اعلی اور صوبجات کے نظام اور فغفور کے وزیر اور مشیر مقرر ہوتے ہین *

چھتواں باب

صوبون اور شہرون کی تھانہ داریکا احوال

مملکت خطا مین تھانہ کا بہت برا انتظام ہی اور

ہر صوبے مین ایک محکمہ علیحدہ ہی کہ اوسکے ذمّے شہراہون
کی نگہبانی اور مسافرون کے اسباب کی حفاظت
و پاسبانی ہی اس ملک مین سرکین و شہرا ہین بہت
چوڑی اور اکثر جگہون مین پختہ ہین اور دونون پہلو پر
بڑے بڑے عظیم الشّان درختون کی قطار لگائے ہین
اور جابجا نفیس نفیس سرائین بنائی ہوئی ہین اور فغفور کے
حکم سے تین یا چار کوس پر ابستیان کھانے پینے اور
باربرداری کے سامان سے مہیا بسائی گئی ہین اور تھوڑی
تھوڑی دور پر سنگ یا اینٹہ کی برجیان بطور منارون
کے سر راہ بنی ہوئی ہین جس پر سرکاری پہرے
ہمیشہ متعین رہتے ہین تاکہ سوداگرون اور مسافرون
اور سرکاری ہرکارون اور ڈاک والونکی حفاظت ہووے
اور جب ملک مین کچھ خرخشہ پیدا ہوتا ہی تب
دن کو دے نشان اڑاتے اور راتون کو مشعل
جلاتے ہین سبب اوسکا یہہ ہی کہ ایک جگہہ کی
خبر دوسرے جگہہ فورًا پہنچ جاتی ہی اور اوسیوقت
قلعون سے مدد آتی ہی *

دریا اور تریکا سفر جو کرتے ہین وے گھاٹے گھاٹ
کے ماجھی کو بلاکر اپنی چیزین گنکر بار برداری کی اجرت
کی چکتی کر کے اوسکے حوالے کردیتے ہین تب وہ
شخص کشتیون پر اسباب چڑھاکے منزل مقصود تک
پہنچوا دیتا ہی اور وہان پر جب ایک ایک چیز
گنکر مالک سمجھ لیتا ہی تب اوسکو کرایا دیتا ہی
بہت سی باتین جو اوس مملکت مین خلق اللہ کے
آرام کے لئے مقرر ہین اونمین سے ایک یہہ ہی
کہ بجز ارباب تجارت کے مسافر کی کشتی سے
محصول نہین لیجاتی *

تواریخ کے رو سے معلوم ہوتا ہی کہ قریب اڑھائی
ہزار برس کے ہوئے کہ خطا مین سب ملکون سے پیشتر
ڈاک کی بنا ہوئی لیکن عیب یہی ہی کہ جس طرح
فرنگستان اور ہندوستان مین جو شخص جس ملک کو
خط روانہ کیا چاہے تو پہنچ سکتا ہی اوسطرح پر یہان
نہین اور سیوا سرکاری ڈاک والون کے دوسرے
اوس ملک مین نہین ہین اور نظام اور ماندرینون کے

مہری خط کے سیوا دوسرونکے خط جانے نہین پاتے مگر
برے شہرون کے جو ایسے ارباب تجارت کہ
اونکی بزرگی اور نمک حلالی کا اعتبار حکام پرگنہ پر ظاہر ہو
اونکے خط فراغت سے معرفت ڈاک سرکاری کی
دوسرے جگہہ پہنچائے جاتے ہین *

دفتر اول مین دارالامارہ پیچین کی کوتوالی کا حال بیان
ہوا ہی کہ تھوڑی رات گذر نیکے بعد دروازے شہر
کے بند ہو جاتے ہین بلکہ ہر گلی کے جو پھاٹک ہین وہ
لگائے جاتے ہین اور بجز طبیب کے دوسرے کی آمد
و رفت شام سے موقوف ہو جاتی ہی الغرض یہی
حال مملکت خطا کے ہر شہر بلکہ ہر بستی مین ہی کیونکہ
بقول خطائی حکما کے دن واسطے محنت کے اور رات
واسطے راحت کے ہی * اوس ملک مین ادنی سے
اعلی تک تمام روز اپنے دھندے مین مشغول رہتے
ہین اور رات کو آرام سے سوتے ہین اور چمگادڑون
اور گیدڑون کی طرح اونکو شب پردازی اور شب
گردی سے کچھہ کام نہین دنکو بھی تیرا ہون اور چوراہون

اور سڑکون اور گلیون کی موڑون پر چوکیداری
پاسبانی کرتے رہتے ہین اور اگر کسی اجنبی پر
اونکی نگاہ پڑی تو فوراً اوسکو روک کر تفتیش احوال
کرتے ہین اگر جواب معقول نپاتے تو کوتوال کے
پاس لیجاتے ہین اور اہل سیف باوجودیکہ سرکاری
نوکر ہین لیکن سلاح جانے نہین پاتے مگر اوس وقت
کہ کسی ماذرین کے جلو مین یا اپنے پہرے مین قایم
وستعد ہون ہتیار باندھ سکتے ہین اور ہر جگہہ دوسرا
ایک دستور یہہ ہی کہ بیسوائین شہر کی چاردیواری
کے اندر رہنے نہین پاتین اور اونکا ایک محلہ جدا
بستا ہی اگر وہان چوری چکاری خون خرابہ تھکا فضیحتی
کچھہ ہوتی ہی تو چکلے دارنیان جواب دیتی ہین کاش
یہہ رسم کہ کنچنیان شہر کے باہر ساکن ہون ہر ملک
مین ہوتی تو رسم معصیت کم ہوجاتی کواسطے آدمی کا
شیطان آدمی ہی بدی کے ملاحظہ سے انسان کی
طبیعت بدی کی طرف مایل ہوتی ہی *

ساتواں باب

خطا کے قانون دیوانی کے بیان میں

موافق قوانین خطائی کے ادنی رعیت سے فغفور تک کوئی شخص ایک جورو کے سیوا دوسری کو شادی نہین کرسکتا لیکن حرمین جتنی چاہے گھر مین ڈال سکتا ہی اور اس مقدمہ کا دستور یہہ ہی کہ لڑکی کے باپ مان کو اونکی رضامندی کے ساتھہ ایک مبلغ خواہ کثیر خواہ قلیل دیوے اور ایک نوشتہ لکھے کہ کسو طرحکی ایذاء روحانی یا جسمانی اوس لڑکی کو نہین پہنچاویگا بعد اوسکے اپنے گھر مین اوس نیک بخت کو لاوے اور زیادہ رسومات کی حاجت نہین ہوتی اور اوس حرم پر لازم ہوتا ہی کہ ہر امر و نہی مین بیاہتی بی بی کی تابعداری کرے اور اپنے لڑکونکو بی بی کے لڑکون سے جدا نہ سمجھے اور اوسکے لڑکون پر واجب ہی کہ اپنے باپ کی بیاہتی بی بی کو اپنی مان سے بزرگ جانین اور اوسکے انتقال مین موافق دستور کے تین برس تک ماتم کرین *

رنڈاپے مین مرد و زن کو اختیار دوسری شادی کرنیکا ہی اور اس حال مین اگر مرد چاہے کہ دوسری شادی نکرے اور حرمون مین سے کسیکو اپنے نکاح مین لاوے تو اختیار ہی جس بیوا کے لڑکے ہون تو اوسکو دوسرا شوہر کرنے نکرنے مین اختیار کلی حاصل ہی اور جو بے اولاد ہی اوسکے پہلے شوہر کے عزیزون کو اختیار رہتا ہی کہ اپنایت مین جس سے چاہین دوبارہ بیاہ کر دیوین *

شوہر اپنی منکوحہ کو سہل سے قصور مین طلاق دے سکتا ہی غرض موافق قانون قدیم کے عورتین اِن سات قصورسے واجب الطلاق ہین اولاً اگر عورت ضدّی اور اپنے خاوند کے خلاف مرضی کرنیکی عادی ہووے ثانیًا اگر بانج ہووے ثالثًا اگر زنا مین پکڑی جاوے رابعًا اگر مزاج مین جہل و رشک اسقدر ہووے کہ حرمون سے یا اونکے سبب شوہر سے لڑا کرے اور اوپر ظلم پہنچاوے خامساً اگر مرض لاعلاج مثل جذام یا مرگی مین مبتلا ہووے سادساً اگر

زبان دراز اور مونہہ زور ہووے اور بنگالے کی رنڈیون کی
طرح شوہر کا دم ناک مین لاوے یا تُتری ہووے یا کہ
خصم کی راز کو فاش کرے یا دو گھر مین قضیہ ڈالے
سابعاً اگر چوٹّی ہووے اور خصم کا مال مار کے باپ
مان کا گھر بھرے یا اور طرحسے خیانت کرے
اور اوسکی معاش کو بیجا صرف کرے تو ان کئی
وجہون مین سے ایک وجہہ کے واسطے طلاق جایز ہی
لیکن اس مین بھی تین شرطین داخل ہین اون مین سے
ایک بھی طلاق کے مانع ہوسکتی ہی پہلی یہہ اگر
عورت کے باپ مان و بڑے بھائی سب جاتے
رہے ہون اوس حال مین چونکہ گھر اوس بدبخت
کا برباد ہوا ہی اور اوسکے سر پر اپنا کوئی بڑا بوڑھا باقی
نہین رہا اس سبب سے اوس کے حق مین طلاق دینا ناجایز
ہی اِلّا زانیہ کہ اوسکو لونڈی بناکر رکھنا یا دوسرے
کے ہاتھہ بیچ ڈالنا ممکن ہی دوسرا مانع طلاق کا یہہ ہی کہ
عورت خصم کے باپ مان کی فوت کے غم سے تین برس تک
لباس ماتمی کو اختیار اور عیش وخورمی سے کنار کئے رہے

اور اوس حال مین شوہر کے ساتھ یگانگی ایک جان و دو قالب کی پیدا کرے اور تیسرا مانع طلاق کا یہہ ہی کہ وقت پریشانی اور مفلسی کے ہر امر مین معین شوہر کی رہی اور انواع خدمتگذاری و جان نثاری و رضاجوئی مین اصناف احسان شوہر پر ثابت کی ہو کہ جسکا عوض نہین ہو سکتا تب بجز زنا کے دوسرے کسی قصور کے لئے طلاق جایز نہین *

اگر کسی کی بیاہتی بی بی اپنے خاوند کے گھر سے فرار کرے اور پکڑی آوے تو بعد اطلاع حکام شہر کے شوہر کو اختیار ہی کہ طلاق دیوے یا اور کسی کے ہاتھ بیچ ڈالے اور خود دوسری شادی کرے اگر کسو مرد کے ساتھ نکل جاوے تو واجب القتل ٹھہرتی ہی اور اگر کسی عورت کا شوہر پردیس مین جاوے اور تین برس تک اوسکی خبر مطلقاً نہ پہنچے اوسوقت حکام شہر کو اس بات کی اطلاع کرنی اوس عورت پر واجب ہی اور اون سے اجازت حاصل کرکے دوسرے کے ساتھ شادی

کرسکتی ہی لیکن اگر اطلاع نکرے اور دوسرے
کے ساتھہ کسی طرح سے پھنس جاوے تو شوہر کے
مستغیث ہونے سے قتل کی جاتی ہی *

اگر کوئی حاکمان شہر یا عملۂ معتبرین سے اوس
صوبے کے کہ جسکے ذمّے سرکاری علاقہ کچھہ تفویض
ہووے کسیکی بیتی کے ساتھہ بے اطلاع سرکار کی
عقد کرے نکاح اوسکا رد و باطل متصور ہوتا ہی اور
معزولی کے علاوہ مجرمانہ پانو کے تلئون پر پھراتے کی مار
ایسی پرتی ہی کہ چھہ مہینے چلنے پھرنے سے معذور
رہتا ہی اور اس قانون کی نگہداشت صرف اسی
دور اندیشی سے ہی کہ کوئی ناظم یا صاحب حکومت
شادی کا رشتہ کسی امیر سے محکم کرکے سلطنت مین
فساد نہ اوتھاوے *

دو بھائی دو بہنون کو شادی نہین کرسکتے اور اگر
ایک مرد کا بیتا یا بیتی بی بی سے ہو اور اوسکی مان
کے انتقال کے بعد باپ کسی ایسی راند سے نکاح
کرے کہ جسکے پہلے خاوند کی طرف سے بیتا یا بیتی

ہو تو دونون کے پہلی شادی کے لڑکون مین نکاح ناجایز ہی *

چونکہ مملکت خطا مین وہ قدیم دستور باقی ہی کہ ہر خاندان مین جو بزرگ ہو اوسکے تابع سب رہین اس لئے قانون ہی کہ ہر گھر کی نیکی بدی کا جوابدہ رئیس خاندان ہوتا ہی اور باپ کا اتنا بڑا اختیار اپنے فرزندون پر ہی کہ بجز بیسوا اور نٹ اور نقال اور اسی طور کے پیشہ والون کے جسکے ہاتھ چاہے اونہین اگر بیچ ڈالے تو بیچ سکتا ہی اور کوئی مانع نہین ہو سکتا لیکن مان اپنے بیٹون پر یہہ ستم نہین کر سکتی کیونکہ خطائیون کے حساب مین مستورات کی عقل کی کچھہ گنتی نہین ہی *

خطا مین بے اولاد شخص کم بخت کہلاتا ہی اور متبنّیٰ کرنیکی دو صورتین ہین اول یہہ کہ کسی غیر کے لڑکے کو مول لیکر اپنا نام اوسکو دینا اور تمام مال و متاع اوسکو سونپنا جایز ہی اور دوسری یہہ کہ مثلاً تین حقیقی بھائی ہین اور اونمین سے ایک کے تین

بیٹے ہین اور دوسرے دونون بے اولاد ہو دین تب جنکے لڑکے نہین ہین وے برے بھتیجے کے سوا اور دوسرے دونون بھتیجون کو متبنّی کر سکتے ہین کیونکہ جس طرح سے قوم ہنود مین بڑا بیٹا اپنے باپ کی لاش جلاتا ہی اور کرنی کریہ کرتا ہی اوسیطرح خطائیون مین بھی بڑا بیٹا باپ کے دفن کا اہتمام کرتا ہی اور تین برس تک ماتم کے رسومات بجالاتا ہی * باپ کے مال ومتاع کا وارث بیٹا ہوتا ہی لیکن اگر سرکاری عہدہ باپ کے ذمّے قبل مرگ کے تھا اوسکا مستحق بیٹا نہین کیونکہ خطا مین علم وفضل کی قدر ہی اور جسکی جو بات اوسیکی ساتھ ہوتی ہی اس دستور کو اہل کمال تعریف کرتے اور بے ہنر بد جانتے ہین لیکن دراصل حکمانے عقل اور دوراندیشی کو اس قانون مین جگہہ دی اور جہان دوسرے اسباب مملکت خطا کی بقا کے ہین وہان اس دستور کو بھی سب سے بزرگ سمجھا چاہیئے *

خطا مین بلوغ کا کوئی سن مقرر نہین کیونکہ باپ کے

جیتے جی سب لڑکے اگر سو برس کے بوڑھے ہوویں تو نابالغ سمجھے جاتے ہین اور باپ اپنے وصیت نامہ مین جسکے حق مین جو لکھ جاوے وہی ظہور مین آوے *

لیکن بے وصیت کئے اگر مرے تو سب بھائیونکو برابر حصہ ملتا ہی لونڈی غلام کی خرید وفروخت خطا مین جایز ہی لیکن صرف زرخریدہ پر خریدار کا اختیار ختم ہی اور اگر کوئی شخص اپنے غلام کی جورو بیٹی پر ہاتھ ڈالے واجب القتل متصور ہوتا ہی اور سب سے زیادہ انصاف کا یہہ قانون ہی کہ بونے اور کاٹنے کے موسم مین کسان کو کسیطرح کے قرض کی بابت کوئی گرفتار نہین کرسکتا اور ایسے ایام مین اگر فی المثل فغفور کا بھی فرمان آوے تو ٹل جاوے *

سوائے ان قوانین دیوانی کے جو راقم نے مختصر عرض کئے سولہہ اور قانون ہین جو بطور نصایح کے جاری ہین اور چونکہ یہہ قوانین استحکام و پایداری مملکت کے لئے بمنزلہ میخ وبنیاد کے ہین لہذا حکام شہر پر حکم ہی کہ پندرھوین روز بر سربازار خلایق کو جمع کرین

اور ان سولہہ نصیحتون کو سنا دیوین اور سب حقیقت
کی شرح کرین اور اِنکے عدول کرنے اور نمانتے کے
مفاسد اور بجالانے کے فواید بیان کرین تاکہ عوام النّاس
ترک رذایل وکسب فضایل کرین اور اِن قوانین کی
پیشانی یہہ ہی کہ ہر شخص کو اپنے باپ مان اور
بڑے بھائی یا جو بزرگ خاندان ہووے اوسکی تابعداری
ہر امر و نہی مین اسطرح پر بجالانا چاہیئے کہ اونکی مرضی
سے اپنی نشست و برخاست متعلق ہووے اور جس
طرح سے انسان کے بدن مین روح کے ارادہ سے
جسم کے حرکات وسکنات ہین اوسی طرح پر ہر شخص
کو لازم ہی کہ بزرگون کی مرضی کو گویا اپنے تن کی
جان سمجھے اور بے رضا بزرگون کے دوسری طرف
جنبش نکرے کیونکہ بزرگونکے حکم کو خدا کی مرضی قیاس
کرنا چاہیئے اور چونکہ خدا کا بیتا فغفور ہی اور تمام لوگ
فغفور کے لڑکے ہین اور خداکا حکم فغفور مانتا ہی
اس سبب سے فغفور کا حکم سب رعیت
مانتی ہی اس لحاظ سے ہر بزرگ کی مرضی کے موافق کام

کرنا عین خداوند تعالیٰ کی رضا کو بچشم بجا لانا ہی اور جو شخص اس امر کا منقاد ومطیع ہوا دنیا وعقبیٰ مین سرخ روئی حاصل کیا کیونکہ جو اپنے بزرگون کی مرضی پر چلا وہ خطا و قصور سے بچا اور خدا کا پیارا ہوا اور جس نے بغاوت کی اوسسے خطا سرزد ہوئی اوسکے عوض یہان جو سزا ملی سو ملی اور عاقبت بھی بری ہوئی اور اوسکے شان پر آیہ خسرة الدنیا والاخرة صادق آیا *

دوسرا قانون یہہ ہی کہ اپنے بزرگ جو جہان فانی سے گذر گئے ہین اونکی یاد ساتھہ تکریم وتعظیم کے رکھنے اور اونکی قبرونکی رسومات بجالانے سے نشان سعادتمندی کا ہی اور جسکو ان باتونکا خیال رہیگا وہ بزرگون کی نصیحتون کو مانیگا اور خطا نہین کریگا *

تیسرا قانون یہہ کہ لڑنا یا جھگڑنا اور دوسریکے قضیہ کو متاندینا بُرا ہی *

چوتھا قانون یہہ کہ کسان اور ریشمی اور سوتی کپڑے کے بنے والون کی زیادہ قدر کیا چاہئے کیونکہ غذا و پوشاک جو سب سے مقدم ہین انہین دو فرقون سے ملتی ہین *

پانچوان قانون یہہ کہ پرہیزگاری اور کفایت شعاری ہر شخص کو لازم ہی کیونکہ ایک سے سلامتی جان کی اور دوسرے سے حفاظت مال کی متعلق ہی *

چھتوان قانون یہہ کہ مدارس اور تعلیم گاہون کی ترقی کی تدبیر کرنی ہر شخص کو لازم ہی کیونکہ اگر لڑکے بے تربیت رہے تو برباد ہووے *

ساتوان قانون یہہ کہ ہر شخص اپنے بزرگونکے پیشہ کو اختیار کرے کیونکہ ایک آدمی سے ایکہی کام خوب ہوتا ہی اور ایکہی فن کی تکمیل مین مدت العمر چاہیئے *

آٹھوان قانون یہہ جو شخص طرز جدید و مذہب نو خلاف دستور بزرگونکے جاری کرے اوسکو فوراً نیست و نابود کرنا چاہیئے کیونکہ اوسنے بزرگون کی عقل کو ہیچ جانا اور اونکی وضع و دستور پر چلنے کو ننگ و عار سمجھا اور کیا اونہین یہہ بات نہین سوجھی تھی جو اوسکی عقل کی محتاجی رہی تھی پس یہہ شخص خطا کیا اور خاطیون مین نامزد ہوا *

نوان قانون یہہ کہ چونکہ سزا کے خوف سے عوام

بدی نہین کرتے اس لئے خواص کو لازم کہ ہمیشہ اون لوگونکے رو برو غفور کے غضب اور قہر کا ذکر کرین تاکہ وہ سب گناہون سے باز رہین *

دسوان قانون یہہ کہ ہر شخص کو ظاہر و باطن کی تہذیب حاصل کرنی چاہئے کیونکہ ایک سے دنیا کی بھلائی اور دوسرے سے عقبیٰ کی رہائی حاصل ہوتی ہی *

گیارھوان قانون یہہ کہ ہر شخص کو اپنے فرزندون اور چھوٹے بھائیون کو اچھی طرح سے تربیت کرنا چاہئے کیونکہ اگر اونکی تعلیم مین کمی ہوگی تو وہ اپنے بزرگون کے ساتھہ بری طرح پیش اوینگے *

بارھوان قانون یہہ کہ کسی پر بہتان نہین کیا چاہئے کیونکہ بہتان کار شیطان کا ہی *

تیرھوان قانون یہہ کہ اپنے گھر مین کسی مجرم بد نہاد شہر بدر کئے ہوئے کو لانا یا کسی طرح سے اوسکے ساتھہ کچھہ سلوک کرنا نیکو نکے ساتھہ برا کرنا ہی بقول سعدی *

بیت

نیکوئی با بدان کردن چنان است کہ بد کردن بجای نیک مردان

چودھوان قانون یہہ کہ جسکا جو خزانہ مقرر ہی اوسکو حسب المعمول ادا کرنا چاہیئے کیونکہ فغفور قبلہ گاہ رعایا کا ہی اور چونکہ اوسکا خرچ رعیت کی ادای خزانہ پر موقوف ہی لہذا اس امر مین غفلت کرنی گو اپنے والد کو ایذا دینی ہی *

پندرھوان قانون یہہ کہ ہر شخص کو حاکمان شہر کی مدد کرنی چاہیئے تاکہ چور اوچکے اوٹھاے گیرے جیب کترے گرہ کٹے اور ہرطرح کے بدمعاش اپنے پیشیہ کو نکرنے پاوین اور جو فعل بد کرین اوسکو گرفتار کرا دیوے کیونکہ ایسے امر مین حاکم کو مدد دینی اپنی بھلائی کرنی اور اون مردم آزاردن کے ظلم سے سب کو بچانا اور اپنی جان و مال کو محفوظ رکھنا ہی *

سولھوان قانون یہہ کہ جو شخص لگام سرکش گھوڑیکے حوالے کرتا مارا پڑتا ہی اوسی طرح سے مغلوب غیظ کا ہونا اور توسن طبیعت خود کام کی لگام ہاتھ سے چھوڑ دینی نامناسب ہی *

الغرض اسی طور پر تمام مملکت خطا مین قوانین دیوانی

امور مین جاری ہین اور راقم نے اپنی عقل کے موافق
سبکی وجہہ تسمیہ بیان کیا ہی فقط

آٹھواں باب

فوجداری تقصیروں کی شرح اور اونکی سزا دینے کا بیان

ملک خطا مین جب کوئی شخص ارادہ فریاد کا کرتا
ہی اپنے شہر کی فوجداری کچہری کے دروازہ پر جاکر
جو نقارہ باہر دھرا رہتا ہی اوسپر چوب مارتا ہی فورًا
ماندرین کے پیادے نکل آتے ہین اور حال دریافت
کر کے اسامی وفریادی کو مع گواہان طرفین کے حاکم کے
آگے لیجاتے ہین اور اوسی وقت خواہ رات خواہ دن
ہو تجویز شروع ہوتی ہی اسلئے عین مملکت مین حکم
ہی کہ جو داوری کے لئے آوے اوسکی داد رسی اور
انصاف کرنے مین دیر نہووے کیونکہ مظلوم کی فریاد
سنّے اور داد دینے مین جسقدر دیر ہووے گی اوسیقدر
اوسکو زیادہ ایذا پہونچے گی اور مارے ہوئے کو مارنا
اور ستم دیدہ کو اذیت پہونچانا خاتمہ مردم آزاری
کا ہی *

حرف داد بخشی اور انصاف گستری کے لئے
ہر صدر محکمہ کے خصوصاً فغفور کے دولت خانہ کے دروازہ پر
نقارہ رکھا رہتا ہی کہ جس گھڑی فریادی آتا ہی
بلا تامل نقارہ پر چوب دیتا ہی اکثر اوقات یون ہوتا
ہی کہ فریادی کے چوب مارنے سے خود بدولت
اپہی داد دینے کو نکل آتے ہین اور جس محکمہ کے قابل
مقدمہ کو سمجھتے وہین بھیج دیتے ہین اور ہمیشہ سے
یہہ چلا آیا ہی چنانچہ قدیم الایام مین کسی فغفور نے اپنے
دولت خانہ کی صدر ڈیوڑھی دروازے پر کیوار نہ لگوائے
وزیرون نے سبب پوچھا فرمایا کہ میرے گھر اور
میرے دل کو کشادگی چاہئے تاکہ میری رعیت کو
مجھ تک پہنچنے اور میرے داد رس ہونے مین تامل
نہووے القصہ جس وقت فریادی حاکم کے حضور آتا
ہی زمین پر دو زانون بیٹھتا ہی اوسوقت اوسکی
سب سرگذشت سنے کے اور بالکل حقیقت سمجھنے کے
بعد حکم مناسب صادر ہوتا ہی لیکن قبل سیاست
کرنے کے اسامی سے پوچھا جاتا ہی کہ تمہاری تقصیر کے

موافق سزا ملی اور تمہاری انصاف ہوئی یا نہین اگر
اوسنے جواب دیا کہ مین نے جیسا کیا ویسا پایا تو
اوسی وقت حاکم اپنے سامہنے اقرار لکھواکے گواہون کو
بلواکے سب ماجرا سنواکے سزا دلواتا ہی اور اگر مجرم
نے اوس انصاف کو نہ مانا اور اپنے کو باوجود ثبوت
گناہ کے بیگناہ ٹھہرایا تو اوسوقت مقدمہ کی نتھی حکام آعلی کو
سپرد کی جاتی ہی اور اسامی یا فریادی کو اختیار ہی کہ
فغفور تک اپنے معاملہ کو پہنچادین غرض اسقدر تردد
صرف بڑے امورون مین کیا جاتا ہی جسکی سزا قتل
یا تشہیر یا جلای وطن تجویز ہو لیکن چھوٹے چھوٹے مقدمات
کہ جس مین صرف زدوکوب مناسب ہو تو اوس
مین ماتحتین فوراً سزا دلواسکتا ہی خطا مین زدوکوب
کی سزا یون دی جاتی ہی کہ ہر حاکم کے روبرو بانس کے
پھراتے رکھے رہتے ہین اور ہر ایک مین عدد دس
بیس وغیرہ تا سو لکھے رہتے ہین اور حاکم طرفین کی
سنکر جس پھراتے کی طرف اشارہ کرتا اوسکو پیادے
اوٹھالیتے مجرم کو زمین پر لٹاکے تلوے پر مارتے ہین

اور دس ضرب سے پچاس تک چھوٹے قصورون
کی سزا اور پچاس سے سو تک جرم سنگین کے
لئے مقرر ہین اور ایک قاعدہ خطا مین ایسا مروج ہی
کہ اگر اور ملکون مین رواج پاوے تو کسی پر کوئی
تہمت نہ کر سکے اور وہ یہہ ہی کہ جب نالش مین
افترا ثابت ہوا تو حاکم کو اختیار ہی کہ مفتری وہی
سزا پاوے جو مجرم کو ملتی اگر قصور ثابت ہوتا اس سبب
سے خطا مین افترا وبہتان بہت تھوڑا ہی * تلوون پر
مارنے کی سزا خطا مین بہت مروج ہی اور اوسکی مار جسپر
پڑتی ہی اگرچہ ایذا اوسے بہت سی ہوتی ہی اور
چندے چلنے پھرنے اوٹھنے بیٹھنے سے معذور رہتا
ہی لیکن اوسکی عزت مین فرق نہین آتا اور چونکہ فغفور
اپنے وزیرون کو اکثر اسیطرح پر تنبیہ کرتے ہین اس لحاظ
سے خطائی اُس سزا کو سیاست پدری سمجھتے
ہین *

ایک قسم کی سزا گناہ کبیرہ کے واسطے یہہ ہی
کہ ایک تختہ مربع چار ٹکرون کا ہوتا ہی اور اوسکے

بیچ مین ایک سوراخ آدمی کے سر کے جانے کے موافق اور
دو چھید بازو کے لئیے دو کونون پر بنائے جاتے ہین مجرم
کی گردن اور دونون بازوؤن مین ڈال کے کسی صدر
جگہہ مین جیسا سر بازار یا چوراہا یا بتخانہ یا شہر کے
صدر دروازے پر اوسے کھڑا کر دیتے ہین اور ایک
پرچہ کاغذ پر اوس کا جرم لکھہ کر تختے مین سات دیتے ہین اور
تا ادائے میعاد شب و روز اوس تختے کو نہین کھولتے
اسی طرح وہ نابکار بازار بازار گلے مین لعنت کا ہار تشنہ
و گرسنہ سر و پا برہنہ تلوے پارہ پارہ مارا پڑا پھرتا ہی
اور اگر کسی نے کھانے پینے کو دیا تو کھا پی لیا ورنہ اپنے
ہاتھون سے معذور سونے سے مجبور سب طرح سے لاچار
و خوار و زار دو دو ہفتے اور کبھی چھہ اور آٹھہ اور کبھی
دس اور بارہ ہفتے یونہین رہتا ہی سوا اسکے
جیسا جرم ویسا ہی وزن اوس لکڑی مین ہوتا ہی غرض
پانچ پانسیری سے کم اور دس پانسیری سے زیادہ نہین ہوتا
لیکن بہت سے قیدی اس سزا کی میعاد سنگین مین ہلاک
ہو جاتے ہین غرض بچنے اور میعاد تمام ہونے کے بعد حاکم

شہر کے روبرو لیجاتے ہین اور اوس لکڑی کو گلے سے اوسکے
اوتار کر بانس کی بیس ضربین مارتے ہین اور ایک
داستان طویل نصیحت اور ملامت کی سنا کر اوس
عذاب سے رہائی دیتے ہین اور اگر پھر کبھی اوسیطرح
کے جرم مین گرفتار ہوے تو میعاد زاید ہوتی ہی اور دس
پنسیری کی لکڑی گلے مین اوسکے ڈال دی جاتی ہی اوسوقت
اوسکی پوری کتّے کی موت ہوتی ہی اور اگر ایسا سگ
جان ہو کہ سب بلا کو تحمیل اور مصیبت جھیل کر جیا
تو پیشانی اور دونون گالون پر گرم لوہے سے داغ دیتے ہین *
اور گناہ کبیرہ کے لئے جلای وطن کی سزا مقرر ہی اور
جو مجرم اس قابل ہوتا ہی تو اوسکو ملک تاتار کے
کسی اجڑے دیار مین بھیجدیتے ہین اور اوسکو اختیار
ہوتا ہی کہ اپنے اہل و عیال کو ساتھ لے جاوے اور وہان
خانہ داری کرے اس سزا کو خطائی بہت سخت
جانتے ہین کیونکہ اباو اجداد اور بزرگون کی قبرین اونکے
جانے سے برباد ہو جاتی ہین اور اونکی پائینتی مین پانو پھیلا
کے آرام سے سو رہنے کی اُمید جاتی رہتی ہی سیوا اسکے

بیت

خشت وطن از تخت سلیمان خوشتر
خار وطن از سنبل وریحان خوشتر

اور کسکا جی چاہتا ہی کہ اپنے یگانے دوست اشنا مدت کے صاحب سلامتی اور راہ گھات کے ملاقاتی دفعاً چھوت جاوین اور پھر اونکی صورت دیکھنے اور دوستی کا دم بھرنے اور اپنے ہمنشینون اور یارونمین بیٹھکر دل لگی کرنے کی امیدین بالکل منقطع ہو جاوین اگر وے بیچارے انقلاب روزگار کو برحق جانکر سفر وحضر کو یکسان سمجھین تو جہان پر جا بیٹھین اوسیکو اپنا گھر جانین بقول سعدی *

شعر

مبند خاطر خود را بہ ہیچ یار و دیار
کہ بر و بحر فراخ است وادمی بسیار

اس سمجھ کے آدمی کو جلای وطن سے کچھ رنج نہووے اور فراق کا سے ایک ایک دن قیامت کی طرح نگذرے لیکن حکیم مطلق کی حکمت کی بڑی

دلیل یہہ ہی کہ طبایع مختلف ہین ورنہ اگر تمام اہل دنیا کی طبیعتین ہماری طرح وارستہ و آزاد ہوتین تو کارخانۂ الہی مین فتور واقع ہوتا اور انتظام خلایق کا درہم و برہم ہو جاتا *

ختا مین قصاص تین طرح پر مروج ہی اول سینہ کو تسمہ سے ایسا تنگ باندھتے ہین کہ دم گھت کر جان نکل جاتی ہی اور دوسرے سر کاٹ ڈالتے ہین اور تیسری طرح مین دس ہزار ٹکرے کرتے ہین *

اول طرح کے قتل کو اہل ختا موت با عزت سمجھتے ہین مگر سر کو دھڑ سے جدا کرنا بدترین طرح سے مرنا جانتے ہین لیکن فرنگستان مین امراء کبار سے جب کوئی قتل کیا جاتا تو سر کو تن سے جدا کرتے ہین اور پھانسی کی موت کو بے عزتی کی موت جانتے ہین اس جہت سے یہہ سیاست عوام الناس کے لئے مقرر ہی اور اہل خطا برعکس اس کے سمجھتے ہین اور حق ہی کہ ہر ملکے دہر رسمے اور دس ہزار ٹکرے کرنے کی سزا ایسے جرمون مین ہی جیسے والدین کو زہر دینا یا اور کسی طرح سے انکو ہلاک کرنا یا فغفور کے

ساتھہ بے ادبی سے پیش آنا مثلاً بلوا یا فتنہ برپا
کرنا یا اونکے ہلاک کا قصد کرنا ایسے مجرم کو بر سر بازار
لاکے ایک کھمبے سے باندھکے کھڑا کرتے ہین اوسوقت
جلاد چھوری سے پیشانی کی کھال چھیل کر جبڑے پر
ڈال دیتا ہی اور ہر جسم کی بوٹی بوٹی کاٹ کر
چیلون اور کوؤن کے کھلانے کے لئے ایک جگہہ
جمع کرتا ہی اور جب دیکھا کہ اس صدمے سے
ہلاکت کے نزدیک آیا تو بڑے بڑے اعضا کو
گرہ گرہ اور بند بند سے جدا کرتا ہی اور آخر کو سر
کاٹ ڈالتا ہی بعد اسکے مقتول کے سر کو بلّم کے
نوک پر رکھہ کے ہر گلی اور کوچے اور راہ گھاٹ مین لئے
پھرتا ہی اور اوسکے جرم سے لوگونکو آگاہ کرتا ہی اور
چونکہ اہل ختا شہنشاہ کو باپ سے زیادہ مانتے اور اپنے
خاص والدین کو افضل بنی آدم سمجھتے اور اونکے گناہ گار
کے لئے تمام دنیا کی سزا کم سمجھتے اس لحاظ سے
جو نہین جلاد اوسکے بالکل اعضا کے تراش نے سے فارغ
ہوکر سر کو نیزہ پر لیا اور لاش سے جدا اور شہر مین کوچہ بکوچہ

لے گشت کرنے اور لوگون کو دکھلانے کے لئے روانہ
ہوتا ہی فورا ہزارہا خلقت گوشت کی بوٹیون پر جھک
پڑتی اور چیلون اور کوؤن کو کھلادیتی ہین اور اگر کوئی
خون کرے یا دنگے لڑائی مین کسی کو مار ڈالے تو مجرم
کا دم گھونٹ کر مار ڈالتے ہین لیکن اپنے اقربا کے قاتل کا
سر تن سے جدا کرتے اور اگر کسی طبیب کی دشمنی سے
مریض ہلاک ہو جاوے اور اوسکی نالش ہووے
اوسوقت نہایت تحقیقات ہوتی ہی اور عندالثبوت
دشمنی کے طبیب قتل کیا جاتا ہی اور اگر نادانی
سے دوا خلاف مزاج یا مرض کے دینا ثابت ہوا تو
وہی لکڑی جسکا مذکور ہوا ہی اوسکے گلے مین ڈالی جاتی ہی
اور دراز میعاد مع جرمانۂ سنگین کے اوسکی نسبت
مقرر ہوتی ہی *

والدین اپنے لڑکے بالونکو تلودن کی سزا بے دست اندازی
حکام کے دے سکتے ہین اور شوہر اپنی جورو کو اگر
مار پیٹ کرے تو اوسکی داد و فریاد نہین ہی لیکن
اگر عورت شوہر پر ہاتھ اوٹھاوے یا گالی دیوے اور

خاوند حالم کے پاس مستغیث ہوے تو سو غریبن تلوؤن پر اوسکے ایسی لگتی ہین کہ مہینون چلنے پھرنے سے معذور رہتی ہی زناکاری مین طرفین پر بانس کی مار پرتی ہی اور دیوّثون اور کسٹون اور شرابیون اور بد معاشون کی اوسی طرح پر خدمت کی جاتی ہی جوے جھپاسیئے جوّرباز اور لڑا کر تماشا دیکھنے والے اور بیایئے وغیرہ سب کا علاج حکام ختا ایسی کرتے ہین اور کف پا کی ایسی مار مارتے اور وہ لعنت اللہ علی الکاذبین کی بانگ کا ایسا شور وغل مچتا ہی کہ سنے والے عبرت کی انگلیان کانون پر دھرتے ہین علی ہذا القیاس راشی اور مرتشی دونون کو سزا ملتی ہی کیونکہ راشی اسی ارادہ پر حاکم کو کچھ دیتا ہی جو حق نکرے اور حاکم رشوت ستان بے ایمان ہوتا ہی *

زندان کی سزا ختا مین نہین ہی کیونکہ جو شخص محبوس ہوا اور ایک زندان مین قید رہا لوگونکو اوسکے جرم پر آگاہی اور سزا سے عبرت نہین ہوتی ہی اس لئے تشہیر کا رواج زیادہ ہی غرض جب تک مجرم زیر تجویز ہو

تب تک وہ ایک خاص جگہہ مین نظر بند رہتا ہی
اور کسی چیز کی تکلیف نہین پاتا اور اوسکے عزیز و اقربا
اور دوست و اشناسب کو حکم اوسکے پاس جانے
اور صلاح دینے اور جی بہلانیکا ملتا ہی *

ختا مین یہہ بھی دستور ہی کہ مجرم کی سزا کو اوسکے بدلے
اگر کوئی دوسرا شخص آپ قبول کرے تو جایز
ہی اور اکثر ایسا ہوا ہی کہ باپ کی سزا کو بیٹے نے
اپنے اوپر لیکر باپ کو رہائی دلوائی ہی اور تھوڑے دن
کی نقل ہی کہ ایک ختائی کو جو حقیقت مین مجرم
خطاکار تھا تلوؤن کی سزا دی جاتی تھی کہ اتنے مین اوسکا
بیٹا پانچ یا چھہ برس کا یکبیک آپہنچا اور اوس حال کے
دیکھتے ہی بیتاب ہوکر فریاد اور غل مچایا کہ باپ کی سزا
مجھے دو اور اوسکی عوض اگر تمھارا جی چاہے تو ذبح کرو اور اپنے
باپ سے لپٹ گیا اور مار کھانے نہ دیا اور حاکم سے
کہا کہ تمھین صرف پچاس ضربین مارنے سے مطلب
ہی بس جسقدر باپ کے واسطے تجویز ہو مجھے مارو
لیکن باپ کو چھوڑ دو غرض اوس بچے کی محبت اور

جرأت کی قدردانی حاکم نے کی اور اوسکے باپ کو
فوراً رہائی بخشی اور فغفور نے جب یہہ ماجرا سنا
اوس لڑکے کو بلوا کر بہت سا پیار کیا اور پادشاہی
مکتب خانے مین اتالیق معتبر کو سونپا اختیار فغفور کو ہی
کہ جس مجرم کو چاہے معاف کرے لیکن حکما نے یہہ
اجازت دیکر پھر یہہ حکم کیا ہی کہ اس طرحکا رحم
بہت کم کرنا چاہئے اور اوسکی وجہہ کو بوجہ احسن
سعدی نے لکھا ہی *

بیت

پسندیدہ است بخشایش ولیکن منہ بر ریش خلق آزار مرہم
ندانست آنکہ رحمت کرد بر مار کہ آن ظلم است بر فرزند آدم

لیکن اگر کسی بدھیا کا حرف ایک ہی بیتا رہے کہ اوسکی
ضعیفی کا تکیہ ہووے یا کوئی بزرگ زادہ کہ جسکے باپ
نے نام پیدا کیا ہو اور وہ چشم و چراغ دودمان و وارث
اپنے خاندان کا ہو کہ جسکے مرنے سے اوسکا گھر اندھیرا
ہو جاوے تو ایسے ایسے مقام پر فغفور کو جب عرضی
گذرتی ہی تو معاف ہو جاتا ہی لیکن اگر ایسا اتفاق

ہووے کہ مقتول اپنے گھرانے کا یکتا اور قاتل بھی اپنے خاندان کا رئیس ہو اس حال مین قصورکو درگذر نہین کرتے کیونکہ انصاف اور عدالت کا مقتضا یہی ہی کہ ظالم کا حال مظلوم سا کیا جاوے *

نواں باب

بیان مین معرفت حق پدری اور مادری کے اور تہذیب نفس اور تدبیر منازل اور سیاست مدن کے

ہر اقلیم مین دیوانی امور کے قوانین ہین تاکہ ہر شخص کو حق و ناحق کی شناخت ہووے اور قتل و سیاست کے باب مین آئین ہین تا ہر شخص کو کسب رذایل کے نتیجے دریافت کرنے سے عبرت ہووے اور تیسری قسم کا دستورالعمل یحرختا کے اور کہین نہین کیونکہ وہان حق پدری و مادری بھی مثل قانون کی بلکہ مذہب کا رکن اور دنیا وعقبیٰ کی بہتری کا وسیلہ سمجھا جاتا ہی اور اوس مملکت کی بزرگی اور پایداری کا ایک بڑا سبب یہی ہی کہ تہذیب نفس اور تدبیر منازل اور سیاست مدن کا کمال اوسی ملک پر ختم ہی

اور ظاہر ہی کہ جس ملک کے رہنے والون کے آثار
وافعال تمام حکمت عملی ہون تو اوس ملک کا نتیجہ سوا
ترقی اور آبادی اور پایداری اور استواری کے کیا کیا مترتب
ہوگا اور مخفی نرہے کہ ختا مین والدین کے حق کی معرفت
اور فرزندون کی اطاعت اور محبت ہزارون برس سے چلی
آتی ہی اور حالانکہ کئی بار ایسے بلوے ہوئے کہ شاہنشاہ کا
خانوادہ بالکل ستاصل کیا گیا اور دوسرا وارث تاج
و تخت کا ہوا اور پہلے دفعہ قبلا خان قوم مغلیہ تاتار کے
سردار کی ایسی یورش اوس ملک پر ہوئی کہ سو برس
تک اوسکی اولاد نے ختا مین شہنشاہی کی اور حالانکہ بعد
سو برس کے جب ختائیون نے بلوا عام کر کے
مغلون کو نکالا اور اپنے ملکیون مین سے پھر پادشاہ بنایا
بعد اوسکے ایک سو پچہتر برس ہوئے کہ پانچو تاتار کے
سردار نے تخت ختا کو چھین کر اپنی سلطنت کو قایم
کیا چنانچہ اج تک اسیکے گھرانے مین سلطنت و فرمانروائی
قایم ہی باوجودیکہ یہہ سب کچھہ ظہور مین آیا اور دفتر کا
دفتر پریشان ہوگیا لیکن جس طرح سے پانی کا سیلاب

آتا اور بہہ جاتا ہی اور زمین جیسی تھی ویسی رہتی ہی
اوسی طرح سے ختا مین باوجود کئی بار کے تفرقہ کے
قدیم رسومات ودستورات جو بیخ و بنیاد سلطنت ہین
اُون مین کبھی فرق نہ آیا اور تاتاری جو آئے باوجود اسکے
کہ مالک ہوئے اور چاہتے تو اصلی باشندون کے
درمیان اپنے اطوار و رسومات جاری کرتے اور کوئی وجہہ
نہ تھی کہ مغلوب غالب کی سی نہ کہتے سنتے
کیونکہ فحوای الناس علی دین ملوکھم اس امر مین ناطق
صادق ہی لیکن قبلاخان مغلیہ تاتار کے سردار نے اور
چیچی خان مانچو تاتار کے فرمان فرمانے بھی ختا کے رسومات
اور دستورات کو ایسا بہتر جانا اور اپنی حکومت
کا قیام اسطرح پر اونکی موافقت سے متعلق سمجھا
کہ غالب اور مغلوب جن مین مار گزیدہ اور ازار دہندہ
کی نسبت ہوتی ہی مثل شیر و شکر کے
مل گئے یہان تک کہ اگر ختا مین اصلی باشندون
اور تاتاریون مین تمیز کرنی چاہے تو کیا مجال بلکہ محال
ہی الغرض جہان اور دستور ختائیون کے اہل تاتار

نے اختیار کئے ہین افضل اور مقدم اونکا حق شناسی
والدین کو ملحوظ رکھنا ہی اور جو کہ راقم نے اس باب
کے عنوان مین لکھا ہی کہ حکمت کی تینون قسمین
تہذیب اخلاق اور تدبیر منازل اور سیاست مدن
ختاپر ختم ہی سبب اسکا یہی ہی اسواسطے
اوسکے لئے دلیل و برہان کی ضرورت نہین ہی اور
معلوم کیا چاہئے کہ سب رزایل اور کسب فضایل
سے تہذیب نفس حاصل ہوتی ہی اور جس قوم
مین فرزند کے حق مین حق گذاری والدین کی دفتر سعادت
و کرامت کا جز اعظم ہی یہان تک کہ فرزند کو
لازم ہی کہ اپنی تمام حرکات وسکنات کو بزرگوارون
کی مرضی پر منحصر رکھے اور اوسکو اس سے چارہ نہووے
تو ممکن نہین کہ وہان رذیلت کی عادت ہووے
اور حالانکہ دنیا مین بعضی بہایم مثل انسان کے اپنے
فرزندونکو چوری اور اپنی شرارتین سکھاتے ہین لیکن
اکثر یو نہین ہی کہ والدین اگر خود برے ہوین
لیکن اپنی اولاد کو حتی الامکان آپ سا نہین ہونے

دیتے کیونکہ قاعدہ دنیوی متعلق فضیلت محبت سے یہہ ہی
کہ ہر شخص یہی چاہتا ہی کہ اپنے پیارے علی الخصوص
کہ آوازہ فرزند دلبند کے آفرین نہ نفرین کا زبان خاص وعام
پر جاری رہے علاوہ اسکے عادت طبیعت ثانی ہی
اور وہ یہہ ہی کہ جس ملک مین ابادی دنیا سے
آج تک کرورون خلقت افراد انسانی کے ہر فرد
بشر کا بادشاہ سے غلام تک یہی دستور چلا آتا ہو کہ
اپنے والدین کی اطاعت کو ہر امر مین مقدم سمجھے وہان کے
لوگون مین رذایل اور عیوب بہت کم ہوتے تیسرے
حتا کے حکماء قدیم نے والدین کی قدر کرنے کے باب
مین رشتہ تقریر مین عجب خوبی سے گوہر نصیحت کو
پرویا ہی اور اون بزرگوارو نکے ایک قول کے معنی
یہہ ہین کہ جو فرزند اپنے والدین کی اطاعت کا دم بھرتا
ہی وہ اگر اونسے جدا بھی ہو تو اونکو اپنے نزدیک بلکہ
اپنی آنکھون کے سامنے سمجھکر حاضر و غایب اونکی
نصیحتون پر عمل کرتا ہی اور اوسی ایک حال پر
رہتا ہی اور دوسرے ایک قول کا ترجمہ اگرچہ طول

ہی لیکن اوسکے مطلب کا لب لباب راقم نے
یہہ نکالا ہی کہ فرزند مثل پروانے کی اور والدین مانند شمع
کے اور جسطرح سے پروانہ شمع کی پشت ورو
دونون کو یکسان جانکر محبت کے دایرے مین
مرکز کی مانند ایک حال پر رہتا ہی اسی طرح سے
والدین کے حضور اور غیبت مین فرزند سعید کی الفت
اور اطاعت کا ایک سا حال ہوتا ہی اور ایک حکم
یہہ ہی کہ جب والدین کے گھر مین رنج ہووے تو بیٹا
نہ کسی کو مدعو کرے اور نہ آپ دعوت مین جاوے
اور جب وے بیمار یا گسلمند ہوویں تو فرزند پرخواب
وخور حرام ہووے سیوا اسکے بسبب حکم حکما کے
یہہ رسم ہی کہ فرزند سعادتمند شام وسحر والدین
کے رہنے کی جا پر جا کے اپنی آنکھوں سے دیکھتا اور
کانون سے سنتا ہی کہ اونہین کس چیز کی ضرورت ہی
اور قبل گھر سے باہر جانے اور بعد پھر آنے کے ہر شخص
کو واجب ہی کہ اپنے والدین کو رسم ملک کے
موافق سلام کرے اور آداب بجالاوے اور خیر وعافیت

پوچھے الغرض یہہ ایک حکم عجیب حکماء حتا کی نازک خیالی پر دال ہی کہ فرزند کو لازم نہین کہ اپنے والدین کے آگے بڑھاپے کا ذکر کرے چونکہ حکماء حتا اپنے کسی قول مین وجہ اپنے کسی دعوی کی کبھی بیان نہین کرتے اور صرف ایک سخن متین مختصر کہ اوسکو قاعدہ کلیہ سمجھا چاہئے زبان سے نکالتے ہین اور ہر شخص اپنے مذاق کے موافق اوسکی شرح کر لیتا ہی جسطور سے موتی کے دانے اپنے اوصاف کے بیان مین گونگے ہین اور خواہندہ وجو یندہ کی قدر دانی پر اونکا مول موقوف رہتا ہی اس لئے راقم نے اس فقرہ لطیف کے یہہ معنی اپنی عقل کے موافق پیدا کئے ہین کہ بڑھاپے کا ذکر لب گور کا تذکرہ ہی اور اندھے کوئے کا نام کوئی کبھی چاہ سے نہین سنتا ہی چنانچہ مثل مشہور ہی * پیری وصد عیب چنین گفتہ اند * اہل خرد در ثمین سفتہ اند * اس لحاظ سے اوس موسم خزان کا ذکر زبان پر لانا غنچۂ دل کو خار خار کرنا اور آزار دینا ہی *

جب ہتھیلیان سوکھ گئین اور آنکھین تر ہو کے بہنے لگین

سینہ دبا اور پیٹ موٹا ہوا حرص کی اگ دل مین بھڑکی
اور سات ہی اوسکے مایوسی کی سردی عضو عضو مین
پھیلی اور جو وقت بیماری پیش خدمت ہوکے آئی
اور بیداری خواص ہو کے سرہانے بیٹھکے سر دابنے لگی اور
بیقراری پائینتی کی طرف چپّی کو بیٹھی فکر نے قصہ خوانی
شروع کی اور ہوا و ہوس پنکھا کرکے جگر کی گرمی دور کیا کرتی
زیادہ تر خرمن اسودگی پر صاعقہ بیقراری کا گرتا ہی اسی کو
پیری کہتے ہین چنانچہ نظامی گنجہ کہ گنجور سخنوری تھا
فرماتا ہی *

بیت

دریغا کہ عہد جوانی گذشت جوانی مگو زندگانی گذشت

الغرض ایسے وقت کا ذکر کرنا حقیقت مین
باعث ملال و افسردگی اور خلاف راحت
و عشرت زندگی ہی کیونکہ ذکر رنج کا نصف رنج
ہی جیسا ذکر عیش نصف عیش مشہور ہی
اور غمگسار وہی ہی جو رنج کو بھلادے نہ کہ یاد
دلوادے *

حتا مین ہزارون کتابین والدین کی اطاعت کے باب
مین لکھی گئی ہین اور اون نصیحتون کی اگر صرف
فہرست لکھی جاوے تو ایک دفتر ہووے لیکن
ایسی تحریر کی پڑھنے مین زیادہ اوقات صرف
ہووے اور جاہل کے واسطے تفسیر چاہئے اور عاقل
کو یہہ اشارہ کافی ہی کہ جو قواعد و اداب عزت و حرمت
والدین کے باب مین مرقوم ہین اون مین کوئی بات
فروگذاشت نہین ہوئی اور تعظیم و تکریم کرنے اور بعد
ذات پروردگار کے اونکے بزرگ جاننے مین کوئی نکتہ
فروگذاشت نہین ہوا اور ہر مدرسے مین اس مقدمے کا
درس برسون رہتا ہی اور تاوقتیکہ طلبا اس مین امتحان
کامل نہین دیتے دوسرے علم کی طرف رجوع نہین
کر سکتے ہین اور یہہ کچھہ علم بے عمل نہین کیونکہ ملاحظہ
کیا چاہئے کہ خود فغفور کس طرح پر عامل ہوتا ہی *
بعد صبح صادق کے ہر روز درباری امرا چھوتے برے
دیوان عام مین حاضر ہوتے ہین اور فغفور کے تخت کے
سامھنے دورویہ اپنے اپنے مرتبہ کے موافق کھڑے رہتے

ہین اور جلو خانے مین نشان اور سارا سامان مرتبہ
شاہنشاہی کا موجود رہتا ہی اور جسوقت فغفور اپنے
محل سرا سے برامد ہوتا ہی مجرائی سب مجرا
کرتے ہین اور وہ ہوا دار پر سوار ہوکر اپنی ما کے
سلام کو جاتا ہی جب باہر کی صدر ڈیورھی پر پہنچتا ہی
سواری سے اوتر کے پیادہ پا اندر کی طرف قدم برھاتا
ہی دوسرے ڈیورھی پر ارکان دولت فغفور کا
ساتھ چھورکر اپنے اپنے درجون پر کھرے ہو جاتے
ہین اور جب فغفور آگے برھا تیسری ڈیورھی تک عزیز
اور اقربا ہمراہ ہوتے ہین چوتھی پر جب پہنچتا ہی
دروازے پر کھرا ہوکر خواجہ سرا کی زبانی والدہ کی حضور
مین عرض کرتا ہی کہ فدوی مجرے کے لئے حاضر
ہوکر امید سرفرازی کی رکھتا ہی اوسوقت اوسکی ما
تخت پر جلوس کر کے پروانگی حاضر ہونے کی دیتی ہی
اور جو نہین پردہ اوتھا اور فغفور سامنے آیا خواجہ سرا جو
داروغہ دیوانخانہ ہی بآواز بلند پکارا کہ سجدہ کرو فغفور
سنے کے ساتھی والدہ کے مقابلے مین تین سجدہ متواتر

کرتا ہی اور اپنی اپنی جگہون پر اقربا اور وزرا باہر کی
ڈیوڑھیون پر تین دفعہ سجدے مین آتے ہین اور جب
یہہ تین سجدے ہو چکے میر بار یعنے داروغہ دیوان خانہ پکارتا
ہی کہ اوٹھو اور آگے بڑھ کے پھر تین دفعہ سجدہ کرو
اوسوقت فغفور گردن نیچی کئے ہوئے اوٹھتا اور تین
قدم آگے بڑھکے پھر تین سجدہ بجالاتا ہی اور تیسرے
سجدے مین سر زمین پر سے نہین اوٹھاتا جب تک کہ
میر بار نہین پکارتا کہ اوٹھو اور آگے بڑھکے پھر تین دفعہ سر کو
زمین سے لگاو یہہ سنتے ہی فغفور اور اوسکے عمالہ
جلوس اپنی اپنی جگہہ پر سجدہ کرتے ہین اور سجدے
کے وقت خواجہ سرا بیگم کے حضور مین دوسری عرضی اس
مضمون کی دیتا ہی کہ شاہزادے کو اب رخصت
عنایت ہو اوسوقت وہ اوٹھکر اندر جاتی ہی اور فغفور
سجدہ گاہ سے سر اوٹھاکے اپنی والدہ کے خالی تخت کی
طرف منہہ کئے ہوئے پس پا پھر کر ڈیوڑھی سے باہر
نکلتا ہی اور سب اقربا بیات ہوتے ہین بعد اوسکے
امرا اور وزرا شامل ہوکر باہر کو آتے ہین اور جب تک

فغفور پہلی ڈیوڑھی کے باہر نہین پہنچتا پیادہ پا رہتا
ہی غرض جب فغفور اپنی ما کے حضور سے رخصت
ہوتا ہی اوسکی بیاہتی بی بی اپنے سامان کرو فر کے
ساتھ ساس کے حضور مین مجرے کو حاضر ہوتی ہی
اور اوسی طور پر سجدہ کرتی اور بعد اوسکے اور بہوین اور
حرمین اور خواصین محل کی اور ستوراتین اپنے اپنے مرتبے
کے موافق آتیان اور سجدہ کر کے جاتیان ہین اور
جسوقت عورتین سلام سے شرفیاب ہوتین اور اس
سعادت خاص سے سعادت دارین حاصل کرتین ہین
اسی عرصے مین فغفور اپنے تخت پر جلوہ فرما ہوتا اور اقربا
اور امرا درجہ بدرجہ مجرا کرتے ہین الغرض جب ملک
مین خود بادشاہ اپنی والدہ کی اگر جیتی رہی یا کہ اوسکے
باپ کی پہلی بی بی جو ہووے اوسکا اسطرح پر
احترام کرتا ہی تو رعیت کو بھی اوسیطرح لازم ہی
کیونکہ الناس علی دین ملوکھم * ایک اور دستور ختا مین ہی
کہ اوس کے باعث سے باپ اور ما کی تعظیم اور تواضع کا
آوازہ ہر ملک مین پہنچا ہی وہ یہہ ہی کہ اگر کسی

کے بیٹے نے نام و نشان پیدا کیا اور کوئی منصب
اوسکو ملا اور اوسکا باپ زندہ ہی تو امرا مین داخل
کیا گیا اور بیٹے کے لئے جو خطاب مناسب ہوا سو باپ
کو ملا اور اگر فوت ہو گیا ہو تو لوح مزار کو بدل دیتے
ہین چنانچہ ایک نقل ہی کہ زمان قدیم مین نیچوان
کسی مرد غریب اور گمنام نے جب فوت کی
اوسکے بیٹے نے فغفور وقت کے حضور مین درخواست
دی اور اپنے والد کے لئے خطاب چاہا اگرچہ باپ کا
کچھ حق سرکار مین نتھا لیکن بیٹے نے بہت خدمتین
کی تھین اور جبکہ پادشاہت اوئي مین کہ منجملہ کئی
سلطنتون کے تھی جو اوس ایام مین ملک ختا مین قایم ہوئی
تھین سخاوت و جرأت اور عدالت اور حکمت کے
سبب سے منصب و زارت کو حاصل کیا تھا اور
قحط مین ایکدفعہ لاکھون من اناج اپنے مال سے غریبون
کو کھلایا تھا اور جب کہ سلاطین اطراف نے متفق
ہوکر ایکبار اوسکے خاوند کے ملک پر یورش کی تھی
اوس وزیر نیک تدبیر نے خاوند کی خیرخواہی مین

اپنی جان اور عقل ایسی لڑا دی تھی کہ اوسکی
پادشاہی بچ گئی غرض چون کہ ان نیک نامیون
کے سبب سرکار شاہی مین اوسکا بڑا حق تھا اس
لئے جب کہ اوسکی درخواست اوسکے والد کے
باب مین گذری فغفور کے حضور سے حنائی زبان مین
اس مضمون کا فرمان صادر ہوا کہ جسکا ترجمہ یہہ ہی
کہ اے برخوردار نیک کردار یاد رکھو جوقت
کہ قحط نے اوئیغور کی پادشاہی کو ویران کیا تھا اوسوقت
تمہارے باپ نے بھوکون کو کھلایا اور پیاسون
کو پلایا تھا اور نہایت سخاوت ظاہر کی اور جب وہ
پادشاہی ظالمون کے ظلم سے قریب تباہی کے تھی
تمہارے باپ نے ایسا بندوبست کیا کہ اوسکے
خاوند کا تخت و تاج قایم رہا اور جوقت سے
سلطنت اوئیغور کے انتظام کی لجام تمہارے باپ کے
ہاتھ مین آئی ایسے قوانین جاری کئے اور اس اسطرح
سے صغیر و کبیر اور امیر و فقیر کو آرام پہنچایا اور
اطراف و جوانب کے پادشاہون سے ایسا اتحاد پیدا کیا

کہ اونکی دوستی اور صلح کے سبب سے سب
کو فایدۂ عام پہنچا الغرض ان سب خدمتون کے
لحاظ سے تمہارے والد مغفور کے لئے ہمارے حضور
سے دانائے نیک کردار اور نمک حلال کا
خطاب عطا کیا گیا *

لطیفہ یہہ ہی کہ یہہ تمام نیکیان جو بیان ہوئین بیٹے نے
کی تھین اور باپ بیچارہ ایک شخص گمنام
مخص تھا اس فرزند رشید کی بدولت نام اوسکا
روشن ہوا اگرچہ یہہ دستور کہ بیٹے کی نیکنامی
سے باپ کی ناموری ہو بادی النظر مین اقتضاے
انصاف سے بعید معلوم ہوتا ہی لیکن خوض
کرنے سے راقم کی دانست مین یہہ نکتہ پیدا ہوا
کہ حکما کو اس دستور سے یہہ منظور تھا کہ باپ
اپنے بیٹے کی تربیت جی لگا کے کرے تاکہ اوسکے
وسیلے سے دونون کو سرخروئی حاصل ہووے
اور دوسرے یہہ کہ خاص و عام پر ثابت ہو کہ
باپ کا ایسا مرتبہ ہی کہ بیٹے کی نیکی اوسی کی

طرف عاید ہوتی ہی اور نیک تربیت کا ثمرہ اچھا ہوتا اور اس امر کے بانی کو فایدہ عظیم پہنچتا ہی جسطرح سے کھیت کا محاصل زراعت کرنے والے کو حاصل ہوتا ہی اور درختون کو کچھہ فایدہ اپنی باروری سے نہین ہوتا ہی بہرحال جس نظر سے دیکھئے یہہ دستور فایدون سے خالی نہین ہی *

حکیمون نے جو ایک حکم دیا ہی اوسکے تعمیل مین قصور و فتور اکثر ظہور مین آتا ہی کہ صبح صادق سے قبل لڑکے اپنے والدین کی آرام گاہ مین جائین اور اونہین اوٹھا کر ہاتھہ منہہ دھلائین اور ضروری خدمتین کرین اگر اور اقلیمون کے دستور کے موافق ختا مین بھی ہوشیار بیٹے کا گھر باپ سے جدا ہوتا تو اس حکم پر عمل کرنا دشوار ہوتا لیکن اس ملک کا قاعدہ کلیہ ہی کہ ایکھی گھر مین پشت بہ پشت گذر جاتی ہی اور بزرگ خاندان جو زندہ رہتا ہی سارے گھر پر حکم کرتا ہی اور اوسکی حد کے باہر زمین اور آسمان تلے تو تل جاے لیکن اوس چاردیواری کے

اندر چاہے کہ تنکا ہلے کیا مجال بلکہ محال ہی اور جہان
یہہ قیدین اور ایسا بند و بست و ضبط و ربط خانہ بخانہ
ادنی و اعلی امیر و فقیر سب کے یہان ہووے اوس
مقام مین بدی کا آنا تصور مین نہین اتا دوسرے ملکون مین
لڑکے بالے اٹھارہ بیس برس کے جب ہوتے
ہین بالغ کہلاتے اور بعد اوسکے جو چاہتے ہین سو کرتے ہین
اور اپنے نفع و نقصان کے مختار ہوتے ہین چنانچہ اپنے
ماباپ سے جدا ہو جاتے ہین اور اونمین سے ہزارون
ایسے بے سعادت ہوتے ہین کہ والدین کی نصیحت
ہزل جان کے اوس پر ہنستے ہین بر عکس اوسکے
ختا مین لڑکا اگرچہ سو برس کا کیون نہ ہو جاے باپ مان
اور قرابت کے بزرگوارون کی حیات مین کبھی بالغ
نہین کہلاتا *

غالب کہ اب اس گمنام کے کلام سے وہ
دعوی لاکلام اثبات کو پہنچتا کہ ختا مین بہ سبب
اطاعت والدین کے تہذیب نفس حد کمال کو پہنچی
ہی کیونکہ اس سے زیادہ کوئی امر صاف و عیان نہین

ہی کہ جہان پر ہر گھر مین لڑکا بچپن سے بڑھاپے تک
تابعدار اور فرمان بردار بزرگون کا ہی اور اون لوگون
کے ساتھ ایکہی گھر مین اونکی انکھون کے سامنے
عمر صرف کردے تو غالب یہی ہی کہ اوس سے کبھی
کوئی بدی پوشیدگی مین بھی نہ کیجائیگی اور جب تک
کوئی حرکت معیوب کی عادت نہین ہوتی بدیون
کے ساتھ اور رزایل مین داخل نہین ہوسکتی اس لئے
یہہ کہنا مبالغہ نہین کہ بہ نسبت اور ملکون کے ختا مین
خطا کم ہوتی ہی اور یون کون سا بشر ہی جو خطا
ونسیان سے خالی ہی علاوہ اسکے جس جگہہ بدی سے
لوگ اسطرح محفوظ رہین اور علم کا ایسا چرچا ہو کہ اج
خاص ملک ختا مین کرورون باشندون مین شاید لاکھہ
آدمی بھی جاہل مطلق نہین ہوینگے پس تہذیب نفس
اگر وہان نہین ہی تو سارے جہان مین پھر کہان
ہی اور یہہ امر چونکہ صرف اسی تقریر سے عاقل
کے نزدیک ثابت ہی زیادہ گوئی کچھہ ضرور
نہین * دوسرا قول اس ہیچمدان کا یہہ ہی

کہ تدبیر منزل ختا کے برابر کسی ملک مین نہین ہی
اور منجملہ کئی سببون کے بڑا سبب والدین کی
اطاعت ہی کہ اوس کے وسیلے سے تدبیر
منزل نے وہان خوب رونق پائی ہی اور اسکی
دلیلین اس کثرت سے ہین کہ گنجایش اوسکی اس
کتاب مین نہوسکے اور سیاست مدن بھی اسی رسم
کی بدولت ساتھ کمال انتظام کے منتظم ہی ان
دونون امرون کو ایک ساتھ ثابت کرنا انسب
ہی سمجھنا چاہیئے کہ جسوقت حکماے ختا نے گھرانے
کے بزرگ کو اپنے لڑکے بالے اور نوکر چاکر کے اوپر
حاکم کیا تو اوس گھرانے کی نیکی اور بدی کی جوابدہی
بھی اوسی شخص سے متعلق رکھی اور جسوقت
اطاعت بزرگون کی خردون پر سب سے پہلے واجب
ہوئی تو پھر یہہ دوسرا امر بھی سہل ہوا اور ہمیشہ سے
ختا مین اسطرح کی ذمہ داری رئیس خانہ سے
متعلق رہی ہی اور ہر محلہ مین ایک شخص میر محلہ
ہوتا ہی جسطرح سے ہندوستان اور بنگالے کی

ادنیٰ قومون مین ایک شخص چودھری کے لقب
سے مشہور ہی اور اوسکو اختیار ہی کہ اگر کوئی
حرکت کسی فرقے سے اوسکے پیشے کے خلاف
صادر ہووے تو مجرم کا حقہ پانی بند کر دیوے الغرض
مملکت ختا مین میر محلہ سے تمام محلہ کی خیر و عافیت
کی کیفیت حکام شہر کے حضور مین پہنچتی ہی
اور اوس شخص معتبر کو اختیار ہی کہ اگر اوسکے محلہ
مین کوئی اجنبی آن کر کسی کے گھر اوترا تو اوسکے
وطن اور بود و باش اور نام و نشان کی تفتیش کرنی
واجب ہی اور اگر تحقیقات مین کچھ شبہ واقع
ہو تو تھانہ دار کے حوالہ کردے اور نظر بند رکھے جب
تک کہ اوس شخص کے آنیکا سبب اور وطن
خاص کے چھوڑنے کی وجہ کماحقہ دریافت نہو یہہ
دستور اور ملکون کے لوگونکو ناگوار معلوم ہوویگا لیکن
ختا مین اسکا خیال کوئی نہین کرتا کیونکہ ختائیون کو
حب وطن بہت ہی اور اونکو اپنے بزرگوارون کے
مزارون سے نہایت محبت ہی کبھی کوئی

اونمین سے اپنی خوشی سے ترک وطن اختیار نہین کرتا
اور اگر کسی شخص نے کسی سبب سے ایسا ارادہ
کیا بھی تو لوگ آکر مانع ہوتے ہین اور یہہ کہتے ہین کہ
تم اپنے بزرگوارونکو چھوڑ چلے اور یہہ تمکو منظور ہوا کہ
اونکے اصلی گھر برباد اور ویران ہوجاوین اسواسطے
اجنبی کو جب دیکھتے یہی خیال کرتے ہین کہ اس
شخص نے مفارقت وطن کی بے سبب اختیار
نہین کی میرمحلون کو اس امر کی تاکید ہی سیوا اسکے
اگر محلہ مین بدکاری یا جوکہ بدوضعون کی جمگھٹ کے
لئے موضوع ہی کسی جگہہ پر ہوا تو فوراً مجلس کو برہم
اور صاحب خانہ کو قید کرنے کا میرمحلہ کو اختیار ہی
الغرض ہرگھر اور ہرمحلہ کا ضبط وربط یونہین ہی اور رئیس
خانہ اور میرمحلہ کے اوپر کوتوال اور حاکم شہر معین
ہین اور انکی کیفیت ماہانہ پیچین کے صدرمحکمون مین
لکھی جاتی ہی اور اگر زیادتی تقصیرون کی معلوم ہوتی
ہی تو فغفور کی درگاہ سے عتاب آتا ہی اب منصفی
کرنی چاہئے کہ میرے دونون قول اسی ایک

بات سے ثابت ہین کہ اور ملکون مین دستور ہی
کہ مجرم کو سزا دینی کافی ہی اور کچھہ ایسی تدبیر نہین
ہوتی کہ جس سے جرم کرنے کی راہ بند ہووے غرض
ختا مین تکلف ہی کہ مرغ خطا کو ہمیشہ بے بال و پر
رکھتے ہین اور جہان اوس نے ذرہ سا اور نے کا
قصد کیا تو مقراض سیاست نے فوراً اوسکو لندورا کردیا
اور یہہ مبالغہ نہین کیونکہ جس صورت مین ہر خانہ کی
نیکی اور بدی صاحب خانہ سے پوچھی جاے اور ہر محلہ کی
جوابدہی میر محلہ سے متعلق رہے تو بدی کرنیکی فرصت
کب کسیکو ملے اور چین کے بادشاہون نے ہمیشہ
اوس سال کو کہ جس مین مجرم کم سزا پاتے ہین اپنے
اعمال نیک مین گنتے ہین اور خوشیان کرتے ہین
اور تکلف ہی کہ اس نظم کامل کو حکماے ختا نے
صرف دو لفظون پر جنکا ترجمہ اطاعت بزرگواران ہی
منحصر کیا ہی اور اونکے دوسرے قول کا یہہ ترجمہ ہی کہ
زمین اور آسمان دو قوتین مونث اور مذکر ہین اور
ان دونون کے باعث سے موجودات کی بنا ہی

اور جسوقت کہ پہلے زمین و آسمان ملے اور جدا ہوئے تو اونکا پہلوتا بیتا ختا کا پہلا شاہنشاہ ہوا اور پوانکوی کہلایا اور اسی قرار سے فغفور خداوند عالم کا بیتا ہی اور فغفور کے لڑکے بالے ختائی رعایا ہین اور جیسا کے بڑے بیتون کو خردون پر بزرگی حاصل ہی ویسا ہی حکام شہر اور دوسرے ماندرین فغفور کے بیتے اور دوسرے رعایا کے بڑے بھائی اور اس سبب سے قابل قدر و منزلت کے ہین * سبحان اللہ حکمای ختا نے اِن دو لفظون پر کس انتظام کی بنا کی ہی اور اپنے ملک کو زوال و انتقال سے محفوظ رکھا *

ختا کی سیاست مدن کو زیادہ ثابت کرنا ضرور نہین غرض کوئی نکتہ گذارش کیا چاہیئے تا یہہ نہ گمان ہو کہ راقم وہانکے اوصاف مین مبالغہ کرتا ہی * اگلے زمانے مین جب ختا مین اصلی فغفور تھے اتنا انتظام نہین تھا جو تاتار کے وقت سے ہوا ہی اور جب سے یہہ آئے ہین اصلی ختائی کو ہمیشہ اپنی قوم پر ترجیح دیتے ہین اور حال یہہ ہی کہ اگر دو ماندرین ایک

تاتار اور ایک اصلی ختائی دونون ایک ہی قصور
کرین تو تاتار کو ختائی سے وہ گونہ زیادہ سزا ملتی ہی
اور قابل غور ہی کہ کس عقل و دور اندیشی بلکہ
انصاف کا یہہ منشا ہی اور ملاحظہ مین آیا ہوگا کہ کس
حکمت سے ہر گھر کے مالک کو جواب دہ اپنے
گھر کے اندر کی نیکی و بدی کا کیا گیا اور ہر محلے کا
مالک اور اوسکی نیکی اور بدی کا جواب دہ میر محلہ
مقرر ہوا اور ہر شہر کا مالک اور اوسکی نیکی اور بدی کا
جواب دہ حاکم شہر ہی اور ہر صوبے کا مالک
اور اوسکی نیکی و بدی کا جواب دہ اوسکا ناظم ہی
جب یہہ حال ہی کہ جس گھر مین جو رئیس ہی
وہ اپنے احاطے مین حتی الامکان برائے نہین ہونے دیویگا
اور نہ میر محلہ اپنے محلے مین اور نہ حاکم اپنے شہر مین اور نہ ناظم
اپنی قلمرو مین پس جس اقلیم مین باسطرح کی
سلطنت ہو وہان اگر تہذیب نفس و تدبیر منزل
اور سیاست مدن نہو تو گویا حکمت کا وجود معدوم
ہی * بندے نے یہان تک اس باب کو لکھا تھا

کہ اہل ہند سے ایک دوست صادق اور محب واثق
راقم کی ملاقات کو آئے اور پوچھنے لگے کہ کس شغل مین
اوقات کٹتی ہی تب راقم نے اونکو یہہ بات سنائی
چونکہ طالب العلم ہین اس امر مین اونہون نے تقریر کی
کہ آپ نے چند باتون کے سبب سے ختائیون کی سلطنت
پر یہہ تینون باب حکمت عملی کا ختم کر دیا اور یہہ
نہ سمجھا کہ صاحب اخلاق جلالی اور ناصری اور دوسرے
حکما تہذیب اخلاق اور تدبیر منزل اور سیاست
مدن مین کیا فرماتے ہین یہہ کہتے ہی وہ عزیز سادہ لوح
سیدھے اپنے مکان کو چلے اس ارادے سے
کہ حکمت کی کتابین لائے اور اس انگریز سے
مقابلہ کیجئے اس پر عاصی نے ہاتھ پکڑ لیا اور کہا کہ قبلہ
ذرہ سا تامل فرمائے اور پہلے میری کچھ سن لیجئے کہ
آپ کو بہتر معلوم ہی کہ بندہ نہ عالم نہ منطقی نہ حکیم
ہی کہ آپ سے فیلسوف کا مقابلہ کرنے عرض
بقول عوام کے کہئے تو سہی کہ جس دیار مین
درخت نہین اندیر کو کیا کہتے ہین اونہون نے ہنس کر

جواب دیا درخت تب مین نے کہا کہ سبحان اللہ
کیا خوب اپنے فرمایا اب ارشاد ہو کہ کس اقلیم مین
اتنا بھی بند و بست اور حکمت عملی کی اتنی بو باس
پائی جاتی ہی جسقدر مملکت ختا مین بندیکے بیان سے
ظاہر ہی اگر ہی تو حقیر کے قول کو باطل کیجئے ورنہ
اسکو غنیمت جانئے کہ چھتیس کرور آدمی کے گروہ
مین اتنی بھی تہذیب اور مدبری ہی سیوا اسکے
ملاحظہ فرمائیے کہ ایسی بڑی سلطنت کو اتنی قدامت
جس باعث سے ہوئی اوس سبب کی بڑی قدر
کیا چاہیئے اور تیسرے یہہ کہ حکمت کا علم جنکو ہی
وہ خود اوسپر عمل نہین کرتے چہ جائیکہ چھتیس کرور
بت پرست حکمت کامل کے عامل ہو وین چوتھے یہہ کہ
حکماے عیسوی مذہب و مسلم اور ہنود کے قول پر
اونکے پیرو مین سے ہزار آدمی عمل نہین کرتے ہونگے
برعکس اسکے ختا مین اکثر لوگ حتی الامکان اوسی
راہ پر ہین جو اوس ملک کے قدیم حکما نے نشان
دی ہی *

اس اس طور کی جب تقریر بندے نے گستاخ ہوکر اونکی خدمت مین عرض کی محجوب ہوئے اور راقم نے بھی مضمون گفتگو کو اس باب کے اخیر مین درج کردینا مناسب سمجھا تاکہ حرف گیرون اور رشک کرنے والون کا جواب باصواب بھی اس قضیہ کی تقریر کے شامل رہے ان شاء اللہ تعالی *

دسوان باب خطائیون کے مذہب اور طریقت کے بیان مین

قریب جو بیس سو برس کے ہوئے کہ بت پرستی کی بنا ختا مین ہوئی لیکن حضرت نوح کے پوتون کے ایام سے اوسوقت تک ختائی موحد تھے اور ذات واجب الوجود کو حاضر و ناظر و کریم و رحیم جانتے تھے چنانچہ تاریخون مین اسکا ذکر ہی اور حکما اور قدیم شہنشاہون کے اقوال سے ظاہر ہی کہ خداوند عالم کی پرستش کو وے لوگ مقدم اور وسیلۂ نجات اور بہتری دونون عالم کی سمجھتے تھے اور جانتے تھے کہ وہ افرینندہ

جن و انس و وحوش و طیور ہی اور کریم و رحیم وقادر و غیور ہی اور شریک نہین رکھتا اور باقی ہی اور غیر کی فنا و بقا پر قادر اور اپنی بقا کے لئے کسیکا محتاج نہین یعنے ذات پروردگار کی صفتون سے ادنیٰ صفت وجوب لذاتہ ہی اور تمام موجودات کی تعریف وجوب لغیرہ ہی یعنے موقوف باریتعالیٰ کی مرضی پر ہی *

غرض اس اس طرح کے باتین قدیم دینی کتابون مین ہین اور کئی ہزار برس تک اسی طرح ختائیون کا ایمان درست رہا لیکن حضرت عیسیٰ کے چھ سو برس پیشتر ایک شخص پیدا ہوا جسکے شاگردون سے بنا بت پرستی کی ہوئی اور اوسکا احوال اور حقیقت اس مبالغہ کے ساتھ لکھا گیا ہی کہ محض بعید القیاس ہی غرض مختصر یہہ کہ ایک نوکر کسی امیر کا جب ستر برس کا ہوا چاہا شادی کرے تا موت کے وقت کوئی لڑکا رہے کہ رسوم بعد مرگ کے بجالاوے یہہ سونچ کر اوس نے ایک چالیس برس کی عورت سے

شادی کی عرض ایک روز اوسکی جورو کسی گوشہ مین پڑی تھی
کہ دفعتہ آفتاب کی ایک شعاع اوسپر نازل پڑی
اور اوسی دن سے حاملہ عورت کا نشان اوس مین ظاہر
ہونے لگا جب ایک برس گذر گیا اور لڑکا پیدا نہوا
لوگ متحیر ہوئے اور جبکہ دو برس ہو گئے وے سمجھے کہ
بیماری ہوئی اور اسیطرح کئی برس جو گذرے شوہر نے
طلاق دی اور وہ بیچاری مصیبت کی ماری جنگل کی
جھڑبیری کھاتی جس سے نہ سیری ہوتی اور نہ جی
بھرتا تھا درختون کے تلے اوقات صرف کرتی پھرتی
تھی القصہ پینتالیس برس یون گذر گئے اور اوس مدت
کے بعد ایک بیٹا جنگل مین پیدا ہوا جسکے سر کے بال
اور بدن کے رونگٹے سب سفید تھے یہہ حال دیکھکر
لوگون نے اوسے لاوزی یعنے پیر نابالغ کا نام دیا جب
پڑھنے کے دن آئے آفت کا پرکالہ نکلا اور چند سال
مین بالکل علوم کی تحصیل سے فارغ ہوا اور شہنشاہ
نے اوسکے علم کا شہرہ سنکر بلوایا اور اپنے کتب خانہ
کا داروغہ مقرر کیا الغرض جسطرح سے بھولے کو

دسترخوان چنا ہوا اور پیاسے کو سرچشمہ بھلا معلوم ہوتا
ہی اوسی طرح طالب العلم کو کتب خانہ موجب
فرحت ہوتا ہی اور لاوزی کو جب کتابون کے انبار
مین دخل ملا گویا کتاب کا کیرا ہوگیا اور چند روز مین ختا کا
فیلسوف اعظم کہلانے لگا اور ہرطرف سے شاگرد
رجوع لائے اور کئی کتابین اوس نے تصنیف کی
ہین غرض اِن سب مین بہتر ایک رسالہ پانچ ہزار
آئے کا حکمت عملی مین ہی جسکے وسیلے سے
اوس حکیم کا نام تا قیام قیامت باقی رہیگا اور مذہب
اوسکا یہہ تھا کہ انسان کی زندگی چونکہ چندروزہ ہی
اوسکو آرام اور خوشی مین کاٹ دینا چاہئے اور تاکہ
یہہ بات حاصل ہووے ترک علایق قطعاً واجب ہی
کیونکہ جب فکر اپنے کو برھانے یا دوسرے کے گھٹانے
کی یا خواہش روپئے کی پیدا یا صرف کرنیکی دامنگیر حال
رہی یا اور طرحکے درد سر مین اوقات کٹی تو عیش رخصت
ہو جاتا اور آرام روح کو جواب ملتا ہی سیوا اسکے
جس شی کو اہل دنیا عیش جانتے وہ حقیقت مین

آرام نہین ہی کیونکہ اچھا کھانے پینے پہننے اور دینے
لینے کے لئے فکر چاہیئے اور آرام کے واسطے فکر حرام
ہی غرض ترک علایق ترک فکر ہی اور بے فکری
خاتمہ عیش دنیوی کا ہی الغرض اس اس طور
کے مسئلے اس انسان فاضل اور درویش کامل کے
تھے اور اوسکا علم عمل کے ساتھ تھا بعد عمر دراز کے
وہ مرگیا اور بعض بعض اوسکے شاگرد روپے پیدا کرنیکے
لالچ سے یہہ بندشین کرنے لگے کہ بالفرض اگر آدمی
تمام شی سے بے فکر ہو لیکن موت کا کھٹکا نہین
جانے کا اس لئے استاد نے اکسیر کے ایک نسخہ کا
اشارہ کیا تھا کہ اوسکے استعمال سے فنا انسان
کے نزدیک نہین آسکتی تھی جب یہہ بات
مشہور ہوئی ایک عالم کو اوسکی خواہش پیدا ہوئی
خصوص امرا اور رندیونکو کیونکہ جینے کی آرزو زیادہ
انہین کو ہوتی ہی غرض لاکھون آدمی انسان صورت
وبہایم سیرت اِن بندش بازونکے مذہب کو اختیار
کرنے لگے اور یہہ نہ سمجھے کہ اوس نسخۂ بقا کا موجد

خود فنا ہو گیا تو پھر اوسکے نسخے کا کیا اعتماد تھا بعد
چندے کے حکیم لاؤزی کے شاگرد سب چھوتے
چھوتے بت استاد کی شبیہ کے بنا کر بیچنے لگے اور
لوگ علی الخصوص بدے آدمی جو اکثر چھوتے دل کے
ہین اوس کی پرستش کرنے لگے اور اس
ابلہ فریبی کی بندش کو جسقدر عرصہ زیادہ ہوا اوس
مذہب کو اوسیقدر پایداری ہوئی اور جب اوس
ایام کے فغفور سب خود اوس بقا کے نسخے کے
طالب ہوئے اور حکیم کی شبیہ کو سجدہ کرنے لگے تب
عوام الناس صاف مغالطے مین آگئے اور یہان تک لوگ
بے بصیرت ہو گئے کہ دانشمندون کو حیرت ہوئی
اور جب ایک فغفور جسکا لقب اوتی تھا اوس
مذہب کی پیروی مین ہمہ تن مصروف ہوا اور ہر روز
اوس اکسیر بقا کو استعمال کرنے لگا تو ایک
وزیر نمک حلال اور دانشمند کو نہایت غم ہوا
اور جب کہ پادشاہ کو سمجھاتے سمجھاتے تھک گیا
اوس نے ایکروز کیا کام کیا کہ جونہین خواص اکسیر کا

پیالہ لئے حضور مین آیا اور پلانے کا قصد کیا وزیر فوراً
اوسکے ہاتھ سے چھین کر خود پی گیا اس گستاخی پر
پادشاہ کا منہہ غصے سے لال ہوگیا اور طیش مین آکر
جلاد کو بلوایا اس حرکت پر وزیر مسکرایا اور کہنے لگا
غلام نے بقا کی دارو پی ہی تعجب ہی کہ حضور نے
مار ڈالنے کا حکم دیا کیونکہ اگر خداوند کا اعتقاد درست ہی
تو یہہ حکم بیجا ہی اور فدوی پر کیا امکان کہ تلوار اثر
کرے اور اگر آج ہی کے سانحے سے حضور نے
اس مکاری کی حقیقت دریافت کی تو ابتک
کچھہ نہین گیا اور اب بندہ بھی یہی چاہتا ہی کہ آپ
اس جان نثار کو مار ڈالین اور جب ضرب شمشیر
سے سر الگ اور دھڑ الگ تڑپنے لگے دریافت کرین
کہ فدوی نے جو بارہا اس مکاری کے باب مین عرض کیا
درست ہی یا غلط القصہ فغفور نے اوس وزیر کی
جرأت اور عقل کی تعریف کی اور عزت بڑھائی
لیکن اوسپر بھی اوس کم بخت کو ہوش نہ آیا اور
چند روز مین اوس نسخے کو پی پی کے اپنے کو ہلاک

کیا صرف اسی ایک فغفور کی یہہ نوبت نہین ہوئی
بہت سے اسی بقا کے نسخے کے استعمال مین
اور ہمیشہ جینے کی آرزو مین مرگئے اور آخیر کو ایسا ہوا
کہ جب کسی فغفور نے شرارتین شروع کین تب
خواجہ سرا اور وزرا انہین شاگردان لاوزی مین سے
کسی ایک کو ملاکر فغفور کو ایک معتاد اکسیر کی
پلاکر رخصت کردیتے تھے باوجود ان سب باتون کے کہ کئی فغفور
اور ہزارون امیر اور لاکھون چھوتے بڑے اسی اکسیر
بقا کو پی کر فنا ہوگئے لیکن خاص وعام کا اعتقاد ایسا بڑھا
کہ سیکڑون بتخانے حکیم لاوزی اور اونکے خاص مریدون
کی تصویرون کو رکھکر پوجنے کے واسطے تمام مملکت
مین بنے اور اوس مذہب کے عالمون کے بڑے
بڑے مرتبے ہوئے اور تی انزی یعنے بہشتی حکیم کے
خطاب پائے*

اس خبط کو ختائیون کے حمق کی دلیل نہ سمجھا چاہئے
کیونکہ حضرت انسان کی جبلت کا یہہ خاص مقتضی ہی
کہ جس طرح سے مشہور ہی کہ ایک بھیڑیا

سو گدھون کو آگے رکھکر جنگل مین اکیلا لیجاتا اور ایک
ایک کو گرا کے مار ڈالتا اور گدھے سب کھڑے
رہتے اور چون نہین کرتے اوسی طرح سے عوام
الناس کے خراب اور بدراہ کرنیکو ایک فقرہ
کافی ہی اور صرف مہوسی کو دیکھئے کہ اکثر اہل
ہند کو اوسکا کیا خبط ہی کہ ہزارون عالم اور فاضل اور
ہوشیار نے اس کے شوق مین اپنا گھر بار چونگے بازونکو
کھلادیا اور کچھ نہ پایا غرض جبکہ صرف مال و زر کا لالچ
انسان کو اتنا ہی تو اوس چیز کی جو حافظ جان اور دافع فساد
ترکیب بدن ہووے کیسی خواہش ہوویگی اس لحاظ
سے تعجب نہین کہ اکسیر بقانے خدا کے بہت
سے پاک بندونکو بہشت تک پہنچایا الغرض
بت پرستی کی پہلی بناختا مین اسطرح سے ہوئی اور اوس
درویش حکیم لاوزی کی باتون کو استادون نے
شکار کی تتی بناکے اور اوس کے پیرو کہلا کے اہل چین
سے یہہ خطا کروائی بعد چند روز کے اوس حکیم کے قول
اور نصیحت کے عوض استادون نے تازے تازے

فقرے درست کئے اور اپنے علوم مین نجوم اور رمل
اور سحر اور طبابت کو داخل کر کے ایسا حصار کرلیا ہی
کہ آجکی تاریخ تک اوس مذہب کے سرگروہ کو ماندرین کا
خطاب ملتا اور امراء کبار مین وہ محسوب ہوتا ہی *

دوسرا طریق بت پرستی کا سنہ ۶۵ مسیحیہ سے
ختا مین مروج ہوا اور اوسکو بودہ کا مذہب کہتے ہین
سنہ مذکور مین ہندوستان سے اسطور پر گیا کہ خاندان
ہان سے ایک فغفور کے بھائی جسکا نام منگتي تھا اوسکو
طاوسی کے مذہب کے عالمون نے روح مقدس
کی ملاقات کا امیدوار کیا تھا اتفاقا اوس نے جو سنا
کہ ہندوستان مین برآ دیوتا ہی جسکا نام بودہ ہی
فغفور کو راضی کر کے بہت سے لوگون کو بھیجا کہ وے
جاوین اور دیوتے سے کہین کہ وہ ختائیون پر مہربانی
کرے حاصل کہ جب ہندوستان مین لوگ آئے بودہ کے
خادم ایسے ملگئے کہ وے اوسکے ہمراہ ملک چین مین
جانیکے مستعد ہوئے غرض کہ جب وے اپنے دیوتا کی
کئی تصویرین اور مذہب کی چند کتابین ساتھ لیگئے

اوسوقت بودہ کے مذہب نے ختا مین رواج پایا
اور اب ایسا پھیلا ہوا ہی کہ خاص طریقہ ایمان کا
یہی ہی * حالانکہ اس قدر تحقیقات کے ساتھہ
جسکا مذکور تاریخ مین ضرور ہی ثابت نہین ہوا
کہ بودہ کون تھا اور وہ کس عہد مین ہوا لیکن اغلب
یہہ ہی کہ ملک مگدہ یعنے صوبہ بہار مین جب گوتما
کے گھرانے کے پادشاہ سب سلطنت کرتے تھے
اوسی ہنگام مین پیدا ہوا تھا *

مرتنجے پنڈت جو علماے شاستر کا سرگروہ زمان
حال مین ہوا اور کلکتے مین فورت ولیم کالیج مین علم
سنگسکرت کا برا پنڈت تھا اوسکی تصنیفات سے
ایک تاریخ ہنود راج بلی ہی اوسمین وہ لکھتا
ہی کہ گوتما پادشاہونکا گھرانا مگدہ یعنے ہندوستان کی
سند ریاست پر چار سو برس تک تھا اور اوسی
عہد مین اہل دنیا کی بداطواریون کے سبب ایک
فرقہ ناستک یعنے کافرونکا پیدا ہوا جسکا لقب
بودہ پرست ہوا * یہہ عبارت پنڈت جی کی ہی اور

اونکا بیان اہل سیلان اور برما اور سیام کے قولون
کے موافق ہی کیونکہ وے اپنے دیوتا کو گوتما یا گودما
مشہور کرتے ہین اسی لحاظ سے یقین ہی کہ یہہ شخص
بودہ گوتما کے کا خاندان سلطنت سے تھا حالانکہ کبھی تخت پر
نہین بیٹھا اور کسب علوم اور مراقبے سے زیادہ
شوق رکھتا تھا * اوسکے باب مین اوس مذہب
والے یہہ مشہور کرتے ہین کہ اپنی ما کے بطن سے
نکلا نہ طریق معین سے کیونکہ اور خلایق کی طرح پیدا
ہونے مین اوسکی ہتک ابرو ہوتی غرض اُسکی ما
فوراً مرگئی اور جتنے روز حاملہ تھی ہمیشہ یہہ خواب دیکھا
کرتی تھی کہ ایک سفید ہاتھی اوسکے پیٹ مین تھا
اور اوسی سبب سے شاید سفید فیل کی بڑی قدر ہندوون
مین ہی باوجودیکہ بیشتر لوگ انمین سے بودہ پر لعنت
بھیجتے ہین لیکن اسپر بھی اوسکو دسوان اوتار سمجھتے
ہین * غرض پیدا ہونیکے ساتھی بودہ اوٹھ کھڑا ہوا اور
سات قدم چلکر آواز بلند سے پکارا کہ عرش اور فرش کے
درمیان میرا سا نہ کوئی بزرگ نہ قابل پرستش کے ہی

سترہ برس کے سن مین اونس نے تین جوروان کین
اور ایک کی طرف سے بیتا ہوا جسکو حتائی
ماھولو کہتے ہین جب اینس برس کا بودہ ہوا
گھر دروازہ چھوڑ کر بیابان مین چار مریدون کو لیکر چلا
گیا اور تیئس برس کی عمر مین توسل مہادیوتا کے
ساتھ ایسا ہوا کہ بودہ نے حکم اپنے مذہب کے اجرا
کا دیا الغرض تناسخ کا بانی مبانی بودہ تھا اور حکیم
فیثاغورث نے یونان سے جب سفر ہندوستان کا
کیا اسی ملک سے تناسخ کا مذہب اپنے دیار
مین لے گیا اور جاری کیا جب بودہ نے انتقال کیا اوسکے
مریدون نے مشہور کیا کہ استاد نے اور صورت
پکڑی اور اسیطرح سے یہہ لوگ اجتک کہتے ہین
کہ اوسکو موت نہین آئی حالانکہ آٹھ ہزار دفع پیدایش
ہوئی ہی اور شیر اور ہاتھی وغیرہ کی شکلون
مین اپنے خاص الخاص مخلصون کو اپنی زیارت
کروائی ہی *

عجب اتفاق ہی کہ چار شخص کہ جنکے اقوال

تمام دنیا مین مشہور ہوے اور جسپر کروڑون آدمی
ایمان لاتے ہین وہ سب ایک ہی عہد مین پیدا
ہوئے چنانچہ گوتما بودہ حکیم فیثاغورث اور باسدیو
مصنف مہابھارت کا اور حکیم کنگ فوسی کی
پیدایش اور اونکے طریقے کا رواج پانا ختا و یونان
و تبت و ہند اور اطراف و جوانب کے ملکون مین
ایک ہی عہد مین ہوا الغرض ختا مین بودہ کا مذہب
اب خاص و عام کا طریقہ ایمان ہی اور سیوا چند
باتون کے اسمین اور پنڈتون کے بید اور شاستر
کے اقوال مین بہت سی مناسبت پائی جاتی
ہی اور حاصل اور اصل وصول اوسکا وہی ہی
جو مذہب ہنود کا حاصل اور اصل اصول ہی یعنے
صرف ایک ہی روح ہی جو خود جمیع ممکنات
ہی لیکن ہیولی کے اقسام مین ساری ہوکر اوسکی
تفریق اتنی صورتون مین ہی جسکو موجودات
کہتے ہین چنانچہ دو اصل سب ہمیشہ سے ہین
ایک کو پروشا دوسرے کو پرکرتی کہتے ہین

اوپریکرتی جو ہیولاے ناقص ہی اور پروشا وہ روح
جو ہیولی مین ساری ہوکر اوسکو اقسام شکل و صورت
مین تفرقہ پیدا کردیتی ہی یہان تک مشابہت ہی
کہ اوس روح کو زبان سنگسکرت مین پروشا اور
ختائی زبان مین یانك کہتے اور ہیولی کو اوس زبان
مین پری کرتی اور ختائی زبان مین ین کہتے ہین اور
دونو زبان کے لغت مین لفظ پروشا اور یانك کے
معنی قوت فاعلی ہی جو ایجاد موجودات کا پہلا باعث
ہی اور پریکرتی اور ین سے مطلب قوت
انفعالی ہی جوکہ تکوین کاینات کا دوسرا سبب ہی
سوا اسکے ہنود قوت فاعلی کو لنگ کہتے ہین اور ختائی
یانك کہتے ہین اور ان دونون لفظون مین زیادہ فرق
نہین ہی ایک امر اور بھی قابل ذکر کے ہی تاکہ
درمیان ہنود کے اصل دین کے جو بید شاستر کا
ہی اور بودہ کی مانت کے مشابہت معلوم ہووے
بقول پندتون کے مہا پروشا نہ کچھ حرکت کرتا نہ سمجھتا
نہ خواہش رکھتا ہی اسی وجہ سے جوگی اور سنّاسی

سب جو جنگلون مین جابیٹھتے ہین۔ آہستہ آہستہ یہہ عادت
کرتے ہین کہ دو دو ہفتہ آنکھ بند کئے ایک نشست سے
بغیر کسی عضو کی جنبش کے بیٹھے رہتے ہین اور جو کہ یہہ
ریاضت نہین برداشت کرسکتے گانجے کا دم لگا کے
مہوت درخت کے تلے بیٹھے رہتے ہین چونکہ بودھی
ختائیونکا یانک بقول اونکے نہ کچھ حرکت کرتا نہ سمجھتا
نہ کچھ خواہش رکھتا ہی اسیطرح اکثر اونکے لامایعنے
اوس مذہب کے فقرہ ترک علایق کرکے خانقا مین
افیون کھا کے غوط مین بیٹھے رہتے ہین اور عوام الناس
جانتے ہین کہ اوسوقت اونکو بودہ سے قرب حاصل
ہی الغرض اصل اصول بودہ کے مذہب کا تناسخ
ہی اور مثل ہنود کے یہہ لوگ بیان کرتے ہین کہ مرگ مین
صرف خاکی وجود چھوٹ جاتا ہی اور روح دوسری
صورت کی کسی شی مین ساری ہوکر اوسکو جان
دیتی ہی اور انسان اگر مرتے دم تک بدی کرتا
اور گناہون مین الودہ رہا تو بہایم کی ناچیز اور ادنی
قسمون مین سے کسی مین داخل ہوتا ہی اور

جس مدت تک اوسکی معصیتوں کی سزا کی میعاد پوری
نہین ہوتی ایک حیوان کے جسم سے دوسرے مین
اور دوسرے سے تیسرے مین وہ روح ماری پھرتی ہی
غرض اسی تناسخ کو جو اکثر لاما ایک وسیلہ معقول
عوام الناس کے ٹھگنے کا مقرر کرتے ہین چنانچہ
ایک نقل قابل سنے کے یہہ ہی کہ دو لاما جو سیر
کرتے ہوئے ایک متمول دہقانی کے دروازے
سے گذرے تو کئی بطین موٹی تازی قابل کھانے
کے نظر آئین اُنہین دیکھتے ہی یہہ دونون لاما بسجود
مین آئے اور آہ و زاری کرنے لگے گھر والی نے جو
یہہ صورت دیکھی فوراً اونکے پاس آئی اور تفتیش
حال کرنے لگی اُن دونون مکارون نے آنسو
پونچھکے جواب دیا کہ ہمارے والدین کی ارواحین
انہین بطون مین ہین معلوم نہین کہ تم سب
کس وقت انہین مار کے کھاجاؤگے اور ہم
اس رنج سے ہلاک جاوینگے اوس نیک بخت
سادہ دل نے رحم کھاکر جواب دیا کہ حقیقت

مین میرا ارادہ اِن بطون کے بیچنے کا تھا اگر یہہ
تمہارے والدین ہین تو مین اونکو بہت حفاظت
سے رکھونگی اور کسی کو مارنے یا بیچنے ندونگی چونکہ
یہہ مقصد اونکا نہ تھا اونہون نے جواب دیا کہ اے بی بی
تم عورت ہو اگر تمہارے شوہر نے اُن کو جدا
کرنے یا کھا جانیکے باب مین ضد کی تو تمہاری بات
کب پیش رفت جائیگی اور اونکو اگر اذیت
پہنچیگی تو ہماری جان جائیگی حاصل کلام یہہ ہے
کہ اون لامؤن نے اوس عورت کو یہہ فریب
دیکر اور رو رو کے یہہ جگہہ اوسکے دل مین کی کہ
اوس نے بطون کو اونکے حوالے کر دیا فوراً وے
کئی سجدے شکرانے اور اداب فرزندانہ کے ادا کرکے
بطون کو بغل مین دبا کر لیگئے اور شام کو کباب لگا کر
کھا گئے * بودہ پرستون مین برخلاف ہندؤن کے
ذات کا امتیاز نہین ہے اور اگرچہ ایک خدا پر ایمان لانا
موافق اونکے اصل طریقے کے واجب ہے لیکن
جو صفتین ذات پروردگار کی عیسائی اور مسلمان اور

یہود کی کتابون مین مذکور ہین یعنے کریم و رحیم اور
پیدا کنندہ موجودات اور باقی بذات خاص ہی اور
ہر چیز کی بقا و فنا پر قادر مطلق ہی یہہ صفتین بودھی بیان
نہین کرتے کیونکہ بقول اونکے یانك نے کسی کو
پیدا نہین کیا اور کوئی شی کیسا ہی بد کیون نہو ئے
اوسیکا ایک جز ہی اور اوسکی ذات سے فرق
صرف بسبب اوس مقدار ہیولی کے ہی
جو اوسکے ظاہرا وجود کی ترکیب مین صرف
ہی اور اسی لحاظ سے آفتاب اور آتش اور ہوا
اور روح انسان بلکہ بہایم کی جان سب بمنزلہ
خدا کے ہین الغرض بودھی سب کافر مطلق ہین اور
بسبب اسکے کہ وے ہر چیز کو خواہ پاک خواہ پلید
ہووے خدا کے وجود کا ایک جز و جانتے ہین اونکو
بت پرست کہنا بجا ہی *

ممالک خطا مین اسلام بھی جاری ہی اور نو سو مسیحی
مین اوس مذہب کا رواج اوس دیار مین ہوا
اور کئی بڑے بڑے شہر صرف مسلمان ختائی سے

آباد ہین اور تحقیق ہی کہ تین سو برس فغفوران ختا
کے حضور مین مسلمان سب مہندس اور ہیئت
دان تھے اور زایچہ اور تقویم وغیرہ تیار کرنے کے
لئے مقرر تھے معلوم نہین کہ کس طور سے ختا مین پہلے
اسلام شروع ہوا لیکن یہہ تحقیق ہی کہ کتنے دنون تک
اپس ہی شادی بیاہ کر کے رفتہ رفتہ اس قوم کو ترقی
ہوئی بعد اوسکے عربا کے لڑکونکو خرید کر کے ختنہ کروایا
اور اوسی طرح سے کافرون کے لڑکیونکو لیکر اون سے
بیاہ کردیا اور ایک دفعہ جب قحط سالی کے سبب
سے صوبہ شانك تانك مین وہ حالت تنگی کی ہوئی کہ
ماباپ نے اپنے لڑکون کو بیچنا شروع کیا مسلمان
ختائی اولاد کفار کو خرید کر کے اپنے مذہب مین
لائے الغرض اہل اسلام کی بڑی کثرت ختا مین ہی
اور بہت سے شہر صرف اونہین سے آباد ہین اور کسی
غیر مذہب والے کو اپنے جوار مین بسنے نہین دیتے
لیکن جسطرح سے ہندوستان علی الخصوص بنگالے کے
عوام مسلمان سب صحبت ہنود کی تاثیر کے

سبب سے بہت سی باتین ہندون کی اخذ کرتے
ہین اور معیوب نہین جانتے اوسی طرح سے
یہہ مسلمان عتائی بھی بودھیون کی بعض رسمین بجالاتے
ہین * دانشمندون کے روبرو راقم کو تاثیر صحبت
ہنود کے باب مین جو ہند اور بنگالے کے عوام
مسلمانون مین ہوئی ہی احتیاج استدلال نہین ہی
غرض کج طبع اور نافہم کے واسطے اتنا ہی کافی ہی
کہ باوجود حکم شریعت محمدی کے بنگالی دہقانی
مسلمانون مین اوس عورت کی جسکے شوہر نے بچپن
یا جوانی مین انتقال کیا ہو مثل ہنود کے پھر شادی نہین
ہوتی سوا اسکے ہر قسم کی شادی اور بیاہ مین ڈھول
اور تاشے کا بجوانا اور کنچنیونکا نچوانا مانند ہنود کے ہی
ہوری کھیلنا اور عبیر اڑانا اور جنئے کے ایام مین
عورتون کا فاقہ کرنا اور پھل پھلہری سے روزہ کھولنا
منسا کی بار کرنی جو کہ بنگالے مین مروج ہی مار سیاہ
کی پوجا اچھے مسلمانون کی بہو بیٹیان کرواتیان اور
مثل عورات ہنود کے دودھ پیرا چڑھواتیان ہین اور

اس سے زیادہ تر کفر کیا ہی کہ اکثر خاص وعام اہل اسلام کے سیتلا کی پرستش کرتے ہین الغرض اسیطرح سے ختائی مسلمان بھی نصف بودھی ہین اور مثل بعض ہندوستانی مسلمانون کے صرف زبان سے کلمہ محمدی پڑھتے ہین *

حالانکہ کئی فرقے بت پرستون کے ختا مین پہیلے ہین لیکن قدیم مذہب کی بہت سی باتین منسوخ نہین ہوئین چنانچہ راس السرطان کے ایام مین فغفور مطابق رواج قدیم کے اپنے جلو مین تمام اقربا اور وزرا اور امرا اور چھوٹے بڑے عہدے والون کو لیکر پیچین کے صدر معبد مین جاتا اور پروردگار عالم کی پرستش کرتا ہی اوس معبد مین کسی بت کا دخل نہین ہی اور وہان صرف اوسی واجب الوجود کی پرستش ہوتی ہی جو جزوکل عالم پر محیط اور موجد موجودات اور لاشریک ہی *

تین روز قبل اس نماز کے منادی ہوتی ہی کہ ہر شخص روزہ رکھے اور گوشت اور مچھلی اور دودھ اور منھائی

اور شراب اور کباب اور لذیذ چیزون سے پرہیز
کرے اور پارسا اور محترز رہے اور سوا عبادت کے
کسی کار دنیوی مین مشغول نہووے اور قطعاً ترک
لذات کرے تاکہ داخل حسنات ہووے اکثر
لوگ اوسپر عمل کرتے ہین اور فغفور دربار کرکے تمام
امورات خانگی اور ملکداری کو معطل رکھکر تین شبانہ روز
گوشہ گزین ہوکر وظیفہ اور دعا پڑھتا اور سوا ابالی چیزون کے
کچھ نہین کھاتا ہی جس روز نماز ہوتی ہی علی الصباح
فغفور کی سواری نہایت دھوم دھام سے نکلتی ہی *
پہلے کئی ہزار نشان بردار پرتکلف پوشاک
زرباف پہنے اور سونیکی مرصع اور جواہر نگار چھڑیون پر
نشان اور آئے دورویہ نکلتے ہین اور اونکی قطار کا
طول چار ہزار قدم سے زیادہ ہوتا ہی اونکے بعد ماہی
اور مراتب والے اور یساول اور ہزارون برچھی بردار
زرین نگارا برچھیان لئے ہوے نشان بردارونکی
قطار کے پیچھے چلتے ہین اور اونکے بعد فغفور ہوادار
جواہر نگار پر سوار رہتا ہی جسکے اوٹھانے والے

اڈھائی تین ہزار کہار ہوتے ہین اور قیمتی کمخواب اور
اطلس کا لباس اونکے گلے مین ایسا ہوتا ہی کہ
دولہ معلوم ہوتے ہین غرض شہنشاہ کی سواری
کے پیچھے شاہزادے اور فغفور کے عزیز و اقربا ایک
سے ایک اپنے کو آراستہ و پیراستہ کئے ہوئے پیادہ پا
آہستہ آہستہ قدم بقدم پاے رکاب مین رہتے ہین
اور بعد اونکے وزرا اور امرا اپنے اپنے مرتبے کے موافق
زر و جواہر سے لدے ہوئے اوسی چال سے
اقرباے فغفور کے بعد جلو مین چلتے ہین اور
سبکے پیچھے لاکھون اہل شہر چھوٹے بڑے اپنے کو
حتی الامکان بنائے ہوئے جلوس کے ہمراہ رہتے
ہین فغفور کی سواری کے آگے باجا بجتا جاتا ہی
اور سیکڑون خوش گلو تال سر میلائے ہوئے
ایسی خوش انداز شیرین آواز سے آلاپتے ہین
کہ مرغان سحر کے چہچھون کی کیفیت حاصل ہوتی ہی
اور یہان تک خوش آوازون کی جادوگری کام کرتی
ہی کہ اوس جمعیت مین کہ کئی لاکھ آدمی کی ہوتی ہی

ایک آواز خلل انداز کہین سے نہین آتی اور جب موقع موقع سے گانا بجانا ایک دولمحے کے لئے موقوف ہوتا ہی اوس بڑی جمعیت مین بیابان کا سناٹا ہوجاتا اسطرح سے دل سبھونکا محو ہوجاتا ہی اور کان اون صداؤن کا مشتاق اوسیطرف متوجہ رہتا ہی الغرض اس جلوس کی کیفیت اول تو شاید ہزار قلم سے لکھی نہین جاسکتی اور اگر لکھی بھی جائیگی تو مثل افسانہ کے معلوم ہوویگی حاصل یہہ ہی کہ فغفور اپنے اہلی و موالی کے ساتھ اوس روز نماز کے لئے صدر معبد مین جاتا ہی اور چونکہ تمام رعایا کا قبلہ گاہ ہی سجدے مین بہرون سبکی طرف سے رہتا اور دعا مانگتا اور سبکا قصور اپنے ذمے مین لیکر معاف چاہتا ہی *

جب فغفور وہان سے پھر کر دولتخانے مین آتا ہی ناچ اور رنگ اور کھانا پینا شروع ہوجاتا ہی اور تمام شہر مین عیش و عشرت کی دھوم ہوتی ہی اور اسیطور پر قدیم مذہب کے موافق شاذتئی

یعنے پروردگار کی نماز راس السرطان کے ایام مین
ایک دن ہوتی ہی *

دوسرا دستور قدما کا اتنک اوس ملک مین
اسطور پر جاری ہی کہ شروع بہار مین فغفور
ہل جوتنے اور کھیتی کرنیکو سیانك یانك یعنے
قدیم کشت کارون کے میدان مین جاتا ہی اور
اوسکا سامان اسطرح پر ہوتا ہی کہ جب تین
دن اوسے باقی رہے فغفور تین اقربا اور نو امیرون کو
حکم کرتا ہی کہ وے روزہ اور پرہیزگاری اور
عبادت کر کے قابل رسومات کی شرکت کے
ہووین اور خود فغفور اس ریاضت شاقہ کو سب
سے پہلے اختیار کرتا ہی اور جس روز کہ اس رسم
کی ادا کی صبح ہوتی ہی فغفور کی سواری اوسی دھوم
اور تکلف سے نکلتی ہی جو پیشتر مذکور ہوا ہی
اور صدر معبد کے قریب وہی میدان جسکا ذکر ہوا
چار دیواری سے گھیرا ہوا اسی رسم کی ادا کے
لئے مخصوص ہی فغفور اوسکے اندر داخل ہوکر بہت

سامان سے شانتي یعنے پروردگار عالم کی نماز کرتا
اور بہت سی چیزین پھل اور اناج کی قسم
سے نیاز دیکر اوس رسم کی ادا کرنے مین متوجہ
ہوتا ہی چالیس کھیتی کرنیوالے فغفور اور اقربا کے
ہلون کو لئے رہتے ہین اور جب فغفور نے لباس
شاہانہ اوتارا اور زراعت کرنیوالون کی پوشاک
پہنی تو ایک ہل سامنے اتا ہی اور فغفور اپنے
ہاتھ سے ہل کو تھام کر مثل اون لوگونکے جوتنا
شروع کرتا ہی اور اونہین امرا سے دو شخص تخم
ریزی کرتے ہین جب کھیت کے ایک لونے
کا دو پھیرا اس طرح پر ہوتا ہی فغفور ہل کو چھوڑ کر
کنارے بیٹھتا اور اونکے تینون اقربا ایک ہل لیکر
جوتتے اور بوتے ہین جب اونکی باری ہوچکتی ہی
جتنے مزارع کہ وہان جمع رہتے ہین اور وہ لوگ لاکھون
ہی ہوتے ہین سب فغفور کے سامنے کھیتی کرنے
کے آلات لیکر آتے اور مجرا کرتے ہین اوس
روز اونہین صبھون کا دربار ہوتا ہی اور جسکو جو عرض

حال کرنا ہوتا ہی عرض کرتا اور اپنی داد کو پہنچتا ہی
بعد برخاست دربار کے اون لوگون کی ضیافت ہوتی
ہی اور کئی فغفور کا ہمیشہ یہہ قاعدہ تھا کہ اہتمام اوس
دعوت کا آپ ہی کرتے اور سبکو کھلا پلا اور رخصت
کر کے دولتخانے جاتے تھے اور جب کسی نے پوچھا کہ حضور
اتنی تکلیف کیون کرتے ہین تو جواب دیتے کہ سال بھر
محنت کر کے یہہ سب ہمکو کھلاتے ہین حیف
کہ ایکروز ہم سے اتنا بھی اوسکے عوض مین نہو سکے
یہہ رسم جو فغفور ہر سال کرتا ہی حکمانے قدیم الایام
مین اسواسطے مقرر کیا ہی کہ سب پر زراعت کا
رتبہ معلوم ہو اور حقیقت ہی کہ دنیا مین جو زمیندار ہی
وہ اپنی حد مین پادشاہ ہی *

گیارھوان باب

دستورات سلطنت ختا کے بیان مین

ولایت ختا مین قدیم سے دستور ہی کہ ہر سال
تمام مملکت کی رعیت کا شمار کیا جاے اور جتنے
لوگ کہ پیدا ہوئے یا مرگئے اور جیتے رہے سب کے

حساب کی فرد غفور کے حضور مین گذرتی ہی
اس دستور کے فواید ظاہر ہین کیونکہ اسی شمار
کے روسے قحط سال مین یا نقصان جب کبکا
ہوتا ہی سرکار مدد کرتی ہی *

پوشاک کے باب مین قوانین ہین اور فغفور سے
ادنیٰ غلام تک اور پادشاہ بیگم سے خواص تک
سب کے واسطے جس رنگ اور قیمت
اور وضع کی پوشاک مناسب ہی سبکا انداز معین
ومقرر ہی اور یہان تک اس امر مین تاکید ہی
کہ رستون مین جسکو دیکھیئے گا بے تامل پہچان
لیجیئے گا کہ فلانے رتبے کا یہہ شخص ہی چنانچہ زرد
رنگ سیوا پادشاہ اور اونکے بیٹے اور قریب اقربا
کے دوسرا نہین پہن سکتا ہی اور حالانکہ زرد رنگ
انہین لوگون کے لئے ہی لیکن سنجاف قور جھالر
طوئی حاشیہ وغیرہ مین بہت فرق ہی امرا کے لئے
سرخ اور سیاہ اور نیلے اور نا قرمانی ریشم کی پوشاک
معین ہی گھندی اور سنجاف کی رنگت اور

وضع سے ادنی اور علی پہچانے جاتے ہین اہل حرفہ کے واسطے سیاہ اور نیلا سوتی کپڑا مقرر ہی عیدون مین اور شادی بیاہ مین سبکو تکلف کرنیکی اجازت ہی لیکن اور دنون مین جہان کوئی دستور کے احاطے سے باہر گیا سزا کے دایرہ کے اندر آیا *

ساخت مکانات و عمارات مین علی ہذا القیاس ربط و ضبط ہی اور اپنے اپنے مرتبے کے برابر سبکو مکان بنانا ہوتا ہی اور جو تکلفات معماری مین بتخانون مین کیے جاتے ہین فغفور اپنے دولتخانے مین نہین کر سکتا *

باب سابق مین بیان ہوا ہی کہ کشتکاری مین بڑی عزت ہی چنانچہ فغفور کو ہل جوتنے مین ننگ و عار نہین ہی اور اِس فرقے کے آدمیون کو جو ستاتا ہی دوسرون کی نسبت دونی سزا پاتا ہی اور اگر کبھی کسی مزارع نے نالش کی کہ اوسکی مصیبت کے وقت شہر کا حاکم خبر گیران نہین ہوا تو موافق دستور کے مقدمے کے فیصل ہونے تک

سرکاری عہدون سے معطل کیا جاتا ہی یہہ نہ سمجھا چاہیئے
کہ جس طرح اور ملکون کے کشتکار اکثر جاہل
اور اوجت ہوتے ہین اوسیطرح ختا مین بھی ہین ایسا
نہین ہی کیونکہ علم کے حاصل کرنیکے لئے متعدد مکتب
خانے سرکار کی طرف سے ہرگانو مین مقرر ہین
اور تمام امیر و غریب کو سب علوم یکسان تعلیم
کئے جاتے ہین سنہ ۱۷۳۲ع مین فغفور یان چین نے
تمام صوبہ دارون اور حکام شہر پر فرمان صادر کیا کہ
جنکی تحت مین جو کشتکار نیک نہاد اور زراعت کا
سلیقہ اوردن سے بہتر جانتا ہو اوسکی تعریف حضور
مین ہر سال کی جاوے تاکہ وہ سرفراز ہووے
اور دوسرے لوگ سرکار کی شفقت و عنایت
دیکھکر سبقت کرین اور حقیقت مین ایسی
سرفرازی ہوتی ہی کہ غریب صاحب ابرو کے
واسطے بادشاہت کا مرتبہ رکھتی ہی چنانچہ جسکو
سرفرازی ہوتی وہ ناظمون اور حاکمون کے برابر بیٹھکر
چاپی سکتا اور ماندرین کا لباس پہنتا ہی اور

جب تک جیتا رہتا ہی وہی عزت پاتا ہی اور مرنیکے
بعد اوسکے تابوت کے جلو مین امرا چلتے ہین
اور اوسکا نام سات خطاب کے لوح پر لکھکر
اوس مکان مین جہان ختائی اپنے بزرگون کا نام تختیون
پر لکھم رکھتے اور ہمیشہ جاکر سجدہ کرتے اور لبان جلاتے
ہین رکھا جاتا ہی چونکہ ہر ایک خاندان والے
چھوٹے بڑے اپنے اپنے بزرگونکا نام تختی پر لکھکر ایک
جدے مکان مین رکھتے ہین اور فغفور کے دولتخانے
کے قریب ایک مکان مخصوص اسواسطے ہی کہ جو
لوگ نمود پیدا کرین اونکا نام بعد موت کے اوسمین
لکھکر رکھا جاے اسی لئے جو صاحب زراعت
ناموری حاصل کرتا اور سرفراز ہوتا ہی اوسکا نام
اوس مکان مین بعد مرگ کے لکھکر رکھا جاتا ہی اور
فغفور وہان جاکر اوس تختی کو سجدہ کرتا اور
لبان جلاتا ہی جسطرح سے اپنے بزرگوارون کے نام
پر رسومات کو ادا کرتا ہی *

غلام اور لونڈی خریدنے کا دستور ختا مین آگے منتہا

مجرم جو شخص ہوکر قانون کے رو سے فغفور کے
بندیخانے مین داخل ہوتا وہی غلام ہوتا تھا لیکن جب غربا کی
اولاد کثرت سے بدھی اور مفلسی دامنگیر حال ہوئی غلام
و کنیز کی خرید و فروخت شروع ہوئی اور رفتہ رفتہ پھیلی
یہان تک کہ دستور ہو گیا اور جب حکما نے دیکھا کہ
بایع اور مشتری دونون کو آرام ملنے لگا اور اقا نے
اپنے بندونکو مثل فرزندونکے پالنا شروع کیا تو انہون
نے بھی جایز رکھا مگر یہہ قانون جاری کیا کہ اگر غلام
زر خرید کو اقا کے آگے لاوے تو آزاد ہونا اوسکا
ممکن تھا لیکن جب تاتارونکا دور ہوا تو یہہ قانون
منسوخ ہوا اور اب جو غلام ہوتا ہی مدت العمر
ویسا ہی رہتا ہی * جس نے ختا کی قدیم تاریخین
نہین دیکھین اوسے کسی اور ملک کی تاریخ سے
نہین معلوم ہوویگا کہ خواجہ سرا کی بنیاد کب سے ہی
اور اگر کسی تذکرے مین کسیکی نظر سے گذرا ہو
تو خیر لیکن نامہ نگار نے کہین نہین دیکھا حالانکہ اوقات
اپنی دس برس کے سن سے چوبیس برس کی

عمرتک جواب ہی تاریخ بینی مین صرف ہوئی ہی
الغرض یونان قدیم اور روم قدیم کی تاریخون مین اور
پیمبرون کی حدیثون مین خواجہ سراؤن کا حال بجز ایک
دو مقام کے دیکھنے مین نہین آیا اور چونکہ اون لوگون کا
دور ایک وقت مین سب ملکون مین ہوا ہی
اور خصوص ختا مین اُنکے بخت کا ستارا کئی بار
چمکا ہی اسواسطے اونکے حال کو اس جگہہ پر
تفصیلاً لکھنا چاہیئے *

قریب ساڑھے چار ہزار برس کے ہوا کہ ختا
مین عضو تناسل کاٹنے کی سزا زائی اور سرکش کے لئے
مقرر ہوئی تھی اور جو اوس اذیت کے بعد زندہ رہتا
فغفور کے محل سراؤن مین خاک روبی اور دربانی
اور دوسری پوچ خدمتون مین مقرر ہوتا اور یہہ لوگ مدتون
اسی صورت پر رہے غرض جب حضرت عیسیٰ کے
سات سو یکاسی برس پیشتر فغفور یون مین بیٹھا
اور عورت کا مطیع اور فرمان بردار بہت ہوا ایک
خواجہ سرا زبان آوری اور چاپلوسی کر کے حضور تک

پہنچا تب شہنشاہ کی ایک حرم نے جسکا نام
پوسی تھا اور فغفور اوسکو بہت عزیز رکھتا تھا
اوس خواجہ سرا کے وسیلے سے پادشاہ بیگم کی
ایسی برائیان فغفور کے کان تک پہونچائی کہ اوس
زن مرید نے بیچاری کو طلاق دے اور اوسکے عوض
پوسنی سے نکاح کر کے پادشاہ بیگم بنایا غرض جب اوسکی
مراد ملی اوسی خواجہ سرائے ناسزا کو اوس نے
محل سرا کا بالکل اختیار دیا گویا نواب ناظر پہلے وہی بنا
اگر فقط اوسی ایک نکمے تک یہہ عہدہ رہتا تو اوتنی
بلائین ختا پر نازل نہو تین لیکن رفتہ رفتہ اوسی بدذات
عورت نے تمام برے برے عہدے خواجہ سراؤن
کو دلوائے یہان تک کہ خود فغفور شطرنج کے پادشاہ کی
طرح پادشاہی کا فقط نام ہی رکھتا تھا اور یہہ سب
جو چاہتے سو کرتے تھے جب روز بروز اونکو اوج ہوا
اکثر دنیا پرستون نے قطع آلت کرنا طالع کی یاوری
سمجھی اور لڑکون کو خرید اور خواجہ سرا بنا کر فغفورون کے
سرکار داخل کرنے لگے یہان تک کہ بہت سے امیر

اپنے چھوٹے بیٹوں کو خواجہ سرا بنا کر فغفور کو نذر کرتے
تھے تاکہ مزاج سلطانی مین زیادہ دخل ہووے اور اپنا
آدمی ہروقت پادشاہ کے پاس رہے بعد چند روز کے
خواجہ سرا جسکو چاہتے فغفور بناتے اور ہمیشہ اپنی قوم
سے ایک کو وزیر آعظم کرتے تھے جو وقت
اس تاریخ کی دوسری جلد ملاحظہ سے گذریگی مفصل
معلوم ہوویگا کہ کیا کیا فتور اُن لوگون نے ختا مین برپا
کئے غرض اس مقام کے واسطے اتنا ہی کافی ہی کہ
جب مانچو تاتار سب مالک ملک ہوئے خواجہ سراؤن
کی دولت اور اقبال کا آفتاب غروب ہو گیا اور
روز سیاہ ادبار کا انکے دیکھنے مین آیا اور مانچو تاتار کا دوسرا
فغفور کانگ حی جب کم عمر تھا اور نایب سلطنت
اوسکے اہل قرابت مین سے ایک شخص تھا اوس
وزیر نے کئی ہزار خواجہ سراؤن کو محلون سے نکال دیا
اور تانبے کی بڑی بھاری لوح پر ایک قانون کھدوایا
کہ تاتار کے عہد دولت مین خواجہ سرا کو عہدہ جلیلہ
کبھی نہ ملے یہہ پتر ہنوز موجود ہی جب فغفور بالغ ہوا

اوس نے اپنے نایب کے قانون کو بحال رکھا اور
مناسب سمجھ کر خواجہ سراؤن کو زیادہ تورا اور اپنے
لڑکون کو اس باب مین سمجھایا تاکہ اوسکی اولاد مین
یہی دستور جاری رہے کہ اوس بد قوم کو کبھی ثروت
نہوئے غرض بعض بعض فغفورون نے چاہا کہ انکو ایک قلم
موقوف کیجئے اور کسیطرح کا کام اُن سے نہ لیجئے اور
محل سرا مین مطلق جانے نہ دیجئے اور چند روز مستورات اونکے
عہدون پر متعین رہین لیکن جب کام کے انجام مین خلل
واقع ہوا مجبوری سے خواجہ سراؤن کو پھر دخل دیا لیکن
نہ ویسا جیسا کہ آگے تھا پھر بھی بیگمات کے سبب سے
ایک دو اون مین ایسا پیش رہتا ہی کہ وزیرون
کی خیر اوسکو ملائے رکھنے سے ہی اور جب تک وہ
بنا رہتا ہی یہہ بگڑتے نہین غرض بیخ و بنیاد اونکی ایسی
ہلی گئی کہ اب اونکا قایم ہونا محال ہی اور تمام ختا مین
چھ ساتھ ہزار خواجہ سرا ہونگے اور عہدہ اونکو فغفور اور
اوسکے عزیزون کے یہان باغات اور گورستان کی
داروغگی اور محل سرا کی دربانی اور درمیان مرد و عورت کے

درمیانی ہوینگا ہی * دار الامارہ پیچین مین ہرسال فغفور کی
طرف سے جنتری چھپتی ہی اور اوس تقویم کو درست
کرنیکو عیسائی پادری مقرر ہین اسمین خسوف و کسوف
کا ذکر ہوتا ہی یہہ تو سال بسال چھپتی ہی لیکن پیچین
مین روزانہ ایک اخبار پچاس ورقون کی جاری ہی اور
فغفور کے حکم اور نظام اور حکام کی عرضیان اور اونکے
نقشون کی صورتحال اور ہر موضع اور شہر کی کیفیت
اور چھوٹے بڑے ماندرینون کی بحالی اور معزولی اور
سرفرازی کی وجہین اور تمام خبرین نیک و بد مملکت کی
اس اخبار مین چھپتیان ہین * ہر صوبہ دار کا خطاب تاوسو
ہوتا ہی اور وہ اپنی حد مین مثل بادشاہ کے فرمان
روا ہوتا ہی جب وہ باہر نکلتا ہی تو پانچ چھہ ہزار لوگ
اوسکے جلو مین ہوتے ہین رعایا گھٹنے کے بھل
اوسیطرح کورنش کرتے ہین جیسا کہ فغفور کے
حضور مین مقرر ہی تمام تحصیل اوسکے پاس داخل
ہوتی ہی اور وہ اپنے سب محکمونکا خرچ وضع
کر کے باقی کو سرکاری خزانے مین بھیج دیتا ہی

اور جتنی کچہریان اور اہل کار صوبے مین ہین سب
اوسکے تابع ہوتے ہین جسکو چاہتا ہی گھٹاتا اور
جسکو چاہتا ہی بڑھاتا ہی جب خونی کو واجب
القتل تجویز کرتا ہی فغفور سے اجازت منگوا کے قتل
کرتا ہی اور یہی دستور تمام قلمرو مین جاری ہی *
حتا کے اہل کارون کے درجے ہوتے ہین مثلاً
اگر ایک نے خفیف سا قصور کیا اور اپنے فرقے
مین پہلے درجے کا ہوا تو اختیار ناظم کو ہی کہ اوسے تین
یا چار درجے گھٹا کے اوسکے منصب سے اوسکو
گرا دیوے اور جسکی خفت اور ہتک عزت
اسطرح پر ہوتی ہی اوس بیچارے کو اپنے
پروانون کا سرنامہ اس عبارت سے خود لکھنا ہوتا ہی
مین فلانا شخص فلانے درجے سے فلانے رتبے تک
نازل کیا ہوا حکم ناطق یون اجرا کرتا ہون غرض جس
غیرت والے کو دس بیس دفعہ روز اسطرح پر
پروانہ لکھنا ہوتا ہوگا تو ہر دفعہ ایکصدمہ روح کو پہنچتا
ہوگا الغرض جب کوئی اسطرح پر ذلیل کیا گیا اور

اوسکے بعد نیکنام ہوا اور ناظم نے اوسکی تعریف حضور مین لکھ بھیجی تو پھر اوسے سرفرازی حاصل ہوتی ہی اور حالانکہ دستور ہی کہ کسی حاکم کو اوس شہر یا موضع مین جہانکا وہ باشندہ ہوے یا جہان اوسکے بہت سے خویش و اقربا ہوین خدمت سرکاری نہین ملتی لیکن جب کسی شخص نے مدت تک نیک نامی سے نوکری کی اور نمک حلالی مین سیاہ بال سفید ہو گئے تو اوسکو اپنے وطن کا عہدہ ملتا ہی اور یہہ بڑی سرفرازیون مین داخل ہی کیونکہ جو شخص پیری مین اپنے گھر رہتا اور پوتون اور نواسون کو ہر گھڑی اپنی آنکھون سے دیکھا کرتا اور آخر عمر مین اپنے یگانون کو اپنا آرام جو اور خدمت گذار پاتا ہی اوسکے برابر نصیبور کون ہی *

جس طرح سے اہل قلم کے لئے جزا و سزا مقرر ہی اوسیطرح اہل سیف کے واسطے بخشش و سیاست موافق اونکے کردار کے ظہور مین آتی ہی *

جب فغفور کی فوج لڑائی پر جاتی ہی دونی تنخواہ

سبکو ملتی ہی تا اونکے آل و عیال کو کھانے پینے کی پریشانی نہووے اور دستور ہی کہ اگر کوئی ما باپ کا اکیلا بیٹا یا کہ اوسکی بیوہ ما ہووے تو اوسکو لڑائی پر نہین بھیجتے اور جو بہادری کر کے مارے جاتے ہین اونکی بڑی قدر کی جاتی ہی اور اونکی جورو اور بیٹے کے لئے وظیفہ مقرر کیا جاتا ہی اور اوسکے ہتیار گھر بھجوائے جاتے ہین تا بزرگون کی قبرون کے پائین دفن ہووے یہہ عوام سپاہ کے واسطے ہی لیکن سردارون کے لئے کچھہ زیادہ ہوتا ہی اور اونکی لاش کو مصالح دیکے اونکے گھر بھیجدیتے ہین اور اونکی حرمت کے موافق ویسہی شان اور تجمل کے ساتھہ اونکی لاش روانہ ہوتی ہی *

ختامین رعایا کی سات قسمین یا درجے ہین اول درجے کے فضلا یا اہل قلم دوسرے رتبے کے اہل سیف تیسرے کے طلبۂ علوم چوتھے کے لاما اور دھورون کے دوسرے فرقون کے خادم پانچوین کے زراعت پیشہ چھتی کے اہل حرفہ اور ساتوان

سب سے چھوتا رتبہ ارباب تجارت کا ہوتا ہی *
سوائے ختا کے ہر ملک مین سو پچاس آدمی ایسے
دولتمند ہوتے ہین کہ پادشاہ کو ضرورت کے وقت
قرض دیتے ہین لیکن حکماے ختا نے دنیا کو محل خطر اور
اہل دنیا کو مار سیاہ سے بدتر سمجھہ کر ایسے قاعدے
مقرر کئے ہین کہ کسی رعیت سے سلطنت کو خطرہ نہین *
راقم نے مذکور کیا ہی کہ ختا مین موروثی امارت نہین ہی
اور یہہ بڑا سبب ہی کہ دولت کسی شخص کے گھر
مین قیام نہین کرتی ہی اور دوسری وجہہ یہہ ہی کہ اولاد
کی کثرت روز بروز زیادہ ہوتی جاتی ہی اور چونکہ دستور
ہی کہ ترکہ آبائی سب لڑکون کو برابر ملتا ہی
کسی کے ہاتھہ باپ کی سب دولت نہین آتی
ہی تیسری وجہہ رعیت کے پاس زیادہ دولت
نہونے کی تب معلوم ہووے جب تفصیلا ہر درجے
کی رعیت کی حقیقت حال بیان کیجاوے چنانچہ
اول درجے کے ماندرین ہین اور اونکا حال آگے
مذکور ہوچکا ہی یہہ سب غربا کے لڑکے

ہوتے ہین اور اپنے باپ کے گھر سے کچھ لیکر نہین آتے جو کچھ برسون مین حاصل کرتے ہین وہ نوکری کے وسیلے سے ہی اس پر بھی اگر دستور ہوتا کہ اپنے وطن یا اوسکے قریب کسی ضلع مین خدمت ملتی تو اپنے اہل و عیال کو ساتھ لیجانے کی ضرورت نہین ہوتی تب اپنے گھر مین ماہ بماہ کچھ بھیجتے اور زمینداری مول لیتے اور رفتہ رفتہ معاش کو بڑھاتے لیکن جب مسافت بعید پر انہین جانا ہوا اور سارے گھر کو ساتھ لیجانا پڑا تو اوس بیگانہ جگہہ مین معاش غیر منقولہ کر نہین سکتے اور معاش منقولہ ناپایدار ہوتی ہی *

اور فرض کیا کہ ماندرین نے روپئے بھی جمع کئے لیکن اتنی فراغت کسیکو حاصل نہین ہوتی کہ زیادہ پس انداز کرے اور اگر کسی مرتشی نے کچھ لیا بھی تو جاسوس سرکاری فوراً خبر دیتا اور وہ سارا مال چھن جاتا اور خزانے مین داخل ہوتا ہی بہرحال اگر ایک ماندرین نے جمع بھی کیا اور مرگیا تو

اومکے لڑکون کو فقط باپ کی جمع پر تکیہ کرنا ہوتا ہی اس طرح گنج قارون بھی بیٹھے بیٹھے آدمی تمام کرسکتا ہی *

اب دوسرے درجے والے اہل سیف کا حال سمجھہ لیجئے کہ وہ کون سی صورت معاش کی رکھتے ہین * جس ایام مین مانچو تاتار نے ملک ختا کو سرکیا جاگیرین اون سردارون اور سپاہیون کو ماین کہ جنہون نے جنگاہ مین اپنی نمود کی تھی غرض رفتہ رفتہ اونکی اولاد مین تقسیم ہوتے ہوتے اب اونکے پاس کچھہ باقی نہین رہی سیواے اسکے ہر قوم مین سپاہی لاوبال و بیفکر ہوتے ہین اور چونکہ غایت اونکے پیشے کی موت ہی اسلئے اونکا قول ہی کہ جان رہے جہان رہے اور جو دم گذرے ہنستے کھیلتے گذرے غرض اونسے اور مرگ مفاجات سے ہروقت سامنا رہتا ہی الغرض اہل تاتار بھی محض لاوبال اور عیش طلب مثل اور سپاہیون کے ہوتے ہین اور سب اونکے مزاج کا یہہ حال ہی کہ جو

خیال ہی سو حال ہی اور اینده کا مالک خدا ہی
تو پھر دولت سے اور اون سے کہان علاقه باقی رہا
کیونکه زر و فکر توام ہین *

چونکه تیسرے درجے کی رعیت علما اور طلبهٔ علم
ہین اور کسی نے طالب العلم یا عالم کو کمتر امیر
دیکھا ہی اس قیاس سے معلوم ہوتا ہی
که یہه بیچارے جس قدر علم سے رغبت رکھتے
ہونگے اوتنی ہی مفلس ہوتے ہونگے غرض چوتھے
درجے والے رعایا لامه اور خادمان دین ہین یہه
بے شک دولتمند ہین کیونکه تفرقه اونمین نہین
ہی اور جہانسے جو حاصل کرکے لاتا ہی ایک جگہه
جمع کرتا ہی اسلئے اُن کی قوم مین جو دولت
ہی ختا مین کہین نہین ہی غرض فتنه و فساد برپا
کرنے اور مملکت مین ہرج و مرج پیدا کرنے کو
خصوص ختا سے ملک مین جہان سرکاری جاسوس
گھر گھر پھرتے ہین اس طرح کی دولت کار آمدنی
نہین ہی کیونکه اِس امر عظیم کے حاصل کرنے کے

لئے پوشیدگی چاہیئے اور جہان سب کچھ یہان تک
کہ روپیا عام ہی اور چھپ نہین سکتا وہان کا احوال
گویا بازار کا چرچا ہی اور کھیتی کرنے والے جو
پانچوین درجے کے رعایا ہین حالانکہ سرکاری شفقت اور
عنایت پادشاہی اونکے حال پر بہت ہی لیکن یہہ
لوگ اس کثرت کے ساتھہ ہین کہ کسی پاس
اتنی زمین نہین ہی کہ کشت کاری کرکے معاش
پیدا کرے اور چونکہ ختا بہت زرخیز اور تھوڑی سی
زمین مین بہت سا حاصل پیدا ہوتا ہی اس
سبب سے اتنی خلایق کی گذران اوقات ہوئی
جاتی ہی علی ہذاالقیاس اہل حرفہ اتنے ہین کہ جنکو
قوت بازو سے آتھہ آنا روز حاصل ہوتا ہی وہ اپنے
فن مین بہت چالاک اور کامل ہین اور انمین سے
اکثر ایسے مفلس ہین کہ لوگونکا کام فقط دو وقت
کے کھانے پر کرتے ہین اور اس افلاس کی
جہت سے سرکار نے اُنپر خزانہ سب طرحکا معاف کیا ہی اور
ساتوین درجے کے رعایا سوداگر ہین مگر ختائی حکمانے

اونہین ایسا کم رتبہ تھہرایا ہی کہ جسکے باپ نے
تجارت کی اوسکے بیٹے نے شرمندگی سے وہ راہ معاش
اور دولت بڑھانے کی چھوڑدی اور خواہش سرکاری
عہدہ حاصل کرنے کی پیدا کی اور وہ روپیا کہ باپ نے
پیدا کیا تھا امیدواری مین صرف ہوا الغرض حکمانے
تاجر کو اس دور اندیشی سے حقیر تھہرایا ہی کہ
کہ دولت اونکے گھر مین قیام نکرے اور جابجا پھرتی
رہے الغرض انہین سیلون سے ختا مین اتنی دولت
کسی رعیت کے پاس نہین ہی کہ فساد کرے
اور بیشک یہہ امر ملکداری کا دستور العمل کامل ہی *

کتاب دستورات اور رسومات مین لکھا ہی
کہ نکاح کی جورو کے علاوہ فغفور بچانوے حرم کو خدمت
مین لاسکتا ہی ان مین سے تین کو خطاب فوکین کا
ملتا ہی اور بعد بادشاہ بیگم کے اونکا رتبہ ہوتا ہی اور اگر
بادشاہ بیگم کے بطن سے بیٹا نرہے تو اون مین سے
جسکا لڑکا قابل تھہرے ولیعہد ہو سکتا ہی اور
یہہ تین بے بیان ہمیشہ شاہزادیان یا امراء کبار کی

نسل سے ہوتیان ہین اور بہت خدم و حشم کے
ساتھ رہتیان ہین اونکے بعد نو بیبیون کو خطاب
پیین کا ملتا ہی اور اونکے رتبے کے بعد سینتیس
چیفو اور اون سے کم مرتبے کی چھیالیس بیبیان
پتسی کہلاتیان ہین حکما کا حکم فقط پچانوے کے
واسطے ہی لیکن اس بات مین فغفور جو چاہتا ہی
سو کرتا ہی اور بعض نے محل سرا مین کثرت
ستورات کو زینت منصب شاہنشاہی سمجھ کر
ہر ناظم پر فرمان صادر کیا کہ اونکی عملداری مین جتنی
جمیلہ چھوکریان نک سک اور رنگ و روپ
اور قد و قامت سے درست تیرہ سے سولہ
برس تک کی نکلین سب کو خطاب و عزت
کے ساتھ دارالاماره کو روانہ کرین اور سنتے
ہین کہ ایک نے چالیس ہزار عورتین یونہین جمع کی
تھین غرض جو فغفور عادل اور فہمیدہ ہوا اوس نے
اس بات کو محض پوچ سمجھا اور فغفور تیپسان
جسنے سنہ ۶۲۶ مسیحیہ مین جلوس کیا اوس نے

تین ہزار عورتون کو محل سے نکالا اور اونکے گھر بھجوا دیا
اور فغفور کانھی نے اس امر مین اپنے بیٹے کو نصیحت کی
ہی اور فرمایا کہ مین عورت سے ہمیشہ ایسا کنارہ کش
رہا ہون کہ میری بیس برس کی سلطنت مین جو
اخراجات حرم سرا کا ہوا اور فغفورون نے ایک
مہینے مین اوسسے زیادہ خرچ کیا ہی *

تفصیلاً اجتک کسی طور سے نہین معلوم ہوا ہی
کہ فغفور کے محلسرا مین کتنی عورتین ہین اور کیا خرچ
اونکا ہی اور اس بات کو خود ختا کے رہنے والے
نہین جانتے کیونکہ دستور فغفور کے محلسرا کا یون ہی
کہ جو عورت خواہ حرم خواہ خادمہ خواہ خواص و غیرہ
کے قسم سے ایکدفعہ ڈھیوڑی کے اندر جاتی ہی پھر
جیتے جی کبھی نہین نکلتی اور کیا دخل ہی کہ اونکا
کوئی رشتہ دار حتی کہ اوسکی ما بہن اُسکی صورت
پھر عمر بھر مین بھی ایکدفعہ دیکھین یا خط بھیجین یا خبر
منگوائین اور جد کہ پادشاہ بیگم اور شاہزادیون کے واسطے
یہہ تاکید و ضبط و ربط ہی تو اورون کی کیا حقیقت فقط

بارھوان باب

زبان ختا کے بیان میں

خداوند عالم نے طاقت گویائی عطا کرنے سے انسان کو افضل مخلوقات بنایا لیکن صرف اگر گویائی رہتی اور یہہ قدرت نہوتی کہ بوسیلۂ تحریر اپنی تقریر کو قیام دیوے تو گویائی اوسکی ایکنوع سے عبث اور بیفایدہ ہوتی اور امثل اور حیوانات کے انسان بھی ایک قسم کا بہیمہ ہوتا غرض اس امر مین کہ تحریر کو برا شرف ہی یہی ایک دلیل کافی ہی کہ اکثر اہل عجم اور ہند کے لوگ نسخون اور علم و ہنر کے مکنون کو کیچھ چھپاتے تھے اس سبب سے کتنی باتین جو استادون کی دانائی اور علم اور تجربہ کاری سے حاصل ہوئین گویا عدم سے وجود مین ائین نہین اونہین لوگون تک رہین اور اونکے سینون مین منقفل زیر خاک گئین اور تمام عالم کو نقصان عظیم ہوا خلاف اوسکے اگر وہ لوگ لکھتے تو خاص و عام مستفید ہوتے

اور خود ثواب پاتے اور دنیا مین منتخب اور یادگار روزگار کہلاتے لیکن اونہون نے اس پوچ بات کے لئے کہ دوسرا نہ واقف ہووے اپنا نام و نشان مٹایا لیکن ہم لوگ یعنے انگریز سب برعکس اونکے عمل کرتے اور یہہ سمجھتے ہین کہ خلق خدا کو فایدہ پہنچانا اور حصول علم کو سہل کرنا سب سے بہتر ہی *

خرد وکلان اور صاحبان روشن روان کو معلوم ہی کہ تحریر کو ایسا شرف ہی کہ اوسکے واسطے سے لوگ اپنے دوست اشناؤن کے ساتھہ دنیا کے اوس کنارے سے گفتگو کرسکتے ہین اور ایک دوسرے کے حال سے مطلع ہوتا ہی سوائے اسکے جو بات معقول یا غیر معمول کہ کسیکی نظر سے گذرتی یا اور طرح سے احاطہ علم مین آتی ہی سبکی خبر عالم مین پھیلتی ہی غرض فلاسفہ یونان و فرنگستان اور عرب اور ہندوستان نے اوس ایام کا جس مین تحریر کی بنا ہوئی بہت سا تفحص کیا لیکن کچھہ معلوم نہوا اور یہان تک یہہ امر معدوم الخبر ہی کہ بعض حکمانے

بہت سی تلاش کتب تاریخ اور تذکرون مین
کر کے اور مختلف روایاتین اور عجیب و غریب
حکایتین ہر جگہہ سے پا کے آخرکار جب کہین ٹھکانا نہ لگا
حیران و لاچار ہوکر اسی بات پر قصہ کوتاہ کیا کہ ابتدای
آبادی دنیا مین کسی بزرگ کو الہام ربّانی ہوا تھا اوسکی
یہہ ایجاد ہی غرض باوجود اسکے کہ شروع اوسکی
معلوم نہین لیکن معقول بات یہی ہی کہ یہہ امر غیبی
نہین ہی *

ہر ملک کے خاص و عام مین ایک نوع کا نقش
جاری ہی جسکو استعمال مین تحریر کہتے ہین اس
نقش کی سب قسمونکو استادون نے دو فصلون
مین جمع کیا ہی پہلی فصل کی دو اور دوسری فصل کی
تین قسمین مقرر کین غرض پہلی فصل کا نام صفت
کے اعتبار سے نقش معنی نما رکھا اور اوس قسم
کی تحریر کی یہہ صورت ہی کہ اوس نقش کے
دیکھنے سے جس مقصد کی گذارش منظور ہوتی ہی
فوراً بوسیلۂ بینائی فہم مین آجاتا ہی اسطور کے نقش کی

پہلی تقسیم کا نام معنی کی اعتبار سے نقش پیکری ہی اور اوسکی صورت یہہ کہ گھوڑے کی تصویر دیکھتے ہی فوراً معلوم ہوجاتا ہی کہ مقصد اوس نقش کا یہی ہی کہ گھوڑیکا خیال ذہن مین گذرے * غرض اسطرح سے جس چیز کی تصویر نظر آتی ہی وہہین فوراً اوسکا خیال گذرتا ہی *

نقش معنی نما کی دوسری تقسیم کا نام نقش ایمائی ہی اور اوسکا حال یہہ ہی کہ اپنے مقصد کو اوس نقش کے وسیلے سے ادا کرتے ہین لیکن جس چیز کی صورت کھینچی جاتی ہی اوسکی خاصیت یا جبلی عادت یا اور کسی کیفیت پر دلالت کرتی ہی چنانچہ خاص و عام کو معلوم ہی کہ شیر ایک درندۂ خونخوار ہی اس لحاظ سے شیر کی تصویر دیکھتے ہی خیال اوس جانور کی بے رحمی کا فوراً ذہن مین آتا ہی اسی طرح سے چونکہ معلوم ہی کہ خیانت کرنی اور دغا دینی بلّی کی جبلی ہی اس لحاظ سے اوسکی تصویر دیکھتے ہی خیال اوسکی عادتون کا ہوتا ہی

اسیطرح سے تیر و کمان اور تلوار آلات جنگ و پیکار ہین
اونکی تصویر سے خیال جنگ کا فوراً ذہن مین گذرتا ہی
چنانچہ ایک نقل نہایت برمحل راقم کو اسوقت
یاد آئی کہ جب ایک تاریخ جو یونانی زبان مین لکہی
ہوئی ہی مطالعہ مین آئی اوسکی چوتھی جلد کے ایک سو
بتیسوین باب مین یہہ حکایت دیکہی کہ جب دارا
شاہ ایران ملک تاتار مین یورش کرنیکے قصد سے
فوج کثیر لیکر روانہ ہوا تو سردار تاتار نے اپنے ایلچی کی
معرفت ایک چڑیا اور ایک چوہا اور ایک
مینڈہک اور پانچ تیر دارا کے پاس بھیجے غرض
معنی اس سوغات کے یہہ تھے کہ اگر مثل چڑیئے
کے تم ہوا مین اڑجاسکو یا مثل چوہے کے زمین مین
جاچھپو یا مثل مینڈہک کے پانی مین غوطہ مار کے
تہ آب بیٹھ رہو تو تمہاری خیریت ہی ورنہ تاتارون
کے تیرون سے ہلاک کئیے جاؤگے چنانچہ ایرانی
فوج مین جو دانا تھے اونہون نے سوچکر یہی مطلب
نکالا اور دارا کی خدمت مین یہان تک گذارش کی

کہ وہ تاخت سے باز آیا اور صلح کر کے دارالامارہ کو پھر گیا * اس نقاش کو راقم نے تاریخ ہیرادتس جو یونانی زبان مین ہی دیکھا ہی *

الغرض نقش ایمائی کی صورت یہی ہی اور قدیم ملکون مین مقبرون پر نقوش ہر وضع کے دیکھنے مین آتے تھے اور عالم علی الخصوص عاقل اونکے معنی اس طرح پیدا کرتے ہین مگر بعضے نقش کے مطالب کا سمجھنا نہایت دشوار ہی یا بہت فکر سے مفہوم ہوتے ہین چنانچہ چھلّے کی ساخت مین ظاہرانہ شروع نہ آخر معلوم ہوتا ہی کیونکہ جو تر دیکھنے مین نہین آتا ہی غرض اوسکی تصویر گویا علامت مداومت اور لاانتہائی کی ہی اور چشم انسان کا نقش اگر درمیان ابرون کے ہوئے تو خداوند عالم کی ہمہ دانی اور علم کامل کا معنی نکلتا ہی الغرض یہی دو طور نقش پیکری اور نقش کنایہ نما کی نہایت قدیم ہین اور مصر و ختا اور ہندوستان اور دوسرے مقامون پر جہان اگلے پادشاہون اور پرانے متی متائی سلطنتون کے خرابہ ہین اور اونکے

یہہ آثار اگر نہوتے تو اونکے وجود پر لوگ شک کرتے اور گفتگو کرتے اون ملکون مین اس طرح کے نقش معنی نما تنخانون اور پرانی عمارتون پر دیکھنے مین آتے ہین الغرض قسم نقش مقصد گذار کی یہہ دو تقسیمین یعنے نقش پیکری اور نقش کتابتی ہین *

دوسری فصل جو استادون نے تحریر کی بنائی ہی اوسکو نقش صوت گذار یا صوت نطقی کہنا چاہیئے اور اوسکے وسیلے سے صوت کی نمایش ہوتی ہی اور ہر نطق جو زبان کی حرکت کے ساتھہ ہی گویا ایک ہوائی وجود پاتا ہی اور صرف کان کو اوسکے وجود کی خبر ملتی ہی اوس نطق کی علامت تحریر کی جاتی ہی یعنے صوت مجسم دیکھائی دیتی ہی غرض نقش صوتی کی تین قسمین ہین پہلی کو نقش کلمہ گذار یا نقش کلمہ نما کہنا چاہیئے اور اوس سے ایک کلمہ تمامتر بغیر نظر اوپر حروف ابجدی کے جس سے اوسکی ترکیب دی ہوئی ہوتی ادا کیا جاتا ہی چنانچہ علوم ہندسہ وہیئت و جبر و مقابلہ اور دوسرے فنون مین جو علامتین ہین اونکے نقوش کے

ایک معنی خاص ہین اور اونکی صورت دیکھتے ہی
فوراً جو مخصوص معنی اوسکے مقرر ہین ذہن مین آتے
ہین اور اوس نقش کلمہ نما مین چینی زبان کی تحریر
ہوتی ہی * دوسری قسم نقش صوت گذارکو نقش تفصیلی
کہنا چاہیئے اور اوسکی صورت یہہ ہی کہ جو کلمہ ایک
حرکت زبان سے صرف ایک ہی مخرج ہوتا ہی
اوس ایک خروج صوت کے نقش کو نقش بندنما
کہنا مناسب ہی غرض اہل جاپان اور اوسکے
اطراف کے جزایر مین تحریر کی یہی صورت ہی اور
قدیم سنگسکرت بید کی اِسی ترکیب کی ہی *
تیسری تقسیم نقش صوت گذار کو نقش حرفی
یا نقش صوت بسیط گذار یا نقش ابجدی کہنا چاہیئے اور
اوسکی صورت یہہ ہی کہ بسیط کلمہ یعنے بسیط لفظ کا
نقش ہوتا ہی اور ہر نقش کا نام حرف ہی غرض
زبان عربی و پارسی و انگریزی اور دوسری زبان کی
تحریر نقش ابجدی ہی *
غالب ہی کہ ابتدای آبادی دنیا مین جب جہل کی

تاریکی عالم پر چھائی ہوئی تھی اوس ایام مین حالانکہ گفتگو
کرنے مین الفاظ کلمی سے مطلب کو ادا کرتے تھے لیکن
جب کوئی بات قابل یادداشت کے ہوتی تھی تو اوسکو
نقش پیکری یا نقش کنایہ مقصد گذار سے قلم بند کرتے
تھے اور بعد اوسکے جب چرچا علم کا کچھ کچھ پھیلا تو نقش
کلمی اور نقش تفصیلی مین کتابون کی اور دوسری چیزون
کی تحریر ہونے لگی لیکن بتخانون اور مقبرون مین مقصد
کی ادا کے لئے نقش پیکری اور معنی کنایہ نما مستعمل
ہوتے تھے الغرض نقش حرفی یا صوت بسیط گذار
سب سے نہایت بہتر ہی لیکن اسمین بھی حاجت
زیادہ تر سہل کرنے کی باقی ہی اور جب تک
بسبب اختصار علامت کلمات یا حروف کے تحریر مین
سرعت تقریر کی بلکہ برق رفتاری خیال کی نہین پیدا
ہوویگی خامی رہ جائیگی کیونکہ مضامین کے حرف لکھنے اور
قلم بند کرنے مین جو تاخیر ہوتی ہی اوس عرصے سے
سوگونہ زیادہ ہی جو آمد مضمون مین ہوتی ہی اور قیاس
سے بعید نہین ہی کہ اوسکی تدبیر جیسا کہ چاہئے کی جائیگی *

کئی طرح کی مختصر تحریر یا رمز نویسی اہل فرنگ
مین جاری ہی اور اوسکے ذریعہ سے تقریر کے ہر لفظ
کو معاً زبان سے نکلتے ہی لکھ لیتے ہین چنانچہ مشہور
ہی کہ انگلستان کی پارلیمنٹ مین جو صلاح امور
ممالکت کے واسطے ہر شہر کے کارگذارونکا مجمع خاص
ہی جب کسی امر عظیم مین اون لوگون مین گفتگو
ہوتی ہی تو ہر شخص کی تقریر جونہین شروع ہوتی ہی
مختصر نویس لکھ لیتا اور پانچ چار جملے کا پرچہ ہرکارون
کے ہاتھ چھاپے خانے کو روانہ کرتا ہی اور وہان
چند لمحہ مین چھپ جاتا ہی اور اسیطرح سے
سو پچاس صاحبون کی تقریر جو اونہون نے شب کو
کی تھی کیونکہ رات ہی کے وقت اہل پارلیمنٹ
کی جمعیت ہوتی ہی وہ لفظ بلفظ صبح کو اخبار کے
کاغذ مین چھپی ہوئی نظر آتی ہی الغرض مختصر نویسی
کے جلب یہہ فایدے ہین اور نقش بسیط گذار یعنی
ابجدی باوجود اس اختصار کے قابل اصلاح کے ہی
توخطائیون کی تحریر کو کیا کہنا چاہیے کہ بعض لفظ کے نقش

مین ساتھ یا ستر کششین قلم کی حرف ہوتی ہین سوائے
اسکے جو شخص دوسرے ملک کا جیسا کہ فرنگستانی
یا ہندوستانی اونکی زبان کو سیکھا چاہے تو انواع طرحکی دقتین
درپیش آتیان اور طبعیت کو پریشان کرتیان ہین
خصوصاً اکثر فرنگستانیون نے جو ختائی زبان کی خاصیت
اور نقوش کی وضع کو بیان کیا تو یہہ لکھا کہ نقوش الفاظ نما
جو اونکے ہین سب بہ قسم معنی دار ہین اور بعض
نقش پیکری اور اکثر نقش سب ادائے مدعا کنایون سے
کرتے ہین لیکن بالفعل دو عیسائی پادری علماے
باکمال و فضلاے بے مانند و ہمال نے ملک چین مین
جاکر نہایت غور سے جو دریافت کیا تو دیکھا کہ ختائی نگار کو
نقش صوت نما کہنا لازم ہی اور پادری گونسالویز
صاحب نے اونکے نقوش مین علامت گویای
موجود پاکر ایک کتاب ختائی زبان کے حروف
تہجی کی بنائی ہی اور اونکے شاگرد رشید پادری
کالیری صاحب نے ایک کتاب زبان لاتین یعنے
روم قدیم کی زبان مین جو پیشتر ماخذ زبان انگریزی ہی

اور بدون اوسکی دریافت کامل کے انگریزون مین
کوئی شخص عالم نہین کہلا سکتا تصنیف کی ہی
اور اوس کتاب مین صدہا دلیلون سے اوس فاضل
کامل نے ثابت کیا ہی کہ اوسکے اوستاد پادری
گون سالویز صاحب نے جو نقشہ بنایا ہی اور علامات
صوت یعنے حروف جو ختائی زبان مین پایا ہی سب
درست ہین *

چونکہ یہہ امر نہایت وحشت آور ہی کہ وہ بزرگ
سب جو ملک ختا مین جاکر رہے اور وہان کے جزو کل
حال کو لکھا اور کوئی عقدہ نقیر و قطمیر کا بے حل کئے نہین
چھوڑا اونپر یہہ راز نہین کھلا اور باوجود چینی زبان سیکھنے
اور اوسمین کمال حاصل کرنیکے اون لوگون سے زبان کی
خاصیت کے بیان مین یہہ غلطی صادر ہوئی اسواسطے اونکی
غلط فہمی کے باعث اور وجہونکو لکھنا چاہئے اور اس
مقام پر راقم اپنی کوئی دلیل نہ لکھکر ترجمہ بعض مقامات
پادری کالیری صاحب کی کتاب لاتین کا واسطے
تشفی خاطر ناظرین تاریخ چین کے درج کرتا ہی *

پادری صاحب ممدوح فرماتے ہین کہ کئی سبب
اِس غلط فہمی کے ہوئی پہلا یہہ کہ فرانسیسی پادری
سب جو اوایل مین ملک ختا مین گئے اور وہان کا
احوال لکھے وے اکثر چیز کو جو اوس سرزمین سے
متعلق تھی نادر وعجیب قیاس کرتے تھے دوسرا یہہ
کہ چونکہ علماے فرنگ کے ذہن کا مقتضا ہی کہ
ہر شی کے اجزا کو جدا کر کے ہر جزو کو جداگانہ ملاحظہ
کرین اور جہان تک کہ ذہن کو رسائی ممکن ہی تلاش کو
وسعت دیوین اس سبب سے اون لوگون نے
بسایط حروف ختائی کو جداگانہ ملاحظہ کیا مگر اسواسطے
نہین کہ صوت جسکے علامات وہ ہین
ہر بسیط سے اخراج ہوے جیسا کہ اور زبانون کے حروف
سے ممکن ہی لیکن تاکہ ہر بسیط کے معنی جداگانہ کو
دریافت کر کے ایک معنی مجمل ہر نقش سے
جوکہ مرکب اون بسایط سے ہی پیدا ہووے
تیسرا یہہ کہ صورت عجیب جو ختائی نقوش کی ہی
اور جن مین جتنی کششین ہین وے اگر جداگانہ ملاحظہ

کی جاوین تو بعض کشش سے فی الجملہ ایک طرحکا مقصد
ادا ہوتا ہی لیکن وہی کششین جب جمع ہوکر کسی
ایک نقش مین داخل ہوتیان ہین تو مجمل ہونے
سے کسی کشش واحد کے معنی باقی نہین رہتے ہین
اور وہ کششین اس لئے جمع کی جاتیان ہین تاکہ موافق
رسم خط کے املے مین بصورت اعراب داخل رہنے سے انتشار
خاطر کے مانع ہوویں چوتھا سبب اس غلط فہمی کا یہہ ہی
کہ ایک ختائی عالم نے اپنی زبان کے بالکل نقوش
مروج کی چھ قسمین مطابق جنس کے جو کین تو فرنگستانی
علما نے اوس تفریق کو بنیاد قرار دیکر ختائی نگار کو
مقصد گذار قرار دیا حالانکہ اوس تقریر سے ثابت ہی
کہ اگر اسی تفریق کو درست سمجھئے تو وہ ایک بڑی
قوی دلیل ہی کہ ختائیون کے نگار کو صوت گذار
اور نطقی نما کہنا چاہئے اور فرضاً اگر اس تفریق سے
یہہ بات معلوم ہوتی کہ بقول علماے فرنگ کے
ختائیون کے نقش و نگار بالکل مقصد گذار ہین تو ایک
عالم واحد کی راے کا کیا اعتبار ہی *

اس حنائی حکیم نے جو اپنی زبان کے نقوش مستعمل کو موافق جنس کے تفریق کیا تو ایک قسم کو بنام نقوش پیکری ملقب کیا اور اس قسم مین وہ نقوش تصویر نما ہین جو کسی چیز پر شباہت کے وسیلے سے دلالت کرتے ہین چنانچہ آفتاب و مہتاب کی تصویر کے نقوش سے شبہہ پر دلالت ہوتی ہی اور دوسری قسم مین وہ نقوش ہین جنسے خاصیتین اشیا کی معلوم ہوتی ہین اور جو دلالت اوپر اون چیزون کے کرتے ہین جنکی تصویر نہین کھینچی جاسکتی چنانچہ احدیت کی علامت باعتبار ایک رنگی کے خط راست ہی اوسکو اوسی بزرگ نے نقوش مقصد بکنایہ نما نامزد کیا ہی اور تیسری قسم مین وہ نقوش ہین جو مرکب دو یا تین یا چار یا زیادہ نقش واحد سے ہین اور ترکیب مین اوس نقش مجمل کے ایک معنی عام ہین چنانچہ ایک نقش واحد آفتاب کے اوپر اور دوسرا مہتاب کے اوپر دلالت کرتا ہی اور اگر یہہ دونون نقوش مرکب ہوین تو ایک نقش با معنی عام ہوتا ہی اور روشنی پر دلالت

کرتا ہی ایسے نقوش کو اوس حکائی نے نقش معنی زیادہ کن نامزد کیا ہی اور چوتھی قسم مین اوس حکیم نے اون نقوش کو داخل کیا ہی جو نطق سے متعلق ہین اور اونکو نقوش صوت گذار کے نام سے نامزد کیا ہی اور پانچوین قسم مین وہ نقوش ہین جو معنی لغوی سے گذر کے بعض دفعہ معنی مرادی سے اور کبھی بمجاز و استعارہ مستعمل ہوتے ہین اور بعض اوقات معنی مخالف پیدا کرتے ہین فی المثل جو نقش جسکے لغوی معنی پادشاہ ہین وہ استعارے مین معنئی ظالم پیدا کرتا ہی اور جس نقوش کے لغوی معنی دل ہین وہ معنی عشق مین مستعمل ہوتا ہی غرض اس قسم کے نقوش کو اوس حکائی نے ملقّب بالفاظ گیرندۂ معنی ساختہ ولباسی کیا ہی اور چھٹین قسم کے وہ نقوش ہین جو اگر ذرہ بھی کج یا منقلب کئے جاوین تو اصل معنی کے ضد جو معنی ہی وہ پیدا ہوتا ہی چنانچہ جس نقش کے معنی اوپر ہین وہ اولت دینے سے نیچے کے معنی کی طرف دلالت کرتا ہی اور جس نقش کا معنی پیرمرد ہی اگر منقلب ہووے

تو مرد مردہ پر دال ہوتا ہی اور اوس قسم کو حکیم ممدوح
نے حروف تغئیر پذیر و قابل انقلاب قرار دیا ہی
الغرض اجناس حروف حتائی کی اس تفریق کو
فرنگستانی علما معقول تصور کر کے اِس بات کی بنیاد
قرار دی ہی کہ حتائی حروف کو نقوش مقصد گذار
کہنا چاہئے اور یہہ نہ سمجھے کہ خود اوسی حتائی عالم نے
چوبیس ہزار نقوش سے جنکے جنس کی یہہ تفریق کی
ہی اون مین سے پانچ قسم کے حروف یعنے نقوش
پیکری اور نقوش مقصد بکنایت نما اور نقوش معنی
زیادہ کن اور نقوش گیرندہ معنی ساختہ و لباسی اور نقوش
تغئیر پذیر اور قابل انقلاب جملہ مین صرف دو ہزار
ہین لیکن فقط صوت گذار کی قسم کے نقوش
بائیس ہزار ہین غرض ظاہر ہی کہ جب کسی زبان
مین نقوش پیکری و معنی بکنایت نما صرف دو ہزار
ہوین اور حروف جو نطق سے متعلق ہین بائیس
ہزار ہوین تو اوس زبان کے حروف بیشک
صوت گذار ہین اور تکلف یہہ ہی کہ جس حتائی

حکیم کے سخن پر فرنگستانی علما نے بنیاد اپنے قولون کی ڈالی ہی اوسی سخن مین ایک ایسی قوی دلیل اوس امر کے ابطال مین موجود ہی اور یہان تک ہمارے یہان کے علما اس بات پر لوٹتے رہے کہ اونہون نے نہایت کوشش اور سعی سے ختائی حروف کے شبیہ سے معنی کنایہ نکالا ہی اور معلوم نہین کہ اونہون نے کس طرح سے صورت وصفت مین مشابہت پائی غرض ہم سے جاہلون کو کچھ تمئیز نہین ہوتی ہی *

الغرض اس تقریر کو طول دینا اور خطائین جو اکثر علما نے بہ نسبت زبان کی ہین جست وجو سے نکالنا زیادہ مشکل نہین ہی غرض چونکہ تاریخ کا ضابطہ یہہ ہی کہ منجملہ اور حالات ملک کے کچھ مختصر تذکرہ وہان کی زبان کا بھی ہونکہ دفتر کا دفتر اوس باب مین لکھا جاوے اس لئے مناسب ہی کہ فقط پون سو صاحب کے قول کے ترجمہ پر اکتفا کیا جاوے کیونکہ ولایت امریکا مین وے اکمل الفضلا تھے اور اونہون نے

بہت سے علما کے اقوال بہ نسبت ختائی زبان کے
جمع کر کے یہہ فرماتے ہین کہ قاعدہ ختائی تحریر کا حقیقت
مین نقش مقصد گذار نہین ہی جیسا کہ لوگون نے تصور
کیا ہی بلکہ اوسکو نقش کلمہ گذار کہنا چاہیئے اور نقش
مقصد گذار ایک چیز خیالی ہی اور چونکہ اکثر امور کی ادا
اوسکے ذریعہ سے ممکن نہین ہی اس جہت سے اوسکو
نقش قرار دینا مناسب نہین کیونکہ انسان کو قوت ناطقہ
ہی اور نقش اوسیکو کہہ سکتے ہین جو کہ زبان استعمالی پر
دلالت کرے نکہ اوسکو جو مثل نقش مقصد گذار کے
خیالات کو صرف مدرکہ تک مبین زبان استعمالی سے
رسائی دیوے الغرض جتنے اقسام نقش کے دنیا مین مروج
ہین سب نقوش و علامت بسایط نطق کے ہین جنکی تین
قسمین ہین یعنے علامت کلمہ کی اور علامت بند کلمہ کی
اور علامت بسایط کلمہ کی اور پہلی قسم نقش کلمہ گذار
ہی اور دوسری قسم نقش بندنما اور تیسری قسم نقش
ابجدی ہی الغرض اس تاریخ کے راقم نے جو کچھہ
کہ ارباب سخن کی خدمت مین قواعد ختائی نقوش کے

48574

بیان کیا ہی صرف مطابق اپنی عقل ناقص کے قیاس
کے نہین بیان مین لایا چنانچہ برے برے ادیبون کے
قولون کا خلاصہ یہی ہی جو مذکور ہوا اور اب اس امر
مین خاتمہ تقریر کا اسی پر کرنا چاہیئے کہ کتاب زبان لاتین
جو پادری کالیری صاحب نے قواعد اور حقایق ختائی زبان
مین تصنیف کی ہی اوسکے کئی باب کا ترجمہ یہان پر
درج کیا جاوے تاکہ کوئی دقیقہ فروگذاشت نہووے
انشاءاللہ تعالی الغرض باب ہشتم کتاب مذکور کا بیچ
بیان بسایط حروف ختائی کے ہی اور بعد ایک دو جملہ
تمہید کے پادری صاحب ممدوح اسطور پر فرمان تے
ہین *

کہ اوپر خاص وعام کے ظاہر ہی کہ بالکل اقسام نگار
حرفی مین ایک قاعدہ بہ نسبت اوس ترتیب کے
مقرر ہی جسکے مطابق واسطے مرکب کرنے کسی
کلمہ کے ایک حرف بعد دوسرے حرف کے علی التواتر
لکھا جاتا ہی *

یہہ طور نگار کا نہایت سلیس ہی کیونکہ اسکی ترتیب

مطابق حروف کے تلفظ کے ہی اور بعض زبان مین
ترتیب حروف کی ترکیب لفظ مین داہنی طرف
سے اور بعض مین بائین طرف سے شروع ہوتی ہی
چنانچہ انگریزی و لاتین و فرانسیس و غیرہ کا قاعدہ چپ
سے راست اور عربی و فارسی وغیرہ مین راست سے
چپ کی طرف ترکیب لفظ شروع ہوتی ہی غرض
اس قاعدہ کی سلاست ایسی ہی کہ کیسا ہی کودن کیون
نہووے مگر یاد کرلیویگا چنانچہ فی المثل اگر خوشی کا لفظ
لکھنا کوئی چاہے تو پہلے خ اور بعد اوسکے و اور پھر ش اور
آخر کو ي بیشک لکھے گا اور یہہ ترتیب نہین دیگا
کہ پہلے ش اور بعد اوسکے خ اور پھر ي اور بعد اوسکے
و تحریر ہووے الغرض اسیطرح سے زبان ختائی کی نگار
مین بھی دستور بہ نسبت ترتیب پانے حروف
کے ترکیب لفظ مین مقرر ہی لیکن با اینہمہ درمیان
قواعد اقسام نگار ابجدی کے اور قواعد ختائی نگار کے بہت
فرق ہی چنانچہ نگار ابجدی کے حروف کی اسقدر نسبت
ساتھہ نطق کے ہی کہ کسی کلمے کے مرکب بسایط

کو علی التواتر تفریق کرنے سے فوراً معلوم ہوجاتا ہی کہ
اس کلمہ مین کون ترتیب حروف کی درست ہی
غرض نگار ختائی اسکے عین برعکس ہی اور جس
ترتیب سے حروف کے بسایط کی ترکیب چاہیئے
صرف تلفظ سے نکلتی ہی کیونکہ ہر کلمہ جسکی ایک
ہجے ہی یعنے جسکا مخرج زبان کی ایک حرکت
سے پیدا ہی اکثر تفریق پذیر نہین ہوتا یعنے اوسکے
بسایط جدا ہوکر اپنی اصل پر قایم نہین کئے جاسکتے
غرض ویسے کلمہ کی ایک مرکب علامت ہوتی
ہی جسکے بسایط ترکیبہ متعلق صوت سے نہین
ہی سوائے اسکے نگار ابجدی مین چونکہ حروف
علی التواتر ایک سیدھی سطر مین ترکیب لفظ مین
لکھے جاتے ہین اس جہت سے واسطے دریافت
ترتیب حروف بیچ ہر کلمہ کے حاجت صرف
شروع سطر کو قرار دینے کی ہوتی ہی لیکن خلاف اسکے
ختائی حروف کی شکلین اکثر مدور یا مربع ہوتین ہین
اور اسی وجہہ سے اوس زبان کا مبتدی بسایط مرکبہ

کی ترتیب ازخود نہین دریافت کر سکتا ہی اور
اسی وجہہ سے اہل فرنگ جو نواموز اوس زبان
مین ہین اور طریق صحیح ختائی حروف کے لکھنے کی
نہین جانتے ہین وے اکثر بسایط ترکیبہ کو اوسی نامعقول
ترتیب سے مرکب کرتے ہین جیسا کہ تمثیلاً بیچ
لفظ خوشی کے مذکور ہوا ہی اور وے حروف
ختائی کو بسبب نادرستی تحریر کے ایسا مسخ کردالتے
ہین کہ اونکی شکلون پر ختائی جھلا ہنستے اور علما بنظر
حقارت دیکھتے ہین چونکہ نزاکت و سلاست ختائی
تحریر کی متعلق اوپر معقول دانست ترکیب بسایط
کی ترتیب کے ہی اس سبب سے تمام مملکت
چین مین ایسا شخص کم ہی جو حروف کی تحریر
کی طریق مروجہ کے مطابق عمل نہین کرتا ہی اور
طالب العلمون کو یہہ طریق معلم سب بہت
کوشش اور توجہ کے ساتھہ سکھلاتے ہین اور حالانکہ
اسکی وجہہ کو اونہون نے خواہ خوف و رود مشکلات
کے سبب سے خواہ صدور اغلاط کے احتمال سے

کبھی نہین لکھا ہی لیکن لڑکون سے موافق طریق عام
کے حرفون کی مشق کروا تے ہین اور منجملہ قواعد تحریر
کے جو یہہ لوگ سکھلا تے ایک یہہ ہی کہ کسی
حرف کو نیچے سے یا داہنی طرف سے شروع کرنا
نہین چاہئے بجز حروف مربع کے کہ جو داہنے پہلو سے
شروع ہوتے ہین *

الغرض اہل فرنگ کی طبیعت چونکہ طرف تلاش
اور ہر چیز کے اجزاے مرکبہ کی تفریق کرنے کے مایل
ہی اس جہت سے واسطے تحقیق کرنے اس
امر کو کہ کیونکر بغیر معلم کی مدد کے ختائی حروف سیکھے
جا سکتے ہین اونہین کی عقل کی حاجت تھی اور اسکا
طریقہ ایجاد کیا ہوا اکمل الفضلا جناب پادری گنبسالویز
صاحب کا ہی حالانکہ اونہون نے بیان تصریح جیسا کہ چاہئے
نہین کیا ہی غرض اس طریقے کی تین ترکیبین ہین اول
یہہ کہ تعریف صحیح اون بسایط کی جنسے ختائی حروف
مرکب ہین بیان کرنی ضرور ہی اور دوسرے یہہ کہ طریق
معہودہ و شروطہ جو خطائیون مین بہ نسبت پیہم آنے

ایک بسیط بعد دوسرے کے جو مطابق طریق ابجدی کے
مروج ہی دریافت کرنی چاہیئے اور تیسرے یہہ
کہ مطابق طریق جو مذکور ہوا ختائی حروف کو انتظام
دینا چاہیئے کیونکہ اگر ختائی حروف کے بسایط یعنے وہ
خط سب جنسے ہر نقش کی ترکیب ہوتی ہی غور سے
ملاحظہ کئے جاوین تو محض ناواقف شخص کو بھی صاف
معلوم دیگا کہ یہہ بسایط صرف ایکقسم کے نہین ہی
اور اقسام جداگانہ اُن سب خطون کے کئے جا سکتے
ہین علماے ختا نے بہت سا قصد تفریق اور نامزد
کرنیکا کیا ہی لیکن ایسے امر سہل مین بھی اونکو
اتفاق نہین ہی اور بعض کہتے ہین کہ خط کی چھہ قسمین
ہین *

غرض جزوت فرقے کے فرنگی پادریون نے بیان
اِنہین چھہ قسمونکا موافق قدیم علماے ختا کی راے کے
کیا ہی لیکن متاخرین اس راے کو اس وجہہ سے
باطل کرتے کہ بعض خط جو علیحدہ اون چھہ قسمون سے
ہین شامل اونکے نہین ہی اور بعض علماء ختا کی راے

یہہ ہی کہ خطون کی آٹھ قسمین ہین اور جنکی پھر تقسیم ثانی قرب مشابہت کے اعتبار سے کی گئی ہی غرض یہہ راے مشہور ہوئی اور اندنون علماے حتا اوسکو درست جانتے ہین لیکن اِس سے تسکین اور تشفی خاطر اوس شخص کی نہین ہوویگی جو ہر چیز کے رگ و ریشے کو جدا کر کے اجزا کو اصل پر تقسیم کرنیکا عادی ہوویگا کیونکہ اس تقسیم مین دو قسم بعض خطون کی کی گئی ہی جو حقیقت مین ایک ہی ہین اور بعض جو جدا ہین ایک مین شامل ہوئے ہین *

الغرض بعد نہایت واقفیت کے جناب پادری گنسالویز صاحب نے تشریح کر کے صحت کے ساتھ یہہ مقرر کیا کہ مفرد خطوط یعنے بسایط مرکبہ جو نہایت متفرق ہین نو قسمون کے ہین اور حالانکہ بعض آپس مین اندک مختلف ہین لیکن اصلی شکل و صورت مین مغایرت نہین ہی چونکہ صرف تعریف صحیح شکل و شمار مفرد خطوط کی بیان کرنی اور ترتیب جسمین حرفون کو لکھنا چاہئے واضح دکھانی اور نگار ابجدی کے

دستور پر حرفون کو لغت مین تنظیم دینی کافی نتھی اس
سبب سے ضرور ہوا کہ سوا جمع کرنے خطوط کو علیحدہ
قسمون مین ہر خط کو جو جگہہ بے تبدل اپنی قسم مین التسلسل
چاہئے معین کیا جاوے یعنے بطور سلسلہ ابجدی کے
ایک خط کو اپنی قسم مین پہلی جگہہ ملے اور دوسرے
خط کو دوسری جگہہ دی جاوے اور اسیطرح سے
ہر خط کی جگہہ موافق سلسلہ کے مشخص ہووے
جس طرح سے حرف ا فارسی زبان مین قبل
حرف ب کے ہی اور ب قبل حرف پ کے
واقع ہی *

الغرض اکمل الفضلا یعنے صاحب ممدوح نے یہہ
سررشتہ مقرر کیا اور ذیل مین جو قایدہ تہجی کا اونکا نکالا
ہوا مندرج ہی چاہئے کہ مبتدی اوسکو جوب یاد
کرے اور طرح بطرح کے تلفظ جو ہر خط کے ساتھہ
ہی زبان کی نوک پر رکھے یعنے ـ چو ـ ـو ـ کیو
ـ پیی ـ ای ـ کوین ـ کیوے ـ تي ـ نا * اب
بغیر وقت کے سمجھا جاسکتا ہی کہ اس قاعدۂ تہجی کی

مدد سے خٹائی حروف موافق ترتیب ترکیبی کے جو
فارسی زبان کے الفاظ کے لئے مروج ہی انتظام
پا سکتے ہین اور اسی معقول ترتیب سے ایکطریق
اونکو ترکیب دینے اور تحریر کرنیکا ساتھہ درستی کے
سرتنبط ہوسکتا ہی چنانچہ کتاب لغت فارسی مین لفظ
ابرو قبل لفظ باری کے اس لئے درج ہی کہ حرف
ا جس سے ابرو کی شروع ہی وہ قاعدۂ ابجدی مین
قبل حرف ب کے ہی جس سے باری کی ہجے شروع
ہوتی ہی اسیطرح سے خٹائی حرف ﺗ لغت مین
قبل حرف ﺑ کے ہی اِس لئے کہ وہ خط جس سے
اوس حرف کا شروع ہی وہ قاعدہ ابجدی مذکورہ بالا مین
قبل خط ﺑ کے ہی جس سے یہہ حرف شروع ہوتا ہی *
جب دو فارسی لفظ ایک ہی حرف سے شروع
ہوتے ہین تو دیکھنا چاہئے کہ دونونکا دوسرا حرف کون
ہی اور موافق دوسرے حرف کی تقدیم کے ترتیب
دی جاتی ہی چنانچہ لفظ ابرو قبل لفظ آتش کے لغت
مین درج ہی اس لئے کہ ابرو کا دوسرا حرف ب قبل

آس لے دوسرے حرف ت کے قاعدہ ابجدی مین
ہی اسیطرح سے ختای حرف 亨 جو حرف 良 کی
طرح ایک ہی خط سے شروع ہوتا ہی لیکن اوسکے
قبل لغت مین اس لئے درج ہی کہ پہلے لفظ کا
دوسرا خط — قاعدہ ابجد مین قبل دوسرے لفظ کے
دوسرے خط ⅂ کے واقع ہی *

اگر دو فارسی لفظ کے دونون پہلے حرف ایک ی
ہو دین تو موافق تیسرے حرف کی تقدیم کے ترتیب
دی جاتی ہی چنانچہ لفظ ابرو قبل لفظ ابنوس کے لغت
مین اس لئے درج ہوتا ہی کہ لفظ ابرو کا تیسرا حرف
د قاعدۂ ابجد مین لفظ ابنوس کے تیسرا حرف ن کے
قبل ہی اور بعینہ یہی حال ختائی زبان مین ہی غرض
دو لفظ فارسی مین اگر تیسرا چوتھا اور پانچوان حرف
ایک ہی ہو تو چوتھے پانچوین چھٹین حرف سے
آگے بڑھتے ہوئے آخری حرف تک دیکھنا ہوتا
ہی جبتک حرف فارق نہ ملے اسیطرح سے
جب ختائی حروف کی ترکیب مین دو حرف ایسے

ملتے ہین جنکے تیسرے یا چوتھے یا پانچوین خط ایک ہی ہووین تو چوتھے یا پانچوین یا چھٹے خط لغایت خط آخر دیکھنا چاہیئے تاکہ خط کی تقدیم موافق قاعدۂ ابجد کے مستنبط ہووے *

جس طرح سے فارسی زبان کے تمام الفاظ کی تیس قسمین ہین یعنے اصلی تقسیمین شمار مین موافق عدد حروف ابجد کے ہین اوسیطرح سے حبشی زبان کے بالکل حروف کی ساتھ قسمین بسبب اسکے ہین کہ ابجدی خطوط جن سے کہ اونکا آغاز ہی جملے مین ساتھ ہین *

حبشی حروف کو ابجدی ترتیب مین انتظام دینے کے واسطے ضرور ہی کہ ترکیب اونکی تحریر کی خوبتر معلوم ہووے اور اوس سے صرف علما واقفیت رکھتے ہین لیکن جس وقت کہ ایک قسم وافر کے حروف کی ترتیب موافق قاعدۂ ابجدی کے دی گئی اوسوقت صرف اوسی کی مدد سے اور بغیر کسی استاد کی استعانت کے ترکیب تحریر کی معلوم ہوسکتی ہی چنانچہ جملے

سے فہرست حروف صوتگذار کے جسکا سیکھنا
مبتدیون پر اہم اور واجب ہم جانتے ہین وہ قسم ہی
جسمین دس خطوط ہین اور یہہ قسم حروف کی اٹھارہین
صفحہ سے ایکتیسوین تک مطبوع* ہی *

الغرض جیسا کہ مذکور ہوا ترکیب مین پہلی جگہہ اون
حروف کی ہی جو ابجد کے پہلے خط سے شروع
ہین اس جہت سے ہمارے نزدیک مناسب
ہی کہ خط ا اون حروف جن مین غالب معلوم
ہووے جو جملے مین چھبیس ہین قبل دوسرے سب
خطوط کے لکھا جاوے * دوسرے درجے مین
اون حرفون کو لکھا چاہئے کہ جو ابجد کے دوسرے خط
سے شروع ہین اور اس بات کے معلوم کرنے کے لئے
کہ کون سے خط کو دوسری جگہہ مین لکھا چاہئے یہہ ضرور
نہین کہ موقع ہر حرف کا نسبت مین ہر قسم حرف
کے جسمین خطون کے عدد برابر ہین دیکھا جاوے
بلکہ دیکھنا چاہئے کہ وہ خط کون سی جگہہ نسبت

---

* یعنے پادری کالیری صاحب کی لاٹین کتاب مین

اور حروف اوسی قسم کے رکھتی ہی یعنے بیچ اون حروف کے جن مین ایک علامت سب کے لئے عام ہی چنانچہ چھبیس حرف کے جملے سے جنکا شروع خط ۱ سے ہی آٹھ حروف مین دوسرا خط ۱ ہی اور آٹھ حروف مین دوسرا خط — ہی اور پانچ حروف مین دوسرا خط ⅂ ہی اور چار حروف مین یہہ خط ⅃ ہی اور ایک مین دوسرا خط ⁄ ہی غرض اسیطرح جملے سے اکیس حرفون کے جو شروع خط — سے ہین تین حرفون مین وہی خط — موجود دوسری جگہہ مین بھی ہی اور تین حرف مین دوسرا خط ⅃ ہی اور دو حرف مین خط ⅂ کو دوسری جگہہ ہی اور تیرہ حرف مین دوسرا خط | ہی * اسیطرح سے نسبت مین تیسرے خط کے حرف وہی حروف آپس مین مشابہ سمجھے جاسکتے ہین جن مین پہلے دو خط اوس قسم ایجدی مین عام ہین چنانچہ جملے سے آٹھ پہلے حروف متعلق قسم ۱ کے ساتھہ حرف مین تیسرا خط — ہی اور حرف دو حرف مین یہہ خط | ہی *

الغرض اسی وضع کی تقریر سے وہ ترتیب جسکے
مطابق دوسرے خطون کو لکھنا چاہیئے معلوم ہو جائیگی
اور غیر دیار مین بھی اصل حقیقت طریقہ تحریر کا جو
ختا مین صرف مشق کروانے سے سکھلایا جاتا اور جسکے
سبب سے خوش وضعی اور خوبصورتی بلکہ اگر کہیئے
تو ہیئت حقیقی ختائی حروف کی حاصل ہوتی دریافت
مین آسکتا ہی *

اور خود اہل ختا بسبب بیخبر ہونے اس طریق
ابجدی سے جو کہ حروف کی تقسیم درست جاننے
کے واسطے ضرور ہی اپنی کتب لغت مین بہت
سے حروف کو خلط ملط کیا ہی اور صرف اسی وجہہ
سے کہ اون مین خطون کی عدد برابر ہی ایک جگہہ پر
اونکو جمع کیا ہی لیکن اسی سبب سے اکثر ایسا
ہوتا ہی کہ دو سو حروف ایک قسم کے خواہ
نخواہ دیکھنے پرتے ہین تب کہین جس حرف
کی خواہش ہی نظر آتا ہی اوو اگر اوس تلاش
مین ذرہ سی طبیعت بت گئی یا شمار کرنے

مین خطون کے سہو ہوی تو اپنا مطلب فورًا خبط ہو جاتا ہی *

جبکہ یہہ حال ہی تو تعجب نہین کہ بہت کمتر لوگون کو استعداد فاضلانہ ختائی زبان مین ہوتی ہی اور وے بھی محنت شاقہ سے اوسکو حاصل کرتے ہین * * * *

یہان تک راقم تاریخ چین ہذا نے پادری صاحب ممدوح کی کتاب کے آٹھوین باب کا ترجمہ کیا اب لازم ہی کہ ایک باب جو ختائی حروف کے معنی کے بیان مین اونہون نے لکھا اور اپنی تصنیف مین دسوان باب قرار دیا ہی ترجمہ ہووے * پادری صاحب ممدوح یہہ فرماتے ہین کہ مخفی نرہے کہ اکثر ختائی حروف کے دو معنی ہوتے ہین ایک وہ معنی مفرد جو ہر فرد حرف سے متعلق ہی اور دوسرے وہ معنی اجماعی جو دو یا تین یا چار حرفون کے ایکجا ہونے سے پیدا ہوتا ہی *

اگر قدیم کتابین ختائیون کی دیکھی جاوین تو ظاہر ہوویگا کہ اوایل مین ہر حرف کا ایک معنی خاص یعنے

حقیقی اور غیر مجازی مطابق ختائی حروف کے قاعدے
کے جو حقیقت مین قاعدۂ نقش معنی یا صوت گذار
ہی مشہور تھا لیکن جس حال مین ختائیون کی
طبیعت شاعرانہ بمثل دوسری شرقی قومون کے
نفرت سیدھی سادی تقریر سے کی تو حرفون کے معنی
حقیقت سے گذر کر کے طرف مجاز کے رجوع کئے
گئے اور بعضے حروف کا استعمال یہان تک مرادیہ
معنی مین کیا گیا کہ قسم صوت گذار سے وہ متعلق
نرہے *

غرض یہہ خاصیت مفردی اور مجازی حروف کی جو قدیم
ایام کی وجہہ تقریر سے پیدا ہوئی حقیقت مین باعث
اوس صحت اور قوت اور تقریر کی رونق کا ہی
جو ختائیون کے قدیم مذہب کی کتابون مین قابل پسند
کے ہی لیکن اسی سبب سے ابہام کو جگہہ ملی
اور درست لہجہ کی حاجت ہوئی اور عوام کے ذہن رسا
نہین بنائی جاسکی اسیطرح سے رفتہ رفتہ تبدیل حرفون
کی معنی مفرد سے معنی اجمالی کے ساتھہ ہوئی خلاصہ

یہہ ہی کہ خاصیت ختائی زبان کی جو اوایل مین مفرد
الہجے تھی بدل گئی اور اوس سبب سے اجزاے
تہجی ہر کلمے مین کثیر ہوگئے اور اسیطرحکا تغئیر ایک
ہجے سے بہت سی ہجون تک اون شرقی زبانون
مین زیادہ تر نظر آتا ہی جنکو اپنے ماخذ و مبدع سے
زیادہ دوری ہی اور جنکے بولنے والون مین جہل باقی نہین
رہا ہی * بہرکیف ایام آخر مین ختائیون نے اکثر دو کلمہ
مفرد الہجے کو ملاکر استعمال کرنا شروع کیا یعنے ایک
حرف کی جگہہ مین دو حرفون کو واسطے بیان ایک مقصد
مفرد کے استعمال کیا اور عموماً ایسا ہی ہی کہ دو حرف
اجمالی سے وہی معنی نکلتے ہین جو اونکو جدا کرنے سے
ہرایک کا معنی ہوتا ہی اور اوس صورت مین
سمجھا چاہئیے کہ دونو حروف تصریح ایک دوسرے کی
کرتے ہین لیکن چونکہ اکثر ایسا ہی کہ دو حرف
اجمال کو جدا کرنے سے ہر فرد کے معنی کو اجمال معنی سے
نسبت نہین رہتی ہی اس سبب سے دعوی ہمارا
ہی کہ اس طرح کے مجمل حروف کو الفاظ ذو ہجہ اور

لاممکن التفریق کہنا چاہئے چونکہ ختائیون کی زبان
تحریریہ اوپر زبان تقریریہ کے مبنی ہی اس جہت
سے کیساہی اجمال حروف کا کیون نہووے اون لوگون
کو دقّت سمجھنے مین نہین ہوتی ہی برخلاف اسکے
اہل فرنگ اور دوسرے غیر ملکیون کو جو زبان تقریر
سے واقف نہین اونکو تمیز کرنے مین درمیان الفاظ
ذو ہجہ اور ایک ہجہ کے بہت سی دقتین بسبب
نہونے علامات ممیز و فارق کے پیش آتیان ہین
اسی سبب سے اکثر ترجمہ سب جو ختائی کتابون کا
موجود ہی اونمین بہت سے مقام پر مصنف کے
مطلب کے خلاف ہی اور جس حال مین موافق بھی
ہوتا تو انداز عبارت کا انوتھا اور کودھب نظر آتا ہی
اور اس بے سلیقہ پن کو ناواقفیت مترجم کی طرف
نہ کہ اصلی ذہن ختائی کی طرف رجوع کرنا مقتضاے
انصاف ہی * * * *

چونکہ بقیہ دسوین باب کا بیچ بیان اوس ترتیب کے
ہی جسکے مطابق پادری صاحب ممدوح نے اپنی

تصنیف کو مرتب کیا اس لحاظ سے مؤلف تاریخ
ہذا نے اوسکا ترجمہ لاینفع سمجھا غرض بارھوان باب
قابل ملاحظہ ناظرین تاریخ چین تصور ہوا اور اوسکا ترجمہ
یہہ ہی کہ واسطے زیادہ ترقی کرنے بیچ تحصیل ختائی
زبان کی تحریر یا تقریر کے ضرور ہی جیسا کہ دوسرے علوم
کی تحصیل کے لئے چاہئے کہ اول ذہن ہو اور دوسرے
محنت اور توجہ تحصیل مین کی جاوے اور چونکہ طریق
پڑھنے کا ترقی جلد یا دیر پا کا باعث ہوسکتا ہی اسواسطے
چند باتین قابل غور و التفات کے بیان کرنا چاہئے *
ختائی مکتب خانو نمین لڑکون سے کسی چھوٹی کتاب
کے حرفون کی نقل درستی کے ساتھ پہلے کرواتے
ہین تاکہ قبل آگاہ ہونے اونکے تلفظ یا معنی سے اشنا
اونکی شکل و صورت سے ہوذین جب حرفون کو
صفائی سے وہی لکھہ سکتے ہین تو تلفظ سیکھتے ہین
اور موافق معلم کی عبارت بتلانے کے اوسی کو کئی بار
لکھتے اور پڑھتے ہین جب کہ شکل اور تلفظ خوب
معلوم ہوتے تو معنی سے آگاہ کئے جاتے اور وہی چھوٹی سی

کتاب جسکی کئی دفع نقل ہوئی اور جو یاد کی گئی تھی
ترجمہ ہوتی ہی غرض بعد اوس کتاب کے دوسری
ایک جس مین چند حروف نئے ہین اوسطرح سے
درس مین آتی ہی اور یہی طریقہ عام ہی لیکن جس
حالت مین کہ طالب العلم کو ارادہ مرتبۂ فاضلانہ حاصل
کرنے کا ہوتا ہی تو اوسکو بہت سی کتابون کا درس
اِسی طرحپر پر لینا ہوتا ہی تاکہ زیادہ حرفون سے اشنائی
اور مضامین بلند سے آگاہی پیدا ہووے *

اس طریقے کے عیوب کو ثابت کرنیکے لئے اتنا ہی
کہنا کافی ہی کہ اولاً اوس تین دفع کے پڑھنے اور نقل
کرنے مین اوقات بہت ضایع ہوتی ہی دوسرے یہہ کہ
لڑکون کو حرف حروف اور اونکے تلفظ کو بغیر معنی کے
اتنے دن تک پڑھانے سے طبیعت بسبب معطل
رہنے حصول مطالب سے خواہ نخواہ کند ہوجاتی ہی اور تیسرے
یہہ کہ ترتیب حروف مین ابجدی قاعدہ کے موافق ترقی
ساتھہ تدریج کے نہین کی جاتی ہی اور اکثر دفعہ مشکل
اور پیچدار حروف لڑکون سے روز اول مین لکھائے

جاتے ہین اور اونکے لئے یہہ بات بسبب واقف
نہونے اون اجزاے تہجیہ سے جن سے حروف مرکب
ہین زیادہ تر مشکل ہی جگہہ تعجب کی ہی کہ باوصف
اسکے کہ اہل ختا ہمیشہ سے علم کے راغب ہین لیکن
یہہ بدطور پڑھنے کا قدیم سے اجتک مروج ہی غرض
جب کہ خود فرنگستان مین بہت سے عیوب تحصیل
علوم کے طریق مین ہنوز موجود ہین تو کہنا دشوار ہی
کہ یہہ دونو طریق بد کے درمیان کس پر جہل کا اطلاق زیادہ
کیا جا سکتا ہی الغرض درمیان اہل فرنگ کے جو
ملک ختا مین واسطے تحصیل زبان کے جاتے ہین
کئی طور پڑھنے کے مقرر ہین لیکن اکثر درست نہین
چنانچہ کوئی شخص تحریر قبل تقریر کے سیکھتا ہی
اور بعض برعکس اسکے تقریر حاصل کر کے حرفون کے
لکھنے کی طرف متوجہ ہوتے ہین اور بعض شخص
کتابی حرفون کی حرف صورت سے آشنائی کرنی
کافی جانتے ہین و بعض برعکس اسکے کتابی حرفون کی تتبع
حد سے زاید کرتے ہین اور بعض جو حروف کو اپنے

نزدیک نہایت کم استعمال جانتے صرف اونہین کو یاد اور ہرجگہہ استعمال کرتے اور بعض برعکس اسکے قصد بالکل لغات کی یاد کرنیکا کرتے ہین اور بعضے پہلے دو سو چودہ حروف مصدری نوک زبان کرکے قصد ختائی لغات کی مدد سے ترجمہ کرنے کسی کتاب ختائی زبان کا انگریزی مین کرتے ہین الغرض پڑھنے کے انہین بد طریقون کے باعث سے ختائی زبان مین فضیلت کمتر لوگون کو ہوتی ہی اور اوسکی تحصیل مین مشکلین پیش آتیان ہین *

قاعدہ اس زبانکی تحصیل کا کہ جواب ہم بیان کرتے ہین اوسکو ہمنے اپنے اُستاد پادری گنسالویز صاحب سے سیکھا ہی اور اوس مین جو تغئیر اور کم و بیش بسبب اپنے اور دوسرون کے تجربے کے مناسب معلوم ہوا ہی کیا گیا ہی غرض جب پڑھنا شروع ہوتا لازم ہی کہ تحریر اور تقریر ایک ساتھہ ہی سیکھی جاوے تاکہ مبتدی اون لفظون کو جو پڑھتا ہووے تحریر کرسکے کیونکہ تجربے سے ظاہر ہی کہ الفاظ اور اونکے معنی سب

اگر اونکی علامت ممیز کے نقوش ذہن مین رہین خوب یاد رہتے ہین اور اسیطرح اگر نقوش سے خوب آشنائی ہوویگی تو معنی سے بھی اگہی رہیگی دوسری بات یہہ ہی کہ کسی مخصوص حرف یا لفظ سے شروع کرنا نچاہیئے بلکہ اوس سلسلۂ حروف سے جس مین بصورت اجماع ختائی حروف کے بالکل اجزاے تہجے ایکجائی ہووین سواے اسکے فہرست اصلی حرفون کی جو ہم نے اپنی کتاب مین داخل کی ہی سب سے بہتر سلسلہ ہی کیونکہ تدریج کے ساتھہ وقتین پیش کی جاتیان ہین اور سواے اون حرفون کے جو صدہا مرتبے کتابون مین ملتے ہین درج ہونے کے بسایط صوت نما اور مقصد نما جنکے باہم مرکب ہونے سے تمام حرفون کی ترکیب دی جاتی ہی اس مین موجود ہین *

اس امر کے لئے ہمارے استاد گنسالویز صاحب کا حروف تہجی زیادہ مفید نہین کیونکہ اوس مین اتنے حروف قسم دوم کے اس طوالت کے ساتھہ ہین کہ اونکو یاد کرنے مین ہمکو خود یقین

ہی کہ کوئی ثابت قدمی سے اخیر تک نہین
سیکھیگا *

تیسرے یہہ کہ جوقت شکل ہر حرف کی یاد
کی جاتی ہی تو ساتھہ ہی اوسکے کسی ختائی عالم سے اوسکا
تلفظ بھی سیکھنا چاہئے غرض زیادہ اعتماد نہ اوسکی لیاقت
و نہ اپنی دانست پر کرنا چاہئے کیونکہ کمتر ختائی ہین جو
اپنی زبان کے بالکل الفاظ کے تلفظ کو ساتھہ مخرج صحیح
کے ادا کرتے ہین اور اہل فرنگ سے شاذ ایسے
لوگ ہین جو ختائی حروف کی ترکیب سے آگاہ ہین اس
جہت سے مبتدی کو لازم ہی کہ ہم نے جو قاعدہ تہجی کا مقرر
کیا ہی اوسی پر عمل کرے اور ہمیشہ ساتھہ غور کے دیکھے
کہ درمیان ہر لفظ کے بسایط صوت نما کے اور وہ حروف
جو علامت صوت ہین نسبت درست مطابق قواعد
جو اپنی تصنیف کے نوین باب مین ہم نے درج کیا ہی
واقع ہی یا نہین *

چوتھے یہہ کہ جب کوئی حرف سیکھا جاے اوسکو
ختائی قلم سے لکھنا ضرور ہی اور بعد اوسکے مطابق

لکیرون کی ترتیب کی یاد سے اوسکی تحریر کرنی چاہیئے ورنہ جلد اوسکی سہو ہو جائیگی بلکہ کبھی اوسے اچھی طرح واقفیت نہین ہوویگی *

پانچوین یہہ کہ تحصیل کی ابتدا مین واسطے درست سمجھنے اس امر کے کہ کن لکیرون سے کوئی حرف مرکب ہی مبتدی کو لازم ہی کہ حرفی مثالین جو چھٹے باب مین لقب سے کیازی کے ہم نے دی ہین اونہین سے ہدایت لیوے اور لقب سے سمزی کے اوسی باب مین جو حروف درج ہین اونکو نہ پڑھے کیونکہ اکثر اونکی لکیرین ساختہ اور قاعدہ سے زیادہ ہوتی ہین *

چھٹی بات یہہ چون کہ خوش آین نہین ہی کہ عرصے تک حروف بغیر مرکب معنی کے پڑھے جاوین اس سبب سے ہم نے اپنے سلسلے مین بعض جملے جو ایک ختائی فاضل نے حروف اصلی اور استدراجی جمع کر کے ترتیب دی ہی داخل کیا ہی تاکہ شروع تحصیل کے دوسرے ہی روز مبتدی کو ختائی عبارت سے بغیر جانے

زیادہ حروف سے آگاہی ہووے جسوقت کہ مبتدی
سلسلۂ حروف کو جو ہم نے مقرر کیا اس طرح پر یاد کریگا کہ
معًا کسی مرکب حرف کے دیکھتے ہی پہچان لیویگا کہ
کس قسم علامت صوت سے وہ ہی تو بعد اوسکے
مبتدی وسیلے سے ہمارے قاعدۂ علامات صوت گذار
کے اون حروف مرکبہ کو جنکو جانتا باقی رہیگا بیچ جواب
وسوال سے جو کسی سہل کتاب مین درج ہین تلاش
کر کے نکال لیویگا اور اگرچہ بعضے حروف مجموعہ جلد سمجھ
مین نہ آوین اور اونکی تصریح کے لئے ایک شرح چاہئے
طویل تر اوسے جو ہم نے اس کتاب مین دی ہی تو
مبتدی کو لازم ہی کہ کسی بڑی لغت سے رجوع کرے
باینہمہ صلاح ہماری یہہ ہی کہ اقسام علامات صوت گذار
کی طرف توجہ کم نہونے پاوے کیونکہ ہمیشے اگر اونکا
لحاظ مقدم رہیگا تو استسناد جو علامات صوت گذار
کے تلفظ مین واقع ہوتے ہین اور مناسبات معنی کے
جو کہ درمیان اون حروف کے جو ایک ہی علامت
صوت سے شروع ہین پائے جاتے ہین رفتہ رفتہ

ذہن نشین ہو جائینگے علاوہ اسکے ہماری صلاح یہہ ہی کہ مبتدی روز مرہ کے جملون کے سوا رنگین اور متین فقرہ یاد کرے تاکہ تقریر کرنے مین طاقت اوز کتاب پڑھنے مین سہولت ہووے اخرالامر اِسے زیادہ کوئی بات مفید نہین کہ پادری گنسالویز صاحب نے ختائی زبان کی جو صرف ونحو لکھی ہی اوسکے دفتر دوم کا درس ہو کیونکہ اوسّے بہتر کوئی کتاب آج کے زمانہ تک نہین چھپی الغرض اس طریقے پر عمل کرنے سے ہمکو یقین ہی کہ متوسط طبیعت کا آدمی بھی چار پانچ برس کی محنت مین ختائی تصنیفات کے ترجمہ کی لیاقت پیدا کرسکتا بلکہ بعض ختائیون سے زیادہ حروف کے مناسبات کی شناخت حاصل کریگا * * *

پادری صاحب ممدوح کی اس عبارت سے جو راقم نے اونکی لاتین کتاب سے ترجمہ کیا ہی تاکہ اہل ہند کو خصوص ناظرین تاریخ چین کو ختائی زبان کی خاصیت معلوم ہووے صاف ظاہر ہوویگا کہ ختائیون کی تحریر اور تقریر حاصل کرنا امر دشوار ہی غرض جنہون نے

جد و جہد و شفقت شاملہ سے حاصل کیا ہی مدّاح
ہین کہ اونکی کتابون مین مضامین دلچسپ اور رنگین
علی الخصوص نصیحتین مختصر و متین پائی جاتیان ہین *
باوصف اِسکے کہ تاریخ مین ایسا ضرور نہین کہ کسی
ملک کے حالات کے بیان مین وہانکی زبان کی صرف
و نحو کی تقریر درج کی جاوے لیکن راقم نے اس
باب کو اتنا طول دیا تاکہ کسی مذاق کے خواننده کو
حاجت نرہے فقط *

تیرھوان باب

ختائی عورت اور مرد کے لباس و پوشاک اور مکانات کی ارایش اور باغات اور چمن و غیرہ کا بیان

خداوند عالم کی حکمت اور کریمی کی یہہ ایک بہت بڑی دلیل ہی کہ طبایع مخلوقات مختلف ہین اسی سبب سے ہر ملک کے لوگ اپنے وطن کی طبعی چیزون کو سب پر سبقت دیتے اور بیمثل و نظیر سمجھتے ہین اور اگر یہہ خیال نہوتا تو افسردگی و ناصبری سب کے دامنگیر حال ہوتی حبشی اپنے کالے رنگ کو دیکھتا اور کڑھتا اور ایرانی اور فرنگستانی کے سرخ و سفید بدن کو دیکھکر رشک کرتا غرض پروردگار کی یہہ عنایت اونکے حال پر ہی کہ فرنگی کی رنگت زنگی کو اتنی بد دکھائی دیتی ہی کہ شیطان کی تصویر جب وے کھینچتے ہین سپید رنگتے ہین اور اسیطرح انگریز بھی زنگی کی صورت و رنگت ابلیس کو دیتے ہین غرض اسیطور پر ختائی سب چھوٹی چندھلی آنکھہ اور چپٹی ناک اور بڑے کان

کو حسین جانتے ہین اور ایران و فرنگستان اور ارمن
اور ہندوستان کے جمال کو ناپسند کرتے ہین
چنانچہ اونکا قول ہی کہ مرد کے واسطے حسن یہی ہی
کہ پیشانی بلند اور وسیع کلّا بھرا اور بھاری ناک نہایت
چھوٹی اور چپٹی اور دونو کان برے برے اور لٹکے
ہوئے اور جسم مین گبدا بن پیٹ تندیلا اور ہاتھ پانو
برے برے ہوین اور عورت کا کمال جمال یہہ ہی
کہ آنکھ چھوٹی لیکن سیاہ اور چمکنی ہوئی ہو اور بال
اور بھوین سیاہ ہون سر مین بال گھنے اور لمبے لیکن
بھوؤن مین کم اور اس انداز سے کہ کمانین معلوم ہون
اور قد مجھولا اور جسم گداز پیشانی اور دہانا متوسط اور
ناک چھوٹی اور چپٹی اور آنکھین فاصلے پر اور کان برے
برے لیکن پانو نہایت چھوٹے بلکہ تمام خوبصورتی
ایک طرف اور فقط چھوٹے چھوٹے پانو کو ایکطرف
سمجھتے ہین دستور امرا اور نجبا کے محل سرا مین
یہہ ہی کہ لڑکی جب ہوتی ہی اوسکے دونو پانو پر
دھجی لپیٹ کے ہمیشہ باندھ رکھتے ہین اور ولادت سے

تا بلوغت بلکہ جب تک قوت نامیہ باقی رہتی ہی
تب تک کپڑے کی پٹی چڑھی رہتی ہی اس تدبیر
کا حاصل یہی ہی کہ جوان عورتون کے پانو چار یا پانچ
انگل سے زیادہ کبھی بڑھتے نہین غرض چلنے پھرنے
سے ایکنوع معذور ہو جاتی ہین اور بے تکلیف شدید کے
کیا دخل کہ جلد یا بے سہارے کے چل سکین لیکن
باوجود عمر بھر کے چلنے کی معذوری کے اس امر کا
ایسا خبط اونکو ہی کہ عورتین بخوشی تمام سب
گوارا کرتیان ہین اور غریب غربا کی بہو بیٹیون اور
گانو کی دہقانی عورتون کو اِس لئے حقیر جانتیان ہین کہ اونکے
پانو بدستور حیوانات موافق اندازہ قوائے جسمانی کے
ہوتے ہین اور جس طرح سے چھوٹے پانو اشراف
عورت کا نشان ہی اوسیطور پر مردون مین ہات
کی انگلیون کے ناخنون کو چار یا پانچ انگل بڑھانا گویا
شیر کا چنگل دکھانا تمغہ نجابت ہی اور ارباب علم
اور امراسب کے ناخن بڑھے رہتے ہین تاکہ ظاہر
ہووے کہ وے اہل حرفہ سے نہین ہین کیونکہ محنت

کش لوگ جو دستکاری کی روٹی کھاتے ہین وہا لانبے ناخن نہین رکھہ سکتے یہہ دستور یعنے پانو کو چھوتا کرنا قدیم سے ہا اور سبب اوسکی بنیاد کا گومگو ہا اور بعضے صاحب تصنیف کچھہ کہتے اور بعض ارباب تاریخ اختلاف روایت بیان کرتے ہین غرض بندے کی عقل ناقص مین یہہ ہا کہ عورت کو زیادہ بے پروبال اور بیدست و پا رکھنے کے لئے داناؤن نے یہہ حکمت رکھی ہا القصہ اس طرح کے پانو ختائی بہت حسین جانتے ہین اور بعضے لرکیون کے پانو پھول اور پک کر سڑ بھی جاتے ہین لیکن اونکی مائین پٹیون کا باندھنا موقوف نہین کرتیان اور کہتیان ہین کہ جان جاوے مگر شرافت مین بٹا نہ آوے *

چونکہ مملکت ختا بہت وسیع ہا اور آب و ہوا اور تاثیر سرزمین مین اختلاف ہا اس لئے وہانکے باشندون کی رنگت مین بھی فرق ہا چنانچہ دکھن کی جانب کے ملکون کے رہنے والے چمپئی رنگ کے ہوتے اور شمال کے باشندے مثل فرنگستانیونکے

نہایت سرخ و سفید ہوتے ہین اور چودہ پندرہ برس کے سن تک لڑکون کے گالون مین گلاب کے پھولونکی رنگت اور لطافت ہوتی ہی *

مردون کی پوشاک کی قطع یہہ ہی کہ ڈھیلے پایجامے پانو مین اور اوسپر سے امرا مخمل یا ساٹن کے موزے چڑھاتے ہین لیکن غربا بدقطع جوتا موتی موتی تلیون کا پہنتے ہین اور چھوٹے بڑے سب پیراہن کے طور پر ایک کرتا گھٹنون کے نیچی تک لٹکتا ہوا پہنتے ہین غرض استینون مین فرق ہی کیونکہ امیرون کی استینین چوڑی چکلی گھیردار ہوتیان ہین اور اہل حرفہ اور دوسری قسم کے غربا کی استینین چست ہوتیان اور ستورات کا بھی لباس اسی قطعہ کے قریب قریب ہوتا ہی مگر کمربند کا رواج فقط مردون مین ہی اس کی رنگت اور وضع خاص و عام مین شناخت ہی اہل حرفہ اگر ریشم کا پٹہ پہنین تو مار کھائین اونکے واسطے سوتی چاہئے اور بڑے آدمیون کے کمربندون سے ایک بینی پاک اور عذا کرنے کی کمچیان ہاتھی دانت

کی اور چُھرا جسکی میان پر تکلف اور سیاہ ہوتی لٹکتا رہتا ہی *

گرمیون مین بڑے آدمی ریشمی کپڑے اور متوسطین سوتی پہنتے ہین اور غربا فقط پایجامہ اور سر و پا برہنہ پھرتے ہین اور جاڑون مین امرا سمور کے لبادے اور ریشم کے گدیلے پہنتے ہین اور غربا بھیڑ کے روین والے چمڑے کے اندر روئی بھروا تے اور جاڑا بخوبی کاٹتے ہین اور عید اور خوشی کے اور ایام عبادت کے سوا لباس تکلف کا پہنا واجب التر یر ہونا ہوتا ہی غرض درباری پوشاک جو جلوس کے روز امراء کبار پہنتے ہین وہ بہت قیمتی اور قابل دیکھنے کے ہوتی ہی لیکن ہم لوگون اور ہندوستانیون کی آنکھون مین اونکے تمام لباس کی قطعہ بدنما معلوم ہوویگی جسطرح ختائی سب انگریزی پوشاک کو دوکھتے اور حیرت کرتے ہین کہ اس چست لباس مین ہم سب کس طرح چلتے پھرتے ہین اور اسی سے ثابت ہی کہ انسان کی جبلت مین خود پسندی ہی

اور برے سے برا شخص اوروں سے آپکو اچھا جانتا ہی *

بارش کے ایام مین امرا اور شرفا ایک قسم کا نہایت خوبصورت چیولی کے موم جامے کا لبادا دوسرے کپڑون پر سے اوڑھ لیتے اور فرنگستان مین جو لبادا اسی مصرف کا مروج ہی اوسکا نمونہ ختا سے ہاتھ آیا ہی اور پانی سے حفاظت کے لئے اِس سے بہتر ترکیب کم ہی غرض یہہ چیز قیمتی ہی لیکن غربا کے لئے ایک قسم کی بیل سے بالاپوش بناتے ہین اور اوس سے موم جامے کیطرح پانی سے حفاظت ہوتی ہی اور امیر موم جامے کی گھیردار توپیان پہنتے ہین غریب اوسی لت کی خوبصورت توپیان بناتے اور برسات مین پہنتے ہین * اسی فصل مین راقم نے لکھا ہی کہ لباس کا رنگ مطابق قانون کے ہر درجے کے آدمی کے لئے مروج ہی غرض توپی بھی ہر قسم رنگ اور طیاری کی ہر رتبے کے لئے معین ہی لیکن توپی پر ایک گول گھنڈی اور مہین ریشم کے لچھے کا لال جھبا اویزان ہوتا اور چارون

طرف چھٹکا رہتا ہی یہہ تو سب خاص و عام کے لئے لازم ہی لیکن ساتن کی توپیان صرف امرا اور ارباب علم کے لئے اور چتائی اور چیولی کی عوام کے واسطے مقرر ہین *

قبل مانچو تاتار کی یورش کے چتائی تمام سرمین بال رکھتے تھے جس طرح سے مگھ اور برما جورا باندھتے ہین غرض" اپنے دور مین تاتارون نے اپنے ہی دستور جاری کیا حالانکہ اور دستورات چتا کے ہر طرح سے خود مقلد ہوئے لیکن اس بات مین اونکو ایسے ہی ضد اگئی کہ بال کے پیچھے لاکھون کے سر کٹ گئے اور چتائیون نے بھی جب دیکھا کہ اپنی رسم کے موافق بال رکھنا و بال تبورنا ہی اور بے بال لاو بال رہتے ہین اونہون نے چارون طرف سر مندوا کے چونٹی رکھی اور بعد چند روز کے ایسی قدر اوسکی پھیلی کہ چور اوچکے کی بری سزا چونٹی کاٹنے کی ہوئی اور اب مثل تاتار کے اصلی چتائی لڑکے اور نوجوان لال مباف سے چونٹی کو گوندھتے اور لال پھننا لٹکاتے ہین اور بورھے اور سقہ سب

سیاہ مباف کی رسم رکھتے ہین اور ایام غم مین جب کسی بزرگ کا انتقال ہوتا ہی ختائی چوٹی کو کھولے رکھتے اور نہ جھارتے ہین اور نہ تیل دیتے ہین اور نہ گوندھتے ہین *

سپید لباس ختا کا ماتمی لباس ہی اور سوا غم کے اسے کبھی اختیار نہین کرتے اور اوسوقت توپی مین سے سرخ جھبا نکال لیتے اور کپڑون مین سوتی گھندیان لگاتے اور کرتہ اور پایجامہ اور کمربند موتے کپڑیکا پہنتے ہین اور اوس ایام مین امرا اور فغفور کے اقربا اور خود فغفور بھی اگر اوسکی والدہ کا انتقال ہوے سوا میلی گزی کے کوئی چیز ریشم کی نہین پہنتا *

بجز منہہ کے ختائی عورتین سارے بدن بلکہ ہاتھون کی انگلیون کو دھانپتیان ہین اور لباس اونکے مرد کی طرح ایسے دھیلے پہنتے ہین کہ ظاہر کے اعتبار سے کسی عضو کا حسن اور قبح دریافت نہین ہوتا ہی اور پوشاک جس رنگ کی چاہتیان پہنتیان ہین لیکن برھیون مین سیاہ اور نافرمانی کا رواج ہی *

مردون مین صفائی کم ہی لیکن ستورات ہر روز غسل کرتیان اور پوشاک بدلتیان اور کہنون سنگار کرتیان ہین اور جس طرح سے فرنگستان کی بعض عورتین گالون اور لبون پر ایک چیز کو جسے روژ کہتے ہین خوبی کے لئے ملتیان ہین اور ہندوستان مین مسی اور سرمہ لگاتیان اور پانکا لکھوتا جماتیان ہین ختا مین بھی رندی اپنی صفت ذات سے باہر نہین اور انواع طرحکی دلفریب بناو کرتی ہی اور بلبل روح کے عاشق کرنے کے لئے اپنے رخسار مثل گلاب کے پھول کے بناتی ہی اور طبیعت کے بھونرے کو لوبھانے کے لئے لبونکو کلی کی طرح رنگتی اور جلد پر ایک قسم کی مٹی سے سپیدی نہایت خوش نما پیدا کرتی ہی اور ایک نبات کے پتون کا عرق ملاتی جس سے کملائی گلاب کی پتی کی رنگت تمام جلد مین پھیل جاتی ہی اور تکلف اس رنگ کا یہی ہی کہ پانی سے بھی نہین چھوٹتا اور نہ دھوپ مین مطلق تبدیل ہوتا ہی *

بہت قسم کے روغن اور اپٹن جلد کو ملین اور

بویا کرنے کے لئے عورتون مین صرف ہوتے ہین
خصوص اقسام عطر اور خوشبوئی سے ختائیون کو بہت
ذوق ہی اور جسکو کچھ بھی مقدور ہی اوسکے یہان
شب و روز اپنی حیثیت کے موافق صندل یا اور کم
قیمت خوشبو لکڑیان سلگتی رہتی اور سارے
گھر کو معطر رکھتی ہین *

حمام کا رواج آگے خاص و عام مین تھا لیکن رفتہ رفتہ
موقوف ہوکر اب فقط فغفور اور اونکے عزیزون
اور امرائے کبار کے محل سراؤن مین رہگیا ہی ہان
کے گھرانے کے فغفور سب بڑے عیاش تھے اور
اونکے محلون کے حمام اور حوضون کی عجیب نقلین
ہین چنانچہ فغفور یانگتی جو ایک سو اٹھاسی برس قبل
حضرت عیسیٰ کی آمد کے تخت ختا پر بیٹھا تھا اوسکے
محلون مین سنگ مرمر کے تالاب تھے اور اوس
مین مچھلیان اور بطین کل کی بنی ہوئی چھوٹی رہتی تھین اور
ہزارون رندیان خوشبو اپتن مل کر نہاتیان اور مچھلیون
اور بطون کے سہارے سے پئیرتی پھرتیان تھین

اوسکے غسل کے وقت تمام دارالامارہ مین خوشبو پھیلتی تھی اور جب پانی کو بدل نے کے لئے اون حوضون کا منبع کھول دیتے اور شہر کی نہرون مین پانی بہاتے تھے تو عوام اپنے گھرون کو معطر کر نے کے لئے گھرے بھر بھر کے لیجاتے تھے اور اسی گھرانے کی بیگماتون کو بیس بیس شہر حمام اور اوسکے لوازمے کے خرچ کے لئے ملتے تھے **

خاص ختائی عورتین بہت نازک مزاج اور لطیف طبیعت ہوتیان ہین اور دو ایک دلندیزی اور انگریزی مسافرون نے جو روایت کی ہی کہ اونہون نے پیچین مین ختائی عورتون کو بر سر بازار قلیان پیتے دیکھا ہی یہہ اونکی غلط فہمی تھی کہ تاتار اور ختا کی عورتون مین اونہون نے تمیز نہین کی کیونکہ خاص ختائی مستورات گھر سے باہر نہین نکلتی ہین اور تاتار کی عورتین جہان چاہتیان ہین پری پھرتیان ہین اور چونکہ ہر ملک کی ستورات کی شریعت مردون کے خلاف ہوتی ہی اون لوگون نے اپنے صحرا کی قدیم رسمون کو ابتک

مروج رکھا ہی باوجودیکہ اونکے مردون نے اکثر دستورات
ختا پر عمل کیا ہی *

ختا مین مکانات ایک طبقے سے زیادہ نہین بناتے
اور جب انگریزی شہرونکا نقشہ اوس ملک کے
لوگ دیکھتے ہین تو پچتاتے اور کہتے ہین کہ افسوس
خدا نے تمہارے ملک مین ایسی تھوڑی زمین دی
ہی کہ ہوا مین چڑھ کے تمہین رہنا ہوتا اور ہمیشے کی
امد و رفت مین ہر روز مرگ مفاجات کا سامنا رہتا
ہی جب قول اونکا یہہ ہی تو ظاہر ہی کہ دو منزلہ
مکان وہ ہرگز اپنی طبیعت سے نہین بنائینگے اگرچہ
اجازت بھی اوسکی ہووے لیکن ختا مین کوئی ادنی سا
امر بے دستور اور قانون کے وقوع مین نہین آتا اور
گھر کا معاملہ تو بہت سنگین ہی اور ایسی کچی بات
نہین کہ جسکا جو جی چاہے سو کرے کیونکہ شہر کی قطع
بگڑ جائے اور سڑکون اور نہرون کی روش مین خلل واقع
ہووے * دکھن کے رخ تمام مکان اس ملکت مین
ہوتے ہین اور دالان اور در دلان اور دو دو سائبان

اور کمرے اور کوٹھریان اور انگنائی اور باغ اور شاگرد پیشے کے مکانات اور مودی خانہ اور توشک خانہ اور تمام کارخانجات کے مکانات سب اپنے اپنے انداز سے وسیع اور مستحکم بنتے ہین اور اِن کی پشت پر محلسرا کی بناشاہ راہ کے پیچھے کی طرف ہمیشہ ہوتی ہی تاکہ رندیون کے جھانکنے اور راہ گیرون سے آنکھین لڑانے کی نوبت نہ پہنچے اور مردانے اور زنانے مکانات کے ہرچہار طرف ایک اونچی دیوار کھنچی رہتی ہی اور تین ڈھیوڑیان امیرون کے مکانات مین ہوتیان ہین اور صدر دروازے پر اکثر سنگ مرمر کے دو شیر بنے رہتے ہین *

جس دالان مین امیر نشست رکھتا ہی اور دوستون کی ملاقات کرتا ہی وہ بہت سلیقے سے سجا رہتا ہی اور فضول اور بیہودہ تکلفات کو وہان گذر نہین ہوتا اور اوسکے بعد جو دردالان ہی وہان پر جن لوگون سے بے تکلفی اور یارانہ ہوتا ہی اونکے ساتھ صحبت ہوتی ہی اور اوس مین واجبی لوازم اور سامان رہتا ہی غرض محل سرا کی

آرایش کا حال معلوم نہین ہی اس لئے کہ صاحب خانہ
یا اونکی بی بی کے کسی عزیز کو بھی وہان دخل نہین
ہوتا غرض انگنائی بہت وسیع ہوتی ہی اور دونو
کونے پر دو مرمر کے حوض اب زلال سے ملبب
رہتے ہین اور بیچ مین ایک جزیرہ بنایا کرتے اور اوسپر
بویا اور خوش رنگ پھولون کے درخت بوتے ہین
وہ ہمیشہ پھولتے رہتے ہین اور پانی مین چھوٹی چھوٹی
سنہری روپہری اور لال اور سبز مچھلیان چھوٹی
رہتیان ہین اور ایسی ملی ہوتیان ہین کہ آدمی کے
ہاتھ سے غذا کرتیان اور انگنائی کے درمیان جسکو
خانہ باغ کہنا چاہیئے سنگ مرمر یا سنگ موسی کے
چورے چبوترے پر اقسام طرح کے بویا اور خوشنما
پھولون کی چنگیر رکھی رہتین اور دالانکے باہر دیوارون
پر عاشق پیچا یا انگور کی بیلین قمچیون کے تھقر پر پھیلی رہتی
ہین اور اونکے بیچ بیچ مین دیوارون کے طاقون مین پھولون
کی ہانڈیان رکھی رہتیان ہین اور اکثر امیر پینجرون مین
خوش آواز اور خوش پر چڑیون کو دیوار سے لٹکا دیتے

ہین اور انگنائی کی دونون حدون پر ہرن اور دوسرے وحشی جانورون کو تصویرون مین رکھتے ہین اور اس انگنائی کو طے کرکے جب پہلے دالان مین پہنچے تو میز اور کرسیان اور الماریان اور نشست کے اسباب ابنوس اور صندل اور دوسری قیمتی لکڑیون کے دکھائی دیتے ہین اور اون مین سے بعض اپنے حسن ذات کے سبب جلوہ گر رہتے ہین اور بعض لکڑی ایسی شفاف ہوتی ہے کہ اوسکی رگین بھی معلوم ہوتی ہین اور ساتھ ہی اوسکے اس قدر چمک کہ چہرے کے رونگٹے تک بخوبی نظر آتا ہے اور فرش پر گرمیون مین پاتیان بچھی رہتیان ہین اور جاڑون مین عمدہ عمدہ پشمین قالینون کا رواج ہے اور جھاڑ و فانوس کے عوض کاغذ اور ابرک کی قندیلین ایسی خوش قطع اور خوب رنگ لٹکتی رہتیان ہین کہ پانچ ہزار کے شیشے کے جھاڑ پر آنکھ والے کی نظر پہلے نہ پڑیگی مگر اوسپر کہ اوسکے جمال باکمال کی تعریف مین زبان بیان لال ہے *

حنائی بخز پھول اور چڑیا اور اپنے معبودون کی تصویرونکے

دوسری نہین لگاتے مگر حکما اور شعرا کے پند اور
نصایح اور لطیف مضامین سپید ساتن پر نیلی روشنائی
سے لکھی ہوئی جا بجا بمنزلہ تصویر دیوارون مین لٹکائے
جاتے ہین اور دالان مین لوبان اوس سب سامان
کے درمیان ہر وقت جلتا ہی اور چار کونے مین مرجان
کے برے برے جھاڑ رکھے رہتے ہین اور میزون پر
دنیا کے عجایبات جمادات اور نباتات اور حیوانات کے
اقسام سے قابل اہل غور کی دید کے چنے ہوئے
ہوتے اور امرا اپنی حیثیت کے موافق تکلیف صوفیانہ
کرتے اور مکانات سنگین مین رہتے ہین اور چونکہ عنایون
کو ہر طرح کی دستکاری مین کمال ہی برے برے
اور دبیز تختے سنگ کے وہ اس صفائی سے
ملاتے ہین کہ بعد نظر غور کے بھی تمیز نہین ہوتی کہ
جوڑ کہان اور تختے سے تختہ پتھر کا کس جگہہ ملا ہی اور
اینٹ ایسی خوبصورت بناتے ہین کہ صاحب
شوق اور حسن پرست کے نزدیک متی کو سونیکا
رتبہ ملتا ہی اور اینٹ کی دیوار تور جور کر کے نقشہ ہای

گوناگون کے ساتھ اس طرح پر بناتین کہ دیکھنے والے
کو حیرت ہوتی ہی کہ یہہ سحر ہی یا نظر بندی ہی
اور بے تامل یقین مین نہین آتا کہ یہہ سارا کارخانہ اینٹ
کا بنا ہی اور اسیطرح پر اکثر گھر خالی اینٹ کے اندر
سے باہر تعمیر ہوتے ہین اور چونے کا علاقہ مطلق نہین
رہتا لیکن ایسا حسین ہوتا ہی کہ پتھر جھک مارتا
ہی غرض جسقدر وسیع اور پاکیزہ امرا و نجبا کے
مکانات ہوتے ہین اوسی قدر غربا کی جھوپڑیان
تنگ اور کثیف ہوتیان ہین اور شمال ملکون
کے دہاتون مین غریبون کے گھر اینٹ کی دیوارون
اور پتون کی چھاونی کے ہوتے ہین اور جنگلستان کے
قریب جو موضع ہین وہان تختون کے تمام مکانات
بنتے غرض پتھال کی نیو ہر جگہہ پڑتی ہی *

ہر ملک کے غربا بمجبوری کثیف ہوتے ہین
لیکن جب عادت طبیعت ثانی ہوجاتی ہی تو وہ لوگ
بدون کراہیت کثیف نہین رہتے ہین چنانچہ حنا مین باوصف
اسکے کہ زمین اور معماری کے سرانجام افراط سے ہین اور

مزدوری قلیل ہی لیکن اکثر غربا کے گھرون مین ایک ہی
کوٹھری ہوتی ہی اور اوسی مین زن و مرد اور لڑکے
بالے اور سور بکرے اور گدھے اور دوسرے جانور خانہ
پرورد سب ایک ساتھ ملے جلے رہتے ہین اور غربا
جاڑے کو اس ترکیب سے کاٹتے ہین کہ اپنے گھرون کے
صحن کو اونچا بناتے لیکن نیچے خالی رکھتے ہین اور ایام
سرما مین میدان سے لکڑیان چن لاتے ہین اور صحن کے
نیچے جلاتے اور اوسی پر کھال بچھا کر شب کو سارے
گھر والے ایک ساتھ سو رہتے ہین اور گرمی اوس صحن کی
ایسی ہوتی ہی کہ اوڑھنے کی احتیاج باقی نہین رہتی
اور صبح کو کھال اوٹھاکر چٹائی بچھاتے اور اوسی پر تمام دن
کھانا پینا اور نشست کرتے ہین غرض لکڑی ہر وقت
جلتی رہتی ہی اور دم بھر بجھنے نہین پاتی ہی اور
اس باعث سے صحن کے سوا سارا گھر مثل حمام
سرد کے گرم رہتا ہی لیکن امیرون کے یہان پتھر
کے کوئلے انگیٹھیون مین سلگتے رہتے لیکن عیب
یہی ہی کہ دھوین کے نکلنے کے لئے چھت سے

کوئی راہ ختائیون نے نہین نکالی اور اس باب مین انگریزون نے اونکی حکمت کا دھونوان اوڑا دیا اور دو دکش اس خوبی کے ساتھ نکالا کہ انگشتی کی تمام کیفیت بے اذیت حاصل ہوتی ہی اور تعجب ہی کہ باوصف اس عمل و ادراک کے ختائیون کو خود نوجھی لیکن اسکے عوض باغ لگانیکا نقشہ انگریزون کو اونہون نے سکھلایا اور لاکھ لاکھ افرین اونکی لطیف طبیعت اور نازک خیالی پر ہر صاحب شوق کو بھیجنا چاہیئے * دریافت کرنا ضرور ہی کہ باغ طیار کرنے اور چمن لگانے کی غایت کیا ہی اور جب علت غائی اوسکی سمجھ مین آئی تو اور علتون کی خوبی خود بخود خاطر پذیر ہوجائیگی *

انسان کی جبلت مین تلوّن ہی اور آدمی کا جی طرح بطرح اور رنگ برنگ چیزون پر ہر وقت دوڑتا ہی اور اوسکی مثالین دینین فضول ہین کیونکہ جب یہہ عادت خاص و عام کی ہی اور کوئی شخص اس سے خالی نہین تو اوسکا حال ہر کسی کو اپنے اپنے دل سے

پوچھنے سے معلوم ہوویگا الغرض چونکہ فطرت نوع انسان
مین یہہ بات ہی کہ صحرا کی دید کا اشتیاق شہری کے
دل مین پیدا ہوتا ہی اور شہر کے دیکھنے کا شوق
صحرائی کے دل مین جگہہ پاتا ہی اور اِن قسمون کے
آدمی کو جب اپنی رغبت کی چیزین حاصل ہوتین ہین
اونکی خواہشین برآتی ہین الغرض باغ کی بنا پہلے اسی سبب
سے ہوئی کہ جہان گل و سبزہ خود رو نہو وہان قصداً اوسے
پیدا کیجئے تاکہ صحرا اور شہر کی کیفیت یکدفہ حاصل
ہووے اور غایت باغ لگانے اور چمن ارائی کرنے
کی یہی ہی اور یہہ غایت مرتبۂ بصنعت تب ہی
پہنچتی ہی جب صحرا کی نقل مطابق اصل کے کی
جاتی ہی اور چونکہ کمال چمن کاری کا یہی ہی بیشک
ختائیون کو اس باب مین سارے جہان پر فوق دینا
چاہئے * تا یہہ دعوی ثابت ہووے چند نکتے اِن کی چمن
ارائی کے راقم کو بیان کرنی ضرور ہین غرض اسی تاریخ
مین آگے موقع سے اوسکا ذکر بھی آچکا ہی اور اغلب
کہ اس حقیر کے قدر دانون کی خاطر شریف مین رہا ہو

حالانکہ زبان اردو مین میری تقلید ایسی نہین کہ مضامین
رنگین اور متین بفصاحت و بلاغت ادا ہوین اور قابل
یاد کے سمجھے جاوین غرض باوجودیکہ ختا کے باغات کا
کچھ کچھ حال برسبیل تذکرہ لکھا بھی جا چکا ہی اور
اب جو بتفصیل بیان مین آتا ہی تو اسی وجہ سے
کہ ختا کی چمن کاری کا بیان مثل قند مکرر کے ہی *
ختا مین ایک باغ جو حقیقت مین سجا ہوا اور آجتک
آباد ہی اوسکی اصورت حال کا نقشہ قلم تصویر رقم کھینچتا
ہی تاکہ چمن آرائی کی حقیقت معلوم ہووے *
بین من بین جو فغفور کا رمنا اور دارالامارہ پیچین کے سواد
شہر مین واقع ہی اوسے آراستہ تر فغفور کے باغات
مین دوسرا باغ نہین ہی اور اوسکی صورت یہہ ہی
کہ جب اوسکی حد مین کوئی اجنبی پہنچتا ہی تو قیاس
کرتا کہ دیہات شروع ہی اور میدان سبز و سیع
کے درمیان سے راہین نکلی ہین اور جابجا نشیب
و فراز کی کیفیت دکھائی دیتی ہی اور بعد چند بیگھے
کے چھوٹے چھوٹے تیلون پر موسم کے پھولون

کے تختے کھلے ہوئے اور اون ٹیلون کے دامنون
مین آب زلال کا مہین دھارا کوئی چار پانچ قدم چوڑا
ایک کے پیٹے سے بہتا ہوا آتا ہی اور دوسرے کے
دامن سے بہتا جاتا ہی اور ایک خط سیمین کی طرح نظر
آتا اور اوسکی رو لہر کھاتی اور بل کرتی ہوئی ایسی ہوتی
ہی کہ طبعی معلوم ہوتی ہی غرض جب اُسلے آگے
بڑھے تو بلند بلند درخت ہر طرح کے میوے کے
جابجا اون ٹیلون کے پیچھے نظر آتے ہین اور اونکے
درمیان سے چوڑی سی نہر بہتی ہی جسپر آبی نباتات
کی بیلین پھیلی دکھائی دیتی ہین اور اوس نہر کو مرمر کے
ایک پل سے طی کر کے جب آگے چلے تو ریت
کا میدان ملتا ہی اور جابجا کیکر اور ببول کے درخت
اور چشمہ اب زلال کا ایسا دکھائی دیتا ہی کہ دشت
عرب اور افریقہ جس نے دیکھا یا اوسکا حال سنا
ہی اوسے یاد آتا ہی کہ اونہین جگہون کا یہہ ایک
کونا ہی اور اوسے طی کر کے جب قدم اوٹھا تو سبزہ
اور پھولون کا تختہ اور ہر ٹیلے پر ایک بنگلا خوبصورت

لکڑی یا اینٹ کا بنا اور رنگ رنگ کی کھپریلون سے
چھایا اور اندر بہت تکلف سے سجا دفعتہً سامنے آتا ہی
اور جب آگے بڑھے جھیل اور تالاب آبی نباتات سے
بھرے گوناگون پھولون سے لدے دیکھائی دیتے اور اونکے
کنارے کی سرکون پر ہر رنگ کے پتھر کی کنکریان. پچھی
اور بی ساختگی کی اراستگی سے سجی ہوئی نظر آتی ہین
اور درمیان بعض بعض جھیلون کے پتھر کے ٹیکرے
اور جزیرے. جس پر صندل لکڑی کے بنگلے بنے ہوئے
ہین اور جب اس کیفیت کو دیکھکر آگے چلے دفعتہً
سنگی پہارون کی قطار اور ہزارون آبشار اونپر سے زمین کی
طرف زور وشور کے ساتھ جاری دیکھنے مین آئے اون
آبشارون کی نہرین دامن کہسار سے نکلی ہین اور لطمہ اور
لطمہ کی کیفیت اون نہرون مین حاصل ہونے کے لئے بڑے
بڑے ٹکرے پتھر کے کنارے کنارے ایسے
موقع سے جمائے گئے ہین کہ پانی جو ہین اوپر سے گرتا
اور بہہ نکلتا ہی تو اون پتھرون کا ایسا ٹکر کھاتا ہی
کہ موج مارتا اور گرداب اور بھنور ہوتا اور اُمنڈتا

اُلٹتا اور بل کرتا چلتا ہی اور سوا اسکے تمام کنارے
کنارے چھوٹے بڑے پتھر اس انداز سے ڈال
دیئے گئے ہین کہ وہ نہر ین لاریب مثل بھاری ندیون
کے تیزی اور تندی اور زور و شور سے بہتی ہین اور
اوسکے آگے جب بڑھے تو پہاڑ تلی کی کیفیت نظر
آئی اور وحشی جانور ہرن کی قسم سے وہان اسطور پر
دیکھنے مین آتے ہین کہ خوبصورت پھولون کی چھوٹی چھوٹی
جھوڑون کے بیچ مین وہ کھیلتے پھرتے اور نرم نرم
دوب کو چرتے ہین اور اوسکے بعد جب آگے
بڑھے تو پھر سبز سبز اور بلند ٹیلے جس پر انواع
واقسام کے پھولون کے تختے کھلے اور چوٹیون پر مرمر
اور صندل کے پرتکلف بنگلے بنے دکھائی دیتے ہین اور
ٹیلون کے نیچی سے ایک چوڑی گہری نہر بہتی ہوئی اور
ہر ایک ٹیلے کے گرد گھومتی اور بعض کو اِدھر سے
اور بعض کو اُدھر سے اپنے پیٹے مین گھیرتی ہوئی اوتر سے
دکھن کی طرف جاری نظر آتی ہی اور بعد اوسکے جب
باغ کے بیچ مین پہنچے تو ایک تالاب وسیع بلکہ

ایک جھیل کوس بھر کے پاٹ کی ایک جانب
کو ہی جس مین باغ کی تمام نہرون کا پانی پڑتا اور
اوسکے بیچ مین ایک صنعتی پہاڑ بہت کاریگری سے
بناہوا ہی اور اوسکے اوپر ایک بنگلا واقع ہی کہ جسکی
طیاری کا حال بیان کرنے کی قدرت زبان انسان
کو نہین ہی اور اس تالاب کے چارون گرد عمارتین
خوش رنگ اینٹ اور گوناگون مرمر کی قطار سے بنی
ہوئی ہین جس مین فغفور جب اس باغ کی سیر کو آتا
ہی اپنی محلیون کو لیکر رہتا ہی اور اِن عمارتون
کے باہر اور بھیتر کی طیاری اور آرایش جسنے دیکھی
اوسکی زبان سے یہی بات بے ساختہ نکلی کہ لاریب
یہہ قابل ہفت اقلیم کے پادشاہ کی بود و باش کے ہی
اور اِن عمارتون کی پشت پر ٹیلے ہین جسپر میوجات کے
درخت اور پھولون کی کیاریان اور روشین اور مہتابیان
شب ماہ مین بیٹھنے کے لئے بنی ہوئی ہین اور انہین ٹیلون
کے بعد ایک شہر کی نقل ہی جس مین مکانات
اور سرکپن اور دوکانین اور چوک اور بازار اور گلی

کوچے اور چارونطرف شہر پناہ کی دیوارین کھینچی
ہوئی ہین اور دروازے اور ڈھیوریان بنی ہوئی سب
ہو بہو اصل شہر کی طرح ہی غرض قلیل انداز اور
تھوڑی وسعت پر یہہ نقل بنی ہوئی ہی اور یہہ نقشہ
اس لئے تیار ہوا تاکہ محل کی عورتین اصل شہر کا حال
دریافت کرین اور جس روز اون لوگون کا جی چاہتا
ہی کہ اصل شہر کی خرید و فروخت اور آبادی کی نقل
کروائین تو خواجہ سراؤن کو حکم ہوتا ہی اور وے ہر
پیشے اور ہر فن کے آدمیون کا لباس اور آلات لیکر
اوسی شہر مین جاتے اور بعض دوکان لگاتے اور بعض
خوانچے سر پر رکھ کے گلی گلی بیچتے پھرتے ہین اور
بعضے لوہار یا سنار یا چمار کا کارخانہ کرتے اور اپنے اپنے
پیشون مین مشغول ہوتے ہین اور اِدھر دیکھئے
تو دو شخص لڑائی کرتے اور پکڑے جاتے اور ماندرین
کے سامنے مار کھاتے ہین اور اُدھر خیال کیجئے تو بارات
چلی جاتی ہی اور دوسری جانب سے تابوت کو قبرگاہ
کی طرف ساتھ جلوس کے لئے جاتے ہین غرض اسیطور

سے اصل شہر کے سارے کارخانے کی نقل وہان کرتے ہین
اور اوس بازار مصنوعی مین فغفور کے محل کی ستورات
سودا خریدتی اور دیکھتی پھرتی ہین اور جس شب
کو فغفور کے جی مین آتا ہی کہ تمام باغ مین روشنی
ہووے اور آتش بازی چھوٹے تب یہہ حال عجب
کیفیت کا ہوتا ہی کہ تحریر و تقریر سے باہر ہی کیونکہ
رنگ برنگ کی روشنی اور آتش بازی کی ساخت
جو بتائی جاتی ہین اوسکا سولھوان حصہ سارے عالم
مین کسی قوم کو نہین معلوم ہی اور جب فغفور کی فرمایش
سے روشنی اور آتش بازی کی طیاری ہوتی ہی
تب اوسکے بنانے والے اپنی تمام کاریگری صرف
کرتے ہین اور اوس تالاب کے بنگلے مین فغفور بیٹھہ کے
کیفیت دیکھتے ہین القصہ یہہ تالاب اور عمارتین بین من بین
کے باغ کے بیچو بیچ مین ہین اور راقم نے اوس
باغ کے فقط ایک کونیکا حال لکھا ہی غرض چارونطرف
سے ویسے ہی صورت ہی کہ کہین صحرا اور چشمہ
اور کہین سبزہ اور ٹیلا اور کہین دشت اور کہین

کہسار اور آبشار اور ندی اور نالا سب ساختہ اور کہین
بنگلے اور پھولون کے تختے کی کیفیت ماتی ہی اور
جو کمال اور غایت چمن آرائی کی ہی اوسے ختائیون
نے حاصل کیا ہی اور جتنے ہرے باغ ختا مین ہین
سب مین یہی کیفیت مطابق ہر ایک کے عرصے اور
وسعت کے ہی اور نقل طبعی کی ایسی ہی بے ساختگی
سے کی جاتی ہی کہ روح کو وہان جانے سے فرحت ہوتی
ہی لیکن مبالغ کثیر خرچ ہوتے اور مدت مدید گذر جاتی
ہی تب ایسے ایسے باغ بنتے ہین چنانچہ ین من ین
کا باغ پچاس برس مین طیار ہوا اور صرف زر
کس قدر ہوا معلوم نہین غرض ایک حساب
ہی کہ اوسے ایک شمہ سمجھ مین آسکتا ہی
اور وہ یہہ کہ دو سو بنگلے اس باغ مین ہین اور ہر ایک کے
اندر اور باہر کی طیاری مین چالیس چالیس لاکھ روپیہ خرچ
کیا گیا ہی اور اسکے علاوہ نہر اور تالاب سب کے
کھودنے اور ہزارون مرمر کے پل بنانے اور ٹیلا اور
پہاڑ اوٹھانے اور نشیب و فراز کرنے اور سبزہ

اور پھول لگانے اور دشتون مین ریت بچھانے اور
دوسرے کارخانے مین واللہ اعلم کتنے پدم روپئے صرف
ہوئے ہین بلکہ تاتار کے عہد دولت مین باغات کا
خرچ بہت کم ہوا ورنہ اصلی ختائی جب اپنے ملک پر
قابض تھے اس خرچ سے جو یان ہوا دونا سہ گونا آرایش
باغ مین کیا جاتا تھا چنانچہ فغفور پنتی جسکا سنہ جلوس
چھ سو پانچ سیچی ہوا اوسنے اپنے باغ مین ایک
جھیل دو کوس کے دور مین بنوائی اور اوسکے کنارے
کنارے قطار پہارون کی پونے دو سو گز اونچی
اور اونکی چوٹیون پر ایسے عالیشان مکانات بنوائے
کہ دس ہزار کمرے اون مین تھے اور ہر ایک
کمرے کی آرایش جدی اور ہر ایک کی طیاری لاکھ روپئے
کی تھی اور اونہین مین رندیون کو لیکر عیش کرتا تھا اور
ادنیٰ سی ایک بات یہہ ہی کہ جب گھوڑے پر سوار
ہوکر باغ کی سیر کے لئے محل سے نکلتا تھا تو دو ہزار
چھوکریان جمیلہ اور خوش آوزا مردانہ لباس پہن
کے اوسکے جلوس مین گھوڑون پر سوار اور نشاط کے

ساز ہاتھون مین لئے گاتی بجاتی ساتھ رہتیان تھین
اور علی ہذا القیاس جب کشتیون مین اوس
جھیل پر پھرتا تو وہی رنڈیان اپنی پوشاک پہنے تال
دسرے گاتی بجاتی کشتیان کھیتیان تھین غرض اس
فغفور نے عیش مین جو کچھ برباد کیا اسی ایک نکتے
سے قیاس کیا چاہئے کہ موسم خزانکا جب شروع
ہوتا تھا تو سارے باغ کے درختون مین ریشم کی
پتیان بنتی تھین تاکہ جب اصلی پتیان جھڑ جائین تو
ڈالی ننگی نرہین اور اسپر زیادہ یہہ تھا کہ جس پتے یا
پھول مین اصلی جو بو ہوتی نقل مین بھی وہی بو مصالح اور
عطر سے دی جاتی تھی تا ہوا کے ساتھ آگے کی طرح
خوشبو آوے اور فرق نہ ہووے اور بہار کی کیفیت
ہمیشہ رہے غرض اتنا خرچ فضول کسی فغفور نے نہین کیا
لیکن شوق باغات کا چونکہ ختا کے لوگون کی جبلت
مین ہی اِس سبب سے شہنشاہون نے کم و بیش
اُسکو نبھایا ہی اور بعد اس طول بیانی اور زیادہ گوئی کے
اغلب ہی کہ راقم کے قدردانون نے اوسکے قول کو

بجا سمجھا کہ باغات کے درست کرنے اور چمن آرائی کی ترکیب مثل ختائیون کے روی زمین پر کسی قوم کو حاصل نہین اور یہہ توکل کی بات ہی کہ انگریزون نے ختا مین جاکر وہان کی چمن کاری اور باغ آرائی کو سیکھ کر کچھہ کچھہ اپنے ملک مین رواج کیا اور اہل فرانس نے انگریزون کی پیروی اس بات مین کی ہی *

چودھوان باب

علوم اور حکمت ختا کے بیان میں

حکماے ختا نے قدیم سے علم موجودات اپنے طور پر نکالا ہی یعنے جس طرح سب قوم اور ملت کے دانشمندون نے اپنے نزدیک جو وجہین اس بات مین معقول سمجھی ہین بیان کی ہین اوسیطرح سے ختا کے فیلسوفون نے بھی اپنی راے کو ساتھہ دلایل کے جو اونکی دانست مین کامل ہین ظاہر کیا ہی لیکن چونکہ فن تاریخ کو بحث حکمت سے کچھہ علاقہ نہین ہی عاصی کلام کو زیادہ طول اس مقام پر نہین دے سکتا غرض دو ایک شمہ بیان کرتا ہی تا اس تاریخ کی

سیر کرنے والون کو محض لاعلمی اس باب مین
نرہے *

تمام موجودات کی بنا بقول اونکے اسطور پر ہوئی ہی کہ
خدا نے جب چاہا کہ کاینات کو موجود کرے تو مادے
پر اوس نے سانس کھینچکر پھونک دیا اور معاً اوس حرکت
کے ساتھ ہی مادے نے جوش کھایا اور دو شی
اوسسے پیدا ہوئی غرض ایک اپنی ذات سے متحرک
اور دوسری محض ساکن بعد اوسکے اوس کا راز
بے نیاز نے دونو شی کو خمیر کیا اور جب پھر اوسپر
دم کو پھونکا تو تین چیزین پیدا ہوئین یعنے فلک اور
زمین اور زن و مرد انسان اور یہی سب باعث
تمام موجودات کے اس طرح سے ہین کہ فلک کو
قوت فاعلی اور زمین کو قوت انفعالی حاصل ہوئی اور سوا
انسان کے جس قدر نفس حیوانی اور نفس نباتی اور جمادی کی
پیدایش ہوتی ہی اِن دونون کی سازش سے وقوع مین آتی
ہی اور آدمی نے بھی علی ہذا القیاس اپنی نوع کو شروع کیا
اور وہی سلسلہ چلا جاتا ہی لیکن پروردکار کا بھی وجود

اس کارخانۂ کاینات کی بقا کے واسطے چاہیئے اور
بے اوسکے دم مارنے کے مادۂ ساکن کو حرکت نہین
ہوتی غرض اسی انداز کی تقریر حکماے ختا کی اس بات کی
اثبات مین ہی لیکن ایک فرقہ فیلسوفون کا بھی
گذار ہی کہ وہ دہری ہی اور وجود واجب الوجود کا
انکار کرتے ہین مگر اونکی تقریر محض اولجھی ہوئی ہی
جس طرح سے ملحدونکی ہوتی ہی اور اوسکا بیان
تضییع اوقات کرتی ہی اور قابل سماعت کے
بھی نہین ہی القصہ علم موجودات کا ایک نکتہ مطابق
ختائی حکما کی تحقیق کے راقم نے عرض کیا اب
ایک ایک شمہ اونکی حکمت نظری اور دوسرے
علوم کا اس باب مین داخل کرنا ضرور ہی تاکہ
حکمت چین و حجت بنگلہ کی جو مثل مشہور ہی اوسکی
وجہ تسمیہ معلوم ہووے غرض حکمت چین کی جیسی بنیاد
پڑی تھی اگر ویسے ہی برابر جاری رہتی تو قریب قیاس
کے ہی کہ اندنون اوسکو وہی رونق ہوتی کہ جواب حکمت
فرنگستان کو ہوئی ہی اور روز بروز زیادہ بڑھتی ہی

یہانتک کہ جب خط اور اخبار اوس ملک کی ہند مین
پہنچتی ہین تو ایک نہ ایک نئی ایجاد کی بات
ہمیشہ سنے مین آتی ہی غرض حکمت ختا کی ایک ہی
جگہہ کچھہ تھوڑے سے فخر کی باقی ہی کہ کئی چیزون
کی ایجاد وہان ہوئی اور اوسکی ترکیبین اور ملکیون نے
اونسے سیکھی ہین علم ریاضی کے سب وصول
سے وہا قدیم سے واقف ہین علم ہندسہ اور
حساب اور ہیئت اور موسقی سب کی معرفت
اونہین رہی ہی اور علم ریاضی کے کئی فروع کے بھی
یہہ کامل ہوئے اور خصوصاً علم جراثقال و منیرنجات
مین کمال حاصل ہوا اگرچہ علم جراثقال اور جرالماء یعنے
آبکشی کے نکتے اور اسرار یہہ لوگ انگریزون کی سی
فصاحت اور بلاغت اور ادلّہ سے نہین بیان کرتے
لیکن غایت اور کیفیت اون علمون کی سیدھے طور
سے ویسے ہی حاصل کی اور کوئی تیسری دلیل اِن کی
حکمت کی نہوتی تو دیوار ختا اور بڑی نہر جو پیپو یعنے
شہنشاہ کا دریا کہلاتا ہی اِنہین دونون کی ساخت کا

بیان کافی تھا کیونکہ انسان کے کارخانے مین ایسی کوئی
چیز کبھی نہین بنی ہی اور دونون کی بزرگی اور دشواری
جب ملاحظہ سے گذرتی ہی تو قیاس کبھی اس بات کا
مقتضی نہین ہوتا کہ انسان نے اسے بنایا ہی اور
قدرت کاملہ الہی پر گمان لاتا ہی اور ڈاکٹر سمیل جانسن
صاحب جو انگریزون مین فاضل متبحر اور کامل عصر اور
منشی گری اور تجربہ کاری مین یکتاے روزگار تھا اوسکا
قول یہہ ہی کہ اگر کوئی فنجر سے کہے کہ اوسکے دادا نے
دیوار ختا کو دیکھا ہی تو اوسکی بزرگی بجا ہی الغرض
یہہ دیوار قریب آٹھہ سو کوس کی لانبی ہی اور سرحد ختا
اور تاتار پر واقع ہی اور اوجہہ اوسکی طیاری کی یہہ ہوئی
کہ جب قوم تاتار نے اوس طرف سے بار بار یورش
کر کے ختائیون کو سخت عاجز کیا اور کوئی تدبیر انکو
ضبط کرنے کی نہین سوجھی تب اس دیوار کی بنا کی گئی
اور فغفور چینگ واتی نے دوسو چالیس برس قبل حضرت
عیسیٰ کے اسے شروع کی اور عرصہ قلیل یعنے صرف
پانچ برس مین یہہ تمام ہوئی اور حال اوسکا یہہ ہی کہ نہ پہار

نہ دریا کوئی مانع اوسکی ساخت کا ہوا اور آٹھ سو کوس تک
جو موانع سامنے آئے سب کو دفع کرتی ہوئی یہہ
دیوار اپنی منزل مقصود تک پہنچی ہی اور کئی مقام
پر آدھہ آدھہ کوس کے اونچے پہاڑون کی چوٹی پر سے
یہہ دیوار کھینچی ہوئی ہی اور بعض جگہہ بڑے بڑے
دریا پر پلون کے اوپر سے یہہ گئی ہی اور زیادہ تکلف
یہہ ہی کہ سمندر کے بیچ سے شروع اس طرح پر ہوئی
ہی کہ صدہا جہاز پتھرون سے لدے ہوئے ڈبا دیئے
گئے اور اوسپر اوسکی بنیاد قایم ہوئی ہی اور آٹھہ
سی کوس تک تیس گز اونچی اور اس قدر چوڑی ہی
کہ چھہ سوار پہلو بہ پہلو فراغت سے اوسپر گھوڑا دوڑا
سکتے ہین اور سو سو قدم پر دو منزلہ اور سہ منزلہ برج
بنے ہوئے ہین اور جب تک کہ تاتارون نے اپنی
دولت کی بناختا مین نہین ڈالی تھی تب تک ہزارون
توپین اوپر چڑھی رہتی تھین اور دس لاکھہ فوجون کی
تقسیم تمام برجون مین تھی غرض جب سے قضاے
فلکی سے وہی لوگ جنکی یورش کے سبب سے یہہ دیوار

بنی تھی ختا کے مالک ہوئے تب سے وہان کی فوج
موقوف ہوئی اور برج اور دیوار بے مرمت رہنے لگے
مگر کئی باتین عجیب و غریب اس دیوار کی ساخت
مین ہوئین کہ ختائیون کی حکمت اور قدرت اور مستقل
مزاجی کی دلیلین ہین چنانچہ اول یہہ کہ معماری کے سرانجام
اور برے برے تختے پتھرون کے اِن لوگون نے
آدھ آدھ کوس کے بلند پہارون پر پہنچائے جہان
چڑھنے کا کوئی سہارا نہین معلوم ہوتا اور کرارے کی
بلندی ایسی ہی کہ آدمی کی چڑھائی لاممکن نظر آتی ہی
اور دوسری بات تعجب انگریز ہی کہ سمندر مین جہان
تھاہ کم اور جوش و خروش بحر زخار کا زیادہ ہی وہان
کس طرح سے نیو ڈالی گئی کہ دوہزار برس سے ہلی
نہین باوجودیکہ ختا کے سمندر مین ایسا طوفان دس
بیس دفع ہر سال مین آتا ہی کہ صدہا جہاز اور تخمیناً بارہ
چودہ ہزار آدمی سالانہ اِنہین طوفانون مین ہلاک ہوتے
ہین اور زور و شور ہوا کا ایسا ہوتا ہی کہ ایک انگریز
ناخدا بہت تجربہ کار اور عقل مند کا بیان اس طور پر

ہی کہ اگر یہہ ممکن ہوتا کہ ایک ہی جہاز لی کسی پر
دس ہزار کرنا اور دس ہزار نقارے دفعۃً بجائے
جاتے تو اوسی جہاز کے پتوار پر سیوا طوفان کے غل
اور شور کے اون کرنون کی آواز کوئی شخص نہین
سن سکتا الغرض جس سمندر مین ہر سال دس بیس مرتبہ
یہہ قیامت برپا ہو اوس مین اس دیوار کا قیام عجایبات
سے ہی تیسری بات یہہ کہ باوصفیکہ آدھی خلقت
سے زیادہ اوسکی طیاری مین مطابق فرمان کے ہر وقت
حاضر رہتی تھی لیکن پانچ برس کے قلیل عرصے مین اس
دیوار کا تمام ہونا تعجبات سے ہی کیونکہ جب ایک
انگریز سیاح نے حساب کیا تو دیکھا کہ اس دیوار کی
فقط برجون کی ساخت مین اس قدر اسباب معماری کا
صرف ہوا ہی کہ تمام انگلستان کی ہر طرح کی عمارتون
مین جو خرچ ہوا ہی شاید اوسکے مقابلے مین بہت کم
نکلیگا اور منصفی شرط ہی کہ تمام دیوار مین کس قدر
اسباب صرف ہوا ہوگا اور چوتھی بات حیرت
افزا یہہ ہی کہ جس نا کے پر یہہ کھینچی ہی وہان سے

منزلون تک سے بسی سے انسان کی نشانی تھی اور
آٹھ سے کوس تک فقط صحرا اور کوہستان اور
جنگل تھا اور وہان پر اس کارخانے کے لئے لازم ہوا ہوگا کہ
سیکڑون کوس سے مزدورون اور کاریگرون کے لئے
رسد اور دیوار کے واسطے سرانجام آوے اور اس
وجہ سے شکایین وہ گوئی ہوئی ہونگی لیکن ختائیون کی حکمت
اور استقلال اور ثابت قدمی سب موانع پر غالب ہوئی
اور ایک نشانی ایسی رہگئی ہے کہ روے زمین پر
کوئی یادگار انسان کی اولوالعزمی کا اسکے مقابلے مین نہین
ہے بجز اوس نہر بزرگ کے جو ختا مین تین سو بیس کوس
تک بنائی گئی ہے اور جسکے لئے قبلاخان چنگیز کے پوتے
کی عقل اور ختایون کے علم اور ثابت قدمی پر لاکھ لاکھ درود
بھیجنا مقتضاے انصاف ہے * اوس کی صورت
یہہ ہے کہ جب کوئی پہاڑ نہر کی راہ مین ملا تو سطح
آب کے برابر تراشا گیا اور جہان جھیل اور تالاب
آیا تو کاریگرون نے اوسے پاٹ دیا اور زمین کو
ریختہ کرکے دونو پہلو پر پشتے باندھ کر نہر کو اپنی منزل

مقصود کی طرف جاری ہونی کی صورت پیدا کر دی ہی
اور بعض جگہہ جہان منزلون زمین کو بذاتہ زیادہ نشیب
تھی وہان نہر کی بنیاد پختہ اور سیکڑون ہاتھ بلند اوٹھادی
گئی ہی اور پشتون کے بیچ سے نہر بہتی ہی اور
مطلق سطح آب کو کمی یا بیشی تین سی بیس کوس
تک کہین نہین ہی باوجودیکہ اِس ۶ صے مین زمین
کی پستی اور بلندی سے صدہا جگہہ موانع پیدا ہوئے
ہین غرض یہہ سب تو کمال اونہون نے کیا ہی
لیکن زیادہ حیرت کا مقام وہ ہی جہان بڑی پرانی گہری
جھیلین دس اور بارہ اور پندرہ کوس کے طول اور
عرض مین ملتی ہین اور اونکے بیچ سے اس نہر کو
ختائی کاریگر سب لیگئے ہین اور قعر جھیل مین سنگین
تلہ ڈال کے وہان سے کرسی اوٹھائی ہی اور جھیل کی
سطح آب سے وہ کئی بام بلند ہی اور اوسپر دوہری
پشتے باندھکے نہر دوڑائی ہی الغرض اگر اس نہر کی
وسعت کم ہوتی تو اس قدر حیرت نہوتی لیکن اوسکا
نام ہی فقط نہر ہی والا مثل بحر ہی اور شہرون کے

قریب جہان بری تجارت گاہ ہی وہان یہہ نہر ہزار گز چوڑی ہی غرض برابر تین سو بیس کوس تک اتنی وسعت ہی کہ ہندوستانی سو پتیلے پہلو بہ پہلو اوس سے گذر کرین تو آپس مین ٹھوکر نکھائین القصہ غور کیا چاہئے کہ کس محنت اور حکمت کا یہہ کام تھا جو ختائیون سے انجام ہوا اور دیوار ختا اور نہر ختا کی برابری مین دوسری صنعتین انسان کی کیا مقابلہ کرینگی اور یہہ دلیل رہگئی کہ علم ریاضی اور خصوص اجر اثقال اور علم آب روانی کے یہہ لوگ ہزارون برس سے مالک ہین *

مہندس یہہ ہمیشہ سے ہین اور بعض فاضلون کا گمان قوی ہی کہ مثلث متساوي الاضلاع کی شکل حکیم فیثاغورث نے ختا کے مہندسون سے سیکھی تھی اور جب سیر و سیاحت سے فرصت کرکے یونان کو پھر گیا تو اپنے تلامیذ کو سکھلایا اور چونکہ اپنی ایجاد مشہور کی خود اوسکو شہرت ملی اور اپنا نام جریدہ عالم پر اوسنے لکھوایا اور بعض کا مانا گمان ہی کہ ملک مصر مین حکیم مذکور نے ہندسے کی اس شکل کو دریافت کیا کیونکہ وہان فیثاغورث نے

چندے درس حکماء مصر سے لیا تھا اور مصر مین ہندسے کا
چرچا بڑا تھا اور رودنیل کی سیلابی کو باعث اس
علم کی ایجاد کا بیان کرتے ہین الغرض یہہ روایتون مین اگر
پہلی کو نادرست فرض کیجئے تو بھی ختایین ہندسے کے
وجود کی بطالت ثابت نہین ہوگی کیونکہ * ع * تا نباشد چیزکے
مردم نگویند چیزہا * اور بیشک ختایین اِس علم کا زیادہ رواج تھا
تب ہی اون فاضلون نے یہانتک گمان کیا ہی کہ حکیم
فیثاغورث کے سے شخص کو وہان سے کچھ حاصل ہوا تھا
علی ہذا القیاس علم ہیئت مین بھی ختائی قدیم سے کامل
تھے اور کرہ سماوی کی شکل جس پر کواکب ثوابت
وسیارہ اور تمام متعلقات آسمانی کے مقامون کا نشان
تھا فغفور شن نے چار ہزار ایک سو ایک برس
ہوئے کہ بنوایا اور یہانتک صحیح اوس وقت کے
حساب کسوف اور خسوف اور گردش کواکب
کے تھے کہ تین ہزار برس کے حساب کو جو فرنگستان
کے ریاضی دانون نے بالفعل دیکھا اور اپنے حساب سے
مقابلہ کیا تو مطلق فرق نہ پایا اور یہہ کیسی بڑی دلیل ختائیون

کی عقل اور ادراک کی ہی کہ بغیر اون آلات ستارہ
بینی کے جو اب ہین کہ جسکی مدد اور سبب سے
ہیئت کے حساب درستگی اور آسانی سے ہوتے
ہین اون لوگون نے بغیر اون مددون کے یہہ کوشش اور
لیاقت بہم پہنچائی تھی اور فرنگستانی حکما اور مورخون نے
اس راے پر اتفاق کیا ہی کہ علم ہیئت کو جورونق
ختا مین تھی کسی قدیم ملک مین نہوئی اور اغلب ہی
کہ جس طرح سے ہیئت وہان جلوہ گر ہوئی اگر ہمیشہ
اوسکی ترقی کی فکر ختائیون کو رہتی تو آجکے روز فرنگستان
مین بھی وہ بات جست وجو سے نہ حاصل ہوتی جو اوس
ملک کی گلی گلی جاری ہوتی لیکن چون کہ حکماے ختا کا
قول اور نصیحت ہی کہ حکمت نظری سے جب اپنا
مطلب حاصل ہو تو صرف واسطے اظہار ادراک کے زیادہ غور
کرنا محض تضیع اوقات ہی اوسکے عوض حکمت
عملی کی طرف جس قدر میلان طبیعت ہو مفید
ہی اس لئے ختائیون نے عمل ہیئت مین زیادہ
فکر نہین کی ہی اور جب کسوف اور خسوف

اور منطقۃ البروج اور منطقۂ محرفہ اور معتدلہ اور مبر دہ
اور خط نصف النہار اور سبعہ سیارہ کی گردش و غیرہ
اونکی دریافت مین آئی زیادہ فکر اونہون نے لاحاصل سمجھی
کیونکہ فقط تقویم کی درستی اونہین منظور تھی تاکہ پرب
عیدون کے اور پرستشون کے دن و چاند گہن اور سورج
گہن اور شادی بیاہ کی سکہہ لگن وغیرہ ٹھہرائے جائین اور
اجرام فلکی کے مقامات دریافت مین آوین اور سوا
اتنی معرفت کے علم ہیئت کو بیمصرف سمجھا اور
خوض زیادہ نکیا * *

علم ہوا یعنے ہوا کے تولنے اور غور کرنے اور ترتیب
اور خواص جاننے کی معرفت جسے متعلق ہی اوسکی
بھی دانست ہنائیون کو قدیم سے ہی اور غبارے
کی بنا انہین سے ہی چنانچہ روایت معتمد ہی کہ بعض
قدیم فغفورون نے غبارے پر بیٹہہ کر ایک شہر سے
دوسرے شہر تک سفر ہوا کیا اور گانے بجانے والون
کو ساتھہ لیکر شب کو جو چرچا ہوا پر پھیلایا تو ایک
ہوا ایسی بندہ گئی کہ خلق اللہ سمجھی کہ ارواحین آپس مین

رنگ ریایان مچاتیان اور خوشیان کرتیان ہین اگر بالفرض
کئی تاریخ معتمد مین بھی اوسکا ذکر نہوتا تو قیاس سے
بعید نہین کیونکہ بالفعل انگریزون نے قصد ایک جہاز
بنانے کا کیا ہی جو ہواپر ایک ملک سے دوسرے
ملک تک جایا کرے * *

علم کیمیا گری یعنے دھاتون کے گلانے اور خالص بنانے
اور تمام مرکبات ارضی کے اجزا کے جدا کرنے کا
علم بھی ختائیون کوا ہمیشہ سے اچھی طرح معلوم ہی
حالانکہ فرنگستانیون نے جو اس مین کوششین اور بالفعل
ایجادین کین ہین اوسکے ہزار حصے کا ایک حصہ اونہون
نے نہین حاصل کیا غرض اتنی معرفت اوس علم کی
اونہین ہمیشہ سے تھی کہ باروت کو پہلے ختائیون نے
ایجاد کیا اور اغلب ہی کہ اونہین کا کوئی نسخہ غیر ملکی
سوداگر نے پایا اور وطن مین جاکر اوسکی ایجاد کی
نسبت اپنی طرف منسوب کی اور سوا باروت کے
لکھنے کی روشنائی بھی انہین لوگون مین پہلے ایسی
شفاف اور پایدار اور روشن بنی کہ باوجود علوم اور

صنعت انگریزی کے ویسی چیز نہ نکلی علاوہ اسکے چینی باسن کی ایجاد اونہین سے ہی اور اگر علم کیمیا لری سے اونہین کماحقہ آگاہی نہوتی باسنون کی میناکاری آگ پر کیونکر تھہرتی اور نہین جل کے اس شفافی اور نزاکت کے ساتھہ باقی رہتی اور علی ہذا القیاس سیکڑون فلزی صنعتین ایسی اونکی ایجاد سے ہین کہ ہرایک کا وجود دلیل کامل ہی کہ جس قدر اون لوگون کو قدیم مین اس علم کی معرفت تھی یونانیون اور مصریون کو اوسکی چوتھائی نتھی * جس طرحسے علم ادب اور شاعری اور تاریخ دانی اور حکمت عملی کی قدر کی جاتی ہی افسوس ہزار افسوس کہ اس قدر کا نصف بھی صنعت کے حصے مین نہ آیا اور ختائیون کے ذہن انتقالی کو امید انعام و اکرام کی نہ دی گئی اور کیمیاگری جیسی چمکی تھی ترقی نہ پائی غرض اس ناقدری پر بھی مہوسون نے اپنے فاید یکے لئے اوسکا چرچا ایسا برپا کیا کہ سیکڑون نادانون کو دام فریب مین پھنسایا اور غربا متوسطین کو سونے چاندی کی طرف متوجہ کرکے قرار واقعی لوٹا اور امرا اور فغفورون مین

اکثیر بقا کا ڈھکوسلا پھیلایا اور صدہا نے مال کے سوا
جان بھی گنوائی اور اکثیر بقا حقیقت مین کھائی کیونکہ عدم
جو گئے تو وہین رہے اور ہمیشہ کے واسطے قیام کیا *
اس تاریخ کی دوسری جلد مین جو انشاء اللہ تعالیٰ سال
آیندہ مین چھپیگی اوس مین بہت سی نقلین راقم نے
لکھی ہین اس سبب سے کہ کئی مغفور اس مین موئے
لیکن یہہ گھرانا مانچو تاتار کا جو ایک سو بیاسی برس
سے ختا کا مالک ہوا اِن لوگون نے اس مکاری پر
مطلق خیال نہین کیا اور اکثیر بقا کھا کے اپنے کو کسی نے
تمام نکیا غرض مہوسی کا شوق ختائیون کو باقی ہوا اور
مکارون کے دام مین اب بھی ہزارون احمق پھنستے
ہین *

علم جغرافیا مین بھی ختائیون کو ہمیشہ سے دخل ہوا لیکن
اپنی مملکت کے سوا انہین غیر ملکون کی حالات
سے آگاہی نتھی اس سبب سے جب سنی سنائی
باتون کے اعتبار پر اور اندازسے دوسرے ملکون
کے نقشے یہہ سب کھینچتے تو غلطی کرتے غرض اپنے

وطن کی صورت جب لکھتے تو نہایت صحیح بناتے تھے
اور قدیم اگلے زمانے مین جب ختا مین طوایف الملوک
کی بنا تھی یعنے کئی پادشاہ تھے تو ہر ایک کے ملک کا
نقشہ پیتل کے گھرون پر کھدا رہتا تھا اور عوام الناس
مین یہہ مشہور تھا کہ جسکے گھرانے مین جب تلک
پادشاہت رہتی ہی نقشہ اوسکے ملک کا اوسکے
پاس رہتا ہی اور جب خاندان سلطنت کو زوال آنے والا
قریب ہوتا ہی تو وہ پیتل کا گھرا خود بخود اونکے
پاس سے غایب ہو جاتا ہی اگرچہ یہہ بات قابل
سماعت کے نہین غرض اُسسے یہہ بیشک ثابت
ہی کہ سلف سے جغرافیا مین ختائیون کو دخل ہی لیکن
جس طرح سے اونکے اور علوم مین زنگ لگا ہی اس
مین بھی علی ہذا القیاس وہ براقی نہین ہی جو انگریزی
جغرافیا کو حاصل ہی *

علم تواریخ کا برا چرچا ہمیشہ سے اس ملک مین
ہی اور چون کہ اوسکے عالم کو عہدۂ جلیلہ ہمیشہ سرکار سے
عنایت ہوتا ہی ہر طالب العلم اوسکی طرف توجہ کرتا

ہی اور جس قدر تاریخ نویس ختا مین ہوئے ہین
کسی اقلیم مین شاید نہوئے ہونگے اور صرف دو ہزار
برس مین اسی مورخ نامی پیدا ہوئے جنہون نے اپنے
ملک کا احوال لکھا ہی اور یہہ لوگ بعد اوس ایام کے
ہوئے کہ جب چنگواتی فغفور نے تمام کتابین چین کی
مع کتب خانۂ شاہی سب کو ایکجا جمع کرکے جلا دیا
اور بہت سے فاضلون کو اِس لئے مار ڈالا کہ شہنشاہ
کے حکم کو اونہون نے رد کرکے بعض کتابین نہین دی تھین
اوسکا حال انشاء اللہ تعالی جلد دوم کے دفتر اول مین
موقع پر مذکور ہوگا اور اوسکے چھپنے سے حال اوسکا بخوبی
معلوم ہوویگا غرض بعد اوسکے بھی اتنی جلدین تاریخ کی
لکھی گئی ہین کہ اگر کوئی مشتاق کتاب بینی کا بھی
اونہین ایکجا جمع دیکھے تو اغلب ہی کہ اوس طومار کے
ملاحظہ سے گھبرا جائے *

علم طب کو ختا مین بہت رونق ہی وہان کے
اطبا کسی ملک سے اپنے فن کو نہین لائے بلکہ اپنی
طبابت کے موجد وہ آپ ہی ہوئے ہین اور جسطرح

یونان اور مصر مین تشریح سے بڑے بڑے طبیبون
کو لاعلمی تھی بسبب اسکے کہ لاشون کی ایسی قدر کی
جاتی تھی کہ زندہ شخص کو مجروح کرنے سے وہ سزا نہ تھی
جو مردے کو اذیت دینے سے مجرم کو ہوتی تھی حتا مین
بھی علی ہذا القیاس لاش کو اس حفاظت اور احترام
سے رکھتے ہین کہ تشریح کا کوئی موقع کبھی نہین ملتا
ہی اور یہی سبب اطبائے حتا کی خامی کا ہی غرض خوض
اور تجربہ اِن لوگون نے ایسا بہم پہنچایا ہی کہ فرنگستانی
ڈاکٹرون کو حیرت ہوئی ہی جب اونکی تشخیص مرض
کو اونہون نے ملاحظہ کیا ہی حتا مین قارورہ نہین دیکھتے اور
صرف مریض کی صورت اور جلد کی رنگت اور اواز اور
خصوص نبض سے مرض کو پہچانتے ہین اور نبض دانی اطبائے
حتا کی ایسی زبردست ہی کہ اونکی دانست کا
حال سنے سے تعجب ہوتا ہی چنانچہ ایسا اکثر
اتفاق ہوتا ہی کہ جب طبیب مریض پاس آن بیٹھتا تو
بے تفتیش حال کہہ دیتا ہی کہ مرض یہہ ہی اور باعث
اوسکا وہ ہی اور جس روز سے شروع ہوا دن بدن اوسکی

صورت یون ہوئی تھی اور اب حال اسطور پر ہی
اور بعد فلانے دن کے اوسکا حال یون ہوگا اور بیشتر
اونکا حکم سچ ہوتا ہی اور اگر حاملہ عورت کی نبض دیکھتے
ہین تو کہہ دیتے ہین کہ حمل اتنے دن کا ہی اور فلانے
مہینے مین بیٹا یا بیٹی یا توام پیدا ہوویگا اور زچا کی صورت
وضع حمل کے وقت بشرطیکہ امر ناگہانی واقع نہو یہہ ہوویگی
اور انصاف سے اگر دیکھئے تو اس شناخت کے مقابلے
مین کسی ملک کے اطباکو نہ لایا چاہیئے اور باوجودیکہ ختا مین
تشریح نہین ہی لیکن خون کے ہر عضو پر محیط ہونے
اور دور مین رہنے اور جسم مین ہر جگہہ گردش کرنے کی
دانست پہلے ختائیون کو ہوئی اور مدتون بعد انگلستان
مین ڈاکٹر حارپی صاحب نے اس امر کو ثابت کیا
لیکن قدیم سے اسکا علم ختائی اطبا کو تھا اور دلایل ہین
کہ خون کی اس خاصیت کو پہلے انہون نے پہچانا
باوجودیکہ خود بقراط اس مشکل کو حل نکرسکا اور اسی
شبہہ مین مرگیا ایک اور امر مین اطبائے ختا کو یہہ شناخت
ہی کہ سننے سے حیرت ہوتی ہی اور وہ یہہ کہ حالانکہ مرد یکو

چیر پھاڑ کے انگریزی طبیب وجہ موت بتلا سکتا ہی لیکن اگر لاش سڑ جاے اور فقط استخوان باقی رہے تو وہان پر اونکی بھی کوئی تدبیر نہین چلتی لیکن ختا کے طبیبون نے ایکطور ایسا نکالا ہی کہ اگر کوئی کسیکو گھونسون سے یا سونٹے یا اور حربے سے مارکے گاڑ دیوے اور بعد عرصے کے خون خفتہ بیدار ہووے تو لاش کو جس حالت مین ہو نکالتے اور سر کے سے خوب اوسے نہلاتے اور ایک غار قد آدم لانبا اور گہرا اور ڈیڑھ ہاتھ چوڑا کھودتے اور اوس مین گھاس اور لکڑی اور کویلا جلاتے ہین اور جب وہ گڑھا خوب گرم ہوتا ہی تو آگ کو چادل یا شہد کی شراب سے بجھاتے اور لاش کو قمیچی کے تختہ پر ڈال کے اوس غار کے منہہ پر رکھدیتے ہین اور ایک کپڑے سے لاش اور غار کے منہہ دونون کو ایسا بند کر دیتے ہین کہ بخارات نہین نکلنے پاتے اور لاش مین سرایت کرتے ہین اور بعد دو گھنٹے بخوبی کے جب کپڑے کو اوٹھاتے ہین تو بالکل داغ چوٹ کے صاف عیان ہوتے ہین

یہان تک کہ گھونسے کے نشان دکھائی دیتے ہین
اور اوس قدر یہہ ترکیب کارگر ہی کہ اگر گوشت
پوست اور استخوان سب جدا ہو گئے ہون تو فقط
ہڈیان جمع کر کے اس عمل کو کرتے ہین اور اگر
زخم کاری یا چوٹ ایسی تھی کہ اوس سے آدمی
مر گیا تو ہڈیون پر نشان ملتا ہی باوجود اس زیر کی
اور ہوشیاری کے جراحی مین ختائیون کو کم دخل ہی
اور وجہہ اُسکی صرف تشریح کی لاعلمی ہی کیونکہ
بغیر اسکی دانست کامل کے ہڈی اور رگ اور پٹھون
کے جوڑ توڑ اور وجع مفاصل کی ترکیب سے آگاہی لاممکن
ہی غرض خفیف امرون مین جسطرح سے کولھہ
یا کلائی یا شانیکا اوکھڑ جانا ہی اور اسی قبیل کے
دستوری مقدمات مین وہ رہ نہین جاتے ہین لیکن
وہ مقامات سب جہان سوائے انگریزی طبیب
کے دوسرا کوئی ہاتھہ نہین ڈال سکتا وہان یہہ سب مجبور
رہتے ہین چنانچہ جب لارڈ مکارتنی بہادر سفیر شاہ
انگلستان ختا مین تشریف لے گئے تھے اونکے ساتھہ کے

اطبای انگریز نے ایسے ایسے امراض متعلق جراحی کے اچھے کئے کہ حنائی سب گھبرائے اور انگریزون کی قابلیت کے قایل ہوئے القصہ حنائی اطبا مرہم پٹی خوب کرتے اور دوائین ایسی کھلاتے ہین تا زخم یا چوٹ ریم یا ورم نہ پیدا کرے اور اسیطرح اکثر اچھے بھی ہو جاتے ہین * سیوا جڑی بوٹی کے معدنیات کا مطلق استعمال حنا کی طبابت مین نہین ہی اور دھاتون کو کسیطرح پر مصرف مین لانا نہایت مضر ٹھہراتے ہین *

علم موسیقی مین حنائیون کو دخل ہی غرض سیوائے حنائیون کے دوسرے شخص کو اونکے راگ اور لے اور سر بھلے نہین معلوم ہوتے اور نہ اون لوگونکو اور ملک کا گانا بجانا پسند آتا ہی اور یہہ بات کچھہ تعجب کی نہین ہی کیونکہ ہر جگہہ یہہ دستور ہی کہ اپنے اپنے وطن کی رسومات کو ہر شخص اورون سے بہتر سمجھتا ہی اور سب پر ترجیح دیتا ہی اور دونو سبب اسکے ظاہر ہین کیونکہ خود بینی اور خود پرستی انسان کی خلقت

ہین ہی اس لئے ہر فرد اپنے کو افضل نوع انسانی
جانتا ہی اور دوسرے یہہ کہ عادت طبیعت ثانی ہی اور
جس چیز کو بچپن سے آدمی دیکھتا سنتا پیری کو پہنچے گا
وہی اوسکی نظرون مین بھلی معلوم ہویگی چنانچہ حبشائی
سب انگریزی ارگن اور بیلا اور بانسری اور ہندوستانی
سارنگی اور ستار اور رباب کو پوچ سمجھتے اور
اپنے ملک کے کان پھاڑنے اور مغز پریشان
کرنے والے باجون کو پسند کرتے ہین * باجے اقسام
طرح کے حبشا مین ہین لیکن قابل ذکر کے عجایبات کے
باعث سے فقط ایک ہی ہی جسکا بیان دفتر
اول مین اکثر ہوچکا اور جسکو پتھر سے وے بناتے
ہین اور چونکہ خاصیت اوس سنگ کی ذات کی یہی
ہی کہ ضرب مارنے سے آواز خوش دیوے
حبشائیون نے مثل محیر یکے اوسے بنایا ہی اور حق ہی
کہ اوسکی آواز نہایت شیرین ہی چار قسم کے یہہ
پتھر حبشا مین پیدا ہوتے ہین لیکن سب سے بہتر یو کہلاتا
ہی اور قیمتی ہوتا ہی *

اس مملکت کی صنعتون کا حال دفتر اول مین راقم نے
ہر شہر کے احوال کے ساتھ ہی بیان کیا ہی غرض اس جگہہ
پر یہہ کہنا ضرور ہی کہ ریشم کے پیدا کرنے اور کاتنے کی
دانست ایرانیون نے ختائیون سے حاصل کی ہی اور اون سے
رومیون نے اور اون سے اہل فرنگستان اس راز سے
آگاہ ہوئے لیکن موجد ریشم کے بیشک ختائی ہین
اور ریشم کے کیڑون کی نسل بھی ان لوگون کے
ملک سے سب جگہہ گئی ہی اور چونکہ مدت سے
ریشم کے کیڑونکا رواج ختا مین پھیلا ہی کاریگر اسکے
ایسے باریک بین اور نزاکت رس ہین کہ کسی
اور ملک مین کمتر ہین اور چیولی اور زربفت اور مخمل
اور اطلس اور پیلام اور تافتہ اور اقسام ریشم کے ایسے
خوش رنگ اور پایدار اور نازک بنتے ہین کہ باوجود
فرانسیس اور انگریزی صنعت اور کل کی حکمت اور
مدد کے ختا کے ریشمونکا بازار ہمیشہ تیز رہتا ہی *

غرض بعد علم طبع کے جسکی ایجاد بھی ختائیون سے ہی
حالانکہ وہ نزاکت اور کمال جو انگریزی طبع کو حاصل ہی

اونکو نہین وہ ایجاد جسکو بجز طبع کے دنیا کی سب صنعتون اور
ایجادون پر شرف ہی جسکے باعث سے جہاز رانی کو
ایسی قوت ہوئی کہ پردۂ زمین کا کوئی گوشہ باقی نرہا
جہان ناخداؤنکے علم نے اونکو نہ پہنچایا ہی وہ یعنے آلہ قطب
نما کی ایجاد ختائیون سے ہی اور واللہ اعلم کسوقت سے
اس ملک کے حکما کو مقناطیس کی اس خاصیت سے
کہ اگر سوئی سے اوسکو مس ہووے اور اثر اوس
سنگ عجیب کا لوہے مین تاثیر کر جاوے تو وہ سوئی دونون
قطب کی طرف ہمیشہ رخ کریگی اور کسی حال مین اپنی نو
پیدا خاصیت کو نہین چھوڑیگی آگاہی ہوئی ہی لیکن
یہہ ثابت ہی کہ کئی ہزار برس سے اس خاصیت کی
دانست ختائیون کو ہی باوجودیکہ خود ان سبھونکو
فایدے اپنی ایجاد سے اس قدر نہین حاصل ہوئے
جو عرب اور فرنگستانیونکو ہوئی اور وجہ اوسکی صاف
ہی کہ ختائی سب نہایت بزدل ہین اور سمندر سے
ایسے خائف کہ دور ملکونکا سفر کرنا ملک عدم کا راہ گیر
ہونا سمجھتے تھے اور خلاف اسکے عرب اور فرنگستانی

اللہ پر توکل کر کے قطب نما اور چند آلات ناخدائی کی
مدد سے بڑے بڑے بحر ذخار تند اور مواج اور تیرہ
و تہ دار کے پار ہوتے اور اجنبی لوگون مین جا کے اپنے
مال کو فایدہ کثیر سے بیچتے اور ایک روپئے سے بیس
پیدا کرتے تھے القصہ دلایل قوی سے یہہ ثابت ہی
کہ اعرابیون کے ساتھ چونکہ ختائیون کی تجارت قبل سنہ ۸۰۰
آٹھسو مسیحہ سے تھی تو اعرابیون کو پہلے یہہ آلہ قطب نما
ختائیون سے حاصل ہوا اور جہان جہان یہہ اعرابی گئے اسکا شہرہ
پھیلاتے گئے آخرکو بحر قلزم طی کر کے قسطنیہ کے
اطراف کے ملکون مین جو اونکی کوتھیان تجارت کی
تھین پہنچکر کئی فرنگستانی سوداگردن کو اس راز
سے بھی آگاہی دی اور اون لوگون نے اپنے ملکون مین
جاکر بعض بعض شخص کو جو مطلع کیا چند ایام کے بعد
یہہ مشہور ہوا کہ فرنگستان مین آلۂ قطب نما کی ایجاد
ہوئی چنانچہ تین چار قوم فرنگستانی نے اپنا دعوی علیحدہ
کیا اور انگریزون مین بھی ایک حکیم بنام راجر بیکن
صاحب اس آلہ کا موجد نادانونکے نزدیک مشہور تھا غرض

یہہ سب جملے فخر بیہودہ سے پیدا ہین اور قابل سماعت
کے نہین کیونکہ جو دلیلین بعض بزرگ لاتے اور قصد اپنے
اپنے دعوی کی اثبات کا کرتے ہین وہ خام اور ناقص
ٹھہرتے ہین اور بالعکس اسکے ختائیون کا دعوی ایسا ہی
کہ جون جون امتحان کی کسوٹی پر کھینچا جاوے تیون
تیون براق نکلتا ہی اور یہی ایک دلیل کیسی زبردست
ہی کہ اوسکو نہین سکتی کہ فرنگستان مین فقط چھ سی
برس سے آلۂ قطب نما کی دانست ہوئی ہی اور
ختا مین گویا سلف سے چلی آتی ہی کیونکہ بعض مورخ
معتبر کی روایت ہی کہ بہ تحقیق نہین معلوم کہ کس عہد
مین اسکی ایجاد ہوئی غرض یہہ لاعلمی قدامت کی دلیل
ہی اور بعض کی روایت ہی کہ قریب پونے تین ہزار
برس کے ہوئے یعنے سنہ ۱۱۱۰ قبل حضرت عیسی کے
فغفور اوان کے بھائی حکیم چوگان نے اس آلے کی ایجاد
کی غرض اس بات مین روایتین مختلف ہین اور منجملہ
کئی فغفورون کے جو اوسکے موجد ٹھہرائے گئے ہین فغفور
ھوانگ تی کو زیادہ تر نامزد کرتے ہین اور بعض علماے

فرنگ نے یہہ ثابت کرنیکا قصد کیا ہی کہ حضرت
آدم اور فغفور ھوانگ تی ایک ہی شخص بنام مختلف
تھے اور انہین سب باتون کے ملاحظے سے ختائیونکو دعوی
ایجاد کرنا حق بجانب ہی کیونکہ جو لوگ کہ ہزاردن برس
سے ایک شی سے واقفیت رکھتے ہون اور
دوسری قوم صرف چھ سو برس سے مطلع ہوئی ہو
اِن دونون مین ظاہر ہی کہ سبقت ایجاد کسکو حاصل
ہی سیوا اسکے تاریخ فرنگ سے ظاہر ہی کہ جب
اہل پرتکال سب سنہ ۱۴۹۸ مسیحہ مین افریقیہ کی
جنوبی حدکو جو کیپ آف گڈ ھوپ کہلاتی ہی
طی کرکے آئے تو اون لوگون نے حیرت سے دیکھا کہ
شرقی سمندر کے بندرون مین جو ملکی ناخدا یا ملاح تھا
آلۂ قطب نما کی خاصیت سے آگاہ تھا حالانکہ اوسوقت
تک کوئی جہاز فرنگستانی اوس سمندر مین کبھی نہین آیا تھا
اور یہی دلیل ہی کہ اون ناخداؤن نے فرنگستانیون
سے اوس بات کو حاصل نہین کیا اور بیشک عربون نے
اونہین بتلایا کیونکہ اعرابی سب ختا مین سنہ ۸۵۰ مسیحہ

سے جایا آیا کرتے تھے اور اطراف کے ملکون اور اون جزیرون مین جو مشرقی سمندر مین واقع ہین خرید و فروخت کے لئے اونکی آمد و رفت تھی اور اغلب ہی کہ جہان جہان یہہ تھہرے وہان اس راز کو انہون نے اظہار کیا والا دوسری کوئی صورت نہ تھی کہ مشرقی سمندر کے ملاح آلۂ قطب نما سے آگاہ ہوتے اور اہل پرتکال اون لوگون سے دریافت کرتے * *

پندرھوان باب

بیاہ کي رسوم اور لڑکونکي تربیت اور تجہیز اور تدفین اور ماتم اور غم کے بیان مین

جس طرح سے مسلمان اور ہنود اور پورب کے ملک کی بعض قوم مین دولہہ اور دولہن سے بیاہ کے آگے ملاقات نہین ہوتی ختائیون مین بھی وہي دستور ہی لیکن فرق یہہ ہی کہ چین مین اگر مشاطہ اور درمیانی لوگون نے دولہن کے سن یا شکل و صورت کو دولہہ سے خلاف راستی کے بیان کیا ہو تو اوسکو اختیار ہی کہ دولہن کو دیکھتے ہی طلاق دینے کا ارادہ

کرے اور حکام شہر کے حضور مین مستغیث ہوکر
جتنے لوگ کہ بانی اور درمیانی ہین سبکو سزا دلوادے
غرض حال یہہ ہی کہ جب کسیکے بیاہ کی تجویز ہوتی ہی
تو شاطہ لڑکی کو دیکھہ سُن کے جاتی اور لڑکے
یا اوسکے والدین سے بالکل حالت اور شکل اور
صورت اور رنگت اور شباہت دولہن کی بیان
کرتی ہی اور اگر اونکے پسند ہوتی ہی تو مقدار
زرکی جو اونکو دولہن کے لئے دینا منظور ہوتا ہی
دریافت کرکے دولہن کے بزرگون کے پاس
جاتی اور سارا احوال کہتی ہی غرض جب دونون
طرف سے گفتگو طی ہوتی ہی تو نامہ و پیام اور
تحفجات کی دونون طرف سے آمد و شد شروع
ہوتی ہی اور دولہن کے والدین ساعت اور لگن
دیکھکر روز عقد کا مقرر کرتے ہین الغرض روز معین کے
دن دولہن ایک پالکی پر سوار ہوتی اور دروازہ اوسکا
مقفل ہوکر کنجی کسی ایک نمکخوار با اعتبار کے سپرد
کی جاتی ہی اور دولہن دھوم و دھام کے جلوس سے

اور شادیانہ بجتا ہوا اور جہیز کا اسباب ہمراہ اور وہ قدیم چاکر ساتھہ اپنے لیکر دولہہ کے دروازے پر جب پہنچتی ہی تو دولہہ بلباس فاخرہ استقبال کر کے پالکی کی کنجی اوس نوکر سے لے لیتا ہی اور دروازہ کھول کر دولہن کو غور تمام سے دیکھتا ہی اور اگر خلاف اوس اظہار کے جو مشاطہ نے بیان کیا پاتا ہی تو اختیار رکھتا ہی کہ فوراً پھر دروازے کو بند اور مقفل اور اوسی نوکر کو کنجی واپس کر کے دولہن کو اوسکے مان باپ کے گھر بھجوا دیوے اور جو کچھہ کے تحفے کی طریق سے آگے دے چکا ہی وہ سب پھیر پاتا ہی *

جو عورت کہ اسطرح سے مقبول ایک کی نہین ہوتی تو ایسا واقعہ کوئی سبب مانع دوسرے کے ساتھہ شادیکا نہین تصور کیا جاتا ہی الغرض جس تقدیر مین دولہن کی قسمت نے پہلے ہی دفعہ مین یاوری کی اور اوسکی صورت اور شباہت مطبوع طبع ہوئی تو دولہہ پردہ کرواکے اوسکو اپنے گھر مین لیجاتا ہی اور دالان مین دونون شخص پہلے چار سجدے

تسی یین یعنے پروردگار عالم کی درگاہ مین بجالاکر ایک دوسریکو دو سجدے کرتے ہین اور دولہہ مردون کی دولہن عورتون کی مبارکبادیان پاکر مرد سب ایک دالان مین جمع ہوتے ہین اور دولہہ اونکی ضیافت مین مشغول ہوتا ہی اور دوسرے دالان مین عورتین جمعیت کر کے دولہن کے اہتمام سے کھاتیان اور پیتیان ہین بعد اسکے سارے مہمان رخصت ہوجاتے ہین *

چونکہ اسی دفتر کے ساتوین باب مین قوانین کے جملے مین ختائیون کی خانہ داری اور طلاق وغیرہ کا احوال بیان ہوا ہی اسلیئے زیادہ تصریح یہانپر بے فایدہ اور فضول سمجھی جایگی *

حکماء ختا نے کتب دستورات مین یہہ لکھا ہی کہ لڑکے کی تربیت اوس وقت سے شروع ہونی چاہیئے جب عورت کو یقین حمل کا حاصل اور اوسی دن سے اوسکو چاہیئے کہ ہمیشہ زیادہ تر خوش مزاج اور خاوند کی فرمان بردار ہووے اور عادت نیک اختیار

کرے بلکہ خیالات بد سے کنارا کرے اور ماکولات لطیف کا استعمال کرنا اور مطابق استطاعت کے پوشاک پر تکلف کا ہمیشہ مصرف مین لانا ضرور ہی تاکہ لڑکے کی طبیعت کی بنیاد نیک اور لطیف ہووے اور بد مزاج اور حریص نہ نکلے غرض جب چھ برس کا لڑکا ہوتا ہی تو اوسکو حساب کے عدد سب جو اکثر استعمال مین آتے اور دنیا کے بڑے بڑے ملکون کے نام سکھلاتے ہین اور آٹھ برس کا جب ہوتا ہی تو تہذیب ظاہر اور سجدہ اور سلام کی طریق سیکھتا ہی اور دس برس کے سن مین محلے کے مکتب خانے مین جا بیٹھتا ہی اور تیرہ برس سے پندرہ تک موسیقی سیکھتا اور کلمات پند و نصایح کو خوش الحانی سے ادا کرتا ہی بعد اسکے تیراندازی اور گھوڑے کی سواری مین تعلیم پاتا ہی اور اسی سن مین جسطرف اوسکی طبیعت مایل ہوتی ہی خواہ سپاہ گری کے فنون یا تحصیل علوم مین مشغول ہوتا ہی *

مستورات کی تربیت یہہ ہوتی ہی کہ پند اور

نصیحت حفظ کی جاوے اور خاموشی اور تنہائی کی بہتری
اور عفت اور عصمت کی بھلائی سے آگاہی رہے **
چونکہ حکیم کنگفوزی نے اپنے تلامیذ کو یہہ نصیحت کی تھی
کہ جسطرح سے زندگی مین آدمی کی قدر کرتے ہو
ویساہی بعد مرگ کے بھی کیجئو اوس روز سے آج تک
حکیم کے قول کو بجا لانا ختائیون نے واجب سمجھا اور
یہان تک اوس حکم کو رسم و رواج مین رفتہ رفتہ
دخل دیا ہی کہ بالفعل بعد مرگ کے جو عزت بخشی
اور لاش کی قدر ہوتی ہی اوس شخص کی زندگی مین
اوسکی چوتھائی نہین ہوئی تھی اور میرزا محمد علی صایب کا
قول بجا معلوم ہوتا ہی * *

فرد

گرچہ امروز از رعونت سر فرو نہ آرد بمن
خاک چون گردم فلک محراب میسازد مرا

اور حقیقت مین یہہ راست ہی کہ ہر نعمت کی قدر
بعد زوال کے ہوتی ہی اور جب تک آنکھون کے
سامنے آدمی رہتا ہی نفرین کرنے والے بہت

ہوتے ہین اور آفرین دینے والے کم ملتے ہین لیکن جب
نظرون سے وہ عزیز گذر جاتا ہی تو اوسکا عیب بھی
اکثر ہنر ٹھہرایا جاتا ہی اور خطا مین بھی علی ہذاالقیاس یہی
حال ہی کیونکہ جب کوئی مرجاتا ہی اوسکے اقربا جو
قرابت قریبہ رکھتے اور دوست واشنا سب جمع
ہوتے ہین اور لباس ماتمی گلے مین ڈالکے اوسکی صفتین
اوسکی لاش کے پاس بیٹھکے بیان کرتے اور روتے
ہین غرض شروع سے اسکا بیان کرنا لازم ہی تاکہ
احوال تمام وکمال اس تاریخ کے پڑھنے والونکو معلوم ہو*
جب کوئی شخص مرتا ہی تو بعد دو ایک
گھڑی کے اوسکا بڑا بیٹا یا سب سے جو زیادہ تر عزیز
ہوتا ہی وہ لاش کو اچھے سے اچھا کپڑا اور لباس فاخرہ
پہناتا ہی اور اگر وہ شخص سرکاری عہدہ رکھتا تھا
تو اوسکے سب عہدے بھی جسطرح سے زندگی مین
اوسکے ساتھ رہتے تھے اس حال مین بھی اوسکے
ساتھ دیئے جاتے ہین اور اوسکے بعد تابوت مین لٹا
دیتے اور بیچ دالان مین میز پر فرش پر تکلف بچھاکے

اوس تابوت کو رکھہ دیتے ہین اور اکثر ایسا ہوتا ہی
کہ اپنے تابوت کو ہر شخص مدتون سے خرید کر کے
اپنے گھر مین رکھتا ہی تا موت کے وقت ایسا
اتفاق نہووے کہ تابوت رتبے کے موافق نہ ملے اور
اہل غور اسی ایک بات سے دریافت کرینگے
کہ ختائی عجیب و غریب قوم ہی کہ ہر وقت اپنی
موت کا خیال ہر شخص کو رہتا ہی اور اوسکی تیاری
سالہاے سال آگے سے کرتا ہی یہان تک کہ
ایک نفیس تابوت کی خواہش سبکو رہتی ہی
اور اوسے مول لیکے اپنے گھرون مین ہمیشہ آنکھہ کے
سامنے رکھتے ہین اور موت کی آمد ناگزیر اور لابد سمجھکے
اوس سے مطلق خوف نہین کرتے بلکہ بتدریج موت
سے آشنائی کرتے ہین تاکہ جب اوسکے حوالے کئے
جاوین تو گھبراہٹ اور پریشانی حاصل نہووے
جسطرح سے قدیم دوست کے گلے کوئی لگ جاتا ہی
اور صرف اسی ایک رسم کے سبب سے
اگر ختائیونکو تلامیذ حکما کہئے تو بجا ہی اور منجملہ صدہا دلایل

کے یہہ امر بھی ثبوت اسبات کا ہی کہ عادت
کی تاثیر خلقت مین فرق لاتی ہی اور باوجودیکہ ہر شی
حیوانی خصوص ذات انسانی فنا سے خایف ہوتی
ہی لیکن اس رسم حنا نے موت کو ناچیز محض ٹھہرایا
ہی اور جو دل گیری کہ اوسکی یاد سے لازم ملزوم کی
نسبت رکھتی ہی وہ عادت کے وسیلے سے
دور ہوگئی ہی الغرض لاش کو تابوت مین رکھہ کے
چارون طرف سے لبان جلاتے اور سرھانے پایینتی اور
دونون بغل مین پھولونکے ہار کا ڈھیر کر دیتے ہین اور دوست
اور اقربا سب تابوت کو اپنی اپنی باری سے سجدہ
اور سلام کرتے اور اوسیطرحکے ادب اور اداب
سے پیش آتے ہین جیسا کہ زندگی مین دستور تھا
لیکن بیتا اوسکا ایسا ماتم زدہ اور سینہ زن اور تعزیت
خوان ہوتا ہی کہ اوسکی حرکتین دیکھہ کر ہول اوتھتا ہی
اور حقیقت مین حال اوس غمخوار کا شدت غم سے
متغیر ہوجاتا ہی اور مکاری مین یہہ نوبت نہین پہنچتی ہی
کہ زندہ مثل مردہ کے ہوجاوے اور جب تک لاش

دفن نہین ہوتی یہی طور اوسکے ماتم کا رہتا ہی اور اقربا
اور دوست اشناسب جب تک کہ خاک کے حوالے
خاک نہین کی جاتی ہی اوسی گھر مین بود وباش اختیار
کرتے ہین لیکن جب ایسا اتفاق ہوتا ہی کہ بیٹا
اپنی مرضی سے چاہتا ہی کہ تین برس تک جو والدین
کی وفات مین ایام غم مقرر ہی لاش کو گھر مین وہ
رکھے اور ماتم کرے تب سارے لوگ رخصت
ہوتے ہین اور اپنے اپنے گھر پھر جاتے ہین اور مہینے
بیس دن مین ہمیشہ آتے اور لاش کو سلام
کرجاتے غرض جب دفن کی طیاری کی جاتی ہی لوگون
کی جمعیت ہوتی اور قبرگاہ کی طرف لاش اسطور سے
اوٹھائی جاتی ہی کہ پہلے بہت سے مزدور شیر اور
گھورے اور اقسام جانوردن کی مورت اور پتلے
لیکر سب سے آگے جلوس مین قطار بندی سے نکلتے
ہین اور اونکے بعد دونون جانب کو بہت سے
مزدور سب ایک کے پیچھے ایک ہاتھون مین
چھریان جنپر روغن کئے تختے جڑے ہوتے لئے رہتے

ہین اور اون تختون پر مردے کی صفتون کا بیان اور
نمک حلالی اور سرکار کی طرف سے سرفرازی کا ذکر
بڑے حرفون مین لکھا رہتا ہی تا خاص و عام کو اطلاع
اوسکی بزرگی کی ہووے اور اِن سب کے بعد سازندے
باجا بجاتے جاتے ہین اور اونکے پیچھے تابوت کو
ایک نہایت پر تکلف گنبذ دار جنازے کے اندر
رکھکر چونتھم کہار کے کاندھون پر لیجاتے ہین اور
متوفی کا بیٹا چونٹی کھولے بال بکھرائے سفید گزی کا
کرتا اور پاجامہ پہنے سر برہنہ اور ننگے پانؤن عصا ٹیکے اور
سر جھکائے ایک مجنون کی صورت بنائے لاش کے
ساتھ ساتھ رہتا ہی اور اوسکے ہمراہ اقربا اور دوست
آشنا ماتمی لباس گلے مین ڈالے چلتے ہین اور سبکے
بعد اوس مردے کے محل کی ستوراتین گاڑیون مین
رہتیان ہین اور بعض دفعہ ایسی چیخین مارتیان ہین
کہ سنے کی تاب باقی نہین رہتی غرض اسیطور سے
قبرگاہ مین لیجاتے اور جب وہان پہنچتے ہین تو ہمراہی
اور جلوسی لوگ تابوت کو پھر سجدہ کرتے اور گویا

لاش سے رخصت ہوکر فرنگیون اور مسلمانون کی طرح
زیر زمین دفن کرتے ہین اور چونکہ رونے کے بعد بھوک
لگتی ہی قدرے قلیل وہان پر تناول کر کے اپنے اپنے گھر
دوست آشنا چلے جاتے ہین لیکن اوس متوفی کا بیٹا اور
چند عزیز اقربا قبر کے آس پاس گھانس کے گھر بنا کے
چلّے بھر وہان رہتے اور گوشت مچھلی اور دوسری کوئی
لذیز چیز نہین کھاتے اور نہ شراب پیتے ہین لیکن جب
وہان سے اقربا اپنے گھر آتے تو جو چاہتے سو کرتے ہین
غرض بیٹے کو تین برس تک ترک لذات کرنا ہوتا ہی
اور اگر سرکاری عہدہ رکھتا ہی تو رخصت لیکر اپنے گھر
بیٹھتا ہی اور اس عرصہ غم مین نہ کسی شادی اور
نہ دعوت مین جاتا ہی اور نہ اپنے گھر مین کسیطرح کی
خوشی کرتا ہی اور نہ نئے کپڑے پہنتا ہی اور نہ بالون
مین کنگھی اور نہ حجامت کرتا ہی اور خالی چٹائی پر
بے گدیلے یا رضائی کے سوتا ہی اور جس حال مین کہ
باپ کی لاش تین برس تک گھر مین رہتی ہی تو
بیٹا تابوت کی پائینتی لگ کے ایکہری چٹائی پر سوتا

ہی اور دن بھر تابوت کے پاس مورچھل لئے بیٹھا رہتا ہی اور دنیا اور مافیہا کی کچھہ خبر نہین رکھتا ہی *
قدیم الایام سے یہی دستور چلتا ہین ہی اور سوا اون لوگونکے جو عہدۂ جلیلہ سرکار نہین رکھتے باقی تمام لوگ اسی طرح پر غم کرتے ہین غرض جب سے دوبارہ تاتار کا دور ہوا سرکاری نوکرونکے لئے صرف سو روز کا ماتم مقرر کیا گیا اسلئے کہ اگر دستور قدیم کے مطابق غم کیا جاوے تو سلطنت کے کام مین ہرج پیدا ہووے * *

یہہ سامان جو راقم نے بیان کیا ہی متوسط درجے کے آدمیون کی تدفین کا طور ہی اور جسقدر حیثیت متوفی کی اس سے کم و بیش ہوویگی جلوس اور جنازے کے تکلفات اور کثرت مردم مین کمی اور زیادتی پائی جاویگی چنانچہ جب غفور کانھائی کا بھای مرگیا تو راوی راست گو جو اوسوقت دار الامارہ پیچین مین موجود تھا کہتا ہی کہ ساتھہ ہزار مزدورے صرف مورت اور تختے جنازے کے آگے لیگئے تھے اور جب امرا انتقال کرتے ہین تو کثرت

جلوس سے پہرون راہین بند رہتی ہین کیونکہ ختائی کیساہی غریب ہوویگا مگر ایسے وقت اپنے مقدور سے دونا خرچ کریگا اور ساری عمر کی کمائی اور تمام گھر کی جمع اپنے باپ مان کے دفن مین پھونک دیویگا اور اسی سے سمجھا چاہیئے کہ جب امیر کبیر مرتا ہی تو کیا تکلف ہوتا ہی غرض جب پادشاہ عصر مرتا ہی تو تمام مملکت غم کرتی ہی اور سوروز تک چھوٹے بڑے صغیر وکبیر سب ظاہرا ترک لذات کرتے ہین اور سپید گزیکا لباس پہنتے ہین اور چوٹی کھولے رہتے ہین اور حجامت اور کنگھی نہین کرتے اور اس عرصے مین شادی اور دعوت ناچ و رنگ گانا بجانا سب ایک قلم موقوف رہتا ہی *

اسی جلد کے پہلے دفتر کے چھتین باب مین سیہو کی جھیل کے بیان مین راقم نے اس امر کو اظہار کیا ہی کہ ختا مین شہرون کے اندر قبرگاہ نہین ہوتی اور اکثر ٹیلون پر مقبرے بنتے ہین اور ہر شخص حسب مقدور تکلف کرتا ہی اور حقیقت ہی کہ کسی ملک

مین یہہ بات پائی نہین جاتی جو یہان ظہور مین آتی ہی
اور ختائی گورستان مین قدم رکھنے اور اسباب غم جو
وہان مہیا رہتا ہی اوسکے دیکھنے کے ساتھہ ہی
بے اختیار آہ اوٹھتی ہی اور ایک صورت غم کی
ایسی نمایان ہوتی ہی کہ بے اختیار دل پر اوداسی
چھاجاتی ہی کیونکہ سرو کی قطار چارون کنار پر ہوتی ہی اور اس
درخت کو بغور دیکھنے سے معلوم ہوتا ہی کہ گویا کوئی
آزاد دنیا کو چھوڑے ہوئے سامنے کھڑا ہی اور بہار
اور خزان مین ایک ہی حال پر رہتا ہی اور نہ کبھی
مثل اور نباتات کے خلعت نوبہاری پہنتا ہی اور
نہ خزان مین اپنی حالت کو بدلتا ہی اور ہمیشہ سبز رہنا اوسکا
مداومت پر دلالت کرتا ہی اور اوسکی پتیون سے
ہوا بھی آہ بھرتی ہوئی گذرتی ہی اور سیوا اس درخت
کے جسکی دید ہر اہل تصور کے لئے دل کی تنگی کا موجب
ہی بید مجنون اور دوسری قسم کے درخت بھی
ہر قبر کے گرد ہوتے ہین جنکی صورت پر اوداسی برستی ہی
کیونکہ اون مین پھول نہ پھل ہوتا اور اونکی ڈالیان اور

پتیان مثل مرجھائی چھوئی موئی کے ہمیشہ قبر پر جھکی
ہوتیان گویا غم اور الم مین سرنگون رہتیان ہین اور سیوا
اس کیفیت کے جو معاً دیکھتے ہی دلپر اثر کرتی ہی قبرون
کے سرھانے اور پائینتی آدمیون کی مورتین سرو قد لانبی
مرمر اور متی کی بنی غم زدون کی طرح ہوتیان ہین اور اون
مین سے کوئی پتلہ آنکھون پر رومال رکھے رہتا ہی اور
کوئی چھاتی پیٹتا اور کوئی سکتے کے عالم مین جیسا کہ
شدت غم سے سناٹے مین غمزدہ آجاتا کھڑا ہوا معلوم دیتا ہی
الغرض سمجھنے والے کے لئے اتنا ہی بیان کافی ہی کہ جتا مین
مردے کو جس احترام کے ساتھ کفن اور دفن کرتے اور مدفن
کو جس تکلف سے آراستہ کرتے ہین دوسرے
کسی ملک مین دستور نہین ہی اور تہذیب
جتائی جو مشہور ہی زندگی کے بعد بھی متوفی کے حق مین
کم نہین ہوتی یہان تک کہ دفن کے احترام اور غم کے
اظہار کے علاوہ ایک مکان ہر امیر اور متوسط بھلے آدمی
کے گھر مین اسی بات کے لئے مقرر ہی کہ باشندگان
خاک کی یاد ہمیشہ تازہ رہے اور حیات مین جو حرمت

اونکی تھی اوسی بزرگی کے مطابق بلکہ آگے سے افزایش منزلت ہووے * *

اگر کوئی شریف ختائی اپنے وطن سے فاصلے پر انتقال کرتا ہی تو اوسکے بیٹے یا اور عزیز اقربا پر واجب ہوتا ہی کہ لاش کو وے لے آوین اور خاندان کے ہر دوار مین دفن کرین اگر بیٹے کے رہتے یہہ بات وقوع مین نہ آوے اور باپ جہان مرے وہین گرے تو بیٹے کو لوگ اپنی صحبت سے خارج کر دیتے ہین اور منحوس سمجھتے ہین غرض اسی سبب سے بعض دفعہ دو دو سو کوس سے لاش آتی اور باپ دادون کے مقبرون مین گرتی ہی لیکن یہہ نہ سمجھا چاہئے کہ تابوت سے کچھ بو پھوٹتی ہی کیونکہ جس قسم کی لکڑی سے تابوت بنایا جاتا ہی وہ اسقدر سنگین اور خوشبو ہوتی اور تختون کے جوڑ اسطرح پر وصل کئے جاتے ہین کہ تابوت مین لاش جس حالت پر رہے لیکن مطلقاً بدبو نہین پھوٹتی ہی اور یہہ بات اگر نہوتی تو لوگ کیونکر لاش کو تین برس تک گھر مین رکھتے اور وہین خود بھی رہتے *

ختا کے بعض بعض صوبون مین جہان زمین نیچی اور
آب خیز ہوتی وہان مردے کو تابوت مین چند روز
تک میدان مین رکھتے اور بعد اسکے مع تابوت جلاتے
ہین اور خاکستری کو دوسرے تابوت مین جمع کرکے
مقبرون مین طاقون پر رکھ دیتے ہین * لاش کو ختا مین
غسل نہین ہوتا ہی اور یہی بات البتہ مکروہ معلوم
دیتی ہی غرض یہہ سمجھا چاہیئے کہ ہر ملکے و ہر رسمے * قبل
احباب کو تمام کرنے کے ایک بات جو عجایبات
سے ہی اوسکا مذکور مناسب ہی تاکہ ختائیون کا
احترام مردون کے لئے ظاہر ہووے اور یہہ قابل یاد رکھنے
کے ہی کہ باوجودیکہ ختائیون مین ہر طرح کے بدمعاش
ہین لیکن کفن چوری جو اکثر ملکون مین ہوتی ہی اوس
ملک مین کبھی نہین سنی گئی حالانکہ مقبرون مین اسباب
اور سونا چاندی کے ظروف لوبان جلانے اور دوسری
رسومات کی ادا کے لئے ہمیشہ رہتے ہین اور ختائی سب
حسب حیثیت سیم و زر تابوت مین مردے کی
پائینتی مین اس لئے رکھ دیتے ہین کہ اگر روح کو احتیاج

ہووے تو صرف گہرے اور سوا اسکے سچی سنہری روپہری پانی کے گھوڑے ہاتھی بیل گائے بکری وغیرہ بنا کے وہ لوگ تابوت کے پاس جاتے اور ڈلہ جو گل کے رہ جاتا ہی اوسکو لاش کے بغل مین رکھہ دیتے ہین اور یہہ سمجھتے ہین کہ ملک عدم مین یہہ جتہ متہ جانور سب سچہ مچہ کے ہو جاتے ہین اور روح کی خدمت مین حاضر رہتے ہین الغرض جب رسم یہہ ٹھہری تو ظاہر ہی کہ گورستان مین بڑی دولت مردون کے ساتھہ گاڑی جاتی ہی لیکن آج تک سنے مین نہین آیا کہ کسی چوتٹے نے قبر مین ہاتھہ ڈالا یا کچھہ نکالا ہو اور اوسکے بالعکس اور ملکون مین ہوتا ہی جہان کہ چوتٹون کے ہاتھہ سے کفن تک نہین بچتا ہی ۱ *

سولھوان باب

ختائیونکے فضایل اور رزایل کے بیان میں

جسطرحسے بعض مصور جب کسیکی تصویر کھینچتے ہین تو خوشامد سے چہرے کے نقص کو چھپاتے اور اصلی حسن کو دونا کرتے ہین اور بعض جب دشمنی پر کمر باندھتے ہین تو نقص کو بڑھا دیتے بلکہ سانگ کے طور پر رخسارے کو بناتے ہین اوسیطرح سے بعضے مورخ ملک کے حالات اور دستورات کو کج فہمی یا بدگمانی اور دشمنی سے جھوٹ کو سچ اور سچ کو جھوٹ بناتے اور احوال کیا لکھتے ہین ہجو مایح کرتے ہین اور بعض مورخ کسی ملک کو گویا معشوق قرار دیکر اوسکے رزایل کو بھی فضایل ٹھہراتے اور بجز تعریف کے کچھہ بیان ہی نہین کرتے ہین غرض یہہ دونون طریق تاریخ نویسی کی شان کے خلاف ہی اور مورخ کو چاہیئے کہ جو اصل حقیقت ہی اوس سے کم و بیش نہ بیان کرے اور اسی کا

لحاظ اگر بعضے صاحبون کو رہتا تو ختا کے احوال کے بیان
مین وہ یہہ نہین کہتے کہ ختائیون مین طفل کشی کی رسم
ہی اور فغفور اس امر مین اختیار رعیت کو دیتا ہی
مگر حقیقت حال یہہ ہی کہ بعض غربا کثرت اولاد
اور مفلسی کے سبب جب لڑکا پیدا ہوتا ہی تو
اوسے راہ گھاٹ پر شب کو رکھہ دیتے ہین لیکن اوسکی
ہلاکت کے قصد سے نہین اور یہہ حرکت اسلیئے کرتے
ہین کہ اونہین یقین ہی کہ سرکاری عملے جو اسی بات
کے لئے مقرر ہین وے بچے کو اوسی گھر مین اوٹھا لیجا وینگے
جو مخصوص اسواسطے ہی اور وہان پر دائی دادا اور اطبا اوسکی
پرورش اور علاج کرینگے اور سب طرح سے اوسکی
خدمت مین حاضر رہینگے اور دستور قدیم سے ہی کہ
ہر شہر مین ایک سرکاری مکان عالیشان رہتا ہی اور
بہت سی دائیان اور خواصین اور طبیب سب اوس
سے متعلق ہوتے ہین اور جس شخص کو اپنے
لڑکے پالنے کا مقدور نہین ہی وہ شب کو اوس مکان
کے دروازے پر چپکے سے آتا اور سیڑھیون پر لڑکا

رکھکر بڑا گھنٹا جو وہان رہتا ہی اوسے بجاکر چلا جاتا ہی
آواز کے ساتھی اندر سے لوگ آتے اور اوس بچے
کو لیجاتے اور دائی کے حوالے کرتے ہین اور جب
وے کچھہ سیانے ہوتے ہین تو مسلمان اور عیسائی
سب اکثرونکو لیجاتے اور اپنے اپنے مذہب کا طریق
سکھلاتے ہین اور چند لڑکون کو وہ لوگ بھی لیجاتے جو
لاولد ہوتے اور چاہتے ہین کہ اپنے بعد کوئی شخص
مثل فرزند کے رہے جو رسوم اموات ادا کرے
اور اوسکے لئے غم زدہ رہے اور چونکہ ختائیون کو اسکی
بڑی تمنا ہمیشہ رہتی ہی کہ بعد اپنے کوئی رونے والا
ہووے اسلیئے جو بے فرزند ہوتے ہین دو ایک لڑکے
اسیطرح سے متبنیٰ کرتے ہین * *

اغلب ہی کہ بعض اہل فرنگ چونکہ مسافر
تھے اور ادھر اودھر اوپر ہی اوپر دیکھتے پھرتے تھے اور
تحقیقات کرتے اور نفس الامر کے سمجھنے کی فرصت
قلت اوقات سے نہ تھی اور سکونت بھی ختا مین
کم کی اس سبب سے جب اونہون نے دیکھا کہ ہر صبح

کو گجردم گاڈیان آتی تھین اور سرکاری آدمی راہونکے
کنارے سے لرکونکی لاشین اوٹھالیجاتے تھے تو اونہون
نے سمجھاکہ بچہ کشی اس سلطنت مین روا ہی
اسلیئے کہ اسکی نہ تفتیش کی جاتی اور نہ مطلق پرسش ہوتی
تھی اور سرکاری عملے سب جیسے آتے ویسا ہی لاشون کو
اوٹھواکر لیئے چلے جاتے تھے غرض اس امر مین اگر وہ
صاحب سب زیادہ تحقیقات اور خوذ کرتے تو دیکھتے
کہ غربا اور اودن خلایق اختا مین دو سبب سے بچون کی
لاشون کو شب کو رستے کے کنارے پر پھینک
دیتے ہین اول یہہ کہ مفلسی اس امر کے مانع ہوتی ہی
کہ کفن اور دفن حسب حیثیت کیا جاوے کیونکہ
ایسے واقعہ مین بہت خرچ ہوتا ہی اور اس سے
بچنے کے لیئے وہ بچارے سب لاش کو کپڑے مین
لپیٹ کر سڑک پر شب کو رکھ دیتے ہین تاکہ سرکار
کی طرف سے اوسکی تدفین ہووے اور دوسرا
سبب اس دستور کا یہہ ہی کہ چونکہ گورستان
شہر کے باہر عرصہ پر ہوتا ہی تو وہان جانا اور لاش کو

گارنا اور پھر آنا دیر دو روز کی منزل ہوتی ہی اور اون
لوگونکے پاس ایسا پس انداز نہین ہوتا ہی کہ اپنے
پیشے کو دو روز تک نکرین اور اونہین انواع طرحکی
تنگی بلکہ فاقہ نہووے پس انہین دو وجہون سے مجبور
ہوکر ختائی غربا سے یہہ حرکت صادر ہوتی ہی والا
اپنے بچے کو کون [illegible] ایسا سنگدل ہوویگا کہ خواہ مخواہ مار ڈالیگا
غرض راقم اس بیان سے انکار مطلق ختا مین طفل کشی ہونیکا
نہین کرتا ہی کیونکہ نیک اندر بد و بد اندر نیک
سب جگہہ ہوتے ہین اور یہہ بھی ممکن ہی کہ
بعض شخص اپنے لڑکے کو بے وجہ مار ڈالتے ہین
چنانچہ دنیا مین ایسا دیکھنے اور سننے مین آتا ہی اور
حاصل اتنی تقریر کا یہی ہی کہ ختا مین طفل کشی نہ رسم
عام سے ہی اور نہ سرکار اوسکو روا رکھتی ہی لیکن
پھر بھی درد فرزندی کا جو مقتضی ہی اوس سے بعید
فرزند کو اسطرح پر ترک کرنا معلوم ہوتا ہی غرض انصاف
شرط ہی کہ مفلسی اور تباہی جب آتی ہی تو دل کو
پتھر کر دیتی ہی اور کوئی رشتہ اوسوقت باقی

نہین رہتا ہی اور پیٹ کی بھوک محبت کو بھی نوک دم بھگا دیتی ہی چنانچہ سیکڑون نقلین ہین کہ ہندوستان اور فرنگستان مین قحط کے ایام مین مان اپنے بچہ کو کھا گئی ہی * *

نقص چونکہ ہر کارخانہ انسان مین ہی اس خدائی دستور مین یہہ فتور واقع ہوا ہی کہ اوس دارالتربیت مین اگر لوگونکو حکم لڑکیکو علانیہ دن کے وقت رکھہ آنے کا ملتا تو اسقدر نقصان اجان کا جو شب کو سڑکون کے کنارے پر لڑکونکو رکھہ دینے سے ہوتا ہی وقوع مین نہ آتا غرض یہہ خطا باوجودیکہ ذمہ سرکار مین معلوم ہوتی ہی لیکن کسی سلطنت کے آئین کا گلہ بے دریافت کما حقہ نکرنا چاہئے کیونکہ قدر عافیت وہی جانتا ہی جو مصیبت مین گرفتار ہوتا ہی اور کیسا درد سر اوسے ہوتا ہی جو حکومت کی شراب پیتا ہی کچھہ وہی بہتر جانتا ہی اور کوئی ایسا ہی سبب ہوویگا جس سے فغفور مجبور ہی ورنہ ممکن نہین کہ جب فغفور نے اپنی رعیت کے واسطے دارالتربیت مقرر کیا تو اتنا بڑا عیب

اوسکے ساتھہ رکھا ہی القصہ طفل کشی کا گناہ کبیرہ جو
عیسائیونکے نامۂ اعمال مین بعض مورخ درج کرتے ہین
اوسکی حقیقت اتنی ہی ہی جو راقم نے عرض کیا ہی لیکن
خودکشی کی عادت جو عیسائیون مین بہت ہی اسباب مین راقم
اونکی طرف سے کچھہ عذرخواہی نہین کرسکتا ہی
کیونکہ کسی مذہب مین اپنی جان کو ہلاک کرنا جایز نہین
ہی اور علاوہ اسکے اپنے کو ہلاک کرنا محض نامردی اور بزدلی
اور بیوقوفی کی نشانی اسلیئے ہی کہ اپنے کو ہلاک وہی کرتا
ہی جو زندگی سے عاجز ہوتا ہی اور جینے کا مزا اوسیکو
باقی نہین رہتا ہی جسکو آرزو حکومت اور مراتب عالی
یا روپئے پیسے کی یا اور ہوس دنیوی کی تھی اور اوسکی
کوشش مین مایوسی حاصل ہوئی یا امیر سے گدا ہوگیا
یا اور مکروہات زمانہ مین گرفتار ہوا غرض ایسا ہی
آدمی مایوس اور بدحواس ہوکر زہر کھالیتا یا ڈوب مرتا یا
اور طرح سے اپنے کو ہلاک کرتا ہی لیکن ان لوگون سے
زیادہ اول تو کوئی بیوقوف نہین اسلیئے کہ حضرت آدم کے
وقت سے آج تک دنیا مین شاید سو آدمی ایسے نہین ہوئے کہ

اونکی تمام مرادین پوری ہوئی ہون اور باوجود اسکے کہ ہر فرد
بشر کو ہوش سنبھالنے کے وقت سے دم مرگ تک
بہت سی تمنائین دلمین پیدا ہوتی رہتیان ہین لیکن عمر بھر
مین شاید ایک بھی نہین ملتی ہی غرض روپے جو ہاتھ
کی میل ہی اور نوکری جو تار کی چھان ہی اسکے
نہ ملنے کی کوفت مین خودکشی کرنی محض حماقت ہی
اور سیوا اسکے یہہ پوچ حرکت نامردی کی علامت اسلئے
ہی کہ راحت مین رہنا کون سا تکلف ہی کیونکہ یہہ
سبھی کو پسند ہی غرض پریشانی کی سختی کو لوگ
کمتر برداشت کرسکتے اور بیشتر بدحواس اور نعرہ زن
ہوتے ہین اسی سبب سے مصیبت اوتھانی عین
مردی ہی اور جو شخص کہ اسکی آگ مین ٹھہرا اور
مفلسی جو مرد کی کسوٹی امتحان ہی اوسکے مس
کرنے پر بھی بطور سابق رہا وہی مثل کندن کے
سچا اور کھرا ہی کیونکہ اہل دنیا سب گویا ملمع کئے
ہوئے ہین اور فقط اونکا ظاہر ہی ظاہر ہی اور جب
آتش مصیبت مین ڈالے جاتے ہین ساری قلعی کھل جاتی

ہی اور بعد اسکے جب دیکھتے ہین کہ وہ ساری بازاری
بھرک اُدر گئی تو خود کشی کرتے ہین تاکہ عوام الناس
کہین کہ واہ واہ کیا صاحب غیرت فلانے تھے جو مرگئے
لیکن جو مرد عاقل اور اولی العزم اور تجربہ کار ہوتے ہین
جونہی اون سے فلاحت رخصت ہوتی اور فلاکت
گھرمین آتی ہی۔تو وے کہتے ہین کہ * ع * چنان نماند
چنین نیز ہم نخواہد ماند * کیونکہ جب خود کاینات بے ثبات
ہی تو اوسکے ایک جزء یعنے مفلسی کو کیا قیام ہوویگا
اور اوسی امید پر بیٹھے رہتے اور ایک آہ نہین بھرتے
ہین اور اگر ایسا اتفاق ہوتا ہی جو خصوص اہل علم
اور کمال کے وقوع مین اکثر آتا ہی کہ دنیا برابر ناساز
رہتی ہی تب بھی اونہین غم اور فکر نہین زیر
کرتی ہی اور افلاس کے پیوند دار کپڑونکو وے
خلعت پرتکلف اسلئے جانتے ہین کہ ارباب کمال
جنہون نے اپنی راست بازی نہ چھوڑی اور امیرونکی
چاپلوسی نکی اونکا لباس بیشتر اسیطرحکا تھا اور
چونکہ ایمان اونکا نہ بگڑا اور حرص و ہوس نے اونکو

گمراہ نکیا تھا اس سبب سے اونہون نے مطلق غم نکیا الغرض انہین سب جہتون سے خود کشی کے برابر کوئی لغو حرکت نہین ہی اور چونکہ اسکا بہت رواج ختا مین ہی راقم پر واجب ہوا کہ ختائیون کی عیوب کے سر دفتر اس عیب کو لیکھے اور اونہین قابل نفرین کے تھہراوے * *

سبب اس قسم کی حماقت کا یہی معلوم ہوتا ہی کہ جب ختا مین کوئی شخص اپنے کو ہلاک کرتا ہی تو سرکار کی طرف سے حد سے زیادہ تدارک کیا جاتا ہی اور جسپر شبہہ ہوتا ہی کہ اوسکے آزار دینے سے اوس کم بخت نے خود کشی کی اوسپر نہایت تنبیہ ہوتی ہی اور جب دلیل کامل سے ثابت ہوتا ہی کہ ایک نے دوسرے کو ایسا ستایا کہ اوسنے تنگ ہوکر اپنے کو ہلاک کیا تو مجرم خونی تھہرایا جاتا اور قرار واقعی سزا پاتا ہی بلکہ کبھی کبھی خون کا بدلہ خون ہوتا ہی اور یہی باعث ہی کہ جب اور کوئی صورت دشمن سے انتقام لینے کی نہین دیکھتے تو لوگ اپنے کو اکثر ہلاک

کرتے ہین اور مردون سے زیادہ رندیان اس حرکت کو کرتیان ہین اور آئین مذکور سے اس حرکت کو سرسبزی ہوتی ہی بلکہ تحریک دی جاتی ہی اور یہی بات رہیگی جب تک کوئی قانون اسوضع کا نہ نکلے کہ جو اپنے کو ہلاک کریگا اوسکی لاش کفن دفن نہ پایگی بلکہ چیل کوونکے لیئے میدان مین پھینکوا دی جایگی اور غالب ہی کہ اگر یہہ بات وقوع مین آوے تو اس جہالت مین کمی ہووے اسلیئے کہ خاندانی ہرّوار مین دفن پانے کی تمنا ختائیونکو حد سے زیادہ ہوتی ہی اور اوس سے محروم رہنیکا خوف سارے بیہودہ ختائیون کو بھی رہیگا اور شدہا کی جان کی حفاظت کا موجب ہوویگا *

اس عیب کے سوا ختائی سب اکثر کینہ کش ہوتے اور جب دشمن کو پاتے ہین بری طرحسے پیش آتے ہین اور اسطرحکا بغض تمام بزدلونکا مقتضاے طبیعت ہی اور جوانمردونکو اوس سے نفرت ہی چنانچہ انگریزونکو دیکھیئے کہ بہادری اِنکی جبلت مین ہی اور ساتھی اسکے کہ قدر رحم اور مروت مزاج مین ہی اور اِنپر کیا موقوف

جس قوم کا بہادر دیکھیگا اوسے خواہ مخواہ صاحب درد
اور عفو پائیگا علاوہ اس عیب کے ختائی سب
زر پرست ہین اور روپئے کے حاصل کرنیکے عجب عجب
ڈھنگ رکھتے ہین اور مقدمہ باز بھی ایسے ہوتے ہین
کہ مدعی پن سے جلد باز نہین آتے ہین اور جب تک
سکت باقی رہتی اور جہان تک رسائی جسطرحسے
ہوسکتی ہی اپنے کو پہنچاتے اور دعوی کو سترد
حتی الامکان نہین ہونے دیتے ہین یہہ گویا اونکا شوق بلکہ خاصہ
فطرت معلوم ہوتا ہی اور بعض کو اِسکی لت ایسی ہو جاتی
ہی کہ گھر بار بیچ کر نالش کی تدبیر کرتے ہین اور یہہ
عیب بہت برا ہی اسلئے کہ جسقدر جلد دو طرحکا
گھر برباد ہوتے دیکھا ہی تیسرے کو نہین پایا چنانچہ
ایک تو وہ خانۂ نشاط جہان ہمیشہ ناچ و رنگ کا چرچا
رہتا ہی اور دوسرے وہ گھر جہان اکثر معاملہ پیدا ہوتا ہی
القصہ یہی کئی رزایل ختائیونکے ایسے ہین کہ بنام خاصیت
قوم مشہور اور معروف ہین لیکن مثل اور خلایق کے
اقسام طرحکی بدیان یہہ لوگ کرتے اور اوسکا حساب

محتسب حقیقی سمجھ لیویگا اور گنہگار کو گنہگار کی غیب جوئی کرنی معصیت عظیم ہی اور مورخ کو اتنا ہی لازم ہی کہ جتنے رزایل کثرت خلق مین مروج ہوویں اور اوس قوم کے خاصۂ نفس سے علاقہ رکھین فقط اوسی کا بیان تاریخ نویسی کی حد مین داخل کرے * *

اب رزایل کا تذکرہ ہوچکا لازم ہی کہ اس قوم کے فضایل ذکر کئے جاوین لیکن یہہ تاریخ جنکے ملاحظہ سے گذری ہی وے ہر تعریف کے موقع پر اوس قوم کی مدح دیکھہ چکے ہونگے مگر اسپر بھی ایکجای سبکو جمع کرنا ضرور ہی تاکہ اِنکی سیرت کا حسن و قبح چشم بینا کی نظر سے دفعۃً گذرے * *

اہل خطا مودب اور مہذب بہت ہوتے ہین اور ہوشیاری اور پرہیزگاری اور سنجیدگی اور خصوص محنت کشی مین اپنا ثانی نہین رکھتے ہین اور کفایت شعاری اور قایم مزاجی اور دور اندیشی مین علی ہذا القیاس یکتائے روزگار ہین * اور زیرکی اور تیزئی ذہن اور خواہش حصول کمال مین بے مثل و امثال ہین اور والدین اور

اپنے بڑونکی اطاعت اور دوستونکے ساتھہ محبت اور غیرون پر شفقت کے باب مین بھی بڑا مرتبہ رکھتے ہین * *

قوم تاتار کی طبعیت اور عادتونکا بھی کچھہ احوال لکھا چاہیئے اسلیئے کہ مالک ختا کے بہت دن سے یہہ ہین اور باوجود اسکے کہ آئین مملکت مین انہون نے مطلق دخل نہ کیا اور حکماء ختا کے دستورات کو پسند کرکے بالکل ویسا ہی بحال رکھا ہی لیکن مزاج اپنا اونہون نے نہین بدلا ہی اور چونکہ بالکل صحرائی خصوص سپاہی لاوبال مسرف زر و مال ہوتے ہین اونمین وہ عادت سمائی ہوئی ہی اور اصلی ختائی جس شوق سے روپے جمع کرتے ہین تاتار اپنی جمع کو اڑا دیتے اور غم فردا نہین کھاتے ہین اور ختائیونکی بہ نسبت زیادہ فیاض اور سیر چشم اور آشنا پرست ہوتے ہین اور جسقدر تامل اور خوض ختائیونکے مزاج مین ہوتا ہی کہ بے کمال خوض اور غور کے ادنی سے امر کو نہین کرتے ہین اوسکے بالعکس تاتار کے مزاج مین جلدی اور لاپروائی ہی یہان تک کہ

فغفور کے جو شیر سلطنت قوم تاتار سے ہیں وے معاملہ دریافت کرنیکے ساتھی اپنی راے کا اظہار کرتے ہیں مگر جو خطائی وزرا ہیں وے بعد ہفتے عشرے کے صلاح دیتے ہیں اور اوسپر بھی چاہتے ہیں کہ زیادہ عرصہ خوض کے لئے ملے تو جواب باصواب دیا جاوے *

دفتر دوم تمام شد

اطلاع

جلد اول تاریخ چین اسیقدر هی جو ارباب سخن کے حضور میں اب درپیش هی اور سال آیندہ ان شاء اللہ تعالی دوسری جلد جسکی طبع امروز فردا میں شروع هوتی هی اون سب صاحبونکی خدمت میں ارسال کی جاویگی کہ جنہون نے اپنا اسم مبارک باظہار خواهش خرید تاریخ مذکور مولف کے نزدیک لکھہ کر پیشتر سے یعنی اجرائی اشتہار نمونۂ کتاب کے وقت بهیج دیا هی چنانچہ اونہین بزرگون کو فی جلد بحساب آٹھہ روپیہ دی جائیگی اور دوسرے صاحب سب کو بحساب بارہ روپیہ فی جلد لینا هویگا اور قیمت میں فرق هونیکے کئی سبب هین ایک یہہ کہ نظر ثانی اور چھاپنے کے وقت بہت سی باتین عجیب اور حکایتین غریب جو حال میں کئی روایت کے چھاپنے سے معلوم هوین داخل کی گئی هین اور بعض امرون کی تصریح طوالت کے ساتھہ تحریر میں آئی هی اس جہت سے کتاب کے کئی جزو زیادہ هوگئی اور علی هذا القیاس طبع کا بهی خرچ بڑھہ گیا پس صرف اونہین صاحبون کے ساتھہ جو اشتہار میں دستخط کرکے اول سے شریک الحال هوئے تهے مولف کو موافق اقرار کے پیش انا واجب معلوم هوا * ازانجا کہ ظاهر هوا هی کہ بعض بد اطوار شخصونکا قصد اس تاریخ کو خفیۃً چھاپنے اور مولف کا حق تلفی کرنیکا هی لہذا واسطے خاص و عام کی اطلاع کے اور تاکہ لوگ ایسی حرکت کرکے اپنے کو مخمسی میں نہ ڈالین اور آخر کو اپنی خرابی کے باعث نہروین مناسب معلوم هوا کہ قانون بستم سنہ ۱۸۴۷ عیسوی جو نواب گورنر جنرل بہادر کے کونسل سے اسطرحکی حق تلفی کے ارتکاب کی امتناع میں اصدار پایا هی اوسکے ساتوین دفعہ کا ترجمہ یہان پر درج کیا جاوے * دفعہ هفتم قانون بستم سنہ ۱۸۴۷ع کا یہہ حکم هی کہ اگر کوئی شخص بعد اجراے اس قانون کے کسی کتاب کو کہ اجازت تحریری نسبت جسکے اصل مالک حق مصنفی سے حاصل نہوئی هو واسطے بیع کے یا برآمد کرنیکے ملک غیر میں چھاپیگا یا چھپائیگا یا کوئی ایسی کتاب ناجایز واسطے بیع یا کرایہ کے پاس اپنا رکھتا هوگا موافق شرح ذیل کے قابل نالش هوگا یعنے اگر وہ جرم صادر هوا هوگا درمیان علاقہ کسی ایسی عدالت کے کہ تقرر جسکا حسب چارٹر یعنے سند فرما نفرماے انگلستان هوا هو تو استغاثہ اسی عدالت میں هوگا اور بشرط صادر هونے جرم مذکور کے دیگر اضلاع تابع حکومت سرکار کمپنی بہادر میں نالش اُسکی درمیان عدالت اُس ضلاع کے هوگی کہ جسکے علاقہ میں وہ حرکت هوئی هو اور اُس نالش میں وهی مراتب بجالانے هونگے کہ جو دیگر نالشات خسارہ میں ضرور هوتے هین اور درحالیکہ صدور اُس جرم کا درمیان علاقہ سرکار کمپنی بہادر کے کسی ایسی جگہہ هو کہ جہان عدالت ضلع نہین تو استغاثہ اُسکا اُس عدالت واقع مقام میں چاهئے کہ جسکو اختیارات امور دیوانی بمرافعہ اولی حاصل هون *

صحیحنامۂ اغلاط جلد اوّل

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
٦	٢	کھلا	کھیلا
٧	٥	بدون اون کے	بے جنکے
١٠	٨	پان ہی	پان ہی
ایضاً	ایضاً	جان ہی	جان ہی
١٢	١٧	ولایت کاردو لتخانہ فغفور کا	ولایت کا اردو لتخانہ فغفور کا
١٤	١١	صنعت کے رو سے	صنعت کے زور سے
١٥	١	کہسار	کوہسار
٢٠	٤	اونہین کو	اونہین
٢١	٩	بلکہ	لیکن
٣٠	١١	کم ایذا پاتا ہی	کم اتا ہی
٣١	٦	سنگ چماق	سنگ سماق
٣٢	١٧	جن دونون	جن دنون
٣٣	٣	تانکین	نانکین
٣٤	١٣	ایضاً	ایضاً
٤٠	١٠	ہشہزا	ہشہز
٤١	١٣	ایت	ایک
٤٥	١	بنگاں	جنگاں
٦٢	١٦	فضیلون	فصیلون
٦٧	٣	ین	عین
٦٩	٥	اونسے	اوسے

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۷۳	۹	دیوتہنے	دیورے
۷۹	۷	رعا	رعایا
۸۹	۲	آرام	رام
ایضاً	۱۵	یین	مین
۹۱	۱۰	الغرض کے	الغرض ہو کو انگ کے
۹۲	۱۱	فصحت	فسحت
۹۴	۵	بوج	بوجھہ
۱۰۰	۱۱	فزا	فضا
۱۰۱	۹	گف	گفس
۱۰۴	۱۶	معز	مغز
۱۱۰	۱۳	قاد	فاد
۱۱۳	۱۱	اوشرائی	اوسرائی
۱۱۶	۱۶	بکثرت سانمک	بکثرت نمک
۱۲۷	۱۱	متعددی	متعدی
۱۲۹	۹	قدکشید	قدکشیدہ
ایضاً	ایضاً	کتہرا	کتہیرا
۱۳۰	۱۲	زکی	ذکی
۱۳۱	۳	اسھارا	اتھارا
۱۳۷	۱۲	قتل جایگا	قتل کیا جایگا
۱۴۱	۱۵	سیرگہ	سیرکہ
۱۴۵	۸	چولوہا لکڑے	جولوہا لکڑی
۱۴۷	۱	۔یز	چیز
۱۵۰	۲	تابے	تانبے
۱۶۰	۱۷	سیمات	سیماب

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۶۳	۱۳	بڑی	بری
۱۸۳	۱۷	ایر	امیر
۱۸۸	۵	ہت	بہت
۱۹۹	۱	درماہ	درماہا
۲۰۳	۶	کسی ایک پادشاہ کا پادشاہ کے لشکر کا	کسی ایک پادشاہ کے لشکر کا
ایضاً	۷	اکثرون	افسرون
۲۰۴	۲	پالون	بالون
۲۱۶	۱	چوکیداری	چوکیدار سب
۲۲۱	۸	تلئون	تلوُون
۲۲۵	۵	ان قوانسین کی پیشانی	ان قوانین مین پہلا یہہ ہی
۲۳۰	۱۱	عین مملکت	آئین مملکت
۲۳۱	۷	اسامی	اثامی
۲۳۶	۶	دفعاً	دفعتاً
۲۴۰	۹	مجتا ہی	مجاتا ہی
۲۴۶	۱۳	رذیلت	رذالت
۲۵۳	۹	سننے	سُنتے
۲۵۵	۱۵	جب کہ	جبکے
۲۵۶	۶	ترجمعہ	ترجمہ
ایضاً	۱۵	اس اسطرح	اسطرح
۲۵۷	۴	حالال	حلال
۲۶۰	۸	بہ سبت	بہ نسبت
۲۶۱	۱۵	رئیش	رئیس
۲۶۴	۱۲	گتنے	گنتے

00048574

Digitized with financial assistance from the
Government of Maharashtra
on 13 February, 2016